مصطفیٰ ﷺ کے غلامو! میلاد مناؤ اور سیرت اپناؤ

# برکاتِ سیرت و میلاد




چیف ایڈیٹر

ملک محبوب الرسول قادری


خاص نمبر


اردو/انگریزی



MALIK MAHBOOB UR RASOOL QADRI
27/A Sheikh Hindi Street, Data Darbar Market, Lahore
Mob: 0092-321/300-9429027 E-mail:mahboobqadri787@gmail.com



معیاری کتب اور رسائل کی طباعت کا مرکز
اسلامک میڈیا سنٹر


Marfat.com





بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین
الرحمن الرحیم مالک یوم
الدین ایاک نعبد و ایاک
نستعین اھدنا الصراط
المستقیم صراط الذین
انعمت علیھم غیر المغضوب
علیھم و لا الضالین

برائے ایصال ثواب جمیع امت محمدیہ بالخصوص

قائد اہلسنت حضرت مولانا
شاہ احمد نورانی صدیقی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت
پیر سید محمد عالم حسین شاہ کاظمی رحمۃ اللہ علیہ
(کاظم آباد، بھوئی رد)

یادگار اسلاف حضرت
پیر سید محمد شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ
(بہاری شریف)

حضرت
صوفی فضل محمد محمدی سیفی رحمۃ اللہ علیہ
مدفون: چک نمبر 99 آر بی پکہ جنڈیالہ فیصل آباد

حضرت
مولانا قاری محمد یوسف رحمۃ اللہ علیہ
(نوشہرہ ورکاں)

غازی اسلام جانثار پاکستان
ملک عبدالرسول قادری رحمۃ اللہ علیہ
(جوہر آباد)

Marfat.com

مصطفیٰ ﷺ کے غلامو! میلاد مناؤ اور سیرت اپناؤ

# برکاتِ سیرت و میلاد


چیف ایڈیٹر

ملک محبوب الرسول قادری


خاص نمبر

اردو انگریزی

انوارِ رضا


MALIK MAHBOOB UR RASOOL QADRI
27/A Sheikh Hindi Street, Data Darbar Market, Lahore
Mob: 0092-321/300-9429027 E-mail:mahboobqadri787@gmail.com

معیاری کتب اور رسائل کی طباعت کا مرکز
اسلامک میڈیا سنٹر


Marfat.com

اشاعت خاص

شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

برکات سیرت و میلاد

خاص نمبر

# سہ ماہی انوار رضا

دینی، سماجی، اخلاقی اور ملی اقدار کا محافظ

جوہر آباد

چیف ایڈیٹر: ملک محبوب الرسول قادری

جلد نمبر 5 شمارہ نمبر 1,2

ایڈیٹر: ملک محمد قمر الاسلام قمر

چیف ایگزیکٹو: مفتی آصف محمود قادری

معاون ایڈیٹرز:
سید غفران شرف گیلانی
علامہ محمد شاہد جمیل اویسی
علامہ ظہیر عباس قادری

## زیر سرپرستی

☆ امیر اہل سنت حضرت پیر میاں عبد الخالق قادری (بھر چونڈی شریف)

☆ استاذ العلماء مولانا مفتی محمد عبد الحق بندیالوی ☆ علامہ سید محمد انور حسین کاظمی ☆ مولانا محمد محفوظ چشتی
☆ پیر طریقت ڈاکٹر کرنل محمد سرفراز محمدی سیفی ☆ پیر سید فیض الحسن شاہ بخاری (بہاری شریف)
☆ پروفیسر صاحبزادہ محبوب حسین چشتی (بیربل شریف) ☆ الحاج بشیر احمد چوہدری (لاہور) ☆ محمد اشرف کوثر
☆ سید ضیاء النور شاہ ☆ ڈاکٹر خالد سعید شیخ ☆ سید عبد اللہ شاہ قادری ☆ علامہ اقبال احمد فاروقی

## مجلس تحریر

محقق العصر مفتی محمد خان قادری۔ ادیب شہیر پیر سید محمد فاروق القادری
علامہ محمد عبد القیوم طارق سلطانپوری۔ علامہ قاری محمد زوار بہادر
پروفیسر محمد ظفر الحق بندیالوی۔ سید وجاہت رسول قادری، عبد المجید ساجد
مفتی محمد ابراہیم قادری۔ مفتی محمد جمیل احمد نعیمی۔ مفتی عبد الحلیم ہزاروی
صاحبزادہ واحد رضوی۔ الحاج مفتی محمد شفیع ہاشمی۔ پروفیسر قاری محمد مشتاق انور

## مجلس مشاورت

پیر سید مرید کاظم بخاری، ملک مطلوب الرسول اعوان، ملک محمد فاروق اعوان
صوفی گلزار حسین قادری رضوی، محمد ادریس خان سواتی، الطاف چغتائی
ماہ رخ خان قادری، مولانا صوفی غلام مرتضیٰ سیفی، مولانا محمد اختر نورانی
ملک الطاف عابد اعوان، ملک قاری محمد اکرم اعوان، محمد جاوید اقبال کھارا
مرزا عبد الرزاق طاہر، پیرزادہ محمد رضا قادری، صاحبزادہ محمد بلال الہاشمی
سید عارف محمود مجہور رضوی، پیر محمد فراز چشتی، قاری محمد عامر خان
حافظ محمد خان ماہل ایڈووکیٹ، مولانا محمد بشیر احمد فریدی، محمد مزمل مرتضیٰ

## مجلس انتظامیہ

محمد فواد علی قادری

قیمت فی شمارہ
350 روپے

سالانہ رکنیت فیس
1000 روپے

انٹرنیشنل غوثیہ فورم انوار رضا لائبریری بلاک نمبر ۲ جوہر آباد ضلع خوشاب
0300
0321-9429027
Ph: 0454-721787

۱۴۴۵۲۱

Marfat.com

297-54
ب 251 م

# حسنِ ترتیب


| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| رسول اللہ ﷺ کا تاریخ ساز خطاب...... حجۃ الوداع کا خطبہ! انسانی حقوق کا عالمی منشور | 7 |
| مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام..............(اپنی بات) | 8 |


## تبرکات و پیغامات


| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| مبلغ اسلام حضرت علامہ پیر سید محمد انور حسین شاہ کاظمی (حال مقیم برطانیہ) | 10 |
| زینت السادات حضرت پیر سید فیض الحسن شاہ بخاری (بہاری شریف) | 11 |
| پیر طریقت شیخ العلماء حضرت میاں محمد حنفی سیفی (راوی ریان شریف) | 13 |
| حضرت پیر طریقت ڈاکٹر کرنل محمد سرفراز محمدی سیفی (اسلام آباد) | 14 |
| حضرت علامہ صاحبزادہ حافظ حامد رضا (سیالکوٹ) | 15 |
| نامور صحافی جناب سعید خاور (کراچی) | 16 |
| حمد ترانے | 17 |
| نعت نذرانے | 21 |
| چند مادہ ہائے تاریخ......سالِ میلاد مصطفےٰ ﷺ...... (استخراج شدہ: حضرت طارق سلطانپوری، شاہ اکرام حسین سیکری) | 33 |
| برکات سیرت و میلاد......قطعہ تاریخ طباعت...... (علامہ محمد عبدالقیوم طارق سلطانپوری) | 34 |


## شذرات، مضامین، مقالات، خطبات اور انٹرویو


| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| کتنا پیارا نام..............محمد ﷺ..............(سید زاہد رضوی) | 35 |
| حیات طیبہ کے اہم واقعات..............(ظفر حمید) | 37 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| میلاد النبی ﷺ کی دستوری حیثیت......(مفکر اسلام پیر سید عبدالقادر شاہ جیلانی) | 39 |
| جشنِ عید میلاد النبی ﷺ اور تصورِ بدعت......(علامہ محمد رضا الدین صدیقی) | 61 |
| ظہورِ قدسی کی برکات......(ملک محبوب الرسول قادری) | 74 |
| رسول اللہ ﷺ کا مقدس عہد شباب......(جلال محمود چشتی ایم اے) | 81 |
| تعظیم و توقیر......(پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد) | 90 |
| عشق رسالت مآب ﷺ......(خطیب پاکستان مولانا حافظ محمد شفیع اوکاڑوی) | 102 |
| سرکار دو عالم ﷺ کے ذکر پاک، درود شریف کی فضیلتیں اور برکتیں<br>......(ماہ رخ خان قادری) | 109 |
| رسول اللہ ﷺ کی بچوں سے محبت و شفقت......(محمد خضر حیات) | 116 |
| سیدنا محمد ﷺ عورتوں کے محسن اعظم......(محترمہ بیگم حرحزی قدوائی) | 118 |
| سیرت طیبہ ﷺ اور ہماری سیرت......(ڈاکٹر برہان احمد فاروقی) | 126 |
| گستاخ رسول کا قتل......رسول اللہ ﷺ کے مبارک فیصلے......<br>محقق العصر مولانا مفتی محمد خان قادری سے ایک اہم انٹرویو......<br>(ملاقات: ملک محبوب الرسول قادری) | 148 |
| مقصودِ کائنات......(علامہ حافظ محمد ایوب دہلوی) | 183 |
| دشمنانِ رسول ﷺ کا عبرتناک انجام......(محمد ستار حسین) | 224 |
| ولادت و سیرتِ مصطفےٰ ﷺ......(خطاب: حضرت علامہ محمد عبدالعلیم رحمۃ اللہ علیہ) | 227 |
| فضیلتِ شبِ ولادت النبی ﷺ......(مولانا محمد ناصر خان چشتی) | 259 |
| عیدوں کی عید......جشنِ میلاد النبی ﷺ......(مولانا محمد ناصر چشتی) | 270 |
| حضور سید عالم ﷺ کی ولادتِ اقدس......(الشاہ محمد قاسم حسین ہاشمی) | 281 |
| تاریخ وصال النبی ﷺ کی تحقیق......(مولانا محمد ناصر خان چشتی) | 284 |
| ہم میلاد کیوں مناتے ہیں؟......(مولانا ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی) | 297 |



Marfat.com

حجۃ الوداع کا خطبہ! انسانی حقوق کا عالمی منشور

# رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا تاریخ ساز خطاب

سن لو! جاہلیت کے دستور میرے دونوں پاؤں کے نیچے ہیں۔ عربی کو عجمی پر اور عجمی کو عربی پر کوئی فضیلت نہیں تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم مٹی سے پیدا ہوئے تھے۔ مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ تمہارے غلام! ارے غلام! جو خود کھاؤ وہ ان کو کھلاؤ جو خود پہنو وہی ان کو پہناؤ۔ جاہلیت کے تمام خون باطل کر دیئے گئے اب کسی کو کسی سے پرانے خون کا بدلہ لینے کا حق نہیں اور سب سے پہلے میں اپنے خاندان کا خون ربیعہ بن الحرث کے بیٹے کا خون باطل کرتا ہوں۔ جاہلیت کے تمام سود بھی باطل کر دیئے گئے اب کسی کو کسی سے سود کا مطالبہ کرنے کا حق نہیں۔ اور سب سے پہلے میں اپنے خاندان کا سود، عباس ابن عبدالمطلب کا سود باطل کرتا ہوں۔ عورتوں کے معاملے میں خدا سے ڈرو۔ تمہارا عورتوں پر اور عورتوں کا تم پر حق ہے۔ تمہارا خون اور مال قیامت تک کے لئے ایک دوسرے پر حرام ہے اسی طرح جس طرح یہ دن، یہ مہینہ اور یہ شہر حرام (حرمت والا) ہے۔ میں تم میں ایک چیز چھوڑے جاتا ہوں اگر تم نے اس کو مضبوط پکڑ لیا تو گمراہ نہ ہو گے اور وہ ہے اللہ کی کتاب۔ بعض روایات میں قرآن اور حدیث ہے اور اکثر میں قرآن اور اہل بیت اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے بہت سے اصول احکام شریعت بیان فرمائے پھر مجمع کی طرف خطاب کر کے پوچھا۔ تم سے خدا کے یہاں جب میرے بارے میں پوچھا جائے گا تو تم کیا کہو گے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کی کہ ہم کہیں گے آپ نے خدا کا پیغام پہنچا دیا اور اپنا فرض ادا کر دیا۔ آپ نے آسمان کی طرف انگلی اٹھائی اور فرمایا:

"اے اللہ! تو گواہ رہنا"، "اے اللہ! تو گواہ رہنا" "اے اللہ! تو گواہ رہنا" اسی موقع پر قرآن پاک کی یہ آیت نازل ہوئی۔ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ○

Marfat.com

## اپنی بات

# مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

اللہ رب العزت جل جلالہ نے اپنی عظمت و کبریائی کے اظہار کے لئے اپنے پیارے حبیب کریم ﷺ کے نور کی تخلیق سے کائنات کا افتتاح کیا۔

محمد (ﷺ).....................

زبان پہ بار خدا یا یہ کس کا نام آیا　　کہ میرے نطق نے بوسے میری زبان کے لیے

اور غالباً عارف صدیقی نے کہا تھا کہ ۔

اے نام تو حرزِ جانِ عالم　　سرنامۂ داستانِ عالم

لولاک کما خلقت الافلاک　　تو غایتِ کُن فکانِ عالم

اور پھر اس نور سے بتدریج کائنات کو وجود بخشا گویا ظہور قدسی سے قبل بھی نور اجالا درحقیقت انہی کے دم قدم کا صدقہ وخیرات بٹ رہا تھا اور صبح قیامت تک بلکہ حشر و نشر میں بھی وہی وسیلۂ جلیلہ ہونگے۔ اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وآلہ وسلم ................ صلی اللہ علی حبیبہ سیدنا محمد وآلہ وسلم ...... "انوارِ رضا" کا زیرِ نظر شمارہ "برکاتِ سیرت و میلاد" اسی ذات کریم ﷺ سے دارین میں رحمت و رافت، توجہ و شفاعت حاصل کرنے کی غرض سے بطور استغاثہ نذر کیا جارہا ہے۔ آؤ! اپنے رب کی بارگاہ میں عرض کریں۔

تو غنی از ہر دو عالم من فقیر　　روزِ محشر عذر ہائے من پذیر

ور حسابم را تو بینی ناگزیر　　از نگاہِ مصطفیٰ پنہاں بگیر

اور رحمت کونین ﷺ کے حضور مل کر عرض کریں کہ:

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام　　شمع بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند   اُس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

برکاتِ سیرت ومیلاد محض روایتی نہیں بلکہ الحمد للہ ایک شعوری کوشش ہے اس وقت ہم رسم و رواج کی طرف بہت زیادہ متوجہ ہو گئے ہیں اور ہماری اجتماعی زندگی کے ہر شعبے میں رسوم کا راج ہوتا جارہا ہے کوشش کرنی چاہیئے کہ ہماری اجتماعی اور انفرادی زندگی اسوۂ نبوی ﷺ کے تابع ہو تا کہ ہم دنیا ہی میں رہتے ہوئے جنت کی فضا کو جاگتی آنکھوں محسوس کر سکیں۔ جشن میلاد مصطفےٰ ﷺ کے حوالے سے بھی ہماری کوشش گلیاں، بازار، مکان، لباس صاف ستھرا کرنے، سنوارنے اور سجانے کی طرف ہوتی ہے اور ہونی بھی چاہیئے کہ نفاست و نظافت بھی تو اللہ کریم کی بارگاہ میں پسندیدہ ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ سیرت کے جلوؤں سے ویرانۂ حیات کو بھی روشن و منور کرنے کی ضرورت ہے۔ لمحۂ فکریہ ہے۔

بازار تو سج گئے آمدِ مصطفےٰ ﷺ کے لیے   پیغامِ مصطفےٰ ﷺ کیا ہے؟ ہم نے بھلا دیا

اس مقصد کے لئے ہم نے "برکاتِ سیرت ومیلاد" کو یکجا کرنے کی ضرورت محسوس کی اور اب یہ عظیم تحفہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ آپس میں تحائف کا تبادلہ کرنا ارشاد نبوی ﷺ کی تعمیل بھی ہے کہ اس سے محبت بڑھتی ہے آپ یہ کتاب اپنے پیاروں کو تحفہ میں پیش کر سکتے ہیں اور یہ بڑی نیکی بھی ہے۔

میں اپنے ان تمام رفقاء کے لئے خیر و برکت کی دُعا کرتا ہوں کہ جنہوں نے اس شمارے کو ایمان افروز مستقل کتاب بننے تک کے مراحل میں کام کو بانٹ کر میرے ساتھ تعاون کیا اور اس وقت بھی اس روح پرور علمی دستاویز کو معاشرے میں پھیلانے کے لئے مستعد ہیں۔ ان سب احباب کے حق میں دُعا گو ہوں کہ:

فدائی بنا اہلِ بیتِ نبی ﷺ کا   صحابہ کی الفت عطا کر الٰہی

☆☆☆

اسلام کیا ہے؟ اطاعت نبی ﷺ کی ہے   ایمان کی اساس محبت نبی ﷺ کی ہے

**ملک محبوب الرسول قادری**

(چیف ایڈیٹر)

Marfat.com

# پیغام

مبلغ اسلام، خلیفہ حضرت مفکر اسلام

## علامہ پیر سید محمد انور حسین شاہ کاظمی

بانی وشیخ الجامعہ: دارالعلوم قادریہ جیلانیہ شاہدرہ لاہور: حال مقیم برطانیہ

سیرت، کردار و عادات کا نام ہے۔ مگر یہ لفظ صرف سید الانبیاء امام المرسلین آقائے دوجہاں ﷺ کے قول وعمل اور احوال حیات کے لئے مختص ہوگیا اور اللہ رب العزت نے قرآن کریم میں سیرت رسول ﷺ کو اپنانے کا حکم ارشاد فرمایا ہے چونکہ سرکار دو عالم ﷺ کی ذات پاک ہی وہ بے مثال ہستی ہے کہ جن کی زندگی مبارک ہر انسان کے لئے مشعل راہ ہے عالم، حاکم، مالدار، بے بس، تاجر، ملازم حتیٰ کہ راہ تصوف و سلوک کے مسافروں گویا ہر شخص کے لئے بہترین نمونہ ہے۔ اس جگہ پر قدوۃ السالکین عمدۃ العارفین زبدۃ الکاملین حضرت پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے خوبصورت ترجمانی فرمائی ہے۔

س: سچ حقیق تحقیق غائتہ راہ پاک رسول امین دا ای
جس چھوڑیا راہ رسول والا تابع نفس شیطان لعین دا دی
بھانویں لکھ ریاضتاں کشف اسدے راہ ماریا اس بے دین دا ای
عالم سڑک مطلوب پچھان والی سنت احمدی راہ یقین دا ای

کہنے کو تو یہ سہ حرفی کا ایک بند ہے لیکن اس میں اسوۂ رسول ﷺ کو اپنائے بغیر کہیں بھی نجات نہ ملنے کا اشارہ ہے۔ رسول اکرم ﷺ کی مبارک زندگی کو اپنے لئے مشعل راہ بنالیا جائے تو کائنات کی تمام برکات رقص کرتی ہوئی انسان کے قدموں میں آتی ہے اور رحمت خداوندی اس انسان کو گھیر لیتی ہے۔ میں انوار رضا" کے "برکات سیرت و میلاد" خاص نمبر کی اشاعت پر کشتۂ محبتِ آلِ رسول جناب ملک محبوب الرسول قادری کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ملک صاحب ویسے بھی وقت کے بعض مذہبی شرپسندوں کی ریشہ دوانیوں سے قوم کو آگاہ کرنے کا خوبصورت بندوبست کرتے رہتے ہیں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قادری صاحب کے قلم میں استقامت سلامت رکھے۔ اور نبی پاک ﷺ کے توسل شریف سے ان کی روز مرہ محنت و کاوش میں برکات عطا فرمائے۔ آمین

Marfat.com

## پیغام

مخدوم ملت، آبروئے اہل سنت، زینت السادات، فخر المشائخ

# حضرت پیر سید فیض الحسن شاہ بخاری

سجادہ نشین: بڑی خانقاہ بہاری شریف آزاد کشمیر

جشن ولادت رسول ﷺ کا اہتمام خداوند متعال نے کائنات کو سجا کر فرمایا اور خدائی نے ان کے ذکر پاک کے ذریعے سے یہ سعادت حاصل کی۔ حدیث قدسی ہے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

لولاك لما خلقت الافلاك ولولاك لما اظهرة الربوبيه

اگر آپ ﷺ کو پیدا کرنا مقصود نہ ہوتا میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا اور اگر آپ ﷺ مقصود نہ ہوتے تو میں اپنا رب ہونا بھی ظاہر نہ فرماتا۔

گویا مقصود کائنات آپ ﷺ کی ذات والا صفات ہے۔ اسی لئے میلاد کا موسم جب بھی آئے حسین ہوتا ہے۔ پیارا ہوتا ہے اور منفرد ہوتا ہے اسی وجہ سے تو یہ ربیع الاول ہے۔

اہل محبت اپنے اپنے انداز سے جشن میلاد مناتے ہیں جھنڈا لگا کر، خوشبو بانٹ کر، مٹھائیاں کھلا کر، یتیم مسکین کی خدمت کر کے، روزہ رکھ کر، مظلوم کی مدد کر کے، حق کی آواز بلند کر کے، کتاب لکھ کر، کتاب تقسیم کر کے، نفل پڑھ کر سو جس کو جو توفیق ارزانی نصیب ہوئی اُس نے آمد رسول ﷺ کی خوشی منائی اور ملک محبوب الرسول قادری صاحب اپنے رسالے کا "برکاتِ سیرت و میلاد نمبر" شائع کر کے آمد رسول ﷺ کی خوشی منا رہے ہیں۔ جس نے بھی آمد رسول ﷺ کی خوشی منائی وہ خوش نصیب ہے۔ اس کے مخیّر رسا ئی نے اسے ولادت نبوی ﷺ کی خوشی منانے کی رغبت دلائی میں اپنے بھائی ملک محبوب الرسول قادری کو زمانہ طالب علمی سے جانتا ہوں ہم اکٹھے پڑھتے رہے۔ انجمن طلبہ اسلام کے پلیٹ فارم سے اکٹھے کام کرتے رہے ہیں۔ وہ ایس ٹی آئی کے ضلع ناظم تھے اور میں نائب

Marfat.com

ناظم رہا۔ اس زمانے میں بھی ہم فروغ حب رسول ﷺ کے لئے معروف جہد رہتے تھے اور اللہ کا شکر ہے کہ آج بھی اسی کام میں لگے ہوئے ہیں۔ حالات اور زندگی کے نشیب و فراز انسان کو کہاں سے کہاں لے جاتے ہیں مگر الحمد للہ ہم دونوں کو اللہ پاک نے ہمارے ذوق و شوق کے مطابق ہی مصروف رکھا۔ قادری صاحب اس زمانے میں بھی صحافتی دلچسپیاں اور مصروفیات رکھتے تھے۔ پھر عملی زندگی میں بھی انہوں نے اسی شعبے کو اختیار کیا حالانکہ انہیں کئی مرتبہ اچھی ملازمت اور عہدے کی آفر بھی ہوئی مگر انہوں نے اپنے امام کی اقتداء میں ہمیشہ یہ نعرہ لگایا کہ

میں گدا ہوں اپنے کریم کا میرا دین پارۂ ناں نہیں

ماہانہ رسالہ "سوئے حجاز"، سہ ماہی "انوارِ رضا" پھر ہر موقع پر اہل سنت کے لیے علمی، معیاری اور مفید کتب کی اشاعت ان کا معمولِ حیات بن گیا ہے جو ہمارے جیسے ان کے رفقاء کے لئے قلبی و روحانی خوشی و مسرت کا باعث ہے۔ وہ تقریر و تحریر دونوں میدانوں میں ایک خاص مقام کے ساتھ منفرد پہچان رکھتے ہیں۔ مزاج میں کھرا پن، ان کی حق گوئی اور ہمہ وقت مستعد و متحرک رہنا ان کی انفرادیت ہے۔ میرے مرشد و پیشوا اور والد گرامی حضرت یادگار اسلاف زینت السادات پیر سید محمد شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ انہیں بہت زیادہ دعاؤں سے نوازتے تھے اور کمال شفقت فرماتے تھے۔ قادری صاحب ہمیشہ انصاف و دیانت داری کی روش اختیار کرتے ہیں اور اعتدال پسندی ان کی طبیعت ثانیہ ہے حضور اقدس ﷺ کی ذات گرامی کے ادب و احترام اور فروغ عشق رسول ﷺ کے حوالے سے ہم نے ہمیشہ متفقہ مشترکہ جہد و جہد کی ہے اور ہمیشہ ہماری رائے ایک ہی رہی اور متفق رہے۔ اب کی بار انہوں نے "برکاتِ سیرت و میلاد" کی اشاعت کا جو پروگرام بنایا ہے وہ قابل رشک ہے اس معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے اور ہر مسلمان کے لئے اس کا مطالعہ نہایت مفید ہے۔ میری رائے میں ایسی کتاب کی معاشرے کو اشد ضرورت تھی جو امت کو جوڑنے کا کام کرے۔ میری نظر میں یہ کارنامہ سرانجام دینے کے لئے اس کتاب کی اشاعت اہم کردار ادا کرے گی۔ قادری صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور عوام و خواص سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ "برکاتِ سیرت و میلاد" کو زیادہ سے زیادہ خریدیں، پھیلائیں، اسے بطور تبرک زیادہ سے زیادہ تعداد میں تقسیم کریں۔ احباب کو گفٹ پیش کریں اور اپنے انفرادی و اجتماعی ماحول میں سیرت و میلاد کی برکات کو محسوس کریں...... اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح معنوں میں عید میلاد المصطفیٰ ﷺ کے تقاضے سمجھ کر میلاد منانے اور سیرت اپنانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

Marfat.com

# پیغام

شیخ المشائخ، مخدوم اہل سنت، فیض یافتہ اخوندزادہ مبارک سرکار

## پیر طریقت حضرت میاں محمد حنفی سیفی

آستانہ عالیہ محمدیہ سیفیہ راوی ریان شریف

اہل سنت و جماعت ہی اہل محبت ہیں۔ حضور پاک رحمت للعالمین سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ ﷺ کی ذاتِ پاک سے محبت ہی ایمان ہے بلکہ یہی ایمان کی جان ہے اس نعمت کے بغیر ایمان مکمل ہی نہیں ہو سکتا۔ صحیح العقیدہ مسلمان اپنی زندگی کا ایک ایک منٹ اپنے آقا و مولا ﷺ کی عزت و ناموس کی امانت سمجھتا ہے کہ مسلمان کی زندگی کا مقصد ہی تحفظ ناموس رسالت ﷺ ہے۔

اے حسنِ مطلق ﷺ اے نورِ باری ﷺ دل تیرے صدقے جاں تجھ پہ واری

سہ ماہی "انوارِ رضا" جوہرآباد کے بانی و چیف ایڈیٹر ملک محبوب الرسول قادری کو اللہ تعالیٰ نے یہ خاص طور پر توفیق دی ہے کہ وہ اللہ کے پیارے نبی ﷺ کی عزت و ناموس، دین اسلام کی سربلندی اور اولیاء کرام کے حوالے سے حیران کن بڑے بڑے علمی کام سرانجام دیتے ہیں۔ خدا نے ان کے کام میں برکت رکھ دی ہے وہ سالوں کے کام مہینوں میں اور مہینوں کے کام دنوں میں بڑی عمدگی کے ساتھ سرانجام دے لیتے ہیں پھر ان کے کام کا اعلیٰ معیار بھی انفرادیت ہے ان کے شائع کردہ انوارِ کنز الایمان اور میرے مرشد مبارک حضرت اخندزادہ مبارک رحمۃ اللہ علیہ نمبر جیسے رسالوں نے بڑی مقبولیت حاصل کی۔ اب ان کی کاوش ان شاء اللہ تعالیٰ "برکات سیرت و میلاد" بھی اسی طرح مقبول ہوگی اور اہل سنت کے ہر فرد کے لئے راہنما کا کام کرے گی۔ میں ملک صاحب کی صحت و سلامتی اور لمبی عمر کے ساتھ ساتھ ان کے کاموں اور دینی پروگراموں میں کامیابی کی دُعا کرتا ہوں۔

Marfat.com

## پیغام

حضرت پیر طریقت ڈاکٹر

# کرنل محمد سرفراز محمدی سیفی

سجادہ نشین: آستانہ عالیہ محمدیہ سیفیہ ترنول۔ اسلام آباد

اک سکوتِ یاس تھا دنیائے ظلمت کار میں
سو رہی تھی صبح آغوش شب پندار میں

تو نے آ کر شب پرستانِ چمن کے واسطے
کی سحر پیدا گلستانِ خزاں آثار میں

بہ گیا سوئے فنا خود اپنی طغیانی میں کفر
آگیا سیلاب موجِ رشتۂ زنار میں

کعبۂ وحدت کے آگے جھک گئی تعمیر شرک
ہو گئے بیدار سجدے جبہ دیوار میں

روح نے خالق سے کی تجدید پیمانِ الست
نغمۂ ماضی ہوا پیدا شکستہ تار میں

دل کی کھیتی لہلہا اٹھی تری تکبیر سے
تھا نہاں طوفانِ شادابی لبِ گفتار میں

پرتو رُخ سے ترے اے نو بہار کائنات
شمعِ گل روشن ہے ہر ویراں سرائے خار میں

تا بدورِ آخری از دستِ تو ساغر گرفت
ایں کہن میخانہ را کیفیت دیگر گرفت

یہ اشعار حشر کاشمیری کے ہیں جو ولادت و بعثت نبوی ﷺ سے پہلے اور بعد کا مکمل نقشہ پیش کر رہے ہیں...... کاش! ہم اپنے حال کو ماضی کے پرنور ماحول سے مستنیر کر کے اپنے مستقبل کو تابناک بنا سکیں۔ میرے بھائی ملک محبوب الرسول قادری کی طرف سے "برکاتِ سیرت و میلاد" کی اشاعت کا بھی یہی مقصود ہے۔ ہم سنجیدگی سے سوچیں کہ اس سلسلہ میں ہمیں کیا کرنا چاہیئے...... یہ کتاب ایک راہنما ہے جس کا صفحہ صفحہ روشن اور پرنور ہے ہر مسلمان کو اس سے اکتساب فیض کرنا چاہیئے۔

Marfat.com

## پیغام

جگر گوشہ حضرت شیخ الحدیث، محسن اہل سنت، پیر طریقت، حضرت علامہ

# صاحبزادہ حافظ حامد رضا

سابق وزیر اوقاف حکومت آزاد جموں و کشمیر

سجادہ نشین: خانقاہ حضرت شیخ الحدیث۔ جامع مسجد دو دروازہ سیالکوٹ

ہزار بار بشویم دہن زمشک و گلاب ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی است

عشق رسالت مآب ﷺ مومن کی متاعِ حیات ہے اسی سے اہل ایمان میں حلاوت و حرارت ہے اور اسی کے سہارے امت کی وحدت کی عمارت قائم و برقرار ہے۔ عید میلاد کا جوش و جذبہ مسلمان کے فطرتِ سلیم کا تقاضا ہے اور سیرت کو اپنانا اس کے شعور کی صائب سمت کا تقاضا ہے میلاد کی بنیاد پر سنی متحد ہو جائیں تو معاشرے میں انقلاب آسکتا ہے نیز یہ سیرت و میلاد ہی ہے کہ جو ایک مسلمان کی فوز و فلاح اور کامیابی کی گارنٹی دے سکتی ہے۔ سیرت و میلاد کے انوار ہی معاشرے سے ظلمت و جہالت کو کافور کر سکتے ہیں۔ آج بلاشبہ سیرت و میلاد کی خوشبو کو گلی گلی، نگر نگر، کوچہ کوچہ، قریہ قریہ پھیلانے کی اشد ضرورت ہے تا کہ یہ خوشبو نفس نفس میں رچ بس جائے اور یہی۔

مقصود فطرت ہے یہی طرز مسلمانی

اہل سنت کے ممتاز صحافی برادرم ملک محبوب الرسول قادری نے ہمیشہ شعور کی بیداری، عمل کی صالحیت اور اہل سنت میں وحدت و اخوت کے فروغ کے لئے جدوجہد کی ہے۔ "برکات سیرت و میلاد" کی اشاعت بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے میں گرامی قدر ملک صاحب اور ادارہ "انوارِ رضا" کو مبارکباد پیش کر رہا ہوں۔

Marfat.com

## پیغام

آبروئے صحافت، مردِ آہن

# جناب سعید خاور

ایڈیٹر: روزنامہ "نوائے وقت" کراچی

جرنلزم مشن ہے تحریک ہے قوت ہے اور ایک مقدس پیشہ ہے صحت مند صحافت بجائے خود دین و دنیا میں کامیابی اور آخروی زندگی میں سرخروئی کی ضمانت ہے۔ ہمارے پرانے نظریاتی، مشنری اور ہم مشرب دوست ملک محبوب الرسول قادری نے دینی صحافت کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنایا ہے اگرچہ وہ لاہور میں دینی و ادبی کتابوں کے ایک اشاعتی ادارے کے بانی و سربراہ ہیں مگر ان کے اوقات کا اکثر حصہ اسی عظیم مشن میں صرف ہوتا ہے لاہور سے کراچی ان کی آمدورفت بالکل "لوہاری بھاٹی" کے چکر کی مانند ہے۔ وہ حضرت قائد اہل سنت مولانا شاہ احمد نورانی رحمۃ اللہ علیہ کے مجاہد اور سپاہی ہیں میں ان کی کمٹمنٹ کا معترف ہوں۔ میلادِ شریف کی مناسبت سے ان کے رسالہ "انوارِ رضا" کی اشاعت خاص کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ اور اپنے پیغام کے طور پر رشید کامل کے چند شعار نذر کرتا ہوں۔

جب تعلق ہے مرا، آپ کے پیغام کے ساتھ
زندگی اپنی گزر جائے گی آرام کے ساتھ

سرورِ کون و مکاں اور غریبوں کے رفیق
آپ کی راہ گزر تھی روشِ عام کے ساتھ

آپ تو بخش گئے صبح درخشاں کی کلید
اب کوئی الجھا رہے فلسفۂ شام کے ساتھ

جگنوؤں پر وہی ہوتا ہے ستاروں کا گماں
آج انسان کا رشتہ ہے پھر اوہام کے ساتھ

ہائے وہ لوگ جو اغراض و مقاصد کے لئے
سیرت پاک بیاں کرتے ہیں ابہام کے ساتھ

سفر شوق میں یہ بے خبری کا عالم
جیسے آغاز کو نسبت نہیں انجام کے ساتھ

میرے سورج مرے گھر پر بھی سنہری کرنیں
ہر طرف سائے سے لپٹے ہیں در و بام کے ساتھ

بات بنتی ہے کہیں، صرف عقیدت سے رشید
حسن کردار بھی، وابستگی، نام کے ساتھ

Marfat.com

# قَصِیْدَۃٌ فِی الْحَمْدِ

اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ ۔۔۔ مَالِیْ رَبٌّ اِلَّا ھُوْ

یَفْنَی الْکُلُّ وَیَبْقٰی ھُوْ ۔۔۔ لَیْسَ الْبَاقِیْ اِلَّا ھُوْ

مَنْ کَانَ دُعَاہُ اَنْ یَّاھُوْ ۔۔۔ ذَاکَ حَمِیْدٌ عَلْیَاہُ

مَنْ کَانَ لِرَبِّیْ دُنْیَاہُ ۔۔۔ عَاشَ سَعِیْدًا اُخْرَاہُ

مَنْ کُنْتَ اِلٰھِیْ مَوْلَاہُ ۔۔۔ کُلُّ النَّاسِ تَوَلَّاہُ

مَنْ مَّاتَ یَقُوْلُ اللّٰہ ۔۔۔ ذَاکَ الْخَالِدُ مَحْیَاہُ

رُسُلُ اللّٰہِ تَلَقَّاہُ ۔۔۔ اَبْشِرْ عَبْدٌ بِحُسْنَاہُ

اَلرِّضْوَانُ لَہٗ نُزُلٌ ۔۔۔ جَنَّۃُ عُلْیٍ مَأْوَاہُ

تَخْشَی النَّاسَ بِلَا جَدْوٰی ۔۔۔ ھَلَّا رَبَّکَ تَخْشَاہُ

اِبْغِ الْاَمْنَ لَدٰی رَبِّیْ ۔۔۔ اِنَّ الْاَمْنَ بِحِضْرَاہُ

تَنْسٰی رَبَّکَ یَا غَافِلِیْ ۔۔۔ ثُمَّ اِنْ شِئْتَ بِذِکْرَاہُ

تَرْجُو النَّاسَ لِجَدْوَاھُمْ ۔۔۔ اِنَّ الْجَدْوٰی جَدْوَاہُ

ھَلْ غَیْرُکَ یَخْشٰی رَبِّیْ ۔۔۔ غَیْرُکَ رَبِّیْ یَخْشَاہُ

فَسِوَاہُ رَبٌّ بِالْاِسْمِ ۔۔۔ وَاِلٰہُ الْحَقِّ یَرْعَاہُ

اَلْوَاحِدُ لَیْسَ بِذِیْ جُزْءٍ ۔۔۔ لَا وَاحِدَ حَقًّا اِلَّا ھُوَ

اَلْخَلْقُ مَرَایَا مَوْجُوْدٍ ۔۔۔ لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا ھُوَ

وَالْکُلُّ مَظَاھِرُ مَشْھُوْدٍ ۔۔۔ لَا مَشْھُوْدَ اِلَّا ھُوَ

Marfat.com

فَرْدٌ حَقٌّ اِلَّا هُوَ لَا مَعْبُوْدَ اِلَّاهُوْ

هٰذَا اَخْبَرُ اَدْنَاکُمْ نَبِیٌّ اَحْسَنَ مَشْوَہ

(تاج الشریعہ مفتی محمد اختر رضا خان قادری بریلوی)

# حمد باری تعالیٰ

کس سے مانگیں، کہاں جائیں، کس سے کہیں اور دنیا میں حاجت روا کون ہے؟
سب کا داتا ہے تُو، سب کو دیتا ہے تُو، تیرے بندوں کا تیرے سوا کون ہے؟

کون مقبول ہے، کون مردود ہے، بے خبر! کیا خبر تجھ کو، کیا کون ہے؟
جب تُلیں گے عمل سب کے میزان پر، تب کھلے گا کہ کھوٹا کھرا کون ہے؟

کون سنتا ہے فریاد مظلوم کی، کس کے ہاتھوں میں کنجی ہے مقسوم کی
رزق پر کس کے پلتے ہیں شاہ و گدا، مسند آرائے بزمِ عطا کون ہے؟

اولیا تیرے محتاج اے ربّ کُل! تیرے بندے ہیں سب انبیاء و رسل
ان کی عزت کا باعث ہے نسبت تری، ان کی پہچان تیرے سوا کون ہے؟

میرا مالک مری سن رہا ہے فغاں، جانتا ہے وہ خاموشیوں کی زباں
اب میری راہ میں کوئی حائل نہ ہو نامہ بر کیا بلا ہے، صبا کون ہے؟

Marfat.com

ابتدا بھی وہی، انتہا بھی وہی، ناخدا بھی وہی ہے خدا بھی وہی
جو ہے سارے جہانوں میں جلوہ نُما، اُس احد کے سوا دوسرا کون ہے؟

وہ حقائق ہوں اشیاء کے یا خشک و تر، فہم و ادراک کی زد میں ہیں سب، مگر
ماسوا اک اُس ذاتِ بے رنگ کے، فہم و ادراک سے ماوریٰ کون ہے؟

انبیاء ، اولیاء، اہلِ بیتؓ نبیؐ، تابعینؒ و صحابہؓ پہ جب آ بنی
گِر کے سجدے میں سب نے یہی عرض کی، تُو نہیں ہے تو مشکل کشا کون ہے؟

اہلِ فکر و نظر جانتے ہیں تجھے کچھ نہ ہونے پہ بھی مانتے ہیں تجھے
اے نصیرؔ! اس کو تو فضلِ باری سمجھ، ورنہ تیری طرف دیکھتا کون ہے؟

(پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ [گولڑہ شریف])

ہنگامۂ عالم ہے ترے حفظ و ایماں میں
اس زلف کا ہر خم ہے ترے حفظ واماں میں

ہاں غم ہے مگر غم ہے ترے حفظ و اماں میں
یہ کیف کوئی کم ہے ترے حفظ و اماں میں

سائے میں ترے وقت کی ہر تیکھی ادا ہے
ہر شوخیِ عالم ہے ترے حفظ و اماں میں

یا رب دِل بے تاب کِیا تیرے حوالے
یہ خطرۂ پیہم ہے ترے حفظ و اماں میں

جب چاہے اسے آدمی کر سکتا ہے حاصل
ہر عظمتِ آدم ہے ترے حفظ و اماں میں

تو جذبۂ غیرت کے تلاطم کا نگہباں
ہر موجۂ برہم ہے ترے حفظ و اماں میں

ہر جستِ غزالِ نفس گرم ہے تجھ سے
ہر تازگیِ رم ہے ترے حفظ و اماں میں

زیر و بم امکاں کا ہے بس تو ہی محافظ
آدم کا ہر اک دم ہے ترے حفظ واماں میں

ہر سانس نیا جذب ہے ہر سانس نیا کشف
جدت تو مقدم ہے ترے حفظ و اماں میں

(مشکور حسین یادؔ)

Marfat.com

تیری یادوں سے آباد ہے میرے دل کا نگر
تیرے اذکار سے شاد ہے میرے دل کا نگر

میرے دل کے نگر میں بسیرا تیرا ہی تو ہے
تیری رحمت سے آباد ہے میرے دل کا نگر

دُور رکھتا ہے ہر جرم سے مجھ کو تیرا کرم
ہر برائی کے متضاد ہے میرے دل کا نگر

میرے سر پر ہے سایا تیرا مجھ کو معلوم ہے
خوفِ دنیا سے آزاد ہے میرے دل کا نگر

میرے دل کے نگر میں ہے ہر دم اُجالا کوئی
جس میں روشن تیری یاد ہے میرے دل کا نگر

یہ نگر ایسا ویران ہے اے خدا اے خدا
آباد کر کب سے برباد ہے میرے دل کا نگر

اک زمانہ تھا کاشفؔ میں تھی سرکشی اور اب
تیری رحمت سے سجاد ہے میرے دل کا نگر

(کاشف خان کاشف)

---

میرے مالک تو ہمیں بھیک دے، جھولی بھر دے
نام لیوا ہیں ترے، حاملِ قرآں کر دے

جس نے مانگی ہی نہیں مال و متاعِ دنیا
پیروی دے کے محمد ﷺ کی، تو نگر کر دے

تو جو چاہے تو عطا کر دے، ممولے کو عروج
اس کو شاہیں سے لڑا دے، ابھی بال و پر دے

چھین لے ہم سے تو افراط و تفریط تمام
دے توازن تو ہمیں، امت وسطیٰ کر دے

تیرے ہی ہاتھ میں ہے، رشد و ہدایت ساری
جس کو چاہے تو عطا خیر کرے شر دے

پھر ملے ہم کو زمانے میں، وہ پہلا سا عروج
جو ہیں فرعون، انہیں غرقِ سمندر کر دے

ہم کو سکھلا دے سدا سب سے محبت کرنا
اپنی الفت کو ہر اک دل میں جگہ دے، گھر دے

رہنما ہم کو ملیں، صاحبِ کردار بھی ہوں
فیضِ ملت کو بے لوث قلندر کر دے

علم دے، فہم دے، تو شمس کو تابندہ بنا
دے اثر بات میں، تحریر مؤثر کر دے

(مشکور حسین یاد)

---

Marfat.com

# نعت نذرانے

**سید الساجدین، امام المؤمنین، حضرت سیدنا امام زین العابدین علیہ السلام کے**

**دردمند دل سے بارگاہ رسالت ﷺ میں استغاثہ**

# بَلِّغْ سَلَامِیْ رَوْضَۃً فِیْھَا النَّبِیُّ الْمُحْتَرَمُ

**کلامِ امام پر حضرت سیماب اکبر آبادی کی تضمین**

فریاد ہے، فریاد ہے، مجھ پر ہوئے بے حد ستم — ہندوستان اپنا وطن، طیبہ میں وہ رونق فزا
کس سے کہوں حالِ الم، ہے کون واقف کارِ غم؟ — ہم اتنے دور افتادہ ہیں، وہ چارہ سازِ درد ہا
صبر مصیبت تا کجا، ضبطِ فغاں تا کے کنم؟ — تیغِ فراقِ شاہؐ سے بسمل دلِ محزوں ہوا
اِنْ بِلْتِ یَا رِیْحَ الصَّبَا یَوْمًا اِلٰی اَرْضِ الْحَرَمْ — اَکْبَادُنَا مَجْرُوْحَۃٌ مِنْ سَیْفِ ھِجْرِ الْمُصْطَفٰی
بَلِّغْ سَلَامِیْ رَوْضَۃً فِیْھَا النَّبِیُّ الْمُحْتَرَمْ — طُوْبٰی لِاَھْلِ بَلْدَۃٍ فِیْھَا النَّبِیُّ الْمُحْتَشَمْ
کیسے نبیؐ؟ خیر الوریٰ سرمایہ جود و سخا — کرتے تھے رو رو کر دعا جَوْفَ اللَّیَالِیْ دَائِمًا
رحمت پے ہر دوسرا، ماہِ شرف، مہر ولا — کردیں وہی ہم کو رہا مِنْ کُلِّ دَھْرٍ ظَالِمًا
مَنْ سِرُّہٗ صَدْرُ الْعُلٰی مَنْ شَانُہٗ کَھْفُ الْوَرٰی — ہو کاش! تقلیدِ نبیؐ ہم سے بِرَبِّ الرَّاحِمَا
مَنْ وَجْھُہٗ شَمْسُ الضُّحٰی مَنْ خَدُّہٗ بَدْرُ الدُّجٰی — یَا لَیْتَنِیْ کُنْتُ کَمَنْ یَتْبَعْ نَبِیًّا عَالِمًا
مَنْ ذَاتُہٗ نُوْرُ الْھُدٰی عَنْ کَفُّہٗ بَحْرُ الْھِمَمْ — یَوْمًا وَّلَیْلًا دَائِمًا وَارْزُقْ کَذَالِیْ بِالْکَرَمْ
اُن کی زبانِ فیض تھی گویا نشانِ مرحمت — برگشتہ افلاک و زمیں، انجوہ اعداء درکمیں
نورِ ہدایت سے ہوئی زائل جہاں کی شیطنت — دنیا کے پردہ پر کہیں، اپنا ٹھکانہ ہی نہیں

وہ ترجمانِ وحیِ حق، وہ خوش بیانِ معرفت تم ہو کفیل الحشر میں، فریاد کو پہنچو تمہیں

قُرْاٰنُہٗ بُرْهَانُنَا نَسْخًا لِاَدْیَانٍ مَّضَتْ یَارَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ اَنْتَ شَفِیْعُ الْمُذْنِبِیْنَ

اِذْ جَآءَنَا اَحْکَامُہٗ کُلُّ الصُّحُفِ صَارَ الْعَدَمْ اَکْرِمْ لَنَا یَوْمَ الْحَزِیْنِ فَضْلًا وَّجُوْدًا الْکَرَمْ

سیمابؔ مغموم و حزیں دارد بدل حسرت ہمیں چشمِ کرم باشد برایں انت انیس العاشقیں

صدقہ میں اُن کے شاہ دیں کہتی تھی جو باصد یقیں یَارَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ اَدْرِکْ لِزَیْنِ الْعَابِدِیْنَ

مَحْبُوْسَ اَیْدِی الظّٰلِمِیْنَ فِی الْمَوْکِبِ وَالْمُزْدَحَمْ

..................○..................

حضرت مولانا نور الدین عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ ۷ ربیع الاول ۸۱۷ھ کو قصبہ جام علاقہ خراسان میں پیدا ہوئے۔ ہرات اور سمرقند میں ظاہری علوم حاصل کئے اور شیخ الاسلام حضرت احمد جام سے بیعت ہوئے، چند سال میں مقامات سلوک طے کئے۔ ۱۰ ربیع الاول ۸۹۰ھ کو مدینہ منورہ میں حاضر ہوئے، اُن کا دل نورِ مصطفوی ﷺ سے منور تھا۔ اخلاقِ نبوی کا وہ مجسمہ تھے، حضور سید عالم فخر کائنات ﷺ سے بلاواسطہ اکتسابِ فیض کرتے تھے۔ ۸۹۰ھ میں یہ درد آفرین اشعار لکھے جو اُردو ترجمہ کے ساتھ قارئین آستانہ کی خدمت میں پیش کئے جا رہے ہیں۔.................(ادارہ)

نگاہے کہ اُفتد بہ ہر مرغزارے گلستاں گلستاں، بہارے بہارے

جس مرغزار پر بھی میری نگاہ پڑتی ہے۔ وہاں گلستاں ہی گلستاں نظر آتے ہیں، بہار ہی بہار نظر آتی ہے۔

بہ ہر منزلے بخت خوش می رساند چہ شامِ دل آراچہ، صبح بہارے

میری خوش نصیبی جس منزل پر بھی مجھے پہنچاتی ہے، وہاں کی ہر شام دلکش ہوتی ہے وہاں کی ہر صبح بہار آفریں ہوتی ہے۔

دلم خاک شد در رہِ شوق لیکن پسِ کاروان است مشتِ غبارے

راہِ شوق میں میرا دل خاک ہو گیا لیکن وہی ایک مشتِ غبار قافلہ کے پیچھے ہے۔

۱۴۴۵۲۱

Marfat.com

ترحم ترحم خدارا ترحم بکویت فتادہ غریب الدیارے

رحم کیجیے، رحم کیجیے، خدا کے لئے رحم کیجیے، آپ ﷺ کے کوچہ میں ایک پردیسی پڑا ہوا ہے

فدایم ہزاراں بجانِ گرامی بہ آں شہر خوبی چناں شہریارے

میں ہزار جاں سے فدا ہوں، اُس مبارک شہر پر اور اُس محترم شہریار پر۔

..........................○..........................

بیا اے دل دمے از ہستی خود ترکِ دعویٰ کن میفگن چشم بر صورت، نظر در عینِ معنیٰ کن

اے دل آ، ایک لمحہ کے لئے اپنی ہستی کے دعوے کو ترک کر

صورت پر نظر نہ ڈال، بلکہ حقیقی معنیٰ کی طرف نظر کر

بیا در انجمن خلوت گزیں و از رہِ دیگر بچشمِ دل جمالِ دوست را ہر دم تماشا کن

اے دوست آ، انجمن میں شریک ہو کر خلوت نشین ہو اور معرفت کے ذریعہ

دل کی آنکھ سے ہر وقت جمالِ دوست کا نظارہ کر

بسرش غیر را محرم مگرداں بلکہ در خلوت چناں پوشیدہ کن ذکرش کہ از دل نیز اخفا کن

اس کے راز کو غیر پر ظاہر نہ کر، بلکہ خلوت میں

اُس کے ذکر کو اس قدر پوشیدہ کر کہ اپنے دل سے بھی چھپا لے

خرابم در غمِ ہجرِ جمالت یا رسول اللہ جمالِ خود نما، رحمے بجانِ زار شیدا کن

اے اللہ کے رسول ﷺ آپ ﷺ کے جمالِ اقدس کے فراق میں، میں خراب و خستہ ہوں

للہ، اپنا جمالِ اقدس دکھایئے، اور میری جانِ زار پر رحم کیجیے

جہاں تاریک شد از ظلم سیہ کاراں یا رسول اللہ بیا و عالمے را روشن از نورِ تجلی کن

یا رسول اللہ ﷺ! سیہ کاروں کے ظلم سے ساری دنیا تاریک ہوگئی ہے

اے حضور! تشریف لایئے اور سارے عالم کو اپنے نور سے روشن کیجیے

Marfat.com

چو زیں دارِ فنا قصدِ سفر سوئے دگر داری چرا غافل نشینی، اے دل اسبابش مہیا کن

اے دل! اگر اس دارِ فنا سے دوسرے عالم کی طرف سفر کرنا ہے تو
غافل و مدہوش کیوں ہے؟ اس سفر کے لئے اسباب مہیا کر

چہ حاجت کرز پئے خلوت روی در کنج تنہائی بیاد دوست خود را از خیالِ غیر تنہا کن

اے سالک اگر وصالِ دوست مقصود ہے تو گوشہ تنہائی میں جانے کی کیا ضرورت ہے
آ، میدانِ معرفت میں آ اور غیر کا خیال ہٹا کر دوست کو یاد کر

اگر خواہی تماشائے جمالِ شاہدِ معنیٰ ثنائے پادشاہِ یثرب و سلطان بطحا کن

اگر جمالِ اقدس کے دیدار کا آرزو مند اور طلب گار ہے تو
شاہِ یثرب و سلطانِ بطحا کے فضائل بیان کر

اگر از حسرت دنیا و عقبیٰ آرزو داری بدر گاہش بیاؤ ہرچہ می خواہی تمنا کن

اگر دنیا و عقبیٰ کی آرزوؤں میں سے کوئی آرزو تیرے دل میں ہے، تو
اُن کی درگاہِ اقدس واعلیٰ میں حاضر ہو اور جو کچھ تمنا ہے بیان کر، گوہرِ مقصود سے دامن بھر دیا جائے گا

(حضرت شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ)

انسانیت کے قافلہ سالار آگئے
نوعِ بشر کے سرور و سردار آگئے

احسان مومنوں پہ خدا نے جنہیں کہا
خوشیاں مناؤ مومنو، سرکار آگئے

ہاں جن کو اپنا نور، خدا نے کہا وہی
حق کے حبیب، دلبر غفار آگئے

پہنے ہوئے لباسِ بشر، فرشیوں کے پاس
مہمانِ عرش، پیکرِ انوار آگئے

جن کی مثال ازل سے ابد تک نہیں کوئی
جو قدرتِ خدا کے ہیں شہکار آگئے

ویرانے کی طرح تھی زمانے میں زندگی
اُس کو بنانے گلشن و گلزار آگئے

ہر بیکس و حزیں کے وہ ہمدرد و خیر خواہ
ہر غم زدہ کے مشفق و غمخوار آگئے

چوکھٹ پہ جن کی خم ہیں زمانے کی گردنیں
جو جبرئیل کے بھی ہیں سردار آگئے

ان کے خدا نے ان کو بہت کچھ عطا کیا
جنت ہے جن کی مِلک، وہ مختار آگئے

سب سے زیادہ علم خدا نے جنہیں دیا
جو ہیں خدا کے محرم اسرار آگئے

Marfat.com

وہ زمانے کا معلّم آگہی بخش جہاں
ایک امّی کاشفِ اسرار کی باتیں کریں

ذکر چھیڑیں حسنِ کردارِ رسول پاکؐ کا
مصطفیٰ کی خوبیِ گفتار کی باتیں کریں

صاحب الفقر فخری پر پڑھیں دائم درود
کیوں کسی منعم کسی زردار کی باتیں کریں

خلوتِ قوسین میں جس نے کیا دیدارِ حق
اُس بشر اُس پیکرِ انوار کی باتیں کریں

گنبدِ خضرا کے نظارے بسا کر ذہن میں
آپ کے شہرِ کرم آثار کی باتیں کریں

ہم کہ ہیں دامن دریدہ خارزارِ زیست کے
شہرِ طیبہ، گلشنِ بے خار کی باتیں کریں

ہر معطر کوچہ و بازار کا ہو تذکرہ
ہر طرف پھیلے ہوئے انوار کی باتیں کریں

اُن کی عادات و شمائل کی، نظامِ کار کی
اُن کے معمولات کی، اطوار کی باتیں کریں

کثرتِ اصنام کے بت شکن ماحول میں
وحدتِ حق کے علم بردار کی باتیں کریں

ناموافق صورتِ حالات میں کیسا تھا وہ
ہم اُحد کے قافلہ سالار کی باتیں کریں

دشمنوں کی ذلت و خواری پہ کیا اُس نے کیا
بدر کے فاتح سپہ سالار کی باتیں کریں

اُن کا واصف ہے عجم اُنکا ثنا خواں ہے عرب
جامی و حسان کے اشعار کی باتیں کریں

حامیانِ حق، مہاجر سابقون الاولون
ان کے تاریخ آفریں کردار کی باتیں کریں

استعارہ بن گئے قربانی و ایثار کا
عاشقانِ مصطفیٰ انصار کی باتیں کریں

وہ صداقت کیش جس نے صدق کی تصدیق کی
ثانی اثنین اذھما فی الغار کی باتیں کریں

سطوتِ اسلام کا مظہر، مرادِ مصطفیٰ
اس اشداء علی الکفار کی باتیں کریں

جس کے انصاف و تدبر کی نہیں کوئی مثال
سرورِ عالم ﷺ کے اُس شہکار کی باتیں کریں

جامع القرآن ذوالنورین جواد و کریم
قلزمِ قربانی و ایثار کی باتیں کریں

بابِ شہرِ علم، زوجِ فاطمہ، خیبر شکن
شیرِ یزداں، حیدرِ کرار کی باتیں کریں

بوحنیفہ، بوقبیس حکمتِ دینِ نبی
آفتابِ عظمتِ کردار کی باتیں کریں

احتشامِ فقر و اجلال و کمالِ معرفت
والیِ بغداد کے دربار کی باتیں کریں

Marfat.com

روز و شب ہے قاسمِ سرمایۂ عرفانِ حق
قادری دامانِ گوہر بار کی باتیں کریں

جو اٹھا خاک بریلی سے محبِّ مصطفیٰ
کاروانِ عشق کے سالار کی باتیں کریں

جس کی شخصیت میں پنہاں ہیں کئی شخصیتیں
حجتِ حق اس عجوبۂ کار کی باتیں کریں

خوب چمکا دعوت و ارشاد کے آفاق پر
گولڑہ کے نیرِ ضوبار کی باتیں کریں

رزم گاہ خیر و شر میں کامیابی کے لئے
اہلِ حق کو چاہیں ہم، اخیار کی باتیں کریں

ہے یہی طارقؔ ہماری کامرانی کی سند
خالقِ سرکار کی، سرکار کی باتیں کریں

(محمد عبدالقیوم طارقؔ سلطانپوری)

---

نوعِ بشر کے قافلہ سالار آگئے
انسانیت کے مونس و غم خوار آگئے

پروردگار جن و بشر کے ہیں جو حبیب
جو ہیں خدائے پاک کے دلدار آگئے

صدیوں سے اہلِ بزمِ جہاں کو تھا انتظار
سلطانِ انبیاء، شہِ ابرار ﷺ آگئے

موجود زندگی تھی مگر خار زار تھی
اس کو بنانے گلشن و گلزار آگئے

نورِ ازل کا پرتو زیبا ہے، جن کا حسن
خلاقِ کائنات کا شہکار آگئے

باطل کی ظلمتوں کا رہے گا نہ اب نشاں
توحیدِ حق کے نیرِ ضوبار آگئے

رحمت مآب، ملکِ سخاوت کے بادشاہ
جود و عطا، کرم کے جہاندار آگئے

سیرت ہے، جن کی ایک نمونہ عمل کا خوب
معیارِ حق کا جن کا ہے کردار آگئے

جن کو خدا نے نعمتیں بخشی ہیں بے حساب
مالک ہیں اور قاسم و مختار آگئے

سب سے بڑا ہمارے لئے ہے خوشی کا وقت
طارقؔ نوید ہو تمہیں سرکار آگئے

(محمد عبدالقیوم طارقؔ سلطانپوری)

Marfat.com

باطل کی ظلمتوں کا رہے گا نہ اب نشاں
توحید حق کے نیر ضوبار آگئے

رحمت مآب، ملکِ سخاوت کے بادشاہ
جود و عطا، کرم کے جہاندار آگئے

سیرت ہے، جن کی ایک نمونہ عمل کا خوب
معیار حق کا جن کا ہے کردار آگئے

جن کو خدا نے نعمتیں بخشی ہیں بے حساب
مالک ہیں اور قاسم و مختار آگئے

سب سے بڑا ہمارے لئے ہے خوشی کا وقت
طارقؔ نوید ہو تمہیں سرکار آگئے

(محمد عبدالقیوم طارقؔ سلطانپوری)

---

منظر مدینہ کی تو واہ کیا بات ہے
دید کی وہ اک گھڑی حاصلِ حیات ہے

صبح ہے دوپہر ہے دن ہے یا کہ رات ہے
آپ ﷺ کے در پہ سوالیوں کی بارات ہے

دل کے شہر میں جو ہر دم آپ ﷺ کی ہی یاد ہو
پھر جہاں کے فکر و غم سے ہر گھڑی نجات ہے

آیئے پڑھیں دُرود اُس ﷺ کے واسطے ہم سب
جس کے دم سے آج بھی روشن یہ کائنات ہے

(کاشف خان کاشفؔ)

---

دنیا کی نہ یاد آئے سرکار a کے روضے پر
اے کاش قضا آئے سرکار a کے روضے پر

دکھ درد بھلائیں گے بے درد زمانے کے
اللہ ہمیں پہنچائے سرکار a کے روضے پر

جس روز غلامی کی تکمیل تمنا ہو
اے کاش وہ دن آئے سرکار a کے روضے پر

Marfat.com

جلوت میں بدل ڈالیں خلوت کے سبھی آنسو
وہ وقت خدا لائے سرکار a کے روضے پر

سرکار a کی چوکھٹ کے ذرات میں بٹ جائے
جب جان مری جائے سرکار a کے روضے پر

چومیں گے نگاہوں سے ذرات کوئے بطحا
قسمت ہمیں لے جائے سرکار a کے روضے پر

مقبول دُعائیں ہوں آقا a کے توسل سے
ایمان جِلا پائے سرکار a کے روضے پر

رہتے ہیں ترو تازہ ایماں کے سبھی غنچے
گلشن میں بہار آئے سرکار a کے روضے پر

کونین کی ہر نعمت ملتی ہے اسی در سے
جو بن پہ عطا آئے سرکار a کے روضے پر

آقا a کی نگاہوں میں سائل ہیں سبھی یکساں
رائج نہیں دو رائے سرکار a کے روضے پر

دُکھ درد کے ماروں کو کملی میں چھپالیں گے
مجرم بھی نہ گھبرائے سرکار a کے روضے پر

اپنوں کے ستائے یا غیروں کے ستم خوردہ
ہر کوئی اماں پائے سرکار a کے روضے پر

بیزار جو ہو جملہ دنیاوی سہاروں سے
جینے کو وہ آجائے سرکار a کے روضے پر

جس کا ہے نہیں کوئی ہمدرد کہیں یارو
بے خوف چلا آئے سرکار a کے روضے پر

ہم جیسے نکموں کی، ہم جیسے حقیروں کی
بگڑی ہوئی بن جائے سرکار a کے روضے پر

اے کاش لپٹ جاؤں طیبہ کی فضاؤں سے
خواہش مری برآئے سرکار a کے روضے پر

چاکر میں رہوں بن کر سرکار a کی گلیوں کا
یوں زیست گزر جائے سرکار a کے روضے پر

روکے نہ کوئی مجھ کو اس وقت مچلنے سے
جب من میرا بھر آئے سرکار a کے روضے پر

لاچاری و دوری کا، مہجورؔ حضوری کا
بیمار شفا پائے سرکار a کے روضے پر

(سیّد عارف مہجورؔ رضوی، گجرات)

# ہدیہ درود و نعت

شکر رب کا کرے کیوں نہ طاہرؔ، آج سرکار ﷺ کی ہے ولادت
نام جن کا سکونِ دل و جاں ایسے مختار ﷺ کی ہے ولادت
رحمتِ دوجہاں بن کے آئے، ذہن و دل میں شگوفے کھلائے

Marfat.com

آپ ﷺ نے اپنے علم و عمل سے جام وحدت کے سب کو پلائے
جس نے اپنائی سیرت نبی ﷺ کی اُس پہ رحمت ہے ربِّ علیٰ کی
بخت یارو ہے وہ جس کے دل میں ہے محبتِ شفیع الوریٰ ﷺ کی
مُحسنِ آدمیت بھی ٹھہرے، اُن کے فرمان سارے سنہرے
آمد آمد ہوئی مصطفیٰ ﷺ کی کِھل اُٹھے سارے مایوس چہرے
ظلم و نفرت کو جڑ سے اکھاڑا، بے بسوں کو گلے سے لگایا
آپ ﷺ تشریف لائے جہاں میں گلشن دہر بھی لہلہایا
پھول رحمت کے کھلنے لگے ہیں، بے سہاروں کی بدلے گی قسمت
نکہت و نور کی بارشیں ہیں، تیرگی دہر سے ہو گی رُخصت
آپ ﷺ کا یومِ جشنِ ولادت، باخدا یومِ رحمت ہے طاہرؔ
اُن ﷺ کا میلاد دل سے منائیں اس میں لطفِ اطاعت ہے طاہرؔ

(طاہر سلطانی [کراچی])

---

خدا کے فضل سے ہے موسمِ بہار درود نبی ﷺ سے نسبتِ کامل کا افتخار درود
جو آنجناب کے نقشِ قدم پہ چلتا ہے اُسی کے چہرے پہ لاتا ہے پھر نکھار درود
یہی عقیدہ ہے اپنا یہ اصلِ ایماں ہے کہ بھیجیں ذاتِ محمد ﷺ پہ بار بار درود
اندھیرے جہل کے اب میرا کیا بگاڑیں گے ہے تیرگی میں اُجالوں کا شاہکار درود
درودِ پاک تری عظمتوں کے کیا کہنے ہر ایک لمحہ کروں تجھ پہ میں نثار درود
کروڑوں بار کرو شکرِ ربّ ادا لوگو نبی پاک ﷺ پہ بھیجو کروڑوں بار درود
رضائے ربّ جسے طاہرؔ نصیب ہو جائے رسول پاک ﷺ پہ بھیجے وہ بے شمار درود

(طاہر سلطانی [کراچی])

---

Marfat.com

# مرحبا......جشنِ آمدِ رسول ﷺ پر نعتیہ کلام

حق نگر حق نما پیش رو پیشوا اے حبیبؐ خدا مرحبا مرحبا
چاہتوں کا صلہ آج مجھ کو ملا آپؐ کا نقشِ پا مرحبا مرحبا
اک اشارہ کیا چاند ٹکڑے ہوا آپؐ کا معجزہ مرحبا مرحبا
کیا حسین وقت تھا دلنشیں وقت تھا عرش تھا زیرِ پا مرحبا مرحبا
آپؐ نے جو کہا دل میں گھر کر گیا نسخۂ کیمیا مرحبا مرحبا
حاصل دو جہاں تاجدار شہاں خشک روٹی غذا مرحبا مرحبا
بول بالا ہوا پھر اُجالا ہوا آپؐ کے نام کا مرحبا مرحبا
چاندنی دلکشی سرخوشی نغمگی زمزمہ نعت کا مرحبا مرحبا
اشک تھم تھم گئے سب کے سب غم گئے سر پہ کیا ہاتھ تھا مرحبا مرحبا
خالی دامن مرا جس میں کچھ بھی نہ تھا آپؐ نے بھر دیا مرحبا مرحبا
سید محترم شاہ والہ حشم رہبر و رہنما مرحبا مرحبا
خوب سے خوب ہیں آپؐ محبوب ہیں خوبیٔ دوسرا مرحبا مرحبا
ہاتھ خالی ملا جو سوالی ملا دامن اس کا بھرا مرحبا مرحبا
عظمتیں واہ وا رفعتیں واہ وا سدرۃ المنتہیٰ مرحبا مرحبا
نام نامی لیا جس گھڑی آپؐ کا دل منور ہوا مرحبا مرحبا
چہرۂ نور نور جس نے دیکھا حضور دیکھتا رہ گیا مرحبا مرحبا
میں نے جو کچھ کہا آپؐ نے سن لیا یہ کرم یہ عطا مرحبا مرحبا
ایسی دلداریاں ایسی غمخواریاں کوئی کب کر سکا مرحبا مرحبا
آپؐ کے نقش پا تیرگی میں ضیاء خاک خاک شفاء مرحبا مرحبا
کیا عرب کیا عجم آپؐ شاہ امم آپؐ خیر الوارا مرحبا مرحبا

Marfat.com

بے سہارا نہیں　غم کا مارا نہیں　آپؐ کا جو ہوا　مرحبا مرحبا

دل سنورتا رہے　ذکر کرتا رہے　روز و شب آپؐ کا　مرحبا مرحبا

میں نے صلی علیٰ　جس گھڑی بھی کہا　کیف کیا کیا ملا　مرحبا مرحبا

پتھروں کو زباں　عاصیوں کو اماں　کون دیتا بھلا　مرحبا مرحبا

مہر و انجم قمر　آپؐ کی رہگذار　آپؐ نورِ خدا　مرحبا مرحبا

زندگی بخش دے　سرخوشی بخش دے　آپؐ کی خاکِ پا　مرحبا مرحبا

آپؐ صادق امیں　رحمت عالمیں　یہ مقام آپؐ کا　مرحبا مرحبا

فکر سود و زیاں　اس کو آقا کہیں　آپؐ کا جو ہوا　مرحبا مرحبا

آپؐ آقا میرے　آپؐ مولا میرے　میں غلام آپؐ کا　مرحبا مرحبا

غمزدہ آپؐ کا　ہر بُرا آپؐ کا　رحمتِ انتہا　مرحبا مرحبا

آپؐ کی آن پر　آپؐ کی شان پر　جان بھی ہو فدا　مرحبا مرحبا

خوش لقب خوش بیاں　آپؐ جیسا کہاں؟　کوئی بھی دوسرا　مرحبا مرحبا

کملی والے نہ ہوں　تو اجالے نہ ہوں　دل نے کیا کہہ دیا　مرحبا مرحبا

گنگناتا پھروں　گیت گاتا پھروں　آپؐ ہی کے سدا　مرحبا مرحبا

لوگ تڑپا کریں　پھر بھی زندہ رہیں　سلسلہ شوق کا　مرحبا مرحبا

کوئی چھوٹا بڑا　جو ذرا رو پڑا　کام اُس کا بنا　مرحبا مرحبا

منزلیں دور ہیں　لوگ مجبور ہیں　آپؐ کا آسرا　مرحبا مرحبا

چین اُس کو ملا　اس میں جو آگیا　سایۂ مصطفٰے　مرحبا مرحبا

لطف کے سائے تھے　آپؐ جو آئے تھے　کیا اُجالا ہوا　مرحبا مرحبا

دیکھنے جائیں گے　کیف ہم پائیں گے　پھر بلاوا آیا　مرحبا مرحبا

عاشق مصطفٰےؐ　جس کا کوئی نہ تھا　وہ مدینے چلا　مرحبا مرحبا

باریاب حرم　اور کیا ہو کرم　تو یہاں آگیا　مرحبا مرحبا

Marfat.com

نور پرور فضا ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا شہر یہ آپؐ کا مرحبا مرحبا
باب رحمت کھلا داغ عصیاں دُھلا لطف بھی آپؐ کا مرحبا مرحبا
کام سارا ہوا پھر نظارا ہوا گنبد سبز کا مرحبا مرحبا
سر جھکا کس جگہ مل گیا مرتبہ یہ حرم آپؐ کا مرحبا مرحبا
پرشش پہ ضیا دیکھیے تو ذرا حسن غارِ حرا مرحبا مرحبا
بارگاہِ حضورؐ وجد و کیف و سرور لطف و جود و سخا مرحبا مرحبا
رنگ، خوشبو، صبا چار سو جا بجا پیار بکھرا ہوا مرحبا مرحبا
اجلی اجلی گلی جیسے دل کی کلی کیا کہوں ماجرا مرحبا مرحبا
دل پہ جو زنگ تھا وہ اترتا گیا کیا چلی ہے ہوا مرحبا مرحبا
جو حرم میں ملا چشم نم میں ملا نام کا وہ گدا مرحبا مرحبا
جو بھکاری ملا شہریاری ملا نام کا وہ گدا مرحبا مرحبا
راحت دل ملی مجھ کو منزل ملی جب ملا راستہ مرحبا مرحبا
سارے منظر حسیں دلنشیں دلنشیں دیکھتا ہی رہا مرحبا مرحبا
لطف کی لہر ہے آپؐ کا شہر ہے بخت جاگا مرا مرحبا مرحبا
زائروں کی دُعا طائروں کی صدا نغمۂ دلربا مرحبا مرحبا
حسن تھا خلد کا زندگی کا مزا کیا حسین خواب تھا مرحبا مرحبا
عرش پرنور تھا فرش پرنور تھا ذکر تھا آپؐ کا مرحبا مرحبا
رنگ و بوئے وفا ذرّے ذرّے پر تھا قریۂ جانفزا مرحبا مرحبا
کیا حسیں رنگ تھا دیکھ کر دنگ تھا ہر طرف جا بجا مرحبا مرحبا
وادیٔ نور تھی کتنی بھرپور تھی رحمتوں کی گھٹا مرحبا مرحبا
کوئی مسرورؔ تھا اے رسولِ خداؐ جو یہ لکھتا رہا مرحبا مرحبا

حضرت مسرور کیفی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

چند مادہ ہائے تاریخ

# سالِ میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا

۵۷۱ھ

اور بے شک ضرور ہم نے دنیا میں اُسے چن لیا۔ (ترجمہ کنز الایمان)

یہ قرآنی مادۂ تاریخ سالِ ولادت سرکار دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم علم الاعداد حضرت طارق سلطانپوری نے استخراج کیا۔

............................O............................

(۱) سالِ میلاد جنابِ نبی علیہ السلام
۵۷۱ء

(۲) سالِ میلاد محمد ابن عبداللہ کملی والا
۵۷۱ء

(۳) سالِ میلادِ جنابِ نبی بطحا محمد ابن عبداللہ
۵۷۱ء

(۴) سالِ میلاد، حبیبِ دل، نبی علیہ السلام
۵۷۱ء

(۵) مولود محمد الرسول اللہ
۵۷۱ء

حبیبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم
۵۷۱ھ

(۶) سالِ میلاد، نبی کل محمد من موہن
۵۷۱ء

(۷) جشن جاوداں میلاد نبوی
۵۷۱ء

آمد ابدی نبی صلی اللہ علیہ وسلم
۵۷۱ھ

(۸) سالِ میلاد نبی پاک برحق
۵۷۱ء

استخراج شدہ: شاہ اکرام حسین سیکری

Marfat.com

# برکات سیرت و میلاد......قطعہ تاریخ طباعت

اسی کا دن ہے بڑھ کر سب دنوں سے
رسول پاک کا یوم ولادت
جتنی بھی کی جائے وہ کم ہے
یہ ہے سب سے بڑا یوم مسرت
بڑا احسان خدا مومنوں پر
نبیٔ طیبہ و بطحا کی بعثت
جہانوں کے لئے بھیجا خدا نے
بنا کر ان کو اپنا عکسِ رحمت
ہر عالم کا نبی، پیغمبرِ کل
محیط جزو و کل اس کی رسالت
وہ خورشید ھدا آتے ہی اس کے
ہوئی کافور ہر عالم کی ظلمت
بظاہر وہ اُمّی لیکن اس کا
ہے ممنون ہر جہانِ علم و حکمت
رہے گا تاقیامت دین اس کا
رہے گی حشر تک اس کی شریعت

---

عظیم الشان نمبر چھاپنے کی
ملک محبوب نے ڈالی روایت
یہ انوارِ رضا کا خاص نمبر
معارف کا خزینہ بیش قیمت
بہ دربارِ حبیبِ حق تعالیٰ
ملک محبوب نے باصد عقیدت
بہ ذوق و شوقِ کامل پیش کی ہے
حسیں یہ نذرِ اخلاص و محبت
یہ ہے اعزاز اس کا خاندانی
یہ پشتوں سے محبّ جانِ رحمت
یہ ہے لاریب اس کی عمدہ کاوش
یہ کارِ خوب تر ہے درحقیقت
شفاعت یاب ہوگا مصطفےٰ ﷺ سے
وہ پائے گا صلہ جو کی ہے محنت
بہ "اوج پاکی" طارق میں نے تاریخ
کہی ہے "شعشۂ برکاتِ سیرت"
۴۳ | ۱۹۶۸+۴۳=۲۰۱۱ء
"ادب" کہہ کر "مجدِ میلاد"
رقم تاریخ کی برکاتِ سیرت
۷ | ۱۳۲ | ۷+۱۳۲+۱۲۹۳=۱۴۳۲ھ
کہی جو اور اک تاریخ طارق
"دسبیلِ خوبیِ برکاتِ سیرت"
۲۰۱۳ء

(علامہ محمد عبدالقیوم طارق سلطانپوری)

Marfat.com

# کتنا پیارا نام ........ محمد ﷺ

سید زاہد رضوی

محمد ﷺ کتنا پیارا نام ہے، سنتے ہی سر اور آنکھیں عقیدت سے جھک جاتی ہیں۔ زباں پر صلے اللہ کا ترانہ جاری ہو جاتا ہے۔ دل کو حال آتا ہے اور رقص کرنے لگتی ہے۔

خرابا تیوے پرستی کنید محمد ﷺ بگوئید و مستی کنید
خراباتیوے پرستی کردتم محمد ﷺ کہو اور مستی کرو تم

محمد باعثِ تکوین کون و مکان ہیں، اس عالم میں نشانِ بے نشاں ہیں۔ شش جہات میں محمد ﷺ ہی محمد عبد ہیں لیکن عبدیت میں ایسے بے مثال ہیں جیسے الوہیت میں خدائے پاک بے مثال ہے۔ محمد کی پیاری عبدیت میں ذکر خدا کس شان سے ہمیں سناتا ہے؟ (آلایہ) محمد ﷺ رسول ہیں، لیکن شان رسالت دیکھئے تمام رسل علیہم السلام اور تمام انبیاء علیہم السلام کو آپ ﷺ کی امت میں پیدا ہونے کی آرزو ہے۔ معراج کی ہر منزل میں کس محبت و عزت سے عظیم الشان و جلیل القدر انبیاء نے آپ ﷺ کا استقبال کیا ہے اس لئے کہ جو مخصوص خوبیاں اور اوصاف جملہ انبیاء و رسل میں اجتماعی طور پر پائی جاتی تھیں محمد ﷺ کی ذات والا صفات میں وہ بدرجہ اتم و اکمل موجود ہیں۔

حسن یوسفؑ، دم عیسٰی ید بیضا داری آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

محمد ﷺ دنیا میں اس وقت تشریف لائے جب آفتابِ توحید، کفر اور شرک کی تاریک گھٹاؤں میں پنہاں ہو چکا تھا۔ کواکب پرستی، آتش پرستی، عناصر پرستی کا رواج ہر جگہ تھا، من جانب اللہ ہونے کا دعویٰ کرنے والے سینکڑوں مذاہب موجود تھے لیکن اللہ کا نور ان میں سے کسی کے پاس بھی نہیں تھا۔ سارے ادیان و مذاہب مسخ ہو چکے تھے۔ منزل

Marfat.com

من اللہ کتابوں کا لوگ نام تو لیتے تھے لیکن سب کی تعلیمات میں کثرت سے ہندوؤں کی تحریفات شامل تھیں۔ مذہب کے سارے علمبرداروں نے اللہ لاشریک لہ کو ظن و تخمین کا ایک بازیچہ بنا دیا تھا کچھ تو خدا کے وجود سے ہی منکر تھے اور جو ماننے والے بھی تھے ان کا ماننا نہ ماننے کے برابر تھا اس طرح سارا عالم صراط مستقیم سے بھٹکا ہوا تھا اور گمراہی کے جہنم میں جل رہا تھا اور جہاں میں ہر طرف لا الہ ڈنکا تو بج رہا تھا مگر الا اللہ کی صدا سے دل، زبان اور کان بالکل ناآشنا ہو چکے تھے کہ سرکار محمدی ﷺ کی بعثت سے دنیا کفر و شرک کی نجاستوں سے پاک ہوئی اور فضائے آسمانی توحید کے نغموں سے گونج اٹھی۔

جب مٹے آثارِ فطرت بعد نقشِ لا الہ روحِ احمد ﷺ سے اٹھی آوازِ اِلّا اللہ کی

محمد ﷺ کا کوہ صفا کا خطبہ مکہ کی فضا میں گونجا اور کچھ ہی عرصے کے بعد کل جہان نغمہ توحید سے معمور ہو گیا۔ آفتابِ توحید چمکا اور سارا عالم بقعۂ نور بن گیا۔ عہد الست جسے اولاد آدم فراموش کر چکی تھی ساری دنیا کو پھر یاد دلا گیا۔ مخلوق اپنے خالق کے سامنے جھک گئی۔ عبد و معبود کا ٹوٹا ہوا رشتہ جوڑ دیا گیا۔ شریعتِ حقہ پر لوگ گامزن ہو گئے۔ معرفت الٰہی کے بند دروازے کھل گئے۔ بت کدے سرنگوں ہو گئے۔ آتش کدے سرد ہوئے اور کفر و شرک کے خس و خاشاک دریائے وحدت میں بہہ گئے۔

محمد ﷺ! آپ ﷺ ہی کی بابرکت بعثت سے دنیا کو یہ سعادتیں نصیب ہوئیں۔ کائناتِ وجود آپ ﷺ کے اس احسانِ عظیم کے بارِ گراں سے کبھی سبک دوش نہیں ہو سکتی۔ آپ سچ مچ رحمۃ للعالمین ہیں۔ آپ ﷺ پر میری جان قربان ہو۔ یا محمد ﷺ

محمد ﷺ! آپ عبدِ کامل ہیں۔ خاتم انبیاء علیہم السلام و رسل ہیں۔ علم کے دریائے رواں میں معرفت کے بحرِ ذخائر ہیں۔ مساوات کے سب سے بڑے داعی رہنما ہیں۔ امن و انصاف کے سب سے بڑے علمبردار ہیں یا محمد ﷺ! بے شمار درود و سلام ہوں آپ پر، آپ ﷺ کی ازواج مطہرات پر، آپ ﷺ کی آل و اصحاب باصفا پر۔ دن رات، صبح و شام۔ یا محمد ﷺ آپ پر درود و سلام ہوں۔

Marfat.com

# حیاتِ طیبہ کے اہم واقعات

ظفر حمید☆

ولادت مبارک: دوشنبہ ۱۲ ربیع الاول عام فیل، ۲۰ اپریل ۵۷۰ء...... مادرِ رسول ﷺ حضرت آمنہ خاتون کی وفات: ۶ عام فیل...... جدہ رسول حضرت عبدالمطلب کی وفات: ۵۷۹ء...... حضرت ابوطالب کے ساتھ شام کا پہلا سفر: عمر شریف بارہ سال دو ماہ دس دن...... حضرت خدیجۃ الکبریٰ کے غلام میسرہ کے ساتھ تجارتی سفر شام...... ۲۴ عام فیل...... حضرت خدیجۃ الکبریٰ سے عقد مبارک: دوشنبہ ۱۹ جمادی الاول ۱۵ء قبل اعلان نبوت...... پیدائش مبارک حضرت زینب بنت رسول ﷺ: ۱۰ء قبل اعلان نبوت (عمر شریف تیس سال)...... پیدائش حضرت رقیہ بنت رسول ﷺ ۷ء قبل نبوت عمر شریف ۲۳ سال)...... منصب نبوت پر سرفرازی: دوشنبہ ۹ ربیع الاول ۴۱ھ بدر و مبارک ۹ فروری ۶۱۰ء...... ہجرت حبشہ: رجب ۵ء نبوت...... محاصرہ شعب ابی طالب: یکم محرم ۷ء، نبوت تا ۱۰ نبوت...... ولادت سیدہ فاطمہ الزہرا سلام اللہ علیہا : ۶ء نبوت...... وفات عم رسول حضرت ابی طالب: ۱۰ نبوت...... وفات اُم المومنین خدیجۃ الکبریٰ: حضرت ابوطالب کی وفات کے تین دن بعد...... سفر طائف: جمادی الثانی ۱۰ نبوت...... معراج شریف اور نماز خمسہ کی فرضیت: دوشنبہ ۲۷ رجب ۱۰ نبوت مطابق ۱۹ مارچ ۶۱۹...... بیعت عقبہ اولے: ذی الحجہ ۱۲ نبوت، جولائی ۶۲۱ء...... بیعت عقبہ ثانیہ: ذی الحجہ ۱۳ء نبوت...... مکہ معظمہ سے ہجرت: شب جمعہ، ۲ صفر ۱۴ء نبوت مطابق ۱۰ ستمبر ۶۲۲ء...... قبا میں تشریف آوری: دوشنبہ ۸ ربیع الاول ۱ھ...... مدینہ منورہ میں نزول اجلال: دوشنبہ ۲۲ ربیع الاول ۱ھ...... مسجد نبوی کا سنگ بنیاد رکھا گیا: ۲۵ یا ۲۶ ربیع الاول ۱ھ...... پہلی مرتبہ نماز جمعہ خطبہ اور جماعت کے

---

☆ ایڈیٹر ماہنامہ "بصیر" کراچی

Marfat.com

ساتھ: ربیع الاول ۱ھ...... اُم المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا: شوال ۱ھ...... تحویل قبلہ: ۱۵ شعبان ۲ھ...... فرضیت کے بعد رمضان المبارک کا پہلا روزہ: یک شنبہ یکم رمضان ۲ھ...... زکوٰۃ و جہاد کی فرضیت: ۲ھ...... غزوۂ بدر: شنبہ ۱۷ رمضان ۲ھ مطابق ۱۳ مارچ ۶۲۴...... غزوۂ احد: ۶ شوال ۳ھ مطابق ۶۲۵ھ...... شراب قطعی طور پر حرام قرار دی گئی: ۳ھ...... پیدائش مبارک حضرت امام حسن علیہ السلام: ۱۵ رمضان المبارک ۳ھ...... پیدائش حضرت امام حسین شہید کربلا علیہ السلام: ۴ شعبان ۴ھ...... غزوۂ احزا: شوال یا ذی قعدہ ۵ھ...... غزوہ خیبر: محرم ۷ھ...... پیدائش حضرت ابراہیم علیہ السلام بن رسول اللہ: ۸ھ...... حضرت زینب بنت رسول اللہ کی وفات: ۸ھ...... فتح مکہ معظمہ: ...........۲ رمضان المبارک ۸ھ مطابق ۱۱ جنوری ۶۳۰...... حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی امامت میں پہلا اسلامی حج: دوشنبہ ۹ ذی الحجہ ۹ھ (۱۸ مارچ ۶۳۱ء)...... وفات حضرت ابراہیم علیہ السلام بن رسول اللہ ﷺ ۲۹ شوال ۱۰ھ...... سرکار دو عالم ﷺ کی علالت کا آغاز: دوشنبہ ۱۹ صفر ۱۱ھ...... حضور ﷺ نے دنیا سے پردہ فرمایا: دوشنبہ ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ مطابق ۸ جون ۶۳۲ء...... لحد مبارک میں آرام فرما ہوئے۔ شب چہار شنبہ ۱۳ ربیع الاول ۱۱ھ ۹ جون ۶۲۲ء۔

محبوبِ خدا ﷺ کے خصائص پر مشتمل اردو زبان میں پہلی جامع کتاب

# امتیازاتِ مصطفےٰ ﷺ

از......فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر خلیل ابراہیم ملا خاطر

ترجمہ: محقق العصر مولانا مفتی محمد خان قادری

صفحات: ۲۲۴، قیمت -/۱۸۰ روپے

رابطہ کے لئے

علامہ صاحبزادہ محمد فاروق قادری 0300-4407048

مفکر اسلام حضرت علامہ پیر سید عبدالقادر شاہ جیلانی کا تاریخی خطاب

# میلاد النبی ﷺ کی دستوری حیثیت

مرتبہ...... حافظ قاری عزیز حیدر قادری

مفکر اسلام حضرت علامہ پیر سید عبدالقادر شاہ جیلانی یورپ، امریکہ اور برطانیہ میں گذشتہ نصف صدی سے دین اسلام کی ابلاغ و فروغ کے لئے عملاً مصروف جہد ہیں۔ انہوں نے تحریر و تقریر کے ذریعے تبلیغ و اشاعت دین کا محاذ سنبھال رکھا ہے مجموعی طور پر وہ غیر مسلم قوتوں کے ہاں اسلام اور مسلمین کے ترجمان و نمائندہ کے طور پر پہچانے جاتے ہیں۔ اس وقت ہمارے پیش نظر ان کا ایک اہم خطبہ ہے جو انہوں نے "میلاد النبی ﷺ کی دستوری حیثیت" کے عنوان سے ارشاد فرمایا۔ آپ کے خلیفۂ مجاز اور ہمارے رفیق محترم گرامی قدر حضرت علامہ سید محمد انور حسین شاہ کاظمی قادری کی نشاندہی اور خواہش کے احترام اس خصوصی نمبر میں شامل کیا جارہا ہے۔ واضح رہے کہ اس خطبہ کو مولانا حافظ قاری عزیز حیدر قادری (راولپنڈی) نے ٹیپ ریکارڈ سے سینۂ قرطاس پر منتقل کیا۔ ہم ان کے شکریہ کے ساتھ انوارِ رضا کی اشاعت خاص "برکاتِ سیرت و میلاد" کا حصہ بنا رہے ہیں۔............................. (محبوب قادری)

الحمدللہ و کفٰی وسلامٌ علیٰ عبادہ الذین اصطفٰی خصوصاً علیٰ سیدنا محمدن المصطفٰی وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ اولی الصدق والصفا اما بعد

فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَقَدْ مَنَّ اللّٰہُ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ اِذْ بَعَثَ فِیْھِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِھِمْ یَتْلُوْا عَلَیْھِمْ اٰیٰتِہٖ وَیُزَکِّیْھِمْ وَیُعَلِّمُھُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ وَاِنْ کَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ (آل عمران۔۱۶۴)

بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں اُنہیں میں سے ایک رسول بھیجا' جو اُن پر اُس کی آیتیں پڑھتا ہے اور اُنہیں پاک کرتا ہے' اور اُنہیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے اور وہ ضرور اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔

(کنزالایمان' از اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

## نبی پاک ﷺ کے میلادِ پاک کی قانونی حیثیت کیا ہے؟

نبی پاک ﷺ کے میلادِ پاک کی قانونی حیثیت کیا ہے؟

قرآن کی نگاہ میں' حدیث کی نگاہ میں' اور عالم اسلام کی نگاہ میں۔

نبی پاک ﷺ کے میلاد کی تفصیلات کیا ہوئیں؟ یہ دوسرا سبجیکٹ Subject ہے۔

پہلی بات ہے اِس کی قانونی حیثیت ۔ کہ قانون کی نگاہوں میں' کتاب اللہ' سنت رسول اللہ ﷺ' اجماع اور قیاس کی روشنی میں اس کی کیا حیثیت بنتی ہے؟ اگر اِس میں (کوئی بات) قابل اعتراض ہے تو پھر ہمیں چھوڑنا چاہئے' اور اگر اس کے لحاظ سے مضبوط ہے تو پھر معترض کو توبہ کرنی چاہئے۔

"نبی پاک ﷺ کے میلاد" کے وقت کون سے "ارہاصات" نمودار ہوئے؟

"ارہاصات" اُن معجزات کا نام ہے جو نبی ﷺ کے اعلان نبوت سے قبل' نبی ﷺ سے ظہور میں آتے ہیں۔

جو چیزیں خلاف عادت ہوتی ہیں اُن میں سے چند ایک یہ ہیں:۔

☆ اللہ تعالیٰ سے خلاف عادت صادر ہو' اس کا نام "قدرت" ہے۔

☆ نبی سے اعلان نبوت کے بعد خلاف عادت صادر ہو اس کا نام "معجزہ" ہے۔

☆ نبی سے اعلان نبوت سے قبل کوئی چیزیں عادت کے خلاف صادر ہوں اُن کا نام "ارہاصات" ہے۔

☆ اور اگر غیر نبی سے صادر ہوں پھر دیکھنا ہوگا وہ صحیح العقیدہ ہے یا بدعقیدہ۔

☆ اگر وہ صحیح العقیدہ ہے تو پھر اس کی دو حیثیتیں ہیں۔ عام درجے کی خلاف عادت ہوں جیسا کسی کو دم کیا' آرام آ گیا۔ اس کا نام "معونت" ہے۔ "معونت" ہر مومن کے لئے ممکن ہے۔

☆ اگر بڑے درجے کی ہوں تو اس کا نام "کرامت" ہے۔ جیسا حضرت والی

Marfat.com

بغداد شہنشاہِ جیلان رضی اللہ عنہ نے مری ہوئی مرغی زندہ کی۔

انور علی شاہ صاحب لولابی شیخ الحدیث دیوبند کی کتاب (فیض الباری شرح بخاری) میں لکھا ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ نے مرغی زندہ کی۔

☆ اگر کسی بے دین سے خلافِ عادت باتیں ثابت ہوں تو اس کا نام "استدراج" ہے۔

☆ اگر کسی جھوٹے مدعی نبوت سے اُس کے کہے کے خلاف نکلے' تو اس کا نام "اہانت" ہے۔

جیسا مسیلمۃ الکذاب سے کہا گیا کہ نبی کریم ﷺ نے تو بڑے بڑے کام کیے نابینا کو بینا کیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نابیناؤں کو بینائی عطا کرتے رہے۔ سرکار ﷺ نے چاند توڑ کے دکھایا۔ طرح طرح کے معجزات سے مریضوں کو ٹھیک کیا۔

تیرے پاس ایک کانا لائے ہیں جس کی ایک آنکھ خراب ہے' دوسری ٹھیک ہے۔ مہربانی کر کے اِس کی خراب آنکھ ٹھیک کر دو۔ اب مسیلمۃ الکذاب نے جو پھونک ماری' تو جو آنکھ ٹھیک تھی وہ بھی جاتی رہی۔ اِس کا نام "اہانت" ہے۔

"اہانت" کی کئی مثالیں مرزا قادیانی کی بھی ہیں۔ مثلاً: اُس نے پیشگوئی کی ہوئی تھی کہ اس مدت میں مقدمہ ضرور جیتوں گا۔ 2000 کا جرمانہ بھی ہوا اور مقدمہ بھی ہار گیا۔ ایک کیس میں آ کے پیش ہوا اور کہنے لگا میرے عمامے کو جو دیکھے گا اس کے ضمیر میں تبدیلی آ جائے گی۔ تو جب عمامہ پہن کر کچہری میں آیا تو خادم پوچھتا ہے مرزا جی سر پر کیا باندھا ہوا ہے؟ کہا عمامہ۔ اُس نے کہا آزار بند لٹک رہا ہے' یہ عمامہ نہیں ہے' پاجامہ سر پر باندھا ہوا ہے۔ اُس نے چاہا کچھ اور تھا لیکن بجائے عمامہ کے پاجامہ نکل آیا۔ اس کو "اہانت" کہتے ہیں۔ جھوٹے مدعی نبوت سے جو اُس کی طبیعت کے خلاف صادر ہو' چاہے کچھ اور' ہو جائے کچھ اور' اِس کا نام "اہانت" ہے۔

نبی پاک ﷺ کے میلادِ پاک کے وقت "ارہاصات" کتنے نمودار ہوئے؟ یہ الگ Subject ہے۔

Marfat.com

آج اس پر بحث ہے کہ "نبی پاک ﷺ کے میلاد کی دستوری حیثیت" کیا ہے؟ نبی پاک ﷺ کے میلاد کے دن کی جو Lagal Value (قانونی حیثیت) ہے، اس پر بحث کرتا ہوں:۔

قرآنِ عظیم فرماتا ہے:

لقد منّ اللہ علی المؤمنین اذبعث فیھم رسولا — بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ اُن پر اُنہی میں سے ایک رسول بھیجا۔

البتہ تحقیق اللہ نے مومنوں پر احسان فرمایا ہے۔ مطلقاً نہیں فرمایا۔ بلکہ فرمایا "مومنوں پر احسان فرمایا ہے"۔

جس وقت مفعول کا تعین ہوتا ہے تو فعل کا مفعول ثابت ہو جاتا ہے۔ مفعول چاہتا ہے کہ یہ فعل اسی دائرے میں موافق ہے جس کا مفعول سے واسطہ ہو۔

فرمایا: محبوب کبریا کا بھیجا جانا یہ "احسان" ہے لیکن بے ایمانوں پر نہیں ہے، صرف "مومنوں پر احسان" ہے۔ "احسان" ہوا ہے لیکن احسان کا دائرہ "ایمان والے" ہیں۔

اِذْ بَعَثَ فِیْھِمْ رَسُوْلاً — جبکہ بڑی شان والا رسول ان میں بھیج دیا ہے۔

ایسا رسول کہ:

مِنْ اَنْفُسِھِمْ — جو انہی میں سے ہے۔

یَتْلُوْا عَلَیْھِمْ اٰیٰتِہٖ — اس کی آیتیں پڑھ پڑھ کر انہیں سناتا ہے۔

وَیُزَکِّیْھِمْ — اور انہیں پاک کرتا ہے۔

صرف پڑھاتا ہی نہیں، بلکہ اِس کی نگاہ میں وہ زور ہے، اِس کے بیان میں وہ

Marfat.com

قوت ہے کہ یہ ضمیروں کی تطہیر کرتا ہے' پاک کرتا ہے۔

ویعلمھم الکتٰب والحکمۃ انہیں کتاب بھی سکھاتا ہے' انہیں حکمت بھی سکھاتا ہے۔

کتاب سے مراد "قرآن" ہے۔ تو پہلے خود جانے تو پھر سکھاتا ہے۔

اور قرآن کہتا ہے کوئی خشک وتر چیز ایسی نہیں ہے جو جو مجھ میں موجود نہ ہو۔ تو علم پہلے سرکار ﷺ کے سینے میں ہے بعد میں کسی اور کے سینے میں آیا ہے۔

وان کانوا من قبلُ لفی ضلٰلٍ مبین اور یہ پکی بات ہے کہ میرے محبوب کے آنے سے پہلے یہ کھلم کھلی گمراہی میں مبتلا تھے۔

یہ سورۃ نمبر ۳ آیت نمبر ۱۶۴ ہے۔ قرآن مجید نے یہاں یہ بات واضح کی ہے کہ اللہ نے مومنوں پر احسان کیا ہے۔ کس بات کا احسان؟ کہ ان میں رسول بھیجا۔

☆ اعتراض کرنے والا کہتا ہے کہ میلاد شریف پر تو اس سے استدلال نہیں کیا جاسکتا؟ یہ دلیل تو میلاد شریف کے لئے نہیں بنائی جاسکتی' اس لئے کہ یہاں احسان "بھیجنے" کا ہے' یہاں "پیدا کرنے کا" تو نہیں ہے؟۔

مندرجہ بالا اعتراض کا جواب:

معلوم ہونا چاہئے کہ قرآن و حدیث سے استدلال کرنے کے ۴ بنیادی اصول ہیں۔

۱۔ عبارۃ النص۔ ۲۔ دلالۃ النص۔ ۳۔ اشارۃ النص۔ ۴۔ اقتضاء النص۔

میں یہاں "اقتضاء النص" سے استدلال کرنا چاہوں گا:

"اقتضاء النص" کسے کہتے ہیں؟ جب قرآن وحدیث میں کوئی بات' حکم یا واقعہ جائز کے طور پر بیان کیا جائے' لیکن جو بات لفظوں میں کہی گئی ہے وہ کسی اور بات کا تقاضا کرے۔ جب تک وہ دوسری بات درمیان میں شامل نہ کی جائے' یہ بات جو لفظوں

Marfat.com

میں بیان کی گئی ہے پوری نہ ہو سکے۔ اس بات کو ایک مثال سے سمجھیں:

مثلاً: خاوند گھر آیا ہے' بیگم کو کہتا ہے کھانا کھلاؤ۔ تو بیگم فوراً آٹا گوندھنے لگ جاتی ہے' آگ جلانے لگ جاتی ہے۔ تو خاوند کہتا ہے کہ "میں نے تمہیں کہا ہے کہ کھانا کھلاؤ' آگ جلانے کا تو نہیں کہا"۔ بیوی کہتی ہے کہ "حضرت جب تک آگ نہیں جلے گی' آٹا گوندھا نہیں جائے گا اور میں چپاتی نہیں ڈالوں گی' یہ پکے گی نہیں' تو اُس حکم کی تعمیل نہیں ہو سکے گی جو آپ نے فرمایا ہے۔ آپ نے کہا کھانا کھلاؤ' تو یہ کھانا کھلانا تقاضا کرتا ہے آگ جلانے کا' کھانا کھلانا تقاضا کرتا ہے آٹا گوندھنے کا' کھانا کھلانا تقاضا کرتا ہے چپاتی بنانے کا"۔

اب جس نے کہا "کھانا کھلاؤ"۔ اُسی نے حقیقتاً یہ بھی کہا ہے کہ پیڑے بناؤ' چپاتی بناؤ' توا گرم کرو۔ اِس کا نام "اقتضاء النص" ہے۔ لفظوں میں کہا کہ "کھانا کھلاؤ" لیکن تقاضے میں کہا کہ "آگ جلاؤ"۔ لفظوں میں آگ کا ذکر نہیں ہے اِس کو "اقتضاء النص" کہتے ہیں۔

اب جس وقت فرمایا: "اللہ نے مومنوں پر بڑا اِحسان فرمایا جبکہ رسول بھیجا۔"

"رسول بھیجنا" تقاضا کرتا ہے "پیدا کرنے کا"۔ اگر پیدا نہ کیا جائے تو بھیجا نہیں جا سکتا۔

تو جس نے "بھیجنے کا احسان" کیا ہے' اُسی نے بتلایا ہے کہ اگر میں پیدا نہ کرتا تو بھیجا کس طرح جاتا؟۔

اب "بھیجا جانا" حصہ ہے اُس چیز کا جس کا نام "رسالت" ہے۔

اسی طرح "پیدا کیا جانا" بھی اُسی (رسالت) کا حصہ ہے۔

تو جس نے "رسول" بھیجنے کا "احسان" جتلایا ہے' اُسی نے اصل میں "پیدا کرنے کا احسان" بھی جتلایا ہے۔

قرآن فرماتا ہے:

وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰمِ اللّٰهِ ۔ (ابراھیم ۔۵) ترجمہ: (اور انہیں اللہ کے دن یاد دلا)۔

Marfat.com

اے موسیٰ علیہ السلام ان کو (اپنی قوم کو) اللہ کے دنوں کی یاد دلائیں۔

امام طبری اسی آیت کے تحت لکھتے ہیں کہ اس سے کیا مراد ہے؟

لکھتے ہیں کہ جس دن فرعون کو اللہ نے غرق کیا' موسیٰ علیہ السلام کے لئے سمندر پھاڑا' موسیٰ علیہ السلام کو بمعہ اپنی قوم کے نجات ہوگئی۔ آپ علیہ السلام نے سمندر پار کیا' دشمن ذلیل ہوئے' دوستوں کو آزادی ملی' من وسلویٰ نازل ہوا۔ کہا "ان دنوں کی یاد مناؤ' اس کا شکریہ ادا کرو"۔

کیوں؟ کہا وہ نجات کا دن ہے' اللہ تعالیٰ کی عنایت کا دن ہے۔

میں یہ پوچھتا ہوں کہ صرف بنی اسرائیل کا فرعون سے نجات پانا بڑا دن ہے یا محبوبِ کبریا صلی اللہ علیہ وسلم کے میلاد پاک کا دن سب سے بڑا دن ہے؟

کیونکہ اگر میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہوتا تو نہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ہوتے' نہ موسیٰ علیہ السلام کی واردات زندگی ہوتی۔ یہ سارے میلادِ مصطفیٰ علیہ السلام کے محتاج ہیں۔ اس دن صرف بنی اسرائیل پر انعام ہوا' لیکن نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے میلاد والی تاریخ پوری کائنات پر انعام ہوا۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی (متوفی ۱۱۷۶ھ) (الفوز الکبیر فی اصول علم التفسیر) ص نمبر ۱۶ میں لکھتے ہیں کہ قرآن مجید نے جو پانچ علوم لفظوں میں بیان کئے ہیں ان میں سے ایک التذکیر بایام اللہ (اللہ تعالیٰ کے دنوں کی یاد دلانا) ہے۔

"التذکیر بایام اللہ" سے کیا مراد ہے؟

اللہ کے جتنے بھی پیارے دنیا میں گزرے ہیں' جن جن دنوں میں اللہ نے اُن پر مہربانی فرمائی' اُن دنوں کا ذکر کرنا' اور اللہ کی مہربانیوں کا ذکر کرنا' ہر اللہ والے کی ڈیوٹی ہے۔ سابقہ اُمتوں میں بھی یہ بات موجود تھی' اِس اُمت میں بھی ہے۔

کس کس دن کا ذکر کرنا؟ جس جس دن میں اللہ کا انعام ہوا ہے۔

میں پوچھتا ہوں ساری کائنات میں جتنے انعامات ہوئے ہیں' اُن سب میں سے بڑا انعام کون سا ہے؟

Marfat.com

آپ "لیلۃ القدر" کیوں مناتے ہیں؟ اِسی قاعدے کے مطابق مناتے ہیں کہ "انعامات والے دنوں کی یاد مناؤ"۔ "لیلۃ القدر" میں قرآن مجید نازل ہونے کا ذکر ہے' منانے کا ذکر نہیں ہے۔

اِنّا انزلنٰہ' فی لیلۃ القدر (القدر۔۱) بے شک ہم نے اسے شبِ قدر میں اتارا۔

اِس میں صرف قرآن مجید کے "نازل ہونے کا ذکر" ہے۔

"منانے" کا نہیں ہے' مناتے کیوں ہو؟

اِسی قاعدے کے مطابق مناتے ہیں کہ:

جس دن میں اللہ تعالیٰ کا انعام ہوا اُس دن کو بھی مناؤ' اُس نعمت کو بھی مناؤ۔

اُس دن کا بھی ذکر کرو اور اُس دن جو نعمتیں نازل ہوئیں ہیں اُن کا بھی ذکر کرو۔

اور اس ذکر کو پروردگارِ عالم نے دوسری اقوامِ عالم کے حوالے سے قرآن مجید میں ذکر کیا ہے۔

لیلۃ القدر کو قرآن مجید نازل ہوا قرآن مجید بڑی دولت ہے مگر میں یہ پوچھتا ہوں کہ قرآن کی وجہ سے سرکار ﷺ آئے؟ یا سرکار ﷺ کی وجہ سے قرآن آیا؟ یقیناً سرکار ﷺ کی وجہ سے قرآن آیا ہے' تو پھر "سب سے بڑی نعمت" سرکار ﷺ کی ذات ہے۔

ثابت ہوا کہ باقی نعمتیں طفیلی ہیں' اصل نعمت سرکار ﷺ کی ذات پاک ہے۔

جب "لیلۃ القدر" منانے لگے'

تو میں راستے میں کھڑا ہو گیا کہ لیلۃ القدر منانے کا ثبوت لاؤ؟

کہا:

اِنّا انزلنٰہ' فی لیلۃ القدر ہم نے اس کو لیلۃ القدر میں نازل کیا۔

میں کہتا ہوں:

Marfat.com

وہ رات تو گزر گئی جس رات کو قرآن نازل ہوا تھا' یہ رات تو ۱۴ سو برس کے بعد آئی ہے؟

کہتا ہے: جب وہ رات لوٹ کے آتی ہے تو برکتیں لوٹاتی ہے۔

میں کہتا ہوں: "اسی طرح میلادِ مصطفیٰ ﷺ ایک مرتبہ ہوا' لیکن جب وہ دن لوٹ کے آتا ہے تو برکتیں لوٹاتا ہے"۔

قرآن کی روشنی میں یہ بات اچھی طرح establish (ثابت) ہوئی کہ دنوں کے منانے کا کیا ثبوت ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| ربنا انزل علینا مآئدۃ من السماء تکون لنا عیداً لاولنا و اٰخرنا | اے رب ہمارے ہم پر آسمان سے ایک خوان اتار کہ وہ ہمارے لئے عید ہو ہمارے اگلے پچھلوں کی۔ |
| (المائدہ۔۱۱۴) | |

مولا کریم آسمان سے دسترخوان نازل فرما۔

قوم نے مطالبہ کیا اگر آپ سچے ہیں تو آسمان سے دسترخوان اُترے۔

عرض کی' مولا کریم: وہ تیرے انعام کا دن ہوگا' وہ دسترخوان تیرا انعام ہوگا۔ قوم کے پاس آئے گا قوم اُسے استعمال کرے گی لیکن ہم اسے یوں یاد رکھیں گے (عیداً لاولنا و اٰخرنا)۔ اس وقت جو موجود ہیں وہ بھی اس کو عید سمجھیں گے' اور آنے والے تیرے ماننے والے اس کو عید سمجھیں گے کہ جس دن کو انعام ہوا اُس دن کو دہراتا ہے۔

عید کے معنی ہیں "دہرانا"۔ اُس دن کا ذکر کرتے ہیں' بار بار دہراتے ہیں۔

کیونکہ وہ خوشیاں دہراتا ہے' خوشیاں بار بار لوٹاتا ہے خوشیاں لوٹ لوٹ کے آتی ہیں۔

جس طرح خوشیاں لوٹ لوٹ کے آتی ہیں' ذکر لوٹ لوٹ کے آتا ہے۔

دسترخوان اُترا' قوم نے ایک دن روٹی کھالی' وہ قیامت تک کے لئے ان کے لئے عید بن گئی۔ میں پوچھتا ہوں کہ "دسترخوان کا اُترنا" بڑی نعمت ہے: یا

Marfat.com

"مدینے والے کا میلاد" بڑی نعمت ہے؟

یہ بات واضح ہوگئی کہ "دن کا منانا" شرع میں کیا حیثیت رکھتا ہے۔

دن لوٹ لوٹ کے آتا ہے' برکتیں لوٹاتا ہے۔

جب یہ فرمایا:

"اللہ نے مومنوں پر احسان کیا کہ ان میں رسول ﷺ بھیجا"

تو "رسول بھیجنا"۔

جس طرح کہا کہ کھانا کھلاؤ' تو آگ جلائی۔ کہا آگ کا میں نے تمھیں نہیں کہا۔

اسی طرح "بھیجنا" تقاضا کرتا ہے "پیدا کرنے کا"۔

اس لئے "پیدا کیا جانا" بھیجنے کا ہی ایک حصہ ہے۔

پس جس نے "بھیجنے کا احسان" جتلایا' اُسی نے "پیدا کرنے کا احسان" جتلایا۔

لفظوں میں "بھیجنے کا احسان" ہے لیکن تقاضوں میں "پیدا کرنے کا احسان" ہے۔

اب جب "احسان" ہونا ثابت ہوگیا تو:۔

احسان کے متعلق قرآن کا attitude (رویہ) آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں:

قرآن فرماتا ہے:

واما بنعمۃ ربک فحدث۔ (الضحیٰ۔۱۱) اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔

اے پیارے! رب نے جو نعمت دی ہے' اچھی طرح سے اُس کا پرچار کرو۔ اُس کا خوب ذکر کرو۔

اللہ نے جتنی نعمتیں دی ہیں' کیا "میلاد النبی ﷺ" جیسی کوئی نعمت ہے؟

یقیناً "میلاد النبی ﷺ" سب سے بڑی نعمت ہے۔

احسان کا اصول یہ ہے کہ اگر میں آپ پر احسان کروں تو میں شکریہ کی توقع دوسرے ملک کے لوگوں سے نہیں کروں گا۔ جن پر احسان کرتا ہوں شکریہ کی توقع بھی انہیں سے کرتا ہوں۔

Marfat.com

رب فرماتا ہے: اِس بارے میں میرا روئے سخن بے ایمانوں کی طرف نہیں ہے
میں نے مومنوں پر احسان کیا ہے' اس لئے مومنو! تم میرے احسان کا شکریہ ادا کرو۔

جب "احسان" فرمایا:

فرمایا "اللہ کی نعمتوں کا خوب پرچار کرو"۔

اور دوسرے مقام پر قرآن مجید فرماتا ہے:

فاذکروا الاء اللہ لعلکم تفلحون — تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا پرچار کرو تا کہ تم
(اعراف۔۶۹) — کامیاب ہو جاؤ۔

معلوم ہوا "نعمت کا پرچار کرنا کامیابی کا ذریعہ ہے"۔

اس سے ثابت ہوا کہ "میلادِ مصطفیٰ ﷺ" کے تذکرے کرنا قیامت میں پروردگار عالم کی بارگاہ میں کامیاب ہو جانے کا اور دوزخ سے نجات پانے کا ذریعہ ہے۔

ہم نے تو سرکار ﷺ کے میلاد پر قرآن مجید سے پانچ آیتیں صاف طور پر بیان کردیں ہیں۔ جو واضح کرتی ہیں کہ نبی پاک ﷺ کے میلاد کی Legal Value (دستوری حیثیت) کیا ہے۔

اب جو میلاد شریف کو منع کرتا ہے' اُس کو کہو کہ قرآن کی کوئی آیت بیان کرے جس میں میلاد کے منع ہونے کی دلیل ہو؟۔ قرآن کی آدھی آیت بتائے' جو یہ کہے سرکار ﷺ کا میلاد مت مناؤ؟۔

جب قرآن سے آیت کو نکالنے کی کوشش کرے گا تو نکال نہیں سکے گا۔

ہم کہیں گے کہ میلاد منانے کے ہم پابند ہیں۔ کیونکہ قرآن نے (علی المومنین) کہا ہے۔ "ایمان والوں پر احسان ہے"۔

"بے ایمانوں" پر احسان نہیں ہے۔

☆ معترض کہتا ہے کہ آپ جو "خاص دن" مقرر کرتے ہیں' اس پر اختلاف ہے۔

اس اعتراض کا جواب:۔

Marfat.com

کتاب الصیام، باب التطوع (نفلی روزوں کا باب) مشکوٰۃ شریف ص ۱۷۸، ۱۷۹، مسلم شریف جلد اول ص ۳۵۸، ۳۵۹ اور دیگر کتب صحاح کے اندر یہ حدیث موجود ہے:۔

کہ نبی کریم ﷺ نے عاشورہ کا روزہ رکھا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ، آپ تو یہودیوں اور نصرانیوں کی مخالفت کا حکم دیتے ہیں، یہ تو ہم اُن کے ساتھ مطابقت کر گئے کہ وہ بھی دسویں محرم کو روزہ رکھیں، ہم بھی دسویں محرم کو روزہ رکھیں۔

اس کے بارے میں حضرت شاہ عبدالحق حجۃ الحق علی الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ کے اندر اِس حدیث کے تحت لکھتے ہیں کہ دراصل یہودیوں اور نصرانیوں کی مخالفت اُس معاملے میں ہے جس معاملے میں اُن سے خطا ہوئی تھی۔ جس معاملے میں وہ خطا کار ہیں ان کی خطا میں ان کے ساتھ موافقت نہیں کرنی۔ لیکن اگر اُنہوں نے اللہ کو وحدہٗ لاشریک مانا ہو تو کیا ہم اُن کی مخالفت کریں گے؟ نہیں۔

بلکہ مخالفت اس معاملے میں کریں گے جس معاملے میں اُن سے خطا ہوئی ہے۔ اگر کسی معاملے میں اُن سے خطا نہیں ہوئی تو اُن کی مخالفت ہمیں نہیں کرنا۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا موقف یہ تھا کہ اُن کی مخالفت ہونی چاہئے۔ سرکار ﷺ نے فرمایا: ”اگر آنے والے سال تک میں زندہ رہا تو میں نویں محرم کا بھی روزہ رکھوں گا“۔

یعنی مخالفت، اضافہ کر کے کروں گا، چھوڑ کے مخالفت نہیں کروں گا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہونے والے اِنعام کا شکریہ ادا کرنے کے لئے سرکار ﷺ دسویں محرم کا روزہ رکھیں۔ اب معترض کس مذہب کا ہے کہ اُمتِ مسلمہ پر جو میلادِ مصطفیٰ ﷺ کا انعام ہوا ہے، اُس دن کو منانے پر اعتراض ہے؟۔

☆ معترض کہتا ہے کہ یہ تو ’دسویں محرم‘ کی بات ہے۔ ’بارہ ربیع الاوّل‘ کی بات بتائیں؟ اسی chapter (باب) میں مسلم شریف جلد اول ص ۳۶۸ پر حدیث پاک ہے:

سرکارِ دوعالم ﷺ ”سوموار کے دن روزہ“ رکھتے ہیں۔

Marfat.com

عرض کیا گیا: "یارسول اللہ ﷺ سوموار کو کیوں روزہ رکھتے ہیں؟

فرمایا: اس کی وجہ یہ ہے:

قال ذاك یومٌ ولدت فیه ویوم بعثت او انزل علی فیه — میں سوموار کو پیدا کیا گیا ہوں۔ مجھے اسی تاریخ دن مبعوث کیا گیا ہے' مجھے سوموار والے دن پہلی وحی ہوئی ہے۔

نبی پاک ﷺ نے "میلاد" کا حوالہ بنا کے "دن مقرر کر کے" روزہ رکھا۔

☆ معترض کہتا ہے کہ پھر روزے رکھو۔ یہ سلام کیوں پڑھتے ہو؟

جواب:۔

اگر تمہیں صرف سلام کی مجبوری ہے' تو قرآن مجید سے اس کا حوالہ دیتے ہیں:

والسّلٰمُ علیّ یوم ولدت و یوم اموت و یوم ابعث حیا۔ — اور وہی سلامتی مجھ پر جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن مروں اور جس دن زندہ اٹھایا جاؤں۔ (مریم۔۳۳)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں:

(اور اُس دن بھی مجھ پر سلام' جس دن میرا میلاد ہوا' اور اُس دن بھی مجھ پر سلام' جس دن میں دنیا سے جاؤں گا' اور اُس دن بھی مجھ پر سلام کہ جس دن میں اُٹھایا جاؤں گا)۔

قرآن مجید نے سلام پڑھنا بتلا دیا ہے۔

تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے سلام پڑھا ہے۔

اب قرآن صرف کہانیوں کی کتاب تو نہیں ہے۔

ہمارے اُصول تفسیر' اُصول فقہ کی کتابوں میں یہ بات موجود ہے کہ تمام انبیاء علیہم السلام کے دین' نبی پاک ﷺ کی Affiliated States (ریاساتِ ملحقہ) ہیں۔ گویا اُن کے اندر دستور مدینے والے کا تھا۔ جب تک اس کو منسوخ نہ کیا جائے' پہلی اُمتوں پر

Marfat.com

بھی لاگو تھا' اس اُمت پر بھی لاگو رہے گا۔

قرآن مجید فرماتا ہے:

وسلم علیہ یوم ولد و یوم یموت ویوم یبعث حیا (مریم۔۱۵)۔

اور سلامتی ہے اس پر جس دن پیدا ہوا اور جس دن مرے گا اور جس دن مردہ اٹھایا جائے گا۔

حضرت یحییٰ علیہ السلام کا ذکر کر کے فرمایا کہ اُس دن اُس پر سلام ہو جب وہ پیدا ہوا۔

تو معلوم ہوا کہ:

میلاد کے موقع پر سلام پیش کرنا یہ سنت انبیاء علیہم السلام بھی ہے' سنتِ خدا بھی ہے۔

☆ معترض کہتا ہے کہ تم سرکار ﷺ کا "یومِ میلاد" مناتے ہو تو "یوم وفات" بھی ہوئی ہے یوم وفات کیوں نہیں مناتے ہو؟۔

جواب:۔

نبی زندہ ہے یا مردہ؟ اس پر ہم سے بات کر۔ اگر تو نبی علیہ السلام کو مردہ ثابت کر تو یوم وفات منایا کریں گے۔

لیکن میرا نبی ﷺ پہلے کے مقابلے میں زیادہ اچھی طرح سے زندہ ہے' تو پھر ماتم تو کر۔

میرے نبی ﷺ کی یوم وفات کے منانے کا کیا طریقہ ہے؟:

وسلام علیہ یوم ولد و یوم یموت ویوم یبعث حیا

نبی کا جس طرح میلاد منایا کرتا ہے' اُسی طرح اُن کے ساتھ یوم وفات بھی منایا کر۔

کہا: دنیا میں میرا آنے کا دن بھی سلامتی کا دن ہے' اُس دن بھی سلام۔ میرا دنیا

Marfat.com

سے جانے کا بھی سلامتی کا دن ہے' اُس دن بھی سلام۔

ہمارے نبی ﷺ کا دن میلاد ہی میں منایا جاتا ہے' اس لئے کہ اُس میں بھی سلام ہے۔ اِس میں بھی سلام ہے۔

میرا نبی ﷺ زندہ ہے اور میں زندہ کا یوم وفات نہیں منانا چاہتا۔

☆ معترض کہتا ہے کہ میں قرآن سے ثابت کروں گا کہ نبی پاک ﷺ زندہ نہیں ہیں' مردہ ہیں:

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ — بے شک تمہیں انتقال فرمانا ہے اور اُن کو بھی مرنا ہے۔ (الزمر۔۳۰)

☆ (پیارے تو بھی میت ہے وہ بھی میت ہیں۔ تو بھی مرنے والا ہے وہ بھی مرنے والے ہیں)۔

جواب:۔ ہم اسی لئے کہتے ہیں کہ Islamic Normative Sciences (اسلام کے معیاری علوم) بھی پڑھا کرو۔ کیونکہ یہ علوم اگر نہ پڑھے جائیں' تو قرآن وحدیث کے صحیح معنی سمجھ نہیں آتے۔

ہمارے بلاغی کہتے ہیں کہ تکرار نکرے کا نکرے سے آئے تو پہلے نکرے کی حقیقت اور ہوتی ہے' دوسرے نکرے کی حیثیت اور ہوتی ہے۔

یعنی Common Noun کی Common Noun سے Repetation یہ اس کی Duplication پر دلالت کرتی ہے۔ مراد یہ کہ:

وہ (پہلا نکرہ) اور ہے' یہ (دوسرا نکرہ) اور ہے۔ اُس کی حقیقت اور ہے' اِس کی حقیقت اور ہے۔

اگر سرکار ﷺ کی اور دوسرے لوگوں کی حقیقت ایک ہوتی:

تو یوں کہا جاتا:

اِنَّكَ الْمَيِّتُ وَاِنَّهُمُ الْمَيِّتُوْنَ — اگر مردہ کی حقیقت دونوں کی ایک ہوتی تو اس کے ساتھ "ال" آتا۔

Marfat.com

لیکن "ال" نہیں آیا۔ بلکہ (مَیِّتٌ) تنوین آئی ہے۔

یاد رہے کہ دو زبریں ً، دو زیریں ٍ، دو پیش ٌ اگر کسی اسم (Noun) پر آئیں تو یہ نکرہ ہونے کی علامت ہوتی ہے اور کسی اسم کے اوّل میں اگر "ال" آجائے تو وہ معرفہ بن جاتا ہے۔

قواعد کے مطابق (مَیِّتٌ) بھی نکرہ ہے (مَیِّتُوْن) بھی نکرہ ہے۔

جس کا معنی یہ ہے کہ اے پیارے حبیب! موت تجھے بھی آنی ہے موت اُنہیں (کافروں) کو بھی آنی ہے۔ لیکن اُن (کافروں) کی موت ذلت کا دن ہے اُن کی زندگی پستی کی طرف جائے گی۔

لیکن اے پیارے! تیری موت آنی ہے کہ فقط آنی ہے۔ اور تیری موت ابدی زندگی کا ذریعہ ہے۔ تو اپنی زندگی کا ایک موڑ مڑے گا' زندہ جاوید رہے گا۔

قرآن کی آیات سے سارے حقائق واضح ہوئے کہ:

"دن منانا چاہئے"۔

کیوں منانا چاہئے؟

کہ یہ پروردگار کا احسان ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا دن بھی' سرکار ﷺ نے منایا۔ اپنا دن بھی منایا۔

اور جگہ جگہ ذکر کیا کہ "سوموار کا روزہ رکھو' میں بھی سوموار کو روزہ رکھتا ہوں کہ میں اسی دن پیدا کیا گیا ہوں اور اسی دن میں مبعوث کیا گیا ہوں"۔

قرآن کی متعدد آیات اور احادیث نبویہ سے یہ بھی Establish (ثابت) کر دیا کہ ایک تو نبی پاک ﷺ کے میلاد کا دن بڑی نعمتوں اور برکتوں کا دن ہے۔

نعمتوں اور برکتوں کا ثابت ہونا' یہ منانے کا تقاضا کرتا ہے۔

اس پر میں نے قرآن سے Precedents (نظائر) بھی پیش کر دیئے اور احادیث سے بھی پیش کر دیئے کہ اس طرح دن منایا گیا ہے۔

Marfat.com

اب نبی پاک ﷺ کے میلاد پاک کا ذکر کیا جاتا ہے۔

حضرت امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ کی (المواہب اللدنیہ جلد اوّل) کے اندر یہ بات موجود ہے۔ حضرت سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: صبح کے وقت میں دیکھتی ہوں کہ مشرق کے جانور مغرب کے جانوروں کو اور مغرب والے مشرق والوں کو ایک دوسرے کی گردنوں میں گردنیں ڈال کر مبارک باد کہتے ہیں۔ کہتے ہیں' مبارک ہو' وہ آ گیا جو ہمارے حقوق دلائے گا۔

اگر جانور نبی پاک ﷺ کے میلاد پاک کی خوشی منائیں'

اور تُو آدمی ہو کر میلاد نہ منا سکے؟

حضرت سیدہ فرماتی ہیں نبی پاک ﷺ کے میرے بطن اطہر میں آنے کے بعد مجھے درخت اور پتھر سلام کرتے۔

پتھر اور درخت نبی پاک ﷺ کے میلاد پاک کے موقع پر تعلق محسوس کریں۔

اور تو کلمہ پڑھ کے نہ کرے۔ تو کس قسم کا انسان ہے کس طرح کا مسلمان ہے؟

جناب سیدہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جوں جوں وقت قریب آتا جاتا ہے' میں مناظر دیکھتی ہوں کہ میرے مکان کے گرداگرد ملائکہ کی آمد ورفت ہوتی ہے۔ حورانِ بہشتی کی آمد ورفت ہوتی ہے اور ستارے ٹوٹ ٹوٹ کے میرے مکان کی طرف آتے ہیں۔

سارے نوری اِدھر آئیں، شیطان اُدھر جائے۔

اِس کی بناوٹ کیا ہے۔

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ناریوں کا دور تھا دل جل رہا تھا نور کا　　　تجھ کو دیکھا ہو گیا ٹھنڈا کلیجہ نور کا

جناب سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ تین عورتیں آئیں' میرے پاس آ کے کھڑی ہوئیں۔ دیکھنے کو اِس طرح لگ رہی تھیں جس طرح خاندان عبدمناف کی بڑی بڑی دراز قد عورتیں ہیں۔ میں نے پوچھا کون ہو؟ کہنے لگیں: آسیہ علیہا السلام' مریم علیہا السلام۔ ہاجرہ علیہا السلام۔

Marfat.com

ان تینوں نے چونکہ انبیاء علیہم السلام کے میلاد دیکھے ہوئے تھے۔

فرمایا: آج میرے محبوب کے میلاد کا دن ہے' آ کے دیکھو۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اپنی عظمت و شان کی شہادت خود دینا پڑی تھی۔

لیکن اے محبوب! تو چپ رہ۔ آج پوری کائنات تیری برات بن کے آ رہی ہے۔

او ستارو! ڈھلک کے قریب آ جاؤ۔ میرے محبوب کے میلاد میں تم بھی شامل ہو جاؤ۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو فرمایا "تو خود بات کر"۔

جب محبوب کبریا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی باری آئی' خود بات کرنے کی ضرورت نہیں۔

پھر کون بات کرے گا؟

فرمایا: ستارے بات کریں گے۔

کس کی زبان سے بات کریں گے؟

آسمانی ستارے ڈھلک کے قریب آ گئے۔

جناب سیدہ شفا رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا میلاد ہو رہا ہے' نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کا وقت ہے' رات بیت رہی ہے' صبح آ رہی ہے۔ او مسلمان! بڑی خوبصورت بناوٹ ہے۔

جو کبھی غلامی کی بات تھی' ذلتوں کی شب دیجور تھی' وہ اب کٹ رہی ہے۔

کامیابی کی صبح تجھ پر طلوع ہونے والی ہے۔

(نبی پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کا میلاد طلوع فجر کے وقت ہوا)۔

موٹے موٹے ستارے جو صبح کے وقت نمودار ہوتے ہیں' ایک امام بن کے آگے آگے دو چھوٹے ستارے پیچھے پیچھے ہیں' اُدھر سے اس کی نمود ہوتی ہے اِدھر سے سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور ہوتا ہے اور ستارے ڈھلک کے سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کے مکان کے گردا

Marfat.com

گرد اکٹھے ہو جاتے ہیں۔

حضرت مائی شفا علیہا السلام کہتی ہیں، میں ڈر کے مارے دبک کے بیٹھ گئی، کہیں مجھ پر ہی نہ گر جائیں۔ اندر جاتی ہوں تو اندر نور ہی نور، باہر آتی ہوں تو باہر نور۔ حیرت میں ہوں کہ کہوں کیا؟

نور اندر نور باہر کوچہ کوچہ نور ہے

بلکہ یوں کہیے کہ سب دنیا کی دنیا نور ہے

اے بہارو! اِس وقت کہیں چھپی بیٹھی ہو، قحط سالی ہے۔

اور ملک میں کہیں کوئی پتی، پنکھڑی، کوئی سبزہ دیکھنے میں نہیں آتا۔

اب میرے محبوب کے میلاد کا وقت ہو آیا ہے۔

بہارو! میرے یار کا قدم زمین پر لگتے ہی پورے جوبنوں پر کھلکھلا کے دکھلاؤ! نہیں تو قیامت تک بہاروں کو ضبط کر لیا جائے گا۔

بہار کو آئندہ کھلکھلانے کا، پھول کو آئندہ مسکرانے کا، بلبل کو آئندہ چہچہانے کا موقع نہیں دیا جائے گا۔ آج موقع ہے، میرے یار کے میلاد کا۔ پھولو مہک کے دکھلاؤ۔

اے بہارو، اپنے جوبنوں کو دکھلاؤ۔ میرے محبوب کے آنے کا وقت ہے، جس نے دنیا میں آئندہ عزت کے ساتھ رہنا ہے، میرے محبوب کی آمد کے موقع پر سلامی پیش کرے۔

شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ''مدارج النبوت شریف'' کے اندر لکھتے ہیں:
شہنشاہِ ایران کے محل کے چودہ مینار گرے۔ جتنے مینار گرے، آئندہ اس میں سے اتنے حکمران بنے۔ کہتے ہیں کیا ہی اچھا ہوتا سارا محل مدینے والے کے میلاد پر گر جاتا قیامت تک کے لئے اقتدار پائیدار ہو جاتا۔

جتنے گرے اتنے اُبھرے۔ جو گر نہیں سکے وہ اُبھر نہیں سکے۔

او بہارو! اپنی جوبنوں پر آ جاؤ۔

Marfat.com

او کعبہ! تو کس طرح میرے محبوب کا میلاد منائے گا؟

عرض کی: مولا کریم میرے شمال مشرقی کونے سے سرکار ﷺ کا مولد شریف 200 گز (تقریباً) کے فاصلے پر اونچائی پر واقع ہے' میں کیا کروں؟

فرمایا: ایک مرتبہ جھک کے دکھلا دے۔ پوری دنیا تیری طرف منہ کر کے جھکی ہوئی ہو' اور تو میلاد مصطفیٰ ﷺ کے موقع پر' سرکار ﷺ کے حجرے کی طرف منہ کر کے جھکا ہوا ہو' دنیا پر واضح ہو جائے ساری دنیا تیری طرف جھکے اور تو مدینے والے کی طرف جھکتا ہے۔

کعبہ تو کعبہ' اندر جو بت رکھے ہوئے تھے دھڑام دھڑام سے گرے۔ اِدھر سرکار ﷺ اپنے حجرہ طیبہ میں قدم رکھتے ہیں' اُدھر بت دھڑام دھڑام گرتے ہیں۔

دورِ حاضر کا دانشور کہہ رہا ہے کہ نبی ﷺ کو دیوار کے پیچھے کا پتا نہیں ہوتا۔ تو جو بت کعبہ کے اندر ہیں' اُن کو کیسے پتا چلا کہ 200 گز کے فاصلے پر ایک مکان ہے' اُس کے اندر مدینے والا آیا ہے؟ اِدھر کعبہ کی دیوار ہے' اُدھر سرکار ﷺ کے حجرے کی دیوار ہے' تو یہ دو دیواریں پھلانگ کے تمہارا علم اندر کس طرح جا رہا ہے؟

معبودانِ باطلہ کہتے ہیں: ارے جھوٹے اس بات کو سمجھ۔ ہم جھوٹے ہی سہی لیکن مدینے والے کی بات کو تسلیم کرتے ہیں۔ اور ہمیں پتا ہے کہ وہ آیا ہے اور ہم جھک کر دکھلاتے ہیں۔

اگر بت کدے سرکار ﷺ کے میلاد کے موقع پر جھک کے سرکار ﷺ کو سلامی پیش کریں۔......تو...... جو کلمہ پڑھ کے نہ پیش کر سکے' تو اُس نے کیا کلمہ پڑھا ہے؟

میں نے مستند طریقوں یہ ثابت کیا ہے کہ نبی پاک ﷺ کی بعثت کے تقاضوں میں "میلاد" شامل ہے۔ اور اِس کو پروردگار عالم نے "انعام" فرمایا ہے۔

جس کو انعام فرمایا' اُس کے بارے میں فرمایا: وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ

اور دن کے نام سے منانے کا Order (حکم) ان الفاظ میں فرمایا:

وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰمِ اللّٰهِ۔ (ابراہیم۔۵)

Marfat.com

علامہ بدرالدین زرکشی رحمۃ اللہ علیہ نے "البرہان فی علوم القرآن" میں "خواتیمِ آیات" (آیات کا اختتام) کے حوالے سے بڑا حسین لکھا ہے۔ کہ آیت کا سارا خلاصہ آیت کے خاتمے کے اندر آجاتا ہے۔

اِنَّ فی ذالك لآیٰتٍ لِکُلِّ صَبَّارٍ شکورٍ (ابراہیم۔۵)

بے شک اس میں نشانیاں ہیں ہر بڑے صبر والے شکر گزار کو۔

فرمایا کہ دنوں کے منانے میں بہت ساری نشانیاں ہیں۔

لیکن کن کے لئے ہیں؟...... جو صبر کرنے والے ہیں۔

معلوم ہوا: جب دن مناؤ گے تو لوگ ملامت کریں گے' تو اس وقت صرف صبر کی ضرورت ہے۔ ہمت کے ساتھ حالات کا مقابلہ کریں۔

اور دوسرا (شکور) جو شکر گزار ہیں' اُن کے لئے نشانیاں ہیں۔

یعنی جن کو یہ معلوم ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ نے انعام کیا ہے' ہم نے اُس کا شکریہ ادا کرنا ہے۔ ...... ناشکروں کے لئے یہ کوئی وصیت نہیں ہے۔ ...... رب فرماتا ہے: ناشکرا شیطان ہے۔ ............ اور شیطان کا ٹھکانا جہنم ہے۔ ...... معلوم ہوا:

اللہ کی نعمتوں کا شکر گزار نہ ہونا' یہ اصل میں جہنم میں جانے کا راستہ ہے۔

پروردگارِ عالم نے فرمایا کہ میرے دنوں کی یاد منانا' اس میں صبر کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ بڑے شکر گزار ہیں۔

اور ایک مقام پر یہ فرمادیا:

وذکروا الاءِ اللہ لعلکم تفلحون

اللہ کی نعمتوں کی یادیں مناؤ تاکہ فلاح پاؤ۔

تو ثابت ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی یاد منانا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم' اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے دنوں کی یاد منانا: سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کے میلاد والا دن' اللہ تعالیٰ کے دنوں میں سے ہے۔ اور اِس کو عید سمجھنا:

Marfat.com

ربنا انزل علینا مآئدۃ من السمآء اے ہمارے رب! ہم پر آسمان سے ایک
تکون لنا عیدًالاولنا و اٰخرنا خوان اتار کہ وہ ہمارے لئے عید ہو
(المائدہ-۱۱۴) ہمارے اگلے پچھلوں کی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان سے ثابت ہوگیا کہ جو اللہ کی نعمتوں کے نزول کے دن ہیں' اُن کو عید سمجھنا۔ یہ منشاء خدا ہے اور منشاء انبیا ہے۔

سب سے بڑی نعمت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات ہے۔

اس لئے لوگ "عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم" کہتے ہیں۔

☆ معترض کہتا ہے کہ مسلمانوں کی صرف 2 عیدیں (عید الفطر) اور (عید الضحیٰ) ثابت ہیں' یہ "عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم" کہاں سے ثابت ہے؟

جواب:۔ حدیث صحیح سے ثابت ہے۔ مشکوٰۃ شریف کے اندر موجود ہے کہ: جمعہ مومنوں کے لئے عید ہے۔ 52 جمعے سال میں آتے ہیں۔ مومنوں کی سال میں 52 عیدیں بنتی ہیں۔ اب معلوم نہیں معترض کس جگہ کا مسلمان ہے کہ تیرے ہاں صرف دو ہی عیدیں ہیں؟۔

اور" جمعہ والی عید" کی بنیاد کے متعلق امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "المواھب اللدنیہ شریف" کے اندر لکھا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے اندر روح پھونکی گئی جمعہ والے دن۔ جس کو" ساعت جمعہ" کہا جاتا ہے۔

اس ساعت میں کوئی دعا کرو' جائز اور ممکن ہو' خدا تعالیٰ اس دعا کو رد نہیں کرتا۔

کیوں نہیں رد کرتا؟

کیونکہ وہ میلاد النبی کا وقت ہے۔...... میلاد آدم کے وقت کی دعا کو اللہ تعالیٰ نہ ٹالے............ تو سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے میلاد کے وقت کی گئی دعا کو ٹالے؟ ...... جمعہ کے دن عید کی بنیاد ایک مرتبہ بنتی ہے'........... تو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے میلاد کو عید کہنا یہ لاکھ مرتبہ بنتا ہے۔

Marfat.com

# جشنِ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

# اور تصورِ بدعت

علامہ محمد رضا الدین صدیقی نظامی

انسانیت جہالت و بداعمالیوں کے حصار میں مقید تھی عرفان و آگہی کے تمام راستے شیطنت وگمراہی کے دبیز اندھیروں کی لپیٹ میں تھے، کہ فاران کی وادیوں سے اک مہرِ ابدتاب طلوع ہوا۔ اس آفتاب رشد و ہدایت کی روشن وتاباں کرنیں ظلمتوں کا جگر چاک کرتی ہوئی چارسو پھیل گئیں۔ حقیقت کا روئے دلنواز بے نقاب ہوگیا ایصال الی المطلوب کے سارے دریچے کھل گئے اور منزل جاناں کے متلاشی حریم ناز میں بارباب ہونے لگے یہ کتنی بڑی سعادت تھی، کتنی بڑی نعمت تھی۔ اتنی بڑی کہ خود خالق کائنات کس انداز میں اس کی اہمیت کا احساس دلا رہے ہیں۔

هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَیُزَكِّیْهِمْ وَ یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ٥ (الجمعہ)

وہی اللہ ہے جس نے مبعوث فرمایا امیوں میں ایک رسول انہیں میں سے جو پڑھ کر سناتا ہے انہیں اس کی آیتیں اور پاک کرتا ہے ان (کے دلوں) کو اور سکھاتا ہے انہیں کتاب وحکمت اگرچہ وہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔

سو جنہوں نے اس نعمت اور فضل عظیم کی اہمیت کو سمجھا انہوں نے اللہ کے حضور سجدہ شکر ادا کیا اور اس نعمت کی یاد دلوں میں تازہ رکھنے کی خاطر ذکر میلاد رسول علیہ التحیۃ والثناء پر مداومت اختیار کی اور وہ یہ اہتمام کیوں نہ کرتے؟ کہ ان کے پروردگار حقیقی نے

Marfat.com

خود حکم دیا تھا۔

قل بفضل الله وبرحمة فبذا لك فليفرحوا هو خير مما يجمعون

(اے حبیب) آپ فرمایئے کہ یہ کتاب محض اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے نازل ہوتی ہے۔ پس چاہیئے کہ اس پر خوشی منائیں یہ بہتر ہے ان تمام چیزوں سے جن کو وہ جمع کرتے ہیں۔

حقیقت شناس اس بات کا ادراک کر گئے کہ رحمۃ للعالمین اور صاحب فضل عظیم کی تشریف آوری سے بڑھ کر ان کے حق میں اور کون سی نعمت ہو سکتی ہے کہ جس کے تصدق میں کتاب مبین عطاء ہوئی۔ لیکن کچھ ذہن تھے کہ تذبذب شعار تھے اسیر ظن وتخمین تھے انہیں یہ گمان گزرا کہ محفل میلاد النبی ﷺ کا اہتمام بدعت ہے یہ تو دینی روایات میں رخنہ اندازی کا سبب ہے اس کے جواز میں تو قرآن وسنت سے کوئی دلیل ہی میسر نہیں۔ آیئے اس امر کا یہاں جائزہ لیتے ہیں۔

## بدعت کسے کہتے ہیں

علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ بدعت کی لغوی تعریف کرتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

البدعة لغة ماكان مخترعا على غير مثال سابق و منه بديع السموت والارض اى موجدهما على غير مثال سابق (فتح المبين)

لغت میں بدعت اس نئے کام کو کہتے ہیں جس کی پہلے سے کوئی مثال موجود نہ ہو۔

قرآن مقدس میں ارشاد باری ہے۔

بديع السموت والارض

یعنی زمین وآسمان کو بغیر کسی سابقہ مثال کے خلعت وجود عطا فرمانے والا۔

Marfat.com

اصطلاح میں شریعت میں علماء نے بدعت کی تعریف یوں کی ہے۔

"کہ ہر وہ کام جس کی اصل قرآن وسنت میں موجود نہ ہو اور اسے ضروریات دین میں شمار کرلیا جائے۔"

رسول اکرم ﷺ نے ایک اور موقعہ پر اس کی وضاحت یوں فرمائی۔

من احدث فی امرنا هذا ما لیس منه فهو رد — یعنی جس نے ہمارے دین میں کوئی نئی بات ایجاد کی جو دین سے نہیں تو وہ مردود ہے۔

اس حدیث میں ہر بات پر عمل سے منع نہیں فرمایا گیا۔ بلکہ:

مالیس منه — جو دین سے نہیں۔

کی شرط لگادی کہ جو دین سے نہ ہو وہ مردود ہے۔

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کے مفہوم کو یوں بیان فرماتے ہیں۔

"انصاف یہ ہے کہ بدعت اس کو کہتے ہیں کہ غیر دین کو دین میں داخل کرلیا جائے۔" (فیصلہ ہفت مسئلہ)

شارح بخاری حضرت امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے۔

ترجمہ: "وہ نئے امور جو کتاب وسنت یا اثر و اجماع کے منافی و مخالف ہوں بدعت ضلالت ہیں، اور جو اچھے امور کتاب وسنت کے مخالف نہ ہوں، بدعت ضلالت نہیں بلکہ محدثات محمودہ ہیں۔ (قسطلانی جلد اول صفحہ ۳۰۲)

فرمان رسول ﷺ اور تشریحات علماء اسلام سے واضح ہوگیا کہ ہر نیا کام قابل مذمت نہیں بلکہ وہ مردود ہے جو دین سے نہ ہو، یعنی کتاب وسنت یا اثر و اجماع سے اس کا تعلق نہ ہو۔

Marfat.com

## بدعت مذموم کیوں ہے؟

اسلام انسانیت کی ہدایت اور راہنمائی کے لئے آخری شریعت ہے۔ یہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ اب اگر ہر کس و ناکس کو اجازت دے دی جائے کہ وہ اپنی مرضی سے دین کے نام پر جو چاہے کرتا پھرے تو دین بازیچہ اطفال بن کر رہ جائے گا دین اس لئے نہیں ہے کہ ہم اس کے ذریعے سے اپنی ہر جائز اور ناجائز آرزو کا مداوا کرتے رہیں بلکہ دین تو اس لئے ہے کہ ہماری زندگی اور ہماری تمناؤں میں اک نظم پیدا ہو اور ہم اپنی خواہشات کو ایک ضابطے کا پابند بنا دیں۔ اسی حقیقت کے پیش نظر ہادی عالم ﷺ نے بہت پہلے ہی خبردار فرما دیا تھا۔

فانه من يعش منكم بعدى فسيرى اختلافا كثيرا فعليكم بسنتي وسنة خلفاء الراشدين المهديين تمسكوا بها وعضوا عليها بالنواجذ واياكم ومحدثات الامور كل محدثة بدعة وكل بدعة ضلالة

پس جو شخص میرے بعد زندہ رہا (امت کے درمیان) بڑی کثرت سے اختلافات دیکھے گا سو تمہارے لئے میری سنت اور خلفائے راشدین کی سنت (کی اتباع) ضروری ہے۔ اسے مضبوطی سے (ہاتھوں میں) تھامے رہو اور دانتوں میں سختی سے دبائے رکھو اور نو ظہور شدہ امور سے اجتناب کرو کہ ہر نئی بات بدعت اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

## کیا ہر نیا کام مذموم ہی ہوگا؟

اس مقام اتصال پر یہ الجھن تو لازماً پیدا ہوگی کہ زمانہ تغیر پذیر ہے انسان کو نئے نئے حالات سے نبرد آزما ہونا پڑتا ہے۔ آخر اس دگرگوں اور سیماب صفت زمانے کو ایک ہی وضع قطع اور ایک ہی رفتار اور ایک ہی ڈھب پر برقرار رکھنا کیسے ممکن ہے؟ اور یہ سوال کوئی صدیوں بعد نہیں اٹھا۔ سرکار دو عالم ﷺ کی رحلت مبارک کے معاً بعد ہی ایک ایسا

Marfat.com

مسئلہ اٹھ کھڑا ہوا کہ جس کے الہامی حل نے فکر و تدبر کی بہت سی شاہراہوں کو منور و درخشاں کر دیا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد ہمایوں میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلاموں نے مسیلمہ کذاب (مدعی نبوت) کی بیخ کنی کے لئے علم جہاد بلند کیا۔ جنگ یمامہ کے موقع پر سات سو حفاظ قرآن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شہادت کے جام بلوریں سے سیراب ہوئے۔ اگرچہ یہ بڑی سعادت کی بات تھی لیکن فاروق اعظم رحمۃ اللہ علیہ جن کا سینہ مہبط الہام ربانی تھا اور جن کا نطق ترجمان مزاج قرآنی تھا۔ کہ توجہ اس طرف مبذول ہوئی کہ اگر حفاظ کرام اسی رفتار سے سرخرو شہادت ہوتے رہے تو عین ممکن ہے کہ قرآن کی محافظت دشوار ہو جائے۔ آپ یہ خیال آتے ہی بارگاہ صدیقی میں باریاب ہوئے اور عرض گزار ہوئے کہ اے خلیفۃ الرسول اگر حفاظ صحابہ کرام تواتر سے منصب شہادت پر فائز ہو رہے ہیں کل ایسا نہ ہو کہ قرآن کی حفاظت ہمارے لئے ایک مسئلہ بن جائے اس لئے میری رائے تو یہ ہے کہ قرآن کو ایک کتابی صورت میں یکجا کر دیا جائے۔

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ (کہ فنافی الرسول تھے) استفسار کناں ہوئے۔

| | |
|---|---|
| کیف تفعل مالم یفعله رسول الله صلی الله علیه وسلم | اے عمر! آپ ایسا کام کس طرح کر سکتے ہیں جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سرانجام نہیں دیا۔ |

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اے خلیفہ رسول بجا ہے کہ ہمارے آقا و حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات تقدس مآب میں یہ نہیں کیا۔ لیکن اللہ رب العزت کی قسم اس میں خیر ہی خیر ہے ہمیں یہ کام کر گزرنا چاہئے۔

آپ کے شدید اصرار پر جب سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مزید غور فرمایا تو ان کے سامنے اس تجویز کے بے شمار روشن پہلو ہویدا ہو گئے اور بے ساختہ پکار اٹھے۔

اے عمر! اللہ تیری قبر کو اپنے انوار و تجلیات سے معمور کر دے تیری گفتگو نے تو

Marfat.com

میرا سینہ منور کر دیا ہے۔

المختصر آقائے صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت زید بن ثابت انصاری کو اس فریضہ کی بجا آوری کا حکم دیا انہیں بھی کچھ تذبذب ہوا لیکن آخر کار امتثال امر پر مجبور ہونا پڑا (تفصیل کے لئے صحیح بخاری شریف) اس طرح حضور ﷺ کی امت آج تک اسی قرآن مبین سے فیض یاب کہ جو حامل قرآن کے قلب منیر پر نازل ہوا تھا۔

اس واقعہ کے بیان سے اس جانب اشارہ مقصود تھا کہ نئے مسائل کا ظہور ایک لابدی چیز تھا حضور ﷺ کے تربیت یافتہ صحابہ کے ابتدائی تذبذب اور بعدازیں تعامل نے ایک واضح راستہ دکھا دیا اور اس مثال کی روشنی میں جب اہل فکر و تدبر و تحقیق کے طرف مائل ہوئے تو انہیں احادیث مبارکہ کے ذخیرے ہی سے ہدایت و آگہی کا سامان میسر آ گیا۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حدیث مبارکہ ہے:

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من سن فی الاسلام سنۃ حسنۃ فعمل بہ بعدہ کتب لہ مثل اجر من عمل بھا ولاینقص من اجورھم شیء

(صحیح مسلم۔ مشکوٰۃ)

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جس نے اسلام میں کسی نیک کام کی ابتداء کی اور اس کے بعد بھی اس پر عمل کیا گیا تو جتنے لوگ بھی اس سنت حسنہ پر عمل پیرا ہوں گے۔ ان کا ثواب اس ابتداء کرنے والے شخص کے نامہ اعمال میں بھی درج ہوگا اور عاملین کے اپنے ثواب میں بھی کوئی نقص واقع نہ ہوگا۔ اور اسی طرح اگر کسی نے اسلام میں کسی امر قبیح کو رواج دیا تو وہ اس پر عمل پیرا ہونے والوں کے گناہوں کا بوجھ بھی اٹھائے گا۔ اور ان کے پیروکاروں کے گناہوں میں بھی کوئی کمی واقع نہ ہوگی۔

Marfat.com

گویا آپ ﷺ نے خود ہی "کل بدعۃ ضلالۃ" سے سیئہ حسنہ کو خارج فرما دیا۔

اس طرح آپ نے شریعت اسلامیہ کو ایک عمومی مزاج بھی عطا فرمایا ارشاد ہو رہا ہے۔

ماراہ المسلمون حسنا فھو عند اللہ حسنا وما راہ المسلمون قبیحا فھو عند اللہ قبیحا

جس کام کو اکثر امت مسلمہ اچھا سمجھے وہ عند اللہ بھی حسن ہے اور جسے اکثر مسلمان قبیح تصور کریں وہ عند اللہ بھی قبیح ہے۔

اسی طرح اجماع امت کی مزید اہمیت واضح فرما دیا۔

لاریب مری امت گمراہی پر مجتمع نہیں ہو سکتی اگر تمہیں کوئی اختلاف دکھائی دے تو سواد اعظم کی اتباع کرو۔ (سنن ابن ماجہ)

## اباحت کسی دلیل کی مقتضی نہیں ہوتی!

آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دانش نورانی پر قربان جایئے کہ آپ نے ایسے اصول بخش دیئے ہیں کہ شریعت اسلامیہ ہر قسم کے حالات سے نبرد آزما ہونے کی صلاحیت سے بہرہ ور ہے۔

الحلال ما احل اللہ فی کتابہ الحرام ما حرم اللہ فی کتابہ وما سکت عنہ فھو عفالکم (ترمذی، ابن ماجہ)

حلال وہ ہے جسے اللہ نے اپنی کتاب مقدس میں حلال ٹھہرا دیا اور حرام وہ ہے جس کو اللہ نے اپنی کتاب مقدس میں حرام گردانا اور جن اشیاء کے بارے میں سکوت ہے تو وہ تمہارے لئے معاف ہیں۔

ان تابناک ہدایات کی وجہ سے شریعت اسلامیہ کا یہ معروف و متفقہ اصول ہے کہ:

الاصل فی الاشیاء اباحۃ

ہر شے کی اصل اباحت ہے۔

اس مختصر سی گفتگو سے یہ بات بے غبار ہوگئی کہ "نئی بات" وہ مذموم ٹھہرے گی

Marfat.com

جو دین کے عمومی مزاج اور اس کے احکام کے لئے مضرت کا باعث ہو۔ اگر حالات کے تحت کچھ ایسے اقدامات تجویز کئے جائیں کہ جن سے شریعت اسلامیہ پر کوئی حرف نہ آئے دین کی بنیادیں کمزور نہ ہوں بلکہ مضبوط و مستحکم ہوں۔ اصولوں کی خلاف ورزی نہ ہو بلکہ احکامات پر عمل میں آسانی ہو جائے تو ایسے امور واقدامات مذموم نہیں ہیں۔ بلکہ عین ممکن ہے کہ وہ محمود ہوں اور محمود بھی ایسے کہ ان کاموں میں اول ہر نئے عامل کے ساتھ حسنات و برکات سے برور ہوتا ہے۔ (سبحان اللہ یہ ہے شان رحمۃ للعالمین ﷺ)۔

## علماء کی درخشندہ تصریحات

علماء اسلام نے ہم جیسے مبتدی حضرات کو ذہنی پراگندی اور اندیشہ و اضطراب سے بچانے کے لئے بدعت کی کچھ اس طرح سے تقسیم کر دی ہے کہ اب کسی خلجان کا کوئی جواز باقی نہیں رہا۔ (الا یہ کہ کسی کو ضد کی بے جا عادت ہو)۔

## بدعت کی اقسام

### (۱) بدعت واجبہ

وہ کام جو کلیتہً تو وضع جدید رکھتا ہو لیکن اس کے وجود کے بغیر دین میں حرج واقع ہو جیسے جمع و تدوین قرآن آیات مبارکہ پر اعراب۔ عربی زبان کے قواعد کی تدوین۔ اصول تفسیر، اصول حدیث، اصول فقہ مدارس وغیرہ کی تعمیر۔

اب اگر ان تمام اہم امور کو بدعت کہہ کر ترک کر دیا جائے تو پھر کیا ہوگا۔ یہ بیان کرنے کی احتیاج نہیں۔

### (۲) بدعت مندوبہ

وہ نیا کام جو نہ تو شرعاً واجب ہے اور نہ ہی ممنوع لیکن عام مسلمان اسے ثواب سمجھ کر عمل پیرا ہوتے ہیں۔ مثلاً میلاد و سیرت کے اجتماعات، محافل ذکر اذکار (عرس) دینی کتب کی طباعت واشاعت کے لئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وغیرہ۔

Marfat.com

## (۳) بدعت مباحہ

وہ نیا کام جس کے کرنے میں کوئی شرعی قباحت نہ ہو اور نہ ہی کرنے والے اسے کارِ ثواب سمجھیں مثلاً نئے نئے مشروبات و ماکولات سے لذت کام و دہن کا مداوا کسی خاص علاقے کا مروجہ لباس۔

## (۴) بدعت محرمہ

وہ نیا کام جس سے دین میں ضرر و نقصان کا اندیشہ ہو اور اس پر عمل کرنے سے سنن یا واجبات پر عمل میں نقص واقع ہو۔ مثلاً نئے نئے فرقوں کا ظہور۔

## (۵) بدعت مکروہ

ایسا نیا کام جس سے سنن موکدہ وغیرہ کی ادائیگی رک جائے۔

الحمد للہ! مذکورہ بالا گفتگو سے بدعت کی مدحت، مذمت اور اباحت کے بہت سے گوشہ سامنے آئے ہیں۔ اب ہم دیکھتے ہیں کہ کیا مروجہ محفل میلاد مصطفیٰ علیہ التحیہ والثناء کی کوئی اصل شرعی موجود ہے یا نہیں؟

## قرآن وحدیث میں ذکر آمد رسول ﷺ

محافل میلاد میں حضور نبی رحمت ﷺ کے سوختہ سامان آپ کے نور مقدس کی تخلیق آپ کی اس خاکدان گیتی میں تشریف آوری کے تذکرے ہی تو کرتے ہیں کیا احادیث کی کتابوں میں نور محمدی کے تذکرے موجود نہیں ہیں۔ کیا صاحب نشر الطیب نے نور محمدی کے بارے کئی احادیث ذکر نہیں کی ہیں؟ جب قرآن دعائے خلیل کا تذکرہ چھیڑتا ہے تو کیا ہی بانداز مگر نبی محترم کی عظمت کی فضیلت کا بیان نہیں ہے۔ مسیحا نے اتنے اچھوتے اور بلیغ انداز میں بھلا کسی کی ولادت کی نوید سنائی تھی۔ اب بتایئے تو سہی کیا قرآن نے ایک ایک کر کے ان ذلتوں اور پستیوں کا تذکرہ نہیں کیا جو آقا حضور ﷺ کی تشریف آوری سے پہلے ساری دنیا پر مسلط تھیں کیا قرآن نے اس نعمت کو یاد کرنے کا حکم نہیں دیا جس کے ظہور سے پہلے ایک انسان دوسرے انسان کا دشمن تھا پھر اس رحمت تمام

Marfat.com

کے صدقے میں ان کے متنفر قلوب قریب سے قریب تر ہوئے اور اخوت و مودت کی زنجیروں میں بندھ گئے۔ اور ذرا غور تو کرو کہ وہ کون سا فضل ہے اور وہ کون سی رحمت کہ جس پر فرحت و انبساط کے اظہار کا حکم دیا جا رہا ہے۔ کیا حضور ﷺ کے میلاد خواں اسی حکم کی تعمیل نہیں کرتے۔

ہاں ایک اور بات کی وضاحت بھی درکار ہے کیا حضور اکرم ﷺ کے عہد سعادت مآب میں صحابہ کرام سرکار کی محبت سرائی اور ولادت کے جان فزا نغمات نہیں چھیڑا کرتے تھے۔ کیا ادب و بلاغت کے نوشتوں میں زمزمہ حسان کی شیرنی کا کوئی جواب آج بھی میسر ہے۔

واجمل منك لم ترقط عینی واحسن منك لم تلد النساء

خلقت مبراء من كل عيب كانك قد خلقت كما تشاء

حضور گرامی مرتبت ﷺ کے زمانہ قدس میں منعقد ہونے والی ایک محفل ذکر رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کا تذکرہ بھی سنئے۔

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ انہ كان يحدث ذات يوم فی بيته وقائع ولادت لقوم فيستبشرون ويحمدون الله تعالٰى ويصلون عليه الصلوٰة والسلام فاذا جاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال حلت لكم شفاعتی

(رسول الكلام من كلام سيد الانام فی بيان المولد والقيام)

حضرت عبداللہ ابن عباس سے مروی ہے کہ ایک روز وہ اپنے کاشانہ اقدس میں لوگوں کے سامنے حضور اکرم واطہر ﷺ کی ولادت پاک کے واقعات بیان کر رہے لوگ فرحت و مسرت کا اظہار کر رہے تھے اللہ رب العزت کی حمد بیان کر رہے تھے (کہ اس نے یہ نعمت کبریٰ عطاء کی اور آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں درود بھیج رہے تھے)۔ اچانک حضور اکرم ﷺ تشریف لے آئے اور ارشاد فرمایا میری شفاعت تم لوگوں کے لئے حلال ہوگئی۔

Marfat.com

ایک اور ایمان و محبت افروز واقعہ سماعت فرمائیے۔

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن حضور نبی رحمت ﷺ کی نورانی معیت میں حضرت عامر الانصاری رضی اللہ عنہ کی قیام گاہ کی طرف سے گزر ہوا ہم نے دیکھا وہ اپنے عزیز و اقرباء اولاد کو سرکار دوجہاں ﷺ کی ولادت باسعادت کے واقعات سنا رہے ہیں اور یہ کہہ رہے ہیں کہ وہ تقدس مآب دن یہی تھا (یعنی پیر کا دن) حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے رحمت کے (بے شمار) دریچے وا کر دیئے ہیں اور (آسمان بالا کے) تمام فرشتے تمہارے لئے مغفرت کی دُعائیں کر رہے ہیں (صرف تم ہی نہیں) جو شخص بھی تمہاری اس روش پر عمل پیرا ہوگا اسے تم جیسے اجر و ثواب کا مستحق گردانا جائے گا۔ (اللہ اکبر) (حوالہ ایضاً)

اس قدر کون محبت کا صلہ دیتا ہے ۔ اس کا بندہ ہوں جو بندے کو خدا دیتا ہے

اور ہاں ذرا چشم تصور سے دیکھئے کہ وداع کی گھاٹیوں سے ایک چاند طلوع ہو رہا ہے کتنے ہی تابندہ ستارے اس کے گرد حلقہ بنائے ہوئے آہستہ آہستہ مدینہ کی جانب محو خرام ہیں۔ بنو نجار کے مکانوں کی چھتوں پر غنچہ ہائے نودیدہ کا ہجوم ہے۔ یہ ننھی ننھی معصوم بچیاں کہ جن کی فرحت و مسرت اور معصومیت پر فرشتوں کا تقدس نثار ہو رہا ہے کتنے شیریں و دلنواز لہجے میں کتنا پیارا مدھر گیت گنگنا رہی ہیں۔

طلع البدر علینا ۔ من ثنیۃ الوداع

واجب الشکر علینا ۔ مادعی للہ داعی

الغرض کہ میلاد مصطفیٰ علیہ اطیب الثناء کی مروجہ صورت کے جتنے بھی اجزاء ہیں ان کی اصل قرآن و حدیث میں موجود ملتی ہے۔ گویا کہ یہ عمل اپنی اصل اور نفس موضوع کے اعتبار سے مسنون و مندوب ہے اور اپنی ہیئت کے اعتبار مباح ہے اور اباحتیں کسی دلیل کی مقتضی نہیں ہوا کرتیں اور جب قرآن و حدیث سے جواز کی صورتیں میسر آجاتی ہیں تو پھر نہ جانے وہ کون سی ''مصلحتیں'' ہیں جس کی بنا پر یہ محمود و مستحسن امر بھی بدعت ضلالہ

Marfat.com

دکھائی دیتا ہے جس کا سلسلہ صدر اول سے اب تک جاری ہے۔ ہاں ہر زمانہ میں ذکر ولادت رسول ﷺ کے انداز اپنے اپنے رہے ہیں اور اس خوشی و مسرت کے اظہار کے طور طریقے حالات واقعات افراد اور علاقوں کی مناسبت سے مختلف ضرور رہے ہیں۔

## اہل اسلام کا دائمی معمول

عالم اسلام کے عظیم و جلیل محدث ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت سنئے۔

اهل الحرمين الشريفين والمصر والشام والسائر بلاد العرب من المشرق والمغرب يحتفلون بمجلس مولد النبى صلى الله عليه وسلم ويفرحون ويعدوم هلال شهر ربيع الاوّل ويهتمون اهتما مابليغا على السمآء القرأة لمولد النبى صلى الله عليه وسلم وينالون بذلك اجرا جزيلا وفوزا عظيما ٥

اہل مکہ و مدینہ اہل مصر و شام اور تمام عالم اسلام (مشرق تا مغرب) ہمیشہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت سعیدہ کے موقع پر محافل میلاد کا انعقاد کرتے چلے آرہے ہیں۔ ان میں سب سے زیادہ اہتمام آپ کی ولادت کے تذکرے کا ہوتا ہے۔ اور مسلمان محافل کے انعقاد سے اجر عظیم اور عظیم الشان روحانی فتوحات سے ہم کنار ہوتے ہیں۔

(الميلاد النبى)

شاید علامہ ابن تیمیہ کی گواہی سے کچھ دل پسیج جائے۔

فتعظيم المولد استخاذه موسما قد يفعله الناس ويكون له فيه اجر عظيم لحسن قصده وتعظيمه لرسول الله صلى الله عليه وسلم كما قدمته لك انه يحسن من بعض الناس ما يستقبح من المؤمن المسدد

(اقتضاء الصراط المستقيم)

اگر محفل میلاد کے انعقاد کا مقصد تعظیم رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے تو اس کے کرنے والے کے لئے اجر عظیم ہے۔ جس طرح میں نے پہلے بیان کیا ہے اور صاف ظاہر ہے کہ مسلمان ممالک میں محافل میلاد کے انعقاد میں سوائے تعظیم آنجناب اور محبت رسول ﷺ کے اور کوئی بھی مقصد

Marfat.com

پیش نظر نہیں ہو سکتا۔

## ایک عجیب منطق

فی زمانہ بہت سے اجتماعات شب و روز منعقد ہوتے ہیں مثلاً سیرت کانفرنسز، علمی سیمینار، دینی جماعتوں کے جلسہ، جلوس سے کہ اس انداز سے یہ سب کچھ عہد رسالت پناہ ﷺ میں نہیں ہوتا تھا۔ لیکن نہ جانے کیوں شرعی جواز صرف محافل میلاد یا ایام بزرگان دین ہی کا طلب کیا جاتا ہے؟

وہی دلائل جو میلاد و عرس کے جواز میں رد کر دیئے جاتے ہیں اپنے اجتماعات کے جواز میں فوراً قبول کر لیتے ہیں۔

پہلے جناب شیخ نے دیکھا ادھر ادھر    پھر سر جھکا کر داخل میخانہ ہو گئے

## احباب اہل سنت کی خدمت میں

الحمد للہ کہ اہل سنت کو سواد اعظم ہونے کا شرف حاصل ہے ان کے اعمال و اطوار میں صدیوں کی روایات کا ایک مقدس و متبرک تسلسل ہے۔ انہیں کے دم سے اسلاف کے معمولات حمیدہ زندہ و سلامت ہیں۔ اہل سنت پر ان دیرینہ و تابندہ روایات کی محافظت کا بارگراں ہے۔ آپ کسی جہالت زدہ شخص کو ہرگز یہ موقع نہ دیں کہ وہ میلاد و عرس جیسے متبرک اجتماعات کو اپنے مذموم مقاصد اور ہوائے نفس کے لئے استعمال کرے۔ ان محافل کا تقدس ادب، احترام اور پاکیزگی بہرصورت برقرار رہنی چاہئے یاد رکھئے بے سروپا حکایتوں، موضوع، روایتوں اور مذموم بدعتوں سے اہل سنت کا نہ پہلے کوئی تعلق تھا اور نہ اب ہے بلکہ ان کی بیخ کنی ہمارے فرائض میں شامل ہے۔

آؤ کہ ذکر حسن شہ بحر و بر کریں    جلوے بکھیر دیں شب غم کی سحر کریں
مل کر بیان محاسن خیر البشر کریں    عشقِ نبی ﷺ کی آگ کو کچھ تیز تر کریں

Marfat.com

# ظہورِ قدسی کی برکات

ملک محبوب الرسول قادری

آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری　　گھر گھر لئے پھرتی ہے پیغامِ صبا تیرا

ظہورِ قدسی تخلیق کائنات کا باعث اور مومنین پر اللہ تعالیٰ کا عظیم احسان ہے اور ظہورِ قدسی کا موقع اللہ رب العزت کی بارگاہ میں نہایت محبوب اور پسندیدہ ہے اسے اللہ تعالیٰ نے تمام زمانوں سے افضل و محترم مقام عطا کیا اس حوالے سے آٹھویں صدی ہجری کے عظیم بزرگ امام ابو عبداللہ محمد بن احمد بن مرزوق رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "جنی الجنتین فی فضل الیلتین" میں اس مبارک رات کی فضیلت و افضلیت کے حوالے سے رقم طراز ہیں کہ "شب ولادت رسول اللہ ﷺ (۱۲ ربیع الاول) لیلۃ القدر سے افضل ہے۔ اس پر بیس (۲۰) دلائل و براہین ملاحظہ ہوں۔

۱۔ شرف، علو اور رفعت کا نام ہے اور یہ دونوں چیزیں اضافی ہیں تو ہر رات کی خصوصیت اس میں پائے جانے والے شرف کے باعث ہوتی ہے۔ ولیلۃ المولد شرف بولادۃ خیر خلق اللہ تو لیلۃ المیلاد کو تمام مخلوق سے بہتر ذات ﷺ کی ولادت سے شرف نصیب ہوا۔ اس اعتبار سے یہ تمام راتوں سے افضل قرار پائی۔

۲۔ لیلۃ المیلاد آپ ﷺ کے ظہور کی رات ہے اور لیلۃ القدر آپ ﷺ کو عطا کی گئی تو ظاہر ہے آپ ﷺ کو ملنے والی رات سے آپ ﷺ کی ذات اقدس کے ظہور کی رات افضل ہے۔

۳۔ لیلۃ المیلاد میں ظہور فرمانے والی ہستی کو اللہ کریم نے جو بے حد عظیم نعمتیں عطا فرمائی ہیں لیلۃ القدر ان نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔ حضور ﷺ کے خصائص میں سے ہونے کے سبب لیلۃ القدر دوسری عام راتوں سے افضل قرار

Marfat.com

پائی تو جس رات کو آپ ﷺ کے وجود مبارک سے شرف مطلق و کامل حاصل ہو وہ یقیناً لیلۃ القدر سے افضل ہے۔

۴۔ لیلۃ القدر کو اپنے اندر پائی جانے والی خصوصیات (مثلاً نزول قرآن) کے سبب فضیلت حاصل ہے اور وہ راجح قول کے مطابق آئندہ سال آنے والی رات میں وہ پہلو موجود نہیں لیکن لیلۃ المیلاد کو ایسی ہستی ﷺ کے ساتھ خصوصیت حاصل ہے تاقیامت جس کے انور سے ہر فرد مستفید ہو رہا ہے۔

۵۔ لیلۃ القدر کو ملائکہ کے نزول سے فضیلت حاصل ہے لیکن لیلۃ المیلاد کو ظہور نبوی ﷺ سے فضیلت حاصل ہے تو جس ہستی سے لیلۃ المیلاد کو شرف مل رہا ہے وہ لیلۃ القدر کو شرف دینے والی تمام چیزوں سے افضل ہے لہٰذا لیلۃ المیلاد لیلۃ القدر سے افضل ہے۔

۶۔ فضل زائد کو افضیلت کہا جاتا ہے اگرچہ یہ دونوں راتیں فضل میں نزول ملائکہ کی وجہ سے مشترک ہیں لیکن خیر الخلق ﷺ کے ظہور کی وجہ سے لیلۃ میلاد کو فضل زائد حاصل ہے۔

۷۔ لیلۃ القدر کو جیسا کہ ذکر ہو چکا کہ نزول ملائکہ کے سبب فضیلت حاصل ہے وہ یوں کہ وہ محل اعلیٰ سے زمین کی طرف منتقل ہوتے ہیں لیکن لیلۃ المیلاد میں حضور ﷺ اپنے ظہور مبارک اور وجود مقدس کے ساتھ جلوہ افروز ہوتے ہیں۔ ظہور نبوی ہی یقیناً برتری اور فضیلت کا باعث ہے۔

۸۔ لیلۃ القدر میں عمل کرنے والوں کے سبب اس کو فضیلت حاصل ہے لیکن ان تمام عاملین کو جمع بھی کر دیا جائے تو وہ اس ہستی کے برابر نہیں ہو سکتے جس کے سبب لیلۃ المیلاد کو فضیلت حاصل ہوئی اور نہ ہی ان کے اعمال حضور ﷺ کے کسی عمل کے برابر ہو سکتے ہیں اگرچہ آپ ﷺ نے کوئی بھی عمل لیلۃ القدر کے علاوہ کسی بھی وقت کیا ہے۔

Marfat.com

۹۔ لیلۃ القدر کو افضیلت اس لئے ہے کہ یہ امت محمدیہ کو بطور انعام عطا فرمائی گئی لیکن لیلۃ المیلاد میں ایسی ہستی ﷺ کی ولادت ہے کہ جس کی وجہ سے امت کو یہ فضیلت حاصل ہے۔

۱۰۔ لیلۃ القدر کی فضیلت صرف امت محمدیہ کو حاصل ہے حالانکہ لیلۃ المولد کی وجہ سے ساری کائنات کو فضیلت حاصل ہوئی ہے۔ اسی رات میں ایسی ذات ﷺ آئی جس کو اللہ تعالیٰ نے رحمۃ للعالمین بنا کر مبعوث فرمایا۔

۱۱۔ لیلۃ المیلاد سال کی دیگر راتوں پر ولادت نبوی ﷺ کی وجہ سے افضل ہے کیونکہ اسے لیلۃ مولد النبی ﷺ (حضور ﷺ کی ولادت باسعادت کی رات) اور لیلۃ القدر کو شرف کی وجہ سے یہ نام دیا گیا جو نسبت خاص لیلۃ میلاد کو حاصل ہے اس طرح کی شرف والی نسبت لیلۃ القدر کو ہرگز حاصل نہیں یعنی لیلۃ المیلاد کو ایسا خصوصی شرف حاصل ہے جو لیلۃ القدر کو حاصل نہیں۔

۱۲۔ لیلۃ القدر کا فائدہ صرف اس میں عمل کرنے والے کو ہی حاصل ہوتا ہے تو اس کا نفع اتنا وسیع نہیں جبکہ لیلۃ المیلاد کا نفع ہر ایک کو حاصل ہے اور جو عام ہو وہ یقیناً دوسرے سے افضل ہے۔

۱۳۔ لیلۃ القدر کی فضیلت کے بارے میں کچھ اختلاف بھی موجودہ ہے کہ اس کی فضیلت ختم ہو چکی ہے یا باقی ہے (کچھ اہل علم کا خیال ہے کہ لیلۃ القدر کو اٹھا لیا گیا تھا) لیکن لیلۃ المیلاد کا شرف باقی ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

۱۴۔ چونکہ لیلۃ المیلاد میں آپ ﷺ کی ولادت ہوئی اس لیے اسے آپ ﷺ سے خصوصی نسبت ہوئی لہٰذا وہ دیگر تمام اوقات اور زمانوں پر افضل قرار پائے گی جیسا کہ حضور ﷺ کا روضہ اطہر دیگر تمام مقامات سے آپ ﷺ کی نسبت حاصل ہونے کے سبب افضل ہے اور اس پر امت کا اجماع ہے لہٰذا جو وقت اور زمانہ آپ ﷺ کی ولادت کے لئے متعین کیا گیا وہ تمام اوقات سے افضل

Marfat.com

ٹھہرا۔

۱۵۔ لیلۃ القدر آپ ﷺ کے ظہور کی فرع ہے اور فرع اپنے اصل کی قوت کا مقابلہ کہاں کر سکتی ہے؟

۱۶۔ لیلۃ المیلاد میں اللہ تعالیٰ کا فیضان ہر وجود کو عام نصیب ہوا اور ہر شے کے وجود کو آپ ﷺ کے وجود مبارک کے ساتھ اتصال کی نسبت مل گئی اور یہ چیز صرف اسی رات کا امتیاز ہے جو لیلۃ القدر کو حاصل نہیں۔

۱۷۔ لیلۃ المولد میں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے مبارک وجود کے ان اسرار کا اظہار فرمایا جن کے ساتھ سعادت آخروی متعلق ہے حقائق آشکار ہو گئے حق باطل سے ممتاز و ممیز ہو گیا۔ انوار سعادت اور ہدایت کے راستے روشن ہو گئے جنتی اور جہنمی گروہ الگ الگ ہو گئے۔ دین سربلند ہوا اور کفر حقیر ٹھہرا۔ اس طرح کے غیر محدود اسرار الٰہیہ کا اس رات ظہور ہوا اور یہ بات کسی اور رات کے حصہ میں نہیں آئی جس میں لیلۃ القدر بھی شامل ہے۔

۱۸۔ اگر لیلۃ المیلاد لیلۃ القدر سے افضل نہ ہو تو درج ذیل امور میں سے کوئی ایک شے لازم آئے گی۔

(الف) ملائکہ کا حضور ﷺ سے افضل ہونا۔ (ب) اس میں اور دیگر راتوں میں عمل کا برابر ہونا (ج) لیلۃ القدر میں کیے گئے عمل کا بڑھ جانا۔

۱۹۔ مولد والی ساعت تمام زمانوں اور اوقات پر افضل ہے۔ جب لیلۃ المیلاد کا ایک حصہ لیلۃ القدر سے افضل ہے تو یہ تمام رات لیلۃ القدر سے کیوں افضل نہ ہو۔

۲۰۔ تمام اوقات سے افضل وقت، ولادت نبوی ﷺ کا مبارک وقت ہے اور لیلۃ القدر کو اس وقت میں سے کوئی حصہ حاصل نہیں گویا لیلۃ القدر سب سے افضل نہیں جبکہ یہ افضل ترین وقت ......لیلۃ المیلاد ......کو حاصل ہے لہٰذا اس بنیاد پر

Marfat.com

بھی ......لیلۃ المیلاد...... ہی لیلۃ القدر سے افضل ہے۔"(ترجمہ از محقق العصر مولانا مفتی محمد خان قادری)

سبحان اللہ! یہ تو مبارک شب ولادت کی برکات ہیں اور ۱۲ ربیع الاول کو جس مقدس ہستی کی ولادت ہوئی اس کو اللہ تعالیٰ نے کائنات کے خزانوں کی چابیاں عطا فرمادیں۔ ایسی محفل میلاد کے بارے میں حضرت شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ دُعا کرتے تھے کہ "اے اللہ! میرا کوئی بھی عمل ایسا نہیں جسے آپ کے دربار میں پیش کرنے کے لائق سمجھوں۔ میرے تمام اعمال فسادِ نیت کا شکار ہیں۔ البتہ مجھ فقیر کا ایک عمل محض آپ ہی کی عنایت سے اس قابل (اور لائق التفات) ہے اور وہ یہ ہے کہ مجلسِ میلاد کے موقعہ پر کھڑے ہو کر سلام پڑھتا ہوں اور نہایت ہی عاجزی و انکساری، محبت و خلوص کے ساتھ تیرے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجتا ہوں۔ اے اللہ! وہ کون سا مقام ہے جہاں میلاد پاک سے بڑھ کر تیری طرف سے خیر و برکت کا نزول ہوتا ہے؟ اس لئے اے ارحم الراحمین! مجھے پکا یقین ہے کہ میرا یہ عمل کبھی رائیگاں نہیں جائے گا بلکہ یقیناً تیری بارگاہ میں قبول ہوگا اور جو کوئی درود وسلام پڑھے اور اس کے ذریعے سے دُعا کرے وہ کبھی مسترد نہیں ہوگی۔ (اخبار الاخیار، ۶۲۴، مطبوعہ کراچی)

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ "میرے نزدیک میلاد کے لیے اجتماع، تلاوت قرآن، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کے مختلف واقعات اور ولادت کے موقعہ پر ظاہر ہونے والی علامات کا تذکرہ ان مستحسن امور میں سے ہے جن پر ثواب مترتب ہوتا ہے کیونکہ اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و محبت اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد پر خوشی کا اظہار ہے۔ (حسن المقصد فی عمل المولد فی الحاوی للفتاویٰ، ۱:۱۸۹، محفل میلاد از مفتی محمد خان قادری: ۱۰۴) مشہور حدیث کے مطابق حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت پر مامور تھے ایک شب رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسرور ہو کر ارشاد فرمایا: سل (مانگو)۔ انہوں نے عرض کیا: فقلت اسالک مرافقتک فی الجنۃ (میں جنت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت مانگتا ہوں)۔ ارشاد فرمایا: اور بھی کچھ مانگ لو! عرض کیا۔ "حضور صلی اللہ علیہ وسلم بس یہی بہت

Marfat.com

کافی ہے۔" اس پر ارشاد فرمایا: "کثرت سجود کے ساتھ اپنی ذات کے حوالے سے میری مدد کرو۔" (مسلم)

اس حدیث پر معروف غیر مقلد عالم دین نواب صدیق حسن خاں بھوپالی نے لکھا ہے کہ "حضور ﷺ نے فرمایا مانگو! اس کا معنی یہ ہے کہ دنیا و آخرت کی جو خیر چاہتے ہو مانگ لو، آپ ﷺ کے فرمان مطلق سے پتہ چلتا ہے کہ یہ کسی مخصوص شے کے ساتھ مقید نہیں کیونکہ تمام معاملہ آپ ﷺ کے مبارک ہاتھ میں ہے۔ عطا کریں جس کو جتنا چاہیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے۔" برکۃ المصطفیٰ فی الھند شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ "حضور ﷺ کے خصائص اور فضائل سے ایک فضیلت یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام خزانوں کی کنجیاں حضور ﷺ کو دیں اور آپ ﷺ کے سپرد کی گئیں اس (حدیث) کا ظاہری مطلب تو یہ ہے کہ فارس اور روم کے بادشاہوں کے خزانے صحابہ کے ہاتھ آئے اور اس کا باطنی مطلب یہ ہے کہ اس سے تمام عالم (جہان کی) ہر جنس کے خزانے مراد ہیں اس طرح کہ سب کا رزق حضور ﷺ کے طاقتور ہاتھ کے سپرد کیا اور ظاہر و باطن کی تربیت کی قوت حضور ﷺ کو عطا کی جیسا کہ مفاتیح غیب علم الٰہی کے دست قدرت میں ہے (جس کے لیے چاہے کھولے چاہے نہ کھولے) ان مفاتیح غیب کو (ذاتی طور پر) اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا (اسی طرح) رزق کے خزانوں کی کنجیاں اور اس کی تقسیم سید کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہاتھ میں رکھ دی گئیں حضور ﷺ کا ارشاد ہے میں ہی (ہر شے) تقسیم فرماتا ہوں اور اللہ تعالیٰ ہی (ہر شے) عطا فرماتا ہے۔"

فطرت میں ان کی چارہ گری انتہا کی ہے تاثیر ان کے کوچہ میں خاکِ شفا کی ہے

(اشرف میاں برکاتی، انڈیا)

اس وقت ظلم، جبر، ناانصافی، بہتان تراشی، الزام طرازی کی پورے معاشرے پر یلغار ہے ایسی ایسی افواہیں پھیلا دی جاتی ہیں کہ انسان کے وہم و گمان میں بھی کچھ نہیں ہوتا۔ محض غلط فہمی کی بناء پر یا اپنے من پسند اعتقادی تسلط کے قائم کرنے کی غرض سے قسم

Marfat.com

قسم کے فتوی جڑ دیئے جاتے ہیں عقیدے اور عقیدت پر خشت زنی معمول بنا لیا جاتا ہے حالانکہ ان ظالموں کو یہ معلوم نہیں کہ کفر اور گمراہی کے فتوے اگر بے بنیاد ہوں تو واپس لوٹتے ہیں ایسے میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی اقتداء میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوں۔

اک طرف اعدائے دیں ایک طرف ہیں حاسدین
بندہ ہے تنہا شہا، تم پر کروڑوں درود

پوری ملت و امت جس گرداب میں پھنستی جارہی ہے اور صیہونی و صلیبی اور سامراجی قوتیں باہم منصوبہ بندی کے ساتھ امت مسلمہ پر چڑھ دوڑے ہیں اور مسلم ممالک کی شامت آگئی ہے ایسے میں ضروری ہے کہ جشنِ میلاد کے موقع پر آیئے مل کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں استغاثہ عرض کریں۔

ہمیں بھی یا رسول اللہ شعور بندگی دے دو — دلِ تاریک کو کچھ اپنے گھر کی روشنی دے دو
سلوکِ وقت کا مارا ہوا اب کس طرف جائے؟ — اسے بھی اپنے شہر امن کی کوئی گلی دے دو
سلیقہ مانگنے کا ہم گنواروں میں کہاں آقا؟ — بس اتنی مانگتے ہیں بھیک میں اپنی خوشی دے دو

حضرت محقق العصر مولانا مفتی محمد خان قادری کی کتب کے نئے ایڈیشن

حضور صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کیسے گزارتے؟
صفحات: ۳۰۴ — قیمت -/۲۵۰ روپے

صحابہ کی وصیتیں
صفحات: ۲۰۷ — قیمت -/۱۶۰ روپے


خوبصورت جدید انداز سے منظر عام پر آگئے

شاندار جلد بندی، جاذب نظر سرورق، بہترین طباعت، عمدہ کاغذ

رابطہ کے لئے: علامہ صاحبزادہ محمد فاروق قادری 0300-4407048

Marfat.com

پوری ملت اسلامیہ کو



جشنِ ولادتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

مبارک ہو

جامع مسجد حضرت سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا
زیر تعمیر ہے

زیر اہتمام

انجمن ضیائے رسول صلی اللہ علیہ وسلم رجسٹرڈ

زیر سرپرستی

حضرت علامہ
قاری غلام رسول قصوری صاحب
خطیب جامع مسجد ہٰذا
و بانی ادارہ حنفیہ غوثیہ

اپیل

عوام کی دیرینہ ضرورت اور پُرزور مطالبہ پر
مسجد زیر تعمیر ھے
اور اب مزید ساڑھے 6 مرلہ کا معاملہ طے ہو چکا ہے اور
31 لاکھ روپے ادا کرنا باقی ہیں

مخیر حضرات سے تعاون کی اپیل ھے

اکاؤنٹ نمبر
3350-8
الائیڈ بینک اعوان ٹاؤن

منجانب
انتظامیہ زیر تعمیر جامع مسجد حضرت سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا

ادارہ حنفیہ غوثیہ حسن ٹاؤن نزد مین گیٹ اعوان ٹاؤن ملتان روڈ لاہور
0300-8099824
4570695/8880501


Marfat.com



# پوری ملت اسلامیہ کو

# جشنِ ولادتِ مصطفیٰ ﷺ مبارک ہو

دینی وعصری تعلیمات کا مثالی ادارہ

## جامعہ قادریہ تعلیم القرآن ٹرسٹ

**JAMIA QADRIA**
Taleem-ul-Quraan (Trust)
Model Colony No. 2,
Walton Road, Lahore Cantt.



### ذیلی ادارے

- قادریہ لائبریری
- قادریہ دستکاری سکول
- قادریہ سکول سسٹم
- قادریہ ویلفیئر سوسائٹی
- قادریہ بلڈ ڈونر
- قادریہ کمپیوٹر سنٹر
- قادریہ ریسرچ سیل
- قادریہ انفارمیشن سیل
- قادریہ فری ڈسپنسری
- بزم قادریہ

بانی
حضرت صاحبزادہ علامہ غلام مصطفیٰ صاحب رضاء القادری
خلیفہ قادریہ تعلیم القرآن

ماڈل کالونی نمبر۲ والٹن روڈ لاہور، کینٹ 042-5820942 0333-4278367

Marfat.com

SKY NET
WORLDWIDE EXPRESS
International Couriers & Cargo Service

انٹرنیشنل کوریئر اینڈ کارگو سروس



پوری ملت اسلامیہ کو

جشنِ ولادتِ مصطفیٰ ﷺ
مبارک ہو

انٹرنیشنل کوریئر اینڈ کارگو سروس

دنیا بھر میں اپنے قیمتی کاغذات اور گھریلو سامان بھجوانے کیلئے تشریف لائیں۔

شاہد اقبال محمدی سیفی 0321-5403003
ثمر محمود محمدی سیفی 0322-5910014

جی۔ٹی۔ایس چوک ایور گرین مارکیٹ جہلم کینٹ 0544-720547

Email: jlm@skynet.pk, www.skynet.pk

Marfat.com



# پوری ملت اسلامیہ کو

# جشنِ ولادتِ مصطفیٰ ﷺ مبارک ہو

آزادکشمیر کی سرزمین پر انوار و تجلیات کی بارش

ختم شریف
حضرت الحاج
بابا فتح محمد قادری ہجویری رحمۃ اللہ علیہ

مرکز انوار ربانیہ سلطان اولیاء
منبع الفیوض والبرکات
الملقب
حضرت
المخدوم السید
علی بن عثمان الہجویری رضی اللہ عنہ

# عرس داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

سالانہ ختم شریف
مائی صاحبہ
والدہ ماجدہ
الحاج محمد طفیل احمد قادری و برادران

بمقام

## آستانہ عالیہ ہجویریہ رینٹھ شریف بھیال کھوئی رٹہ آزاد کشمیر

ہر سال باقاعدگی سے تزک و احتشام اور عقیدت و احترام کیساتھ منعقد کیا جاتا ہے



دل کی انگلیوں سے لکھی جانے والی
ایمان افروز دینی کتب توقیر سادات
کشف الحقائق سبیل ہجویری مع تذکرہ سرکار سیری سبیل رحمت
سمیت متعدد کتابوں کے مصنف

پیکر علم و عمل
حضرت علامہ الحاج پیر
## محمد طفیل احمد
قادری ہجویری صاحب
سرپرست بزم ہجویریہ برطانیہ
رینٹھ شریف آزاد کشمیر

Marfat.com

# رسول اللہ ﷺ کا مقدس عہد شباب

جلال محمود چشتی ایم اے (علیگ)

جوانی اور پھر عرب کی جوانی، طوفان در بغل زمانہ ہوتا تھا۔ جوانی دیوانی مشہور ہے۔ لیکن رسول کریم ﷺ کی جوانی ہوائے مشکبار کا ایک جھونکا اور آفتاب سعادت کی ایک کرن تھی۔ آپ جوان تھے مگر صالح تھے۔ شباب کی امنگوں سے آپ کا سینہ بھی لبریز تھا لیکن شرافت و سعادت کے تقاضے آپ ﷺ کی فطرت میں تھے۔ عرب کے نوجوان میخواری، بادہ نوشی، قمار بازی، زناکاری، فحش گوئی، افسانہ طرازی، جنگ و جدل اور شاعری میں مصروف و مست رہتے تھے اور آپ ﷺ غور و فکر، تجارت و کاروبار اور امن وصلح کے پیکر تھے۔ حضرت ابو طالب کو آپ ﷺ سے بہت محبت تھی لیکن وہ کثیر العمال تھے اس لئے آپ ﷺ کی تربیت کی طرف جتنی توجہ مبذول کرنی چاہیے تھی مبذول نہ کی جاسکی اور بالآخر آپ ﷺ کا استاد و رہبر اگر کوئی بن سکا تو وہ صرف صحیفہ قدرت تھا۔ خدائے قدوس نے آپ ﷺ کو ایک مفکر دماغ عطا کیا تھا۔ سوچنے کی عادت دی تھی چشم بصیرت وا ہو چکی تھی۔ رسوم بد اور عرب کی لغو اور مشرکا صفات و خصائل سے آپ ﷺ کو قطعی نفرت تھی اور آپ ﷺ کی فطرت سلیم آپ ﷺ کو کبھی اس طرف متوجہ نہ ہونے دیتی تھی۔

## رسولِ کریم ﷺ کی خصائل حمیدہ

آپ ﷺ کی عادت تھی کہ ہر چیز پر غور فرماتے اور اس کے نتائج پر فکر فرماتے تھے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ خدائے عزوجل کی قدرت کاملہ و تامہ آپ ﷺ کی تربیت و تہذیب میں بے شک تھی۔ مگر بادی النظر یہ کہا جاسکتا ہے کہ چونکہ آپ ﷺ کو سلیم فطرت اور صحیح ذوق عطا ہوا تھا اس لئے ظاہری تعلیم و تربیت نہ ہونے کے باوجود آپ ﷺ کی خداداد ذہانت آپ ﷺ کو نتائج کی تہہ تک پہنچا دیتی تھی اور عواقب امور پر

Marfat.com

آپ ﷺ کی نظر جاتی تھی۔ آپ ﷺ نے ذمائم اخلاق اور مشرکانہ رسوم کے نتائج کا اندازہ اپنی ذہانت سے کر لیا تھا اس لئے آپ ﷺ از خود اپنا دامن اخلاق ذمائم سے بچاتے رہے اور اس پر کوئی داغ نہ آنے دیا، جھوٹ، فریب، ظاہرداری، کبر و رعونت، بغض و حسد، فحش کاری اور لڑائی جھگڑوں سے مجتنب رہے اور کبھی ان ہنگاموں کے قریب بھی نہ گئے جو اخلاق و انسانیت کے لئے جراثیم ہلاکت سے کسی طرح کم نہ تھے۔ یہی وجہ تھی کہ دنائتِ اخلاق کا کوئی دھبہ آپ ﷺ کے سفید دامن پر نہ پڑنے پایا اور آپ ﷺ کی جوانی، پاکبازی اور صداقت و شرافت کا مظہر رہی، کردار نہایت شریف، عادات نہایت ستودہ اور خصائل نہایت پاکیزہ ہو گئے۔ قلب مبارک ہمدردی کے جذبات کا مرز بنا ہوا تھا۔ کسی کی مصیبت و ایذا کو دیکھ نہ سکتے تھے اور کسی کے درد کی ہر تڑپ اور کسی کی تکلیف کی ہر کراہ آپ ﷺ کو بے چین کر دیتی تھی، کیونکہ آپ ﷺ میں غم خواری و ہمدردی اور دلسوزی و شیفتگی، رحم و مروت، سیر چشمی و فیاضی، حمایت حق اور مخالفتِ باطل، درگزر وخدمت اور کرم درافت کے بے پناہ احساسات پیدا ہو گئے تھے۔ صدق و دیانت اور پاس وفا کی خوبیاں آپ ﷺ کے اخلاق کا زیور تھیں اور حیاء و پاکدامنی آپ ﷺ کا شعارِ عمل بن گئی تھی۔

## غریبوں اور ضعیفوں کے غمگسار

غریبوں کی غمگساری، فلک زدوں کی اعانت، یتیموں کی امداد، بیواؤں کی خدمت، بے کسوں کی دستگیری، بے چاروں کی مدد فرمائی، بیواؤں کی خبر گیری اور درد مندوں کی دادرسی، صداقت، قول وراستی عمل آپ ﷺ کا شیوہ بن گیا۔ یہی وجہ تھی کہ دنیا بھر کی اخلاقی گندگیوں اور غلاظت میں ملوث مشرکین عرب بھی آپ ﷺ کو وقعت واحترام کی نظروں سے دیکھنے لگے اور آپ کی شرافت و عظمت کی سارے مکہ میں عام شہرت ہو گئی۔

## قیام امن کی مجلس

عرب میں خانہ جنگیوں اور باہمی لڑائیوں کے طوفان برپا تھے، ہر طرف بغض و

Marfat.com

عداوت کی آندھیاں اٹھ رہی تھیں اور فتنہ دامن سوزی کے سیلاب اُمڈے چلے آرہے تھے اور کوئی صورت اور کوئی چارہ کار اس تباہی عمل کے انسداد کا نہ تھا۔ آپ ﷺ دیکھتے تھے اور کبیدہ خاطر ہوتے تھے، آخر اس کی ایک تدبیر سوچی اور ایک مجلس میں اکثر قبائل کے سرداروں، قوم کے معززین اور صاحب فہم بزرگوں کو جمع کیا۔ ان کے سامنے ملک کی بدحالی، قوم کی تباہی، وطن کی بدامنی کا خوفناک نقشہ مؤثر ترین انداز میں پیش کیا۔ غرباء پر زبردستوں کے مظالم و شدائد، مسافروں پر ڈاکوؤں اور رہزنوں کی دستبرداری اور راستوں کی عدم بدامنی کے نقصانات واضح کیے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مکہ مکرمہ میں قیام امن اور نگرانی حقوق کے لئے ایک انجمن قائم ہوگئی۔ بنو ہاشم، بنو مطلب، بنو اسد، بنو زہرہ اور بنو تمیم میں اس میں شریک ہوئے۔ اس انجمن میں جو مزید ممبر داخل ہوتے گئے اُن سے یہ عہد و اقرار کرایا گیا۔

ہم ملک کی بدامنی دور کرنے کے لئے ہر امکانی سعی کریں گے۔ ہم مسافروں اور راہ گیروں کی حفاظت کریں گے۔ ہم زبردستوں کو زیردستیوں پر ظلم کرنے سے روکیں گے۔ نبوت کا تاج فرقِ مقدس پر آراستہ ہوجانے کے بعد بھی آپ ﷺ اس انجمن کا ذکر خاص ذوق و شغف کے ساتھ کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے "اگر آج بھی کوئی ایسی انجمن بے غرضی کے ساتھ قائم کرے اور مجھے دعوت شرکت دے تو میں سب سے پہلے اس کی شرکت و امداد کے لئے تیار ہو جاؤں گا۔" مفہوم

اس انجمن نے ظلمت کدہ عرب میں امید کی ایک کرن پیدا کر دی تھی اور فی الواقع بنی نوع انسان کے لئے تحفظ جان و مال اور قیام امن کے لئے اس انجمن نے بہت کچھ کیا۔

## کعبۂ مقدس کی تعمیر

اس واقعہ سے واضح ہوتا ہے کہ آپ ﷺ کی ذات جوانی میں وطن اور قوم کی بہتری کے لئے کیسے مستودہ جذبات کی حامل تھی سرورِ کائنات ﷺ کی عمر ابھی تھوڑی تھی

Marfat.com

کہ جب قریش نے کعبہ شریف کی از سرِ نو تعمیر کا عزم کیا۔ کیونکہ اس کی دیواریں سیلاب کے صدمہ سے پھٹ گئی تھی کعبہ مقدس اس وقت بھی مشرکین مکہ میں احترام و تقدس کا مرکز سمجھا جاتا تھا۔ اس لئے تمام قبائل نے اس میں شرکت کی اور اس شرکت کو بڑا افتخار سمجھا۔ تعمیر تو سب کی امداد و عانت سے مکمل و ختم ہوگئی لیکن جب حجر اسود کے نصب کرنے کا وقت آیا تو باہم دگر ایک طوفان اختلاف برپا ہوگیا اس لئے کہ ہر قبیلہ کی خواہش اور آرزو یہی تھی کہ یہ مقدس کام اس کے ہاتھوں انجام پائے۔ چار روز تک یہی جھگڑا ہوتا رہا اور قریب تھا کہ تلواریں میانوں سے نکل کر تڑپنے لگیں اور خون کی ندیاں بہہ جائیں کہ ایک معمر شخص ابوامیہ بن مغیرہ نے کھڑے ہو کر کہا کسی کو ثالث بنا لیا جائے اور سب اس کے فیصلہ پر عمل کریں۔ اس رائے سے سب نے اتفاق ظاہر کیا اور یہ قرار پایا کہ اس وقت کے بعد جو کوئی سب سے پہلے حرم پاک میں آئے وہی "حکم" سمجھا جائے۔ بظاہر بالکل اتفاقی امر تھا کہ رسول کریم ﷺ تشریف لے آئے۔ آپ ﷺ کے چہرۂ مبارک پر نظر پڑتے ہی سب طرف سے اطمینان و مسرت کا شور بلند ہوا۔ ھذا الامین رضینا کے نعرے لگنے لگے۔ امین آگئے ہم سب ان کے فیصلہ پر راضی ہیں۔

معاملہ بے حد نازک تھا، فیصلہ کیا جائے تو کیا کیا جائے اور یہ شرف کس کو دیا جائے لیکن اس موقع پر آپ ﷺ نے نہایت فرزانگی، معاملہ فہمی اور عواقب بینی سے کام لیا اور وہ فیصلہ کیا کہ اس وقت تو خیر وہ موقع ہی تھا، آج بھی اس فیصلہ پر غور کر کے بڑے بڑے فضلا حیران اور انگشت بدنداں رہ جاتے ہیں اور آپ ﷺ کی عقل و دانائی کی تعریف و توصیف پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ حضور رحمت عالم ﷺ نے گوارہ نہ کیا کہ تنہا اس شرف سے بہرہ مند ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جو دعویدار قبائل ہیں ان میں سے ایک ایک سردار منتخب کر لیا جائے۔ (مفہوم) اس انتخاب کے بعد آپ ﷺ نے ایک چادر بچھا کر حجر اسود کو اس چادر پر رکھ دیا اور سرداروں سے کہا کہ وہ سب مل کر چادر کے چاروں کونے تھام لیں اور اوپر اٹھائیں جب چادر نصب کرنے کے موقع پر برابر آگئی تو آپ ﷺ نے حجر اسود اٹھا کر نصب فرمایا۔ آپ ﷺ کی حسن تدبیر سے ایک شدید جنگ رک

Marfat.com

گئی اور عرب ایک بڑی مصیبت سے بچ گیا۔

## شغلِ تجارت

آپ سن چکے ہیں حضرت ابوطالب کثیر العیال تھے اور ان کی زندگی عسرت میں بسر ہوتی تھی اسی لئے آپ ﷺ نے سرگرمی کے ساتھ تجارت کی طرف توجہ شروع کر دی تھی اور آپ ﷺ کو بھی خود شفیق چچا کے ایماء سے یہی صورت بہتر نظر آئی تھی۔ چونکہ آپ ﷺ حسن معاملہ اور صدق و امانت میں مشہور ہو گئے تھے مگر سرمایہ پاس نہ تھا اس لئے منافع میں شرکت کے اصول پر آپ ﷺ نے کاروبار شروع کیا اور لوگ خوشی سے آپ ﷺ کو اس طرح شریک تجارت کرنے لگے۔ اس سلسلہ میں آپ ﷺ نے شام اور یمن کے سفر کئے۔ مکہ کے بہت سے مالدار تاجروں کا مال لے کر آپ ﷺ عرب کے دور دراز مقامات پر تشریف لے جاتے تھے اور کاروبار کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے اس قابلیت اور ذہانت کے ساتھ کاروباری فرائض انجام دیئے کہ ہر طرف دھوم مچ گئی۔ آپ ﷺ کے دست مبارک سے بکثرت مال فروخت ہوا اور گرانقدر نفع ملا جو آپ ﷺ کے ساتھ شرکت کرتا تھا کثیر نفع حاصل کرتا تھا۔ حسن معاملہ، پاس عہد اور کاروباری قابلیت کی بدولت آپ ﷺ نے تجارت میں اتنی ترقی کی کہ اگر آپ ﷺ کی توجہ اس طرف مبذول رہتی تو ایک وقت آتا کہ آپ ﷺ مکہ کے دولت مند تاجروں میں شمار ہوتے لیکن اللہ جل جلالہٗ کو آپ ﷺ سے اہم ترین کام لینے تھے اس لئے آپ ﷺ کی توجہات دوسری طرف مرکوز ہونی شروع ہو گئیں۔

## شادی

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا بیوہ تھیں۔ چالیس سال کی عمر تھی۔ نہایت شریف النفس تھیں اور پاکیزہ اخلاق ہونے کے ساتھ بہت دولت مند تھیں ان کا کاروبار دور دور تک پھیلا ہوا تھا۔ طبقات ابن سعد میں لکھا ہے جب ان کا سامانِ تجارت روانہ ہوتا تھا تو صرف ان کا سامانِ تجارت ہی تمام قریش کے سامانِ تجارت کے برابر ہوتا تھا۔ ان کے

Marfat.com

کان میں جو آپ ﷺ کی شہرت پہنچی تو انہوں نے کہلا بھیجا۔ آپ ﷺ میرا مال تجارت لے کر جائیں تو میں جو معاوضہ اوروں کو دیتی ہوں اس سے دوچند آپ ﷺ کو دوں گی۔ یہ بہت بڑی کامیابی تھی کہ آپ ﷺ مکہ معظمہ کی سب سے بڑی تجارتی فرم کے کمیشن ایجنٹ مقرر ہو گئے اور مال لے کر بصریٰ تشریف لے گئے۔

عرب میں یہ عام رواج تھا کہ عورتوں کو بالغہ ہوں یا نابالغہ ہوں اپنی شادی کے متعلق بات چیت کرنے کا کامل اختیار تھا۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ کے سفر سے واپس ہونے کے تین ماہ بعد آپ ﷺ کو شادی کا پیغام دے دیا ان کے والد کا تو انتقال ہو چکا تھا۔ صرف چچا عمرو بن اسد زندہ تھے اور انہوں نے خود ہی تمام مراحل کیے۔ تمام رؤسا خاندان کو جمع کیا اور پانچ سو طلائی درہم مہر پر نکاح کر لیا۔ حضور ﷺ کے چچا حضرت ابوطالب نے خطبۂ نکاح پڑھا۔ میاں بیوی میں زندگی بھر بے حد محبت رہی۔

رسول کریم ﷺ کی عمر اس وقت پچیس سال کی تھی۔ اُم المومنین حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے پہلے دو شوہروں سے دو صاحبزادے اور ایک صاحب زادی تھیں اور رسول کریم ﷺ کے جس قدر بھی اولاد ہوئی۔ بجز حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا ہی کے بطن سے ہوئی۔

## مراسم شرک سے احتراز

آپ ﷺ منصب نبوت پر فائز ہونے سے پیشتر بھی تمام شرک سے ہمیشہ مجتنب رہے۔ ایک دفعہ قریش آپ ﷺ کے لئے کھانا لائے اور آپ ﷺ کے سامنے رکھ دیا۔ کھانے میں ان جانوروں کا گوشت تھا جو کسی بت کے نام پر ذبح کئے گئے تھے۔ آپ ﷺ کو قدرتاً اس سے نفرت و کراہت پیدا ہوئی اور آپ ﷺ نے اسے کھانے سے انکار کر دیا۔ خدائے قدوس نے آپ ﷺ کو عقل مآل اندیش عطا فرمائی تھی۔ آپ ﷺ دیکھتے تھے کہ لوگ خود ہی بتوں کو تراشتے ہیں اور خود ہی وہ انہیں پوجتے ہیں اور غور فرماتے تھے کہ پوجنا تو اسے چاہیئے جس نے تمام کائنات اور مخلوق کو پیدا کیا ہے اس لئے

Marfat.com

آپ ﷺ نے اعلانِ نبوت سے پہلے ہی بت پرستی کی برائی شروع کر دی تھی اور اپنے حلقۂ احباب میں ان لوگوں کو جن پر آپ ﷺ کو کلی اعتماد تھا اس سے منع فرمایا کرتے تھے، باطل پرستوں میں بھی حق پرستوں کا وجود ہمیشہ موجود رہا ہے۔ اس کلیہ سے یہ عہدِ تاریخ بھی مستثنیٰ نہیں تھا اور بعثتِ نبوی ﷺ سے پہلے عرب میں عرفانِ رب کی روشنی کس قدر پھیلنی شروع ہو گئی تھی۔ چنانچہ روایت ہے کہ عبداللہ بن جحش، عثمان بن الحارث، زید بن عمر، القیس بن ساعدہ اور ورقہ بن نوفل نے بت پرستی سے انکار کر دیا تھا۔ ان لوگوں سے آپ ﷺ کی دوستی تھی اور آپ ﷺ سے یہ لوگ ملتے جلتے رہتے تھے۔

## حلقۂ احباب

نبوت سے پہلے آپ ﷺ کے جتنے بھی احباب تھے سب کے اخلاق نہایت پاکیزہ تھے، ان کی عادات نہایت پسندیدہ تھیں اور مکہ معظمہ میں انہیں بے حد عزت و احترام سے دیکھا جاتا تھا۔ ان میں سے بھی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ امتیازی مرتبہ رکھتے تھے۔ نبوت سے پہلے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ برسوں آپ کے شریک صحبت اور دوست رہے تھے۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے چچیرے بھائی جناب حکیم بن حزام جو قریش کے ایک معزز رئیس تھے اُن کا شمار بھی آپ ﷺ کے احباب خاص میں ہوتا تھا۔ حرم کا منصب رفادہ انہی کے ہاتھ میں تھا۔ دارالندوہ کے متولی بھی یہی تھے۔

ضماد بن ثعلبہ ازدی دورِ جہالت میں حرامی کا پیشہ کرتے تھے یہ بھی آپ ﷺ کے احباب خاص میں شامل تھے ایک دفعہ عہد نبوت میں مکہ معظمہ میں آئے تو دیکھا کہ آپ ﷺ راستہ میں جا رہے ہیں، پیچھے پیچھے اوباش لوگوں کا غول ہے اور وہ سب آپ ﷺ کو "مجنوں" کہہ رہے تھے، ضماد کو اس واقعہ سے بے حد دُکھ ہوا وہ آپ ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا۔ "محمد (ﷺ)! میں جنوں کا علاج کر سکتا ہوں۔" آپ ﷺ نے حمد و ثنا کے بعد مؤثر جملے ارشاد فرمائے جنہیں سنتے ہی جناب ضماد رضی اللہ عنہ مسلمان ہو گئے۔

رسول کریم ﷺ کے ساتھ جو لوگ کاروبار میں شریک تھے اور دوستانہ تعلق بھی

Marfat.com

رکھتے تھے ان میں سے ایک شخص جناب قیس بن صائب بھی تھے۔ جناب قیس کا بیان ہے۔ شرکاء کے ساتھ آپ ﷺ کا معاملہ نہایت صاف ہوتا تھا اور آپ ﷺ نہایت دیانت داری سے کام کرتے تھے کبھی کسی سے آپ ﷺ کا جھگڑا اور تنازعہ پیش نہ آتا تھا۔

عرب میں افسانہ گوئی کی مجلس کا بھی عام رواج تھا لیکن آپ ﷺ ان میں کبھی شریک نہ ہوتے تھے اور ایک روز شریک ہونا بھی چاہا تو قدرت نے ایسا اتفاق پیدا کر دیا کہ آپ ﷺ شریک نہ ہو سکے اس پوری مدت میں آپ ﷺ کے برتاؤ آپ ﷺ کی شرافت اور آپ ﷺ کے خصائص کے سب معترف رہے۔ شراب کو آپ ﷺ نے کبھی ہاتھ نہیں لگایا اور بیوی بچوں، بزرگوں اور دوستوں میں سے کبھی کسی کو شکوہ کا موقع ہی نہ دیا۔ بزرگوں اور بڑوں کا ہمیشہ احترام کرتے تھے۔ چھوٹوں پر شفقت کی نگاہ رہتی تھی پڑوسیوں سے انس رکھتے تھے، بیوی سے نہایت محبت اور بچوں سے بے حد شفقت کرتے تھے۔

## غارِ حرا کی عبادت

آپ ﷺ کے متعلق کارلائل نے لکھا ہے۔ سفر و حضر میں ہر جگہ آپ ﷺ کے دل میں ہزاروں سوالات پیدا ہوتے تھے کہ "میں کیا ہوں؟" "یہ غیر متناہی عالم کیا ہے؟ میں کن چیزوں پر اعتقاد کروں؟" لیکن کوہِ حرا کی چٹانیں ہوں یا کوہِ طور کی سر بفلک چوٹیاں ہوں وہ کھنڈر ہوں یا میدان ہوں کسی نے آپ ﷺ کے سوالات کا جواب نہیں دیا بلکہ چمکتے ہوئے ستارے، برستے ہوئے بادل کوئی بھی جواب نہ دے سکا۔ آخر آپ ﷺ نے مکہ سے تین میل کے فاصلہ پر ایک غار میں مراقبہ شروع کر دیا۔ چند دنوں کے لئے کھانے پینے کا سامان لے جاتے تھے اور جب وہ ختم ہو جاتا تھا تو کبھی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پہنچا دیتی تھیں اور کبھی سامان ختم ہونے پر خود آ کر لے جاتے تھے۔ مہینوں اس مراقبہ کا سلسلہ جاری رہا۔ بخاری کی روایت کے مطابق غارِ حرا میں آپ ﷺ غور و فکر کی عبادت میں مصروف رہتے تھے اور اس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت ادا ہو رہی تھی، مراقبہ

Marfat.com

نبوت کا دیباچہ تھا۔ آخر الامر پہلے آپ ﷺ پر خواب میں اسرار منکشف ہونے شروع ہوئے جو کچھ خواب میں دیکھتے وہی پیش آجاتا اس کے بعد آپ ﷺ پر وحی نازل ہوئی۔ اور آپ ﷺ پر ہیبت الٰہی کے خوف پیدا ہوا تو آپ ﷺ کی رفیقہ حیات نے آپ ﷺ کو تسکین دی۔ آپ ﷺ غریبوں اور بے کسوں کی مدد کرتے ہیں۔ خدائے قدوس کی جانب سے آپ ﷺ کو کوئی تکلیف ہرگز نہ پہنچے گی۔ ورقہ بن نوفل نے بھی تصدیق کی اور اب وہ وقت آگیا کہ آپ ﷺ نبوت کا اعلان کریں اور تبلیغ اسلام کے فرائض انجام دیں۔ چنانچہ آپ ﷺ نے جس عزم و استقلال اور جس شان و شکوہ کے ساتھ یہ فرائض انجام دیئے ہیں وہ ایک عالم آشکار حقیقت ہے۔ اللھم صل علی محمد و بارک وسلم۔


الحمد للہ

فضلِ قدیر (ترجمہ) تفسیر کبیر

(۳۲ اجزاء) مکمل ہوا چاہتا ہے

۱۴ جلدیں منظر عام پر آچکی ہے............

مترجم: محقق العصر علامہ مفتی محمد خان قادری

امیر: کاروانِ اسلام

فی جلد ہدیہ -/550 روپے

رابطہ کے لئے: علامہ صاحبزادہ محمد فاروق قادری

جامعہ اسلامیہ لاہور (ایچی سن سوسائٹی) میلاد سٹریٹ، ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور

042-35300353,0300-44070480


Marfat.com

# تعظیم و توقیر

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

ہم قرآن کریم نہیں دیکھتے، ہم قرآن حکیم نہیں پڑھتے، سنی سنائی پر یقین کر لیتے ہیں، بہت بھولے ہیں...... جب قرآن کریم میں ہر چیز کا روشن بیان ہے (سورۂ نمل: ۸۹) اور ہر بات کی تفصیل موجود ہے (سورۂ یوسف: ۱۱۱) تو پھر قرآن کریم سے کیوں نہ پوچھا جائے...... ادھر ادھر کیوں بھٹکتے رہیں؟ ...... ایک ایک کا منہ کیوں تکتے رہیں؟ ...... کوئی کچھ بتاتا ہے، کوئی کچھ...... دل اُلجھ کر رہ جاتا ہے، دماغ پراگندہ ہو جاتا ہے...... متاعِ عشق و محبت برباد ہونے لگتی ہے، جب وہ برباد ہو گئی تو پھر کیا رہ گیا؟ ...... ایک خاک کا ڈھیر، ایک بے جان لاشہ...... محبت کی باتیں اتنی مشکل نہیں جو سمجھ میں نہ آسکیں...... دل والا ہو تو بات آسانی سے سمجھ میں آجاتی ہے...... یہ باتیں دماغ سوزی سے سمجھ میں نہیں آتیں۔ ؎

ہے دانشِ برہانی حیرت کی فراوانی

☆☆☆

کسی بھی شخصیت سے جب تک محبت نہ ہو اور اس کی عظمت کا نقش دل میں نہ بیٹھے، اُس کے حضور ادب کا جذبہ پیدا ہو ہی نہیں سکتا...... اللہ تعالیٰ نے جب محبت کی بات کی تو اپنی اور اپنے حبیب کریم ﷺ کی محبت کا ایک ہی معیار رکھا (سورۂ توبہ: ۲۴)، دو معیار نہ رکھے تاکہ آپ کی قدر و منزلت کا بخوبی اندازہ ہو جائے گا...... اپنی جان سے بڑھ کر آپ سے محبت کو ایمان کے لیے شرط اوّل قرار دیا۔ (توبہ: ۲۴) اور اس محبت کو تعظیم کے لیے شرط اوّل قرار دیا...... اور تعظیم کو ادب کے لیے شرط اوّل قرار دیا...... فرشتوں کے دل میں حضرت آدم علیہ السلام کا نقش عظمت بیٹھا تو سب کے سب سجدہ ریز ہو گئے۔

(سورۂ اعراف: ۱۱، سورۂ بقرہ: ۳۴)

Marfat.com

برادرانِ یوسف (علیہ السلام) کے دل میں جب حضرت یوسف علیہ السلام کا نقش عظمت بیٹھا تو سب کے سب اُن کے حضور سجدے میں گر پڑے۔ (سورۂ یوسف: ۱۰۰)...... ابلیس نے حضرت آدم علیہ السلام کو محض ایک بشر اور انسان سمجھا اس لیے تعظیم کے لیے تیار نہ ہوا، ہمیشہ کے لیے مردود و ذلیل ہوا۔ (سورۂ اعراف: ۱۱۔۱۳)...... محبت و فکر و نظر میں انقلاب پیدا کر دیتی ہے، یہ انقلاب پیدا نہ ہو تو انجام وہی ہوتا ہے جو ابلیس کا ہوا۔ ہمیں ہر آن اپنے فکر و نظر کی حفاظت کرنی چاہیے۔...... کوئی مسلمان انبیاء علیہم السلام کو محض ایک انسان اور بشر نہیں سمجھ سکتا کیوں کہ یہ فکر و خیال ابلیس کا ہے، یہود و نصاریٰ اور کفار و مشرکین کا ہے جس کا بار بار قرآن کریم میں ذکر کیا گیا ہے۔

(سورۂ ابراہیم: ۱۰، انبیاء: ۳، مومنون: ۲۴۔۲۳، شعراء: ۱۸۶، یٰسین: ۱۵، ہود: ۲۷)

اللہ تعالیٰ نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے صرف ایک بار جو یہی بات کہلوائی (سورۂ کہف: ۱۱۰) تو اس میں کفار و مشرکین کے خیالِ باطل کی تردید ہے کہ اگر ظاہری صورت میں تم کو بشر نظر آ رہا ہو تو تم یہ نہیں دیکھتے کہ مجھ پر وحی نازل ہوتی ہے تم میں سے کس پر وحی نازل ہوئی؟ تو پھر تم جیسا بشر کیسے ہوا؟

☆☆☆

اللہ تعالیٰ نے پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا نقش دلوں میں جمایا پھر آپ کی عظمت کا نقش دلوں میں بٹھایا کہ جب ادب کی باتیں کی جائیں تو یہ باتیں دلوں میں بیٹھتی چلی جائیں...... تعظیم و تکریم کے لیے فرمایا:

۱۔ میرے رسولوں پر ایمان لاؤ اور ان کی تعظیم کرو۔ (سورۂ مائدہ: ۱۲)

۲۔ اس رسول پر ایمان لاؤ اور اس رسول کی تعظیم و توقیر کرو۔ (سورۂ فتح: ۹)

۳۔ تو وہ جو اس پر ایمان لائیں اور اس کی تعظیم کریں۔ (سورۂ اعراف: ۱۵۷)

ایمان لانے کے بعد ہی تعظیم کا ذکر فرمایا پھر دل و جان سے مدد کرنے کا ذکر فرمایا، پھر آپ کی اطاعت و پیروی کا ذکر فرمایا...... اس کے بعد یہ خوشخبری سنائی کہ ایمان

Marfat.com

لانے والے، تعظیم کرنے والے، مدد کرنے والے، اطاعت و پیروی کرنے والے ہی تو بامراد ہیں۔ (ایضاً، ۱۵۷)...... بے شک دونوں جہاں میں سرفرازی کا یہی طریقہ ہے کہ حضور انور ﷺ پر ایمان لایا جائے، آپ کی دل و جان سے تعظیم کی جائے اور اس تعظیم و ادب کو اپنے قول و عمل سے ظاہر کیا جائے...... محبت کی خوشبو چھپائے بغیر نہیں رہتی...... حضور اکرم ﷺ کی تعظیم و توقیر کی شان یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جہاں اپنی اطاعت کا ذکر فرمایا ہے وہاں نبی اکرم ﷺ کی اطاعت کا بھی ذکر فرمایا ہے...... جہاں اپنے حضور نافرمانی کا ذکر فرمایا ہے وہاں نبی اکرم ﷺ کے حضور بھی نافرمانیوں کا ذکر کیا ہے۔ (سورۂ آل عمران: ۱۳۲، سورۂ نساء: ۱۴)...... اور یہ کہیں نہ فرمایا کہ جس نے اللہ کی اطاعت کی اس نے رسول کی اطاعت کی بلکہ یہ فرما کر آپ کی عظمت کو بڑھایا، "جس نے رسول اللہ کی اطاعت کی، اُس نے اللہ کی اطاعت کی۔" (سورۂ نساء: ۸۰، آل عمران: ۳۲)...... مقصود و مطلوب آپ کی محبت و اطاعت ہے جس نے آپ سے محبت کی اُس نے اللہ سے محبت کی اور جس نے آپ کی اطاعت کی، اللہ کا محبوب بن گیا۔ (سورۂ آل عمران: ۳۱)...... اللہ تعالیٰ اپنے محبوبوں کے آثار اور نشانیوں کی تعظیم کا بھی حکم دیا ہے۔ (سورۂ حج: ۳۲،۲۰)...... کہ محبوبوں سے نسبت رکھنے والی چیزیں بھی محبوب ہوتی ہیں...... یہی محبت کی فطرت ہے۔

☆☆☆

کسی بھی شخصیت کا نقشِ عظمت دل میں بٹھانے کا ایک یہ بھی طریقہ ہے کہ اس کی آمد آمد کا ذکر کیا جائے اور اس کا نام نہ بتایا جائے...... اللہ تعالیٰ نے ظہور قدسی سے لاکھوں، کروڑوں سال پہلے انبیاء علیہم السلام کو جمع کیا اور اُن سے یہ عہد لیا کہ جب وہ آنے والا آئے تو سب اُس پر ایمان لائیں اور دل و جان سے اس کی مدد کریں۔ (سورۂ آل عمران: ۸۱) یہ معمولی واقعہ نہیں ایک عظیم واقعہ ہے...... پھر جب حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام بیت اللہ شریف کی بنیادیں اٹھا رہے تھے تو دونوں ہاتھ پھیلائے اس آنے والے کے لیے دُعا فرما رہے تھے۔ (سورۂ بقرہ: ۱۲۹)...... پھر ظہور قدسی سے تقریباً ۵۷۰ سال قبل حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک عظیم اجتماع سے خطاب فرما رہے ہیں اور

Marfat.com

اُس آنے والے رسول کی خبر دے رہے ہیں، ہر امتی کو جس کا انتظار تھا اور جس کے وسیلے سے فتح و نصرت کے لیے دُعائیں مانگی جاتی تھیں۔ (سورۂ بقرہ: ۸۹)...... فرما رہے ہیں، میرے بعد ایک رسول آنے والا ہے جس کا نام احمد ہوگا۔ (سورۂ صف: ۶) یہ رفعِ ذکر کا وہ نظارہ ہے جو سارے عالم کو دکھایا گیا۔ (سورۂ قدر: ۳) تا کہ آپ کی شان اور دوبالا ہو جائے...... پھر جس کی آمد آمد کا ذکر کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء نے اپنی اپنی امتوں میں کیا اور دنیا میں ایک غلغلہ بپا ہوا، اچانک اُس پیکرِ نوری کی آمد کا اعلان فرمایا گیا۔ (سورۂ مائدہ: ۵)...... اور آپ کو ساری مخلوق میں افضل و برگزیدہ بنایا گیا۔ (مسلم شریف، باب فضائل النبی ﷺ ترمذی شریف، کتاب التفسیر)...... آپ کی عظمت و شان کے اظہار کے لیے آپ کے آباء کی قسم کھائی۔ (سورۂ بلد: ۳)...... آپ کی حیاتِ مبارکہ کی قسم کھائی۔ (سورۂ حجر: ۷۲) ...... آپ کے شہرِ مقدس مکہ معظمہ کی قسم کھائی۔ (سورۂ بلد: ۱۔۳)...... آپ کے اخلاقِ عالیہ کا ذکر فرمایا۔ (سورۂ قلم: ۴)...... آپ کی عادتِ کریمہ کا ذکر فرمایا۔ (سورۂ توبہ: ۱۲۸)...... آپ کے علم و فضل کا ذکر فرمایا۔ (سورۂ تکویر: ۲۴، سورۂ نساء: ۱۱۳) ...... آپ کی رحمتِ عامہ کی شان یہ بتاتی کہ سارے عالم کو گھیرے ہوئے ہے۔ (سورۂ انبیاء: ۱۰۷)...... تبلیغ و ارشاد کی شان یہ بتاتی کہ آپ کی ذات سارے عالم کے لیے کافی ہے۔ (سورۂ سبا: ۲۸) ...... نبوت و رسالت کی شان یہ بتاتی کہ اب قیامت تک صرف آپ ہی کا فیض جاری رہے گا، کوئی نبی و رسول نہیں آئے گا۔ (سورۂ احزاب: ۴۰) اور قیامت کے دن عرش کے داہنی جانب صرف اور صرف آپ کی کرسی رکھی جائے گی۔ (ترمذی شریف، کتاب المناقب) یہ ساری باتیں اس لیے کی گئیں تا کہ سننے والوں کے دلوں میں آپ کا نقشِ عظمت قائم ہو اور کوئی آپ کے ظاہر کو دیکھ کر اپنے جیسا انسان نہ سمجھ بیٹھے اور دنیا و آخرت میں ذلیل و رسوا ہو...... جس طرح کفار و مشرکین اور یہود و نصاریٰ نے سمجھا اور ذلیل و رسوا ہوئے۔ (سورۂ ابراہیم: ۴۰) ...... قرآن کریم کا دامن حضور انور ﷺ کے فضائل و کمالات کے موتیوں سے بھرا ہوا ہے، دیکھنے کے لیے نظر چاہیے...... آیئے کچھ اور نظارہ کریں...... اللہ اکبر! اللہ تعالیٰ خود ہر مسلماں کی رگِ جاں

Marfat.com

سے قریب ہوا۔ (سورۂ ق: ۱۶) اور تاجدار عالم ﷺ کو ہر مسلماں کی جاں سے قریب کیا۔ (سورۂ احزاب: ۶) ......خود فرما رہے ہیں، کوئی مومن ایسا نہیں جس کے ساتھ میں، دنیا و آخرت میں قریب نہیں۔ (بخاری شریف، کتاب الاستقراض، مسلم شریف، کتاب الجمعہ) ......آپ کی شان کیا بیان کی جائے ساری امت پر آپ کو گواہ بنایا گیا۔ (سورۂ حزاب: ۴۵، سورۂ فتح: ۸، سورۂ مزمل: ۱۵) ......آپ کو وہ قرآن عطا فرمایا جس میں ہر چیز کا روشن بیان اور تفصیل موجود ہے۔ (سورۂ نمل: ۸۹، سورۂ یوسف: ۱۱۱) ......آپ کو ہزار مہینوں سے افضل لیلۃ القدر عطا کی گئی۔ (سورۂ قدر: ۳) ......آپ کو "مقامِ محمود" کی بشارت سنائی گئی۔ (سورۂ بنی اسرائیل: ۹۷) ......آپ پر درود بھیج کر اُس مسند عظمت پر بٹھایا گیا۔ (سورۂ بقرہ: ۲۴۸) جس کی بلندیوں کا ادراک انسان کے بس کی بات نہیں......آپ ہی کی رضا و خوشنودی کے لیے قبلہ کا رخ بدل دیا گیا (البقرہ: ۱۴۴) ...... بیشک

تو جدھر ہے اُدھر خدائی ہے

☆☆☆

اللہ کو اپنے محبوبوں سے بڑی محبت ہے...... اُن سے تو محبت ہے ہی، اُن چیزوں سے بھی محبت ہے جن سے محبوبوں کو نسبت ہے......اس رمز محبت کو اچھی طرح سمجھ لیجیے......دل میں اتار لیجیے۔ لکڑی کا وہ صندوق جس میں حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کے تبرکات تھے، قرآن حکیم نے اس کو "سکین کا گھر" (سورۂ بقرہ: ۲۴۸) قرار دیا اور فرشتوں نے اسے اٹھایا (سورۂ بقرہ: ۲۴۸) ...... حضرت ابراہیم علیہ السلام کے "نشانِ قدم" کو بیت اللہ کے سامنے رکھوایا اور اپنی نشانی قرار دیا۔ (سورۂ بقرہ: ۱۲۵، سورۂ آل عمران: ۵۷) ...........حضرت ہاجرہ علیہا السلام کے "نشانِ راہ" کو اپنی نشانی قرار دیا اور اس کے گرد چکر لگانے کی اجازت دی گئی۔ (سورۂ بقرہ: ۱۵۲) ......حضور انور ﷺ نے انہیں عالی نسبتوں کی وجہ سے دنیا کی ساری مساجد میں سے تین مسجدوں کا انتخاب فرمایا اور دور دراز کا سفر کر کے ان مسجدوں کی زیارت اور ان میں عبادت کی اجازت مرحمت فرمائی۔ (جامع الرضوی، جلد ۲، ص ۳۱۲، بحوالہ بخاری شریف) ......اس اجازت میں کیا راز تھا؟ ............وہی راز محبت

Marfat.com

جس کو عقل والے نہیں سمجھ سکتے۔ سرکار دو عالم ﷺ نے مسجد حرام میں سفر کر کے حاضری کی اس لیے اجازت دی کہ اس کو حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام اور نہ معلوم کتنے ہزاروں، لاکھوں انبیاء و صلحاء امت سے نسبت ہے اور سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ خود حضور انور ﷺ نے اس میں عبادت و ریاضت فرمائی۔ مسجد اقصیٰ میں سفر کر کے حاضری کی اس لیے اجازت دی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خیمہ کی جگہ حضرت داؤد علیہ السلام نے اس کی بنیا درکھی پھر حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کو تعمیر کرایا۔ (سورۂ سبا: ۲۔۱۳، سورۂ اسرار: ۱، جامع الرضوی: جلد ۲، صفحہ ۲۱۰) اور مسجد نبوی شریف میں سفر کر کے حاضری کی اس لیے اجازت دی کہ اس کی تعمیر میں سرکار دو عالم ﷺ نے حصہ لیا۔ (جامع الرضوی، جلد ۲، صفحہ ۲۱۰، بحوالہ بخاری شریف، سورۂ توبہ: ۱۰۸۔۱۰۹)، اس کو مرکز اسلام بنایا، اسی کے متصل ہی قیام فرمایا آج ازدواج مطہرات کے سارے حجرے بلکہ مدینہ منورہ کا بڑا حصہ مسجد نبوی شریف میں داخل ہو گیا ہے۔ آپ خود اس مسجد شریف میں آرام فرما رہے ہیں اور ساتھ ہی حضرت صدیق اکبر اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما بھی...... ساری بہاریں نسبتوں کی ہیں...... اللہ اللہ! محبوبوں کی اداؤں کو اللہ تعالیٰ نے عبادت کا حصہ بنا دیا۔ (سورۂ حج: ۳۲، سورۂ بقرہ: ۱۵۸) اس رمز محبت کو سمجھنے کی کوشش کریں پھر سب باتیں سمجھ میں آتی چلی جائیں گی۔

☆☆☆

جب دل میں کسی کی محبت و عظمت گھر کر جاتی ہے تو اس محبوب کے حضور ادب کے لیے ابھارتی ہے...... محبت خود بخود ادب سکھاتی ہے...... وہ محبوب کی خامیاں تلاش نہیں کرتی...... یہ اس کی فطرت کے خلاف ہے...... وہ محبوب کی ہر ادا پر جان فدا کرتی ہے...... خامیاں اور برائیاں تلاش کرنا تو دور کی بات ہے وہ محبوب کی برائی سننا بھی پسند نہیں کرتی۔ برائی کرنے والوں سے منہ پھیر لیتی ہے...... پھر کبھی پلٹ کر نہیں دیکھتی...... اللہ تعالیٰ نے حضور انور ﷺ کو اپنا محبوب بنایا...... ہمارے لیے نمونہ بنایا۔ (سورۂ احزاب: ۲۱)...... محبت کرنے اور محبت کی باتیں کرنے کا حکم دیا...... ذہنی پراگندی اور پریشاں خیالی کو ہمیشہ کے

Marfat.com

لیے ختم کر دیا...... اللہ اکبر! عاشق کو آداب محبت سکھا کر جینے کا سلیقہ بتا دیا۔

☆☆☆

۱۔ نام نامی ﷺ کا یہ ادب سکھایا...... خبردار! نام لے لے کر اس طرح نہ پکارو اور نہ بلاؤ جس طرح آپس میں ایک دوسرے کو پکارتے اور بلاتے ہو۔ (سورۂ نور: ۱۶۷)...... اور خود بھی قرآن کریم میں نام لے کر خطاب نہ فرمایا جس طرح اور انبیوں کے نام لے کر خطاب فرمایا ہے۔

(سورۂ مائدہ: ۴۱، ۶۷، سورۂ انفال: ۶۴، سورۂ ہود: ۴۸، سورۂ بقرہ: ۳۵، سورۂ قصص: ۳۰، سورۂ صفت: ۱۰۴، ۱۰۵)

۲۔ آپ کے خرامِ ناز اور چال کا یہ ادب بتایا کہ نہ بڑھ بڑھ کر باتیں کرو اور نہ چلتے چلتے آگے نکلو۔ (سورۂ حجرات: ۱)

۳۔ دولت کدے میں حاضری کا یہ ادب سکھایا کہ گھر کے باہر سے ہرگز ہرگز آپ کو آواز نہ دو۔ انتظار کرو کہ آپ خود باہر تشریف لے آئیں۔ (سورۂ حجرات: ۴۔۵)

۴۔ ازدواج مطہرات کا یہ ادب بتایا کہ کبھی کوئی چیز مانگنی ہو تو پردے کے پیچھے سے مانگو۔ (سورۂ احزاب: ۵۳)

۵۔ دولت کدے پر حاضری کا ادب یہ بتایا کہ بغیر بلائے نہ جاؤ، جب بھی کھانے پر بلائیں تو وقت پر جاؤ۔ یہ نہیں کہ پہلے سے چلے جاؤ اور کھانا پکنے کا انتظار کرتے رہو۔

(سورۂ احزاب: ۵۴)

۶۔ اور دعوت کا ادب یہ سکھایا کہ جب کھانا کھا چکو تو خواہ مخواہ بیٹھے باتیں نہ کرتے رہو کہ اس سے نبی کریم ﷺ کو تکلیف ہوتی ہے واپس چلے جاؤ۔ (سورۂ احزاب: ۵۳)

۷۔ خلوت کدے میں کوئی خاص بات کرنے کا ادب یہ بتایا کہ اگر تنہائی میں بات کرنے کا ارادہ ہو تو پہلے اللہ کی راہ میں کچھ صدقہ دو (کہ تم ایک بڑے دربار میں حاضر ہو رہے ہو) پھر حاضر ہو کر سرگوشی میں بات کر سکتے ہو۔ (سورۂ مجادلہ: ۱۱۲، ۱۱۳، ۵۸)

۸۔ محفل کا ادب یہ سکھایا کہ جب سرکارِ دو عالم ﷺ گفتگو فرما رہے ہوں تو خوب

Marfat.com

کان لگا کر سنو کہ دوبارہ متوجہ کرنے کی نوبت ہی نہ آئے کہ یہ بات بھی ادب کے خلاف ہے...... اگر متوجہ کرنا ہو تو انظرنا کہو یعنی ہم پر دوبارہ نظر کرم فرمائیے۔ (سورۂ بقرۃ:۱۰۴)

۹۔ بات کرنے کا ادب یہ سکھایا کہ جب آپ سے باتیں کرو تو خبردار آپ کی آواز سے اونچی آواز نہ کرنا اور نہ تڑک کر بولنا ایسا نہ ہو کہ اس بے ادبی کی وجہ سے تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں اور تم کو خبر تک نہ ہو۔ (سورۂ حجرات:۲۔۳)

۱۰۔ مجلس مشاورت کا ادب یہ بتایا کہ نبی کریم ﷺ کسی مسئلے پر گفتگو کے لیے بلائیں اور سب جمع ہوں تو خبردار! بغیر آپ کی اجازت کے کوئی اٹھ کر نہ جائے۔...... اگر کوئی اجازت لینا چاہے جس کو چاہیں آپ اجازت دیں اور جس کو چاہیں اجازت نہ دیں۔ (سورۂ نور:۶۲)

۱۱۔ یہ محفل بڑی عالی محفل ہے...... جو لوگ آڑ لے کر چپکے سے چلے جاتے ہیں، اللہ اُن کو دیکھتا ہے، خبردار! ایسا نہ کرو کہ کہیں تم کسی مصیبت میں مبتلا نہ ہو جاؤ اور تم پر دردناک عذاب نہ آن پڑے (سورۂ نور:۶۳)...... اللہ اکبر یہ وہ بارگاہِ ادب ہے جہاں آواز اونچی کرنے پر اعمال ضائع ہو رہے ہیں (سورۂ حجرات:۲)...... جہاں محفل سے بلا اجازت چلے جانے پر دردناک عذاب کی وعید سنائی جارہی ہے...... بے شک۔

ادب گاہیست زیر آسماں از عرش نازک تر نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید ایں جا

۱۲۔ آپ کے فیصلے کا یہ ادب کہ جو فیصلہ فرمادیں، دل سے تسلیم کیا جائے، ذرّہ برابر دل میں غبار نہ رکھا جائے۔ (سورۂ نساء:۱۶۵)

۱۳۔ وہ فیصلہ فرمادیں تو کسی کو کوئی اختیار نہیں (سورۂ احزاب:۳۶)...... وہ بے اختیار نہیں اُن کے سامنے ہم بے اختیار ہیں۔

۱۴۔ آپ کے حکم کا یہ ادب کہ جب بلائیں فوراً حاضر ہو جاؤ۔ (سورۂ انفال:۲۴)۔ خواہ نماز ہی میں کیوں نہ ہو۔

۱۵۔ حکم کی تعمیل میں ذرا سی سستی پر تین صحابہ کرام کی وہ گرفت ہوئی کہ اُن کی جان

Marfat.com

پر بن گئی زمین باوجود وسعت کے تنگ ہوگئی۔(سورۂ توبہ: ۱۱۷) سرکار دو عالم ﷺ نے بولنا کیا بند کیا سب نے بولنا بند کر دیا۔

تو کیا بدل گیا کہ زمانہ بدل گیا!

چالیس دن اسی کرب و اضطراب میں گزر گئے پھر وحی نازل ہوئی، توبہ قبول ہوئی، جان میں جان آئی سرکار دو عالم ﷺ نے گلے لگایا، سب نے گلے لگایا، سب بولنے لگے۔

۱۶۔ ازدواج مطہرات کا یہ ادب کہ اُن کو مومنین کی مائیں قرار دیا (سورۂ احزاب: ۶) اور حضور انور ﷺ کا یہ ادب کہ آپ کو باپ کہنے سے منع کر دیا گیا (سورۂ احزاب: ۴۰) کہ آپ اللہ کے محبوب اور رسول ہیں...... آپ کی شان بہت عالی ہے...... بھائی تو بھائی آپ کو باپ کہنا بھی گستاخی ہے۔

۱۷۔ سرکار دو عالم ﷺ کا یہ ادب کہ آپ کے پردہ فرمانے کے بعد ازدواج مطہرات کو مومنین پر حرام کر دیا۔ (سورۂ احزاب: ۵۳) اور فرمایا کہ ان سے کسی کا نکاح کرنا اللہ کے نزدیک بہت بڑی جرأت ہے۔ (ایضاً: ۵۳) وہ زندہ ہیں، وہ پابندہ ہیں۔

۱۸۔ اللہ کے حضور گناہوں کی معافی مانگنے اور توبہ کرنے کا یہ سلیقہ بتایا کہ جب گناہ ہو جائے تو سیدھے ہمارے پاس نہ آؤ، ہمارے محبوب کریم کے پاس جاؤ پھر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگو، توبہ کرو اور آپ بھی اُس کی سفارش فرمائیں تو ضرور اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول کرنے والا اور مہربان پائیں گے۔ (سورۂ نساء: ۶۴)

۱۹۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے وسیلے سے آپ کی امت کے اگلے پچھلے گناہوں کی بخشش کا وعدہ فرمایا۔ (سورۂ فتح: ۲) اور دنیا ہی میں جنت کی بشارت دے دی...... بیشک آپ رحمت عالم ہیں۔ (سورۂ انبیاء: ۱۰۷)...... آپ کے ہوتے امت پر عذاب ہو ہی نہیں سکتا۔ (سورۂ انفال: ۳۳)

۲۰۔ اللہ تعالیٰ کو حضور انور ﷺ کی جناب میں ذرا سی بھی ایذاء رسانی گوارہ

Marfat.com

نہیں...... مسلمانوں کو ہدایت کی گئی کہ اس طرح نہ ستانا جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اُن کے ماننے والوں نے ستایا تھا۔ (سورۂ احزاب: ۶۹، ۵۲)...... پھر فرمایا کہ جو نبی کریم ﷺ کو اپنے قول عمل سے ایذا دیتے ہیں اُن پر اللہ کی لعنت ہے اور آخرت میں ذلت کا عذاب۔ (سورۂ احزاب: ۵۷)...... اور دردناک عذاب (سورۂ توبہ: ۶۱)...... جب ادنیٰ سی ایذا رسانی پر یہ وعیدیں ہیں تو آپ کی شان میں زباں درازیوں اور گستاخیوں کا کتنا بڑا عذاب ہوگا؟

ایک منافق امام بدنیتی سے حضور انور ﷺ کی شان گھٹانے کے لیے نماز میں ہمیشہ سورۂ عبس پڑھا کرتا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صحابی کو بھیج کر اس منافق امام کا سر قلم کرادیا۔ (تفسیر روح البیان، جلد ۱۰، صفحہ ۳۳۱)

حالانکہ وہ قرآن ہی پڑھا کرتا تھا مگر نیت میں کھوٹ تھا، گردن زدنی قرار دیا گیا...... خلفائے راشدین اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حضور اکرم ﷺ کی شان میں ادنیٰ سی گستاخی اور بدنیتی برداشت نہیں کرسکتے تھے، یہ اُس سچی محبت کا تقاضا تھا جس سے اُن کے سینے روشن تھے۔

☆☆☆

صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سرکار دو عالم ﷺ سے جیسی محبت کرتے تھے اور آپ کا جیسا ادب اور تعظیم کرتے تھے اس کی نظیر کہیں نہیں ملتی...... حضرت عروہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے دربار رسالت مآب ﷺ میں ادب و تعظیم کے جو ایمان افروز مناظر دیکھے اُن کو بیان کرتے ہوئے وہ فرماتے ہیں۔

قسم خدا کی، بادشاہ کے درباروں میں وفد لے کر گیا ہوں...... میں قیصر و کسریٰ اور نجاشی کے درباروں میں حاضر ہوا ہوں لیکن خدا کی قسم میں نے کوئی بادشاہ ایسا نہیں دیکھا کہ اُس کے ساتھی اس طرح تعظیم کرتے ہوں جیسے محمد (ﷺ) کے ساتھی اُن کی تعظیم کرتے ہیں۔ (بخاری شریف، جلد ۱ صفحہ ۳۷۹)

Marfat.com

حضرت عروہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے یہ مناظر اُس وقت دیکھے جب وہ مشرف باسلام نہ ہوئے تھے...... وہ فرماتے ہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم۔

☆ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا پانی لپکنے کے لیے آپس میں جھپٹتے تھے۔

☆ چہرۂ مبارک کو آنکھ بھر کے نہیں دیکھتے، سر جھکائے بیٹھے رہتے تھے۔

(بخاری شریف، جلد ا، صفحہ ۳۷۹)

ا۔ ایک مرتبہ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ، حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا پانی ایک لگن میں لیے باہر آئے تو صحابہ جھپٹ پڑے جس کو پانی کا ایک قطرہ نہ ملا اس نے دوسرے صحابی کی ہاتھ کی تری کو چھو کر اپنے چہرے پر مَل لیا۔ (بخاری شریف، مسلم شریف، مشکوٰۃ شریف ص: ۷۴)

۲۔ ایک صحابی، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک کے بال اتار رہے تھے اردگرد گھیرا ڈالے صحابۂ کرام (رضی اللہ عنہم) کھڑے تھے، زمین پر گرنے سے پہلے بالوں کو اپنے ہاتھ پر لے لیتے۔ (مسلم شریف، جلد ۲ صفحہ ۲۵۶)...... اور بطور تبرک محفوظ کر لیتے۔ آج پوری دنیا میں یہ تبرکات محفوظ ہیں۔

۳۔ حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ میرے پاس حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک بال ہونا میرے نزدیک دنیا و مافیہا سے زیادہ محبوب ہے۔ (بخاری شریف، جلد ا صفحہ ۲۹)

۴۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے لکڑی کے پیالے کو جان سے لگا کر رکھا تھا (بخاری شریف جلد ۲، صفحہ ۸۴۲)...... جس کو ایک جاں نثار نے آٹھ لاکھ درہم میں خریدا۔

۵۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو اُن کی وصیت کے مطابق کفن میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کرتا پہنایا گیا۔ آپ کی چادر میں لپیٹا گیا، آپ کا تہبند باندھا گیا...... گلے، منہ اور ان اعضاء پر جو سجدہ کے وقت زمین پر لگتے ہیں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک اور تراشہ ناخن اقدس رکھے گئے۔ (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ شریف، جلد ۵ صفحہ ۶۲۸)

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی نماز پڑھنے کھڑا ہو تو سامنے

Marfat.com

نہ تھوکے۔ (مشکوٰۃ شریف، صفحہ ۶۹) ...... کیوں نہ تھوکے؟ کہ اس طرف بیت اللہ ہے...... بیت اللہ سامنے ہو یا نہ ہو، اس کی تعظیم و تکریم ہر مسلمان پر لازم ہے...... ایک صحابی نے نماز پڑھاتے وقت قبلہ کی طرف تھوک دیا۔ سرکار دو عالم ﷺ نے تھوکتے ہوئے دیکھ لیا...... فرمایا، آئندہ یہ شخص لوگوں کو نماز نہ پڑھائے۔ (مشکوٰۃ شریف، صفحہ ۷) ...... اور پھر اس نے کبھی نماز نہ پڑھائی...... حضرت سائب بن خلاد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں شاید سرکار دو عالم (ﷺ) نے یہ بھی فرمایا...... "تو نے اللہ و رسول کو اذیت دی اور اُن کو ستایا۔ (مشکوٰۃ شریف، ص ۷۰) ...... اپنے کسی قول و عمل سے حضور اکرم ﷺ کو اذیت نہ دیں...... آپ کی تعظیم و توقیر مقصودِ حیات ہے، مطلوب پروردگار ہے...... جس کا دل آپ کی محبت اور ادب و تعظیم سے خالی ہے وہ ایمان سے محروم ہے، یہی قرآن کا فیصلہ ہے...... اپنے ایمان کی حفاظت کریں...... یہ ایک گوہر بے بہا ہے...... تنہا نہ رہیں، سچوں کے ساتھ رہیں (سورۂ توبہ: 119) ...... سچے وہ ہیں جن کی صحبت میں حضور انور ﷺ کی محبت و الفت اور ادب و تعظیم پیدا ہو...... جن کی صحبت میں آپ کے سینے محبت رسول علیہ التحیۃ والتسلیم سے خالی ہونے لگیں اور آپ بے ادب و گستاخ .......... لگیں اُن سے اس طرح بچیں جس طرح انسان درندوں سے بچتا ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ ہوشیار رہیں...... درندوں سے تو صرف جان کا خوف ہوتا ہے اور ایسے انسانوں سے ایمان کا خوف ہوتا ہے...... ایمان ہی سب سے قیمتی متاع ہے...... یہ لٹ گئی تو سب کچھ لٹ گیا......

مولیٰ تعالیٰ ہمارے دلوں میں نبی کریم ﷺ کی محبت و عظمت کا نقش جمائے ...... آپ کے حضور باادب رکھے، پریشاں خیالیوں اور لب کشائیوں سے محفوظ رکھے آمین!...... بلاشبہ بامراد ہوا جس نے اس در پر سر جھکایا...... کامیاب ہوا جس نے ادب کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا...... سرفراز ہوا جو آپ کے نقش قدم چلتا رہا۔

۱۷ جمادی الاول ۱۴۱۴ھ — احقر محمد مسعود احمد عفی عنہ

۳ نومبر ۱۹۹۳ء — کراچی

Marfat.com

# عشق رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خطیب پاکستان مولانا حافظ محمد شفیع اوکاڑوی

ہر وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے ایمان اور عقل اور فہم کی دولت عطا فرمائی ہے وہ یقین کے ساتھ جانتا ہے اگر حب مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ایمان کی روح ہے۔

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی دین حق کی شرط اول ہے اسی میں ہو اگر خامی تو سب کچھ نامکمل ہے

شریعت مطہرہ نے ہر مسلمان پر حضور پرنور شافع یوم النشور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اس کے تمام خویش واقارب اعزہ واحباب سے زیادہ لازم کی ہے۔

قرآن پاک میں ارشاد فرمایا۔

قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِىْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِىَ اللّٰهُ ... لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ

(پ ا۔ رکوع ۹)

میرے حبیب! فرما دیجئے کہ اے لوگو! تمہارے باپ، تمہارے بیٹے، تمہارے بھائی، تمہاری عورتیں، تمہارا کنبہ، تمہاری کمائی کے مال اور وہ تجارت جس کے نقصان کا تمہیں ڈر رہتا ہے اور تمہاری پسند کے مکان ان میں سے کوئی چیز بھی اگر تمہیں اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ محبوب ہیں تو انتظار کرو کہ اللہ تعالیٰ اپنا عذاب اتارے اور اللہ تعالیٰ فاسقوں کو راہ نہیں دیتا۔

ارشاد ہوتا ہے۔

مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا

مدینہ والوں اور ان کے گرد دیہات والوں کو یہ لائق نہ تھا کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)

Marfat.com

يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ

سے پیچھے بیٹھے رہیں اور یہ کہ نہ ان کی جان سے اپنی جان پیاری سمجھیں۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ انصاری فرماتے ہیں کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ

تم میں کوئی مومن نہ ہوگا جب تک میں اس کے نزدیک اس کے ماں باپ و اولاد اور سب آدمیوں کے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔

اور انہیں سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے:

ثلاث من کن فیه وجدها ولا الایمان ان یکون الله ورسوله احب الیه مما سواهما وان یکون یحب المرء لا یحبه الا لله وان یکره ان یعود فی الکفر کما یکره ان یقذف فی النار

(بخاری صفحہ ۷)

جس میں تین خصلتیں ہوں وہ ایمان کی لذت وحلاوت پالے گا ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ماسوا سے زیادہ پیارے ہوں۔ دوسری یہ کہ وہ کسی آدمی سے صرف اللہ کے لئے محبت کرے اور تیسری یہ کہ وہ کفر میں لوٹ جانا ایسا برا سمجھے جیسا کہ آگ میں پھینکے جانے کو برا سمجھتا ہے۔

حضرت سہل بن عبداللہ التستری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

تم یری ولایة الرسول صلی الله علیه وسلم علیه فی جمیع احواله ویری نفسه فی ملکه لم یزق حلاوة سنة لانه صلی الله علیه وسلم قال لایومن احد کم حتی اکون احب الیه من نفسه

(زرقانی علی المواهب صفحہ ۳۱۲ شرح شفاء للقاری صفحہ ۳۱)

جو ہر حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا مالک نہ جانے اور اپنی ذات کو ان کی ملکیت میں نہ سمجھے وہ حلاوت سنت سے محروم ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ تم میں سے کوئی مؤمن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اس کی جان سے زیادہ

Marfat.com

محبوب نہ ہو جاؤں۔

ان دو آیتوں اور تین حدیثوں سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مقبول ﷺ کی محبت ماں، باپ و اولاد، عزیز و اقارب، دوست و احباب، مال و دولت، مسکن، وطن اور اپنی جان غرض کہ ہر چیز کی محبت سے زیادہ ضروری و لازم ہے۔

اور اگر کوئی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مقبول ﷺ کے ساتھ عقیدت و محبت نہ رکھے یا ان کی مخالفت کرے تو خواہ وہ کتنا ہی قریبی کیوں نہ ہو اس سے دوستی و محبت رکھنا جائز نہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (قرآن: ۱۵)

اے ایمان والو! باپ اور اپنے بھائیوں کو بھی دوست نہ بناؤ اگر وہ ایمان کو کفر پر پسند نہ کریں اور جو تم میں سے ان سے دوستی رکھے وہ ظالم ہوگا۔

نیز فرمایا:

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ط خٰلِدِيْنَ فِيْهَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

(قرآن پارہ ۲۸ رکوع ۳)

تو نہ پائے گا انہیں جو ایمان لاتے ہیں اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر محبت کرتے ہیں ان سے جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کی اگرچہ وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا عزیز ہی کیوں نہ ہو یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں ایمان نقش ہو چکا ہے اور اللہ نے اپنی طرف کی روح سے ان کی امداد فرمائی اور ان کو داخل کرے گا باغوں میں

Marfat.com

جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ہمیشہ ان میں
رہیں گے راضی ہوگیا اللہ ان سے اور وہ
راضی ہو گئے اللہ سے یہی لوگ اللہ کا گروہ
ہیں اور یہی فلاح پانے والے ہیں۔"

ان آیتوں سے صراحۃً ثابت ہوا کہ جو لوگ اللہ اور رسول ﷺ کی مخالفت کریں اور ایمان پر کفر کو پسند کریں تو اگرچہ وہ بہت ہی زیادہ قریبی ہوں ان سے دوستی و محبت رکھنا جائز نہیں بلکہ ظلم ہے اور بے دینی ہے اس مضمون کی متعدد آیتیں اور حدیثیں موجود ہیں۔ جب یہ معلوم ہوگیا کہ ایمان و نجات کا دارومدار حضور سیّد عالم ﷺ کی محبت پر ہے تو جس مومن کے دل میں آپ ﷺ کی محبت کامل ہوگی اس کا ایمان بھی کامل ہوگا ورنہ ناقص اور اگر آپ ﷺ کی محبت مطلقاً نہیں تو وہ قطعاً ایمان سے محروم ہے۔

اس مقام پر یہ بات بہت ہی قابل غور ہے کہ تمام اسلامی فرقے حضور پرنور ﷺ کی محبت کے مدعی ہیں۔ محبت ایسی چیز نہیں جو ظاہر ہو۔ اس کا تعلق دل سے ہے اور ظاہر ہے کہ دلوں کا حال ہمیں معلوم نہیں۔ ایسی صورت میں ہم کسی گروہ کو حضور ﷺ کا محبّ قرار دے کر مومن سمجھیں اور کس فرقہ کے دعویٰ محبت کو غلط جان کر اسے ماری قرار دیں۔

اس الجھن کو دور کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم دین متین اور عقل سلیم کی روشنی میں محبت کا ایسا معیار تلاش کریں جس کے ذریعے حقیقت واقعیہ منکشف ہو جائے اور ہم بخوبی جان لیں کہ اصلی محبت کا حامل کون ہے۔

## معیارِ محبت

اس سلسلے میں بعض حضرات کا مسلک تو یہ ہے کہ محبت کا معیار محبوب کی اتباع اور اس کی پیروی ہے کیونکہ محبّ، محبوب کا مطیع اور متبع ہوتا ہے۔ اِنَّ الْمُحِبَّ لِمَنْ یُّحِبُّ مُطِیْعٌ

قرآن کریم میں یہ بھی فرمایا۔

قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ     میرے حبیب ﷺ! آپ فرما دیجئے کہ

Marfat.com

يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ ط

اے لوگو! اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو۔ (پھر) اللہ بھی تم سے محبت کرے گا۔"

آیت مبارکہ سے معلوم ہوا کہ محبت کی شرط اتباع و اطاعت ہے۔ لہٰذا جو گروہ متبع سنت اور پابند شریعت ہے وہی رسول اللہ ﷺ کا محب اور صحیح معنی میں مومن ہے۔

اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ اتباع و اطاعت جسے معیار محبت قرار دیا گیا ہے اس سے کیا مراد ہے۔ کیا حضور ﷺ کے اقوالِ مبارکہ و اعمالِ مقدسہ کے مطابق عمل کرنے کا نام اتباع و اطاعت ہے یا اس میں کوئی قید بھی ملحوظ ہے۔ اگر مطلق عمل یعنی حضور ﷺ کے ان اعمالِ مقدسہ کی صرف نقل کو اتباع و اطاعت قرار دیا جائے جن کی موافقت شرعاً مطلوب ہے تو وہ منافقین اور دشمنانِ دین حضور ﷺ کے متبع اور اللہ تعالیٰ کے محبوب قرار پائیں گے جو باوجود منافق ہونے کے اور اپنے دل میں حضور ﷺ کی عداوت رکھنے کے نماز، روزہ اور دیگر اعمالِ حسنہ کرتے تھے۔ بلکہ صحیح احادیث میں یہاں تک وارد ہوا ہے کہ ایک بے دین و گمراہ قوم آخر زمانہ میں پیدا ہوگی۔ وہ قرآن و حدیث پڑھے گی۔ مگر قرآن و حدیث ان کے حلق سے نیچے نہ اتریں گے۔

ایسی صورت میں اس ظاہری اتباع و اطاعت اور سنن کریمہ کے نقل کو کیونکر معیارِ محبت اور دلیل ایمان قرار دیا جا سکتا ہے یہ تو نری نقالی ہے جسے کسی صورت میں محمود و مستحسن نہیں کہا جا سکتا۔ اس لئے ضروری ہے کہ اتباع اطاعت کے معنی پر غور کیا جائے اور صحیح معیارِ محبت تلاش کرنے کی کوشش کی جائے۔

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فَاتَّبِعُوْنِیْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ فرما کر ہمیں یہ بتایا کہ اتباع رسول ﷺ کا نتیجہ اللہ تعالیٰ کی محبوبیت ہے۔ محبوب کا دشمن کبھی محبوب نہیں ہو سکتا۔ پھر اللہ تعالیٰ کے محبوب کا دشمن اللہ تعالیٰ کا محبوب کیونکر ہو سکتا ہے۔ ثابت ہوا کہ اس آیت مبارکہ میں اتباع معنی کے محبت رسول کے بغیر صرف ان کے سنن کریمہ کو نقل کرنا نہیں بلکہ فَاتَّبِعُوْنِیْ کے معنی یہ ہیں کہ حبیب خدا ﷺ کی محبت کے نشے میں مخمور اور ان کے جذبات

Marfat.com

الفت سے مجبور ہو کر بتقاضائے الفت و محبت ان کی اداؤں میں ڈھل جاؤ۔ اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ اللہ کے محبوب و مطلوب ہیں۔ اور جب تم ان کی اتباع کی پیروی کر کے ان کی پیاری پیاری اداؤں کے سانچے میں ڈھل جاؤ گے تو تم بھی محبوب و پیارے ہو جاؤ گے۔ یہ اتباع قطعاً حضور ﷺ کی محبت کی دلیل ہے۔

مگر بات جہاں تھی وہیں رہی، سوال یہ ہے کہ ہمیں کیسے معلوم ہو کہ فلاں گروہ یا فلاں شخص حضور ﷺ کی الفت و محبت کے ساتھ ان کی سنن کریمہ پر عمل کر رہا ہے اور فلاں آدمی بغیر محبت کے محض نقالی میں مصروف ہے آیئے اس سوال کا حل اور معیارِ محبت تلاش کریں۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم حُبُّكَ الشَّيْ يُعْمِيْ وَيُصِمُّ

(مسند امام احمد)

حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا (کہ انسان کو جب تک کسی سے محبت ہو جاتی ہے تو) وہ محبت اس کو محبوب کا عیب دیکھنے سے اندھا اور (محبوب کا عیب سننے سے) بہرہ کر دیتی ہے۔

اس مبارک حدیث سے روز روشن کی طرح ثابت ہو گیا کہ محبت کی ناقابل تردید دلیل اور صحیح معیار یہ ہے کہ مدعی محبت کی آنکھ اور کان محبوب کا عیب دیکھنے اور سننے سے پاک ہو۔ عقل سلیم کے نزدیک بھی محبت کا صحیح معیار یہی ہے کیونکہ محبت کا مرکز حسن و جمال ہے۔ یہ ممکن ہی نہیں کہ محبت والا آنکھ کو محبوب کی ذات میں کوئی عیب نظر آئے اور اگر کسی کو محبوب میں عیوب اور نقائص نظر آتے ہیں تو وہ اپنے دعویٰ محبت میں جھوٹا ہے، محبت والی آنکھ کو محبوب کا واقعی عیب نظر نہیں آتا اور حضور ﷺ تو بے عیب ہیں۔

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ حضور رسالت مآب ﷺ کی شان میں عرض کرتے ہیں۔

وَاَحْسَنُ مِنْكَ لَمْ تَرَقَطُّ عَيْنِيْ ..........
وَاَجْمَلُ مِنْكَ لَمْ تَلِدِ النِّسَاءُ خُلِقْتَ

یا رسول اللہ ﷺ! میری آنکھ نے آپ سا حسین و جمیل کوئی نہیں دیکھا کیونکہ

Marfat.com

كَمَا تَشَاءُ

آپ علیہ السلام سا حسین و جمیل کسی ماں نے جنا ہی نہیں۔ آپ ﷺ تو ہر عیب سے پاک پیدا کیے گئے۔ آپ ﷺ ایسے پیدا کیے گئے ہیں جیسا کہ آپ ﷺ چاہتے تھے۔

ثابت ہوا کہ حضور ﷺ بے عیب ہیں اور جسے بے عیب میں عیب نظر آئے اس کا دعویٰ محبت کہاں تک درست ہوگا؟ اسی معیار پر موجود فرق کو پرکھ لیجیے۔...... کوئی گروہ خلفائے راشدین اور محبوبین رسول اللہ ﷺ کو کافر و منافق کہہ کر ذاتِ مصطفیٰ ﷺ پر کفر و نفاق کی محبت کا عیب لگا رہا ہے۔.......... کوئی آلِ اطہار کی شان میں گستاخیاں کر کے سرکارِ دو عالم ﷺ کو اذیت پہنچا رہا ہے کسی نے حضور ﷺ کے کمالِ خاصیت کا انکار کر کے تنقیصِ شانِ نبوت پر کمر باندھی ہے۔.......... کوئی جماعت تاجدارِ مدینہ ﷺ کی مقدس احادیث کا انکار کر کے سرکار کی توہین و تکذیب میں مصروف ہے۔.......... کسی نے آقائے دو عالم ﷺ کے کمالاتِ علیہ و عملیہ کا انکار کر کے تنقیصِ رسالت کی۔..........

غرض کہ کیا کیا لکھا جائے۔ معمولی سمجھ رکھنے والا انسان اس حقیقت کو نہایت آسانی سے سمجھ سکتا ہے کہ عقل و شرح سے جب یہ بات ثابت ہوگئی کہ اہلِ محبت کو محبوب میں کوئی عیب نظر نہیں آتا اور نہ ہی ان کا کان محبوب کا عیب سن سکتا ہے تو جس قوم کو شب و روز یہی وطیرہ ہو کہ قرآن و حدیث اور دلائلِ عقلیہ و نقلیہ سے آقائے نامدار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذاتِ اقدس میں عیوب و نقائص ثابت کرنے کے درپے ہو۔ وہ کیونکہ سرکار ﷺ کی محبت کے دعوے میں صادق ہوسکتی ہے؟

خدا کی قسم! حضور تو محمد ﷺ ہیں اور محمد ﷺ کے معنی ہی بے عیب ہیں۔ تو جس نے محمد ﷺ کے اندر عیب مانا۔ اس نے محمد ﷺ کو محمد ﷺ ہی نہیں مانا۔ حضور ﷺ کو محمد وہی مانتا ہے جو حضور ﷺ کو بے عیب مانتا ہے۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم

پس ثابت ہوا کہ تمام فرقوں میں وہ فرقہ اپنے دعویٰ محبت میں سچا ہے جو حضور ﷺ کو تمام عیوب و نقائص سے منزہ اور پاک مانتا ہے۔

Marfat.com

سرکار دو عالم ﷺ کے ذکر پاک،

# درود شریف کی فضیلتیں اور برکتیں

ماہ رخ خان قادری (کاونٹری)

حضور سرور کائنات ﷺ نورِ خداوندی ہیں۔ باعثِ تخلیق کائنات ہیں، عرش، کرسی لوح وقلم، جنت، چاند، سورج آپ ہی کے نور سے پیدا ہوئے ہیں۔ حضور ﷺ کی شانِ رفعت کا کیا کہنا۔ خود خداوند تعالیٰ فرماتا ہے۔ رفعنا لك ذكرك۔ روئے زمین پر پانچوں وقت اذان میں خدا کے نام کے ساتھ حضور ﷺ کا اسم مبارک پکارا جاتا ہے۔ خدا کا بے حد وحساب شکر ہے کہ اس نے ہمیں اپنے محبوب ﷺ کا امتی پیدا فرمایا ہے۔ خدا ہم سب مسلمانوں کو حضور ﷺ کے اتباع کامل کی توفیق عطا فرمائے۔ حضور ﷺ کے محامد ومناقب کا احصاء انسانی طاقت سے بالاتر ہے۔

## حضور ﷺ کا ذکر مبارک بھی عبادت ہے

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسولِ خدا ﷺ نے فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام کا ذکر کرنا عبادت ہے۔ صالحین کا ذکر کرنا گناہوں کے لئے کفارہ ہے اور موت کا ذکر کرنا صدقہ ہے اور قبر کی یاد تم کو جنت تک پہنچا دے گی۔ (جامع صغیر)

## حضور ﷺ کے نام مبارک کی برکت سے دوزخ کی آگ سرد ہو جائے گی

روایت ہے کہ قیامت کے دن قرآن کے حافظوں کی ایک جماعت دوزخ میں داخل ہوگی۔ وہ حضور ﷺ کا اسم مبارک فراموش کر چکے ہوں گے، دوزخ کی آگ ان کو سوختہ کر چکی ہوگی۔ آخر بہ امرِ خداوندی جبرئیل علیہ السلام اُن کو حضور ﷺ کا اسم گرامی یاد دلائیں گے۔ حضور ﷺ کے نام مبارک کی برکت سے دوزخ کی آگ سرد ہو جائے گی اور وہ لوگ دوزخ سے نکال دیئے جائیں گے۔ (مواہب اللدنیا)

Marfat.com

## حضور ﷺ کا ہم نام جہنم میں داخل نہ ہوگا

حضور ﷺ کا اُمتِ محمدیہ ﷺ کو فرمان ہے کہ اپنا نام محمد یا احمد رکھا کرو۔ چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک روز حضور سرور کائنات ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن دو آدمی دربارِ خداوندی میں پیش ہوں گے۔ حکم ہوگا ان کو جنت میں لے جاؤ یہ حکم سن کر ان کو تعجب ہوگا۔ اور حق تبارک و تعالیٰ سے عرض کریں گے یا الہ العالمین! ہم نے تو کوئی نیک عمل نہیں کیا، پھر ہم کیوں جنت میں بھیجے جا رہے ہیں، حق تعالیٰ کا ارشاد ہوگا، تم جنت میں جاؤ۔ میں نے قسم کھا رکھی ہے کہ جس شخص کا نام محمد یا احمد ہوگا اس کو دوزخ میں داخل نہ کروں گا۔ (مواہب)

## حضور ﷺ کا اسم مبارک تمام ملاء اعلیٰ میں مرقوم ہے

حضرت کعب بن احبار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے اپنے صاحبزادے شیث علیہ السلام سے ارشاد فرمایا تھا۔ اے جانِ پدر! تو میرے بعد خلیفہ ہوگا تقویٰ اور عروہ وثقیٰ کو پکڑے رکھنا اور جب خدا کا ذکر کرو تو اس کے ساتھ محمد ﷺ کا ذکر کرنا۔ میں نے حضرت محمد ﷺ کا اسم مبارک عرشِ الٰہی پر لکھا دیکھا ہے۔ ساتوں آسمانوں میں کوئی ایسی جگہ نہیں ہے، جہاں حضور ﷺ کا نام مبارک نہ لکھا ہو۔ جنت میں ہر مکان کی ہر منزل پر اور جنت کے درختوں کے تمام پتوں پر سدرۃ المنتہیٰ کے ہر ہر پتے پر اور جنت کی حوروں کی گردنوں پر حضور ﷺ کا اسم مبارک مکتوب ہے۔ فرشتوں کے چہروں پر، دونوں آنکھوں کے درمیان، حضور سرور عالم ﷺ کا اسم مبارک مکتوب ہے۔ آسمان کے فرشتے حضور سرور کائنات ﷺ کے نام مبارک کا ذکر کرتے رہتے ہیں۔ (مواہب)

## حضور ﷺ کے نام مبارک کے توسل سے حضرت آدم کی توبہ قبول

علامہ سیوطی نے "فتلقی آدم من ربه کلمات" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ابن عساکر نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام سے دانہ گندم کھا کر جنت میں لغزش ہوئی تو انہوں نے

Marfat.com

عرشِ الٰہی کی طرف منہ کر کے دُعا کی۔ اسئلك بحق محمد اغفرلی (یا اللہ! حضور محمد ﷺ کے توسل سے میری خطا معاف فرمادے) تو حق تعالیٰ نے آدم علیہ السلام سے فرمایا محمد! کون ہے تو آدم علیہ السلام نے عرض کیا۔ یا الہ العالمین! تو نے مجھے جب پیدا فرمایا تھا تو میں نے سر اٹھا کر دیکھا عرش پر لا اله الا الله محمد رسول الله مرقوم تھا۔ میں سمجھ گیا کہ آپ کی نظر میں حضور محمد مصطفےٰ ﷺ سب سے زیادہ محبوب ہیں اسی لئے تو آپ کے نام کے ساتھ اُن ﷺ کا نام لکھا ہوا ہے۔ اس پر حق تبارک وتعالیٰ نے وحی نازل فرمائی۔ اے آدم! محمد ﷺ تمہاری اولاد میں خاتم النبیین ہوں گے اور اگر محمد ﷺ نہ ہوتے تو میں تمہیں بھی پیدا نہ کرتا۔ (مواہب)

## حضرت آدم علیہ السلام کی وحشت حضور ﷺ کا نام سن کر دور ہوگئی

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ جب آدم علیہ السلام جنت سے زمین پر اتارے گئے تو ان کو تنہائی اور دوسرے عالم میں پہنچنے سے سخت وحشت ہوئی تو جبرئیل امین علیہ السلام زمین پر تشریف لائے اور بلند آواز سے یہ کلمات ارشاد فرمائے۔ اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ لا اله الا الله محمد رسول الله محمد رسول الله یہ کلمات سن کر حضرت آدم علیہ السلام کو تسکین حاصل ہوئی۔ (مواہب)

## حضور ﷺ قیامت کے دن براق پر سوار ہونگے

حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ قیامت کے دن انبیائے کرام چوپاؤں پر سوار ہوں گے اور میں براق پر سوار ہوں گا۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ جنت کی ایک اونٹنی پر سوار ہونگے اور میدانِ قیامت میں اذان دیں گے۔ وہ جس وقت اشهد ان محمد رسول الله پکاریں گے تو اولین اور آخرین کے تمام مومنین شہادت دیں گے۔ ان محمد رسول الله۔ (مواہب)۔

Marfat.com

## حضور ﷺ کے نام مبارک کے توسل سے مردہ زندہ ہو گیا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مدینہ طیبہ میں ایک مہاجر نابینا بوڑھیا کا بیٹا انتقال کر گیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ تعزیت کے لئے گئے۔ نابینا بوڑھیا نے میت کو چادر اڑھا دی اور اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف بلند کر کے حق سبحانہ سے درخواست کی کہ اے اللہ! تجھے معلوم ہے کہ میں نے تیرے اور تیرے نبی کی طرف ہجرت کی اسی امید پر کہ تو میری مصیبت کے وقت مدد کرے گا۔ اے خدا! مجھ میں یہ صدمہ برداشت کرنے کی طاقت نہیں مجھ پر رحم فرما، کرم فرما۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دُعا کے خاتمے پر میت کے جسم میں حرکت محسوس ہوئی میں نے چادر کھول کر دیکھا تو وہ جوان زندہ تھا۔ اٹھ بیٹھا اور کچھ دیر بعد ہم نے ایک ساتھ بیٹھ کر کھانا کھایا۔

## لوحِ محفوظ پر سب سے پہلے کیا لکھا ہوا ہے؟

روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے لوحِ محفوظ میں سب سے پہلے یہ تحریر فرمایا ہے۔

انی ان اللّٰہ لا الہ الا انا سبقت رحمتی علی غضبی فمن شھد ان لا الہ الا انا وان محمد عبدہ ورسولہ خلد الجنہ

میں بلا شک و شبہ خدا ہوں۔ میرے علاوہ کوئی اور خدا نہیں ہے، میری رحمت میرے غضب پر غالب ہے جو شخص اس امر کی شہادت دے گا کہ میرے سوا کوئی اور خدا نہیں ہے اور یہ کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں تو اس کو جنت عطا کروں گا۔ (فردوس ویلمی)

## پتھر پر نام مبارک قدرتی نقش تھا

حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کتب سابقہ میں پڑھا ہے کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ کو ایک پتھر ملا تھا، جس پر قدرتی چار سطریں مکتوب تھیں، پہلی سطر میں لکھا تھا۔

Marfat.com

انا الله لا اله الا انا فاعبدونی

میں ہی خدائے برحق ہوں، میرے سوا کوئی اور خدا نہیں ہے۔ صرف میری عبادت کرو،

دوسری سطر میں لکھا ہوا تھا۔

انی انا الله لا اله الا انا محمد رسول فطوبی لمن امن ابی

میں خدائے برحق ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ محمد ﷺ میرے رسول ہیں، جو مجھ پر ایمان لائے گا اس کے لئے جنت ہے۔

## مسلمانوں کو درود شریف پڑھنے کا حکم

قرآن پاک میں ارشاد خداوندی ہے کہ:

ان الله وملائکته یصلون علی النبی یا ایها الذین امنوا صلوا علیه وسلموا تسلیما

اللہ تعالیٰ اور فرشتے جناب رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجتے ہیں اے مومنو! تم بھی درود پڑھو۔

حق تبارک و تعالیٰ کا یہ حکم حضور سرور کائنات ﷺ کے انتہائی اعزاز کی دلیل ہے۔ احادیث نبویہ میں درود شریف کے بے شمار فضائل مذکور ہیں۔

## درود شریف بارگاہ نبوت میں پیش ہونے سے پہلے دربارِ خداوندی میں

حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو درود شریف پر موکل کر رکھا ہے جو درود شریف کو حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں کہ آپ ﷺ کے فلاں امتی نے آپ کے لئے صلوٰۃ وسلام کا نذرانہ پیش کیا ہے۔

## درود شریف بارگاہ نبوت میں پہنچانے کے لئے فرشتوں کا انتظام

حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو درود شریف پر موکل کر رکھا

Marfat.com

ہے جو درود شریف کو حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں کہ آپ ﷺ کے فلاں امتی نے آپ کے لئے صلوٰۃ وسلام کا نذرانہ پیش کیا ہے۔

## اہل محبت کا درود حضور ﷺ خود سماعت فرماتے ہیں

جب بھی اہل محبت درود شریف پڑھتے ہیں تو ان کا درود حضور ﷺ خود سماعت فرماتے ہیں پڑھنے والوں کو پہچانتے بھی ہیں۔

## حضور ﷺ گنبدِ خضرا میں خود درود وسلام سماعت فرماتے ہیں

حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو مسلمان (میری قبر پر) درود وسلام عرض کرتا ہے۔ مجھے اس کی آواز پہنچا دی جاتی ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! وفات کے بعد کیسے سماعت فرمائیں گے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کے جسموں کو زمین پر حرام قرار دیا ہے۔

## قبر میں سب سے پہلے حضور ﷺ کے بارے میں سوال ہوگا

حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ کثرت کے ساتھ درود شریف پڑھا کرو۔ قبر میں سب سے پہلے تم سے میرے بارے میں ہی سوال کیا جائے گا۔

(رواہ السخاوی وابن عساکر)

## درود وسلام پڑھنے والے پر خدا تعالیٰ بھی درود وسلام بھیجتے ہیں

حضرت ﷺ کا فرمان ہے کہ جبرئیل امین علیہ السلام نے مجھے بشارت دی ہے کہ حق تعالیٰ کا فرمان ہے کہ جو شخص آپ پر درود پڑھے گا میں اس پر درود بھیجوں گا اور جو شخص تم پر سلام پڑھے گا میں اس پر سلام بھیجوں گا۔ (رواہ احمد وحاکم)

## درود شریف پڑھنے سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں

حضرت امام حسین علیہ السلام سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ درود شریف کثرت سے پڑھا کرو کیونکہ درود شریف پڑھنے سے گناہ معاف ہو

Marfat.com

جاتے ہیں۔ (ابن عساکر)

## حضور ﷺ کے نام مبارک کے ادب اور تعظیم سے دوزخی جنتی بن گیا

حضرت روہب رضی اللہ عنہ بن منبہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ بنی اسرائیل میں ایک شخص نہایت نافرمان تھا سو سال کی عمر میں اس کا انتقال ہوگیا۔ لوگوں نے اس کی نعش اٹھا کر کوڑے میں پھینک دی۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر وحی نازل فرمائی، جاؤ اس کو نکالو اور نماز جنازہ پڑھو۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا یا اللہ! بنی اسرائیل شاہد ہیں کہ وہ نہایت بدکار اور نافرمان تھا حق تبارک و تعالیٰ نے خطاب فرمایا۔ ہاں بات تو یہی ہے، مگر اس کی عادت تھی کہ وہ جب تورات شریف کو کھولتا تھا اور اس کی نظر جناب محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام نامی پر پڑتی تھی تو وہ حضور کے نام مبارک کو بوسہ دیتا تھا، آنکھوں سے لگاتا تھا۔ مجھے اس کی یہ بات پسند آگئی، میں نے اس کو بخش دیا اور جنت میں ۷۰ حوریں عطا فرمائی ہیں۔ (حلیہ ابن نعیم)

یہ سرکار دو عالم ﷺ کے اسم اقدس کے فضائل اور درود شریف پڑھنے کے برکات میں سے چند کا ذکر کیا گیا ہے، مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ ان فضائل و برکات پر توجہ دیں اور سرکار دو عالم ﷺ کے اسم اقدس اور درود شریف کی تمام فضیلتیں اور برکتیں حاصل کریں۔

بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اُوست
اگر بہ اُو نرسیدی تمام بُولہبی ست

(علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ کی

# بچوں سے محبت و شفقت

محمد خضر حیات

آنحضرت ﷺ کا سلوک بچوں کے ساتھ انتہائی رحمت و شفقت کا تھا۔ بچوں کے ساتھ آپ ﷺ ہمیشہ مہربانی کے ساتھ پیش آتے تھے۔ چند مستند واقعات پیش کئے جاتے ہیں جن سے واضح ہوتا ہے کہ آنحضور ﷺ کس طرح بچوں کے ساتھ محبت کا برتاؤ کیا کرتے تھے آپ ﷺ نے جو ارشاد فرمایا ہے اس پر آپ نے کس طرح عمل کیا ہے؟

سیرت و حدیث کی کتابوں میں مذکور ہے کہ راہ میں اگر بچے آپ ﷺ کو نظر آجاتے تو آپ انہیں بھی سلام کرتے تھے اور پیار کرتے تھے۔

ہجرت کے موقع پر جب مدینہ طیبہ میں آپ ﷺ داخل ہوئے تو انصار کی چھوٹی چھوٹی لڑکیاں خوشی میں دروازوں سے نکل کر آپ کے خیر مقدم کے ترانے گا رہی تھیں جب آپ ﷺ نے انہیں دیکھا تو ارشاد فرمایا۔

"بچیو! کیا تم مجھ سے محبت کرتی ہو؟ (مفہوم) سب نے جواباً عرض کیا۔ یقیناً یا رسول اللہ" آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں بھی تمہیں پیار کرتا ہوں۔ (از مفہوم)

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے تھے کہ آنحضرت ﷺ فرمایا کرتے تھے۔ "میں نماز شروع کرتا ہوں اور ارادہ ہوتا ہے کہ دیر میں ختم کروں گا۔ ناگہانی صف سے کسی بچہ کے رونے کی آواز آتی ہے اور میں اس خیال سے نماز مختصر کر دیتا ہوں کہ اس کی ماں کو تکلیف ہو رہی ہو گی۔ (مفہوم)۔

ایک صحابی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ "میں بچپن میں انصار کے نخلستان میں چلا جاتا تھا اور ڈھیلے مار کر کھجوریں گراتا رہتا تھا۔ ایک دن میں یہ شرارت کرتے ہوئے پکڑا گیا اور پکڑ کر لوگ مجھے آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں لے گئے۔ آپ نے مجھ سے دریافت کیا۔ تم ڈھیلے کیوں مارتے ہو۔ اس نے جواب دیا۔ کھجوریں کھانے کے لئے

Marfat.com

ڈھیلے مارتا ہوں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: جو کھجوریں زمین پر ٹپک جاتی ہیں۔ انہیں اٹھا کر کھا لیا کرو۔ ڈھیلے نہ مارا کرو۔ اور یہ ارشاد فرما کر آپ ﷺ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور مجھے دُعا دی۔ (سیرت النبی ﷺ ج، ص ۳۸۰)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ اپنے بچپن کا ایک واقعہ بیان کرتے ہیں کہ "ایک دفعہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی۔ نماز سے فارغ ہو کر آپ ﷺ نے اپنے گھر کا قصد کیا۔ میں بھی ساتھ ہو لیا۔ کسی طرف سے چند لڑکے نکل آئے آپ ﷺ نے سب کو پیار کیا اور مجھے بھی پیار کیا۔ اس رحمت و شفقت کے ساتھ آپ ﷺ بچوں سے پیش آیا کرتے تھے۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ عرصہ دراز تک آپ ﷺ کی خدمت انجام دیتے رہے۔ بہت کم سنی ہی میں آپ ﷺ کی خدمت گزاری حضرت انس رضی اللہ عنہ کے سپرد ہوئی تھی۔ چونکہ ابھی بہت کم عمر تھے اس لئے ان سے بہت سے کام ہو نہیں سکتے تھے لیکن آنحضرت ﷺ نے کسی بھی کام کے نہ ہونے پر کبھی بھی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے باز پرس نہیں کی، سختی نہیں کی، ڈانٹا نہیں۔

ان واقعات سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کس جذبہ کے ساتھ بچوں سے حسن سلوک کرتے تھے۔ یہ محبت و شفقت کا برتاؤ صرف مسلمان بچوں ہی کے لئے مخصوص نہیں تھا۔ آنحضرت ﷺ "رحمتہ للعالمین" ہیں۔ غیر مسلموں کے بچوں کے ساتھ بھی آپ ﷺ اسی طرح شفقت و محبت کا برتاؤ فرماتے تھے۔

ایک غزوہ میں چند غیر مسلم بچے جھپٹ میں آ کر مارے گئے۔ آپ ﷺ کو خبر ہوئی تو آپ ﷺ نہایت آزردہ ہوئے ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ (ﷺ)! وہ تو مشرکین کے بچے تھے۔" آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ مشرکین کے بچے بھی بچے ہی تھے۔ خبردار! بچوں کو قتل نہ کرو۔ خبردار بچوں کو قتل نہ کرو۔ ہر جان خدا کی فطرت پر ہی پیدا ہوتی ہے۔ اس طرزِ عمل سے سرکارِ دو عالم ﷺ کا بچوں سے حسن سلوک اور ان سے محبت و شفقت کا اندازہ ہوتا ہے۔ آپ ﷺ کا یہ اسوۂ حسنہ آج بھی ہمارے لئے واجب العمل اور لائق تقلید ہے۔ اسی طرح ایک ایسا بہترین سماج پیدا ہو سکتا ہے جس میں کسی بھی انسان سے نفرت کا نام و نشان بھی نہ ہو گا۔ انسان سے صرف محبت ہی محبت کا فعل ہو گا اور بس۔

Marfat.com

# سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم! عورتوں کے محسنِ اعظم

محترمہ بیگم ہرمزی قدوائی

یہ بات ہمیں اچھی طرح معلوم ہے کہ دورِ جاہلیت کے عرب جب دختر کشی اور قتلِ اولاد جیسے مہیب گناہوں میں ملوث تھے اور ان گناہوں پر فخر بھی کرتے تھے۔ عرب میں یہ رواج کیوں پڑا تھا؟ اس کی کئی وجوہ بیان کی جاتی ہیں۔ عرب میں اولاد کی کثرت تھی مگر ان کی پرورش کے قدرتی وسائل بالکل محدود تھے اس کے بڑے حصے کو وادیٔ غیر ذی زرع کہا گیا ہے۔ یہاں کی قدرتی پیداواریں بہت ہی کم تھیں۔ خود حضور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی خوراک میں جن چیزوں کا ذکر ہم پاتے ہیں وہ وہی ہیں جو عام طور پر وہاں کثرت سے پیدا ہوتی تھیں۔ اور عوام کی بنیادی خوراک تھیں یعنی کھجور اور جو۔ جس شخص کے پاس کچھ تھوڑا بہت اثاثہ تھا وہ مویشی بھی پال لیتا تھا اور تجارت میں بھی شریک ہوتا تھا۔ لیکن زراعت اور تجارت سے بھی محدود سطح پر تھیں۔ اور ان باتوں کا قدرتی نتیجہ یہ تھا کہ لوگوں کے وسائل معیشت وسیع نہ تھے اور دس بارہ اولادوں کا پالنا محال ہو جاتا تھا مرد تو پھر بھی کاروبارِ حیات میں کارآمد رکن بن سکتے تھے مگر لڑکیاں گھرانہ کا بوجھ ہی ثابت ہوتی تھیں اور دورِ جاہلیت میں ان کو پیدا ہوتے ہی زندہ دفن کر دینے کا گناہ شاید اس وجہ سے بھی پیدا ہوا ہے پھر عرب یہ بھی سوچتے تھے کہ لڑکے تو میدانِ کارزار میں ہمارے دوش بدوش لڑ سکتے ہیں لڑکیاں کس مرض کی دوا ہیں۔ جنگ و جدال قبائلی زندگی کا اوڑھنا بچھونا تھا۔ ہزیمت خوردہ قبیلہ کی لڑکیاں دشمن کے حوالہ کر دی جاتی تھیں جس سے باپ عزت کی پر حرف آتا تھا۔ اگر کوئی اس ذلت سے بچنا چاہتا تھا تو زرِ نقد بطور فدیہ دے کر اپنی لڑکیاں چھڑا لیتا تھا لیکن جو نادار ہوتے تھے وہ تو اپنی لڑکیوں کو دشمن کے حوالہ کرنے ہی پر مجبور تھے ان حالت کو دیکھتے ہوئے لوگوں نے یہی بہتر سمجھا کہ لڑکیوں کو پیدائش کے بعد یا تو زندہ دفن کر دیا جائے یا کسی پہاڑ کی چوٹی سے نیچے گرا دیا جائے۔

Marfat.com

پیدائش سے قبل بیٹا پیدا ہونے کے ارمان ہوتے تھے اور بتوں سے دعائیں مانگی جاتی تھیں کہ اولاد نرینہ تولد ہو۔ یہ لوگ بت پرستی میں ڈوبے ہوئے تھے۔ اور ایک ان دیکھے خدا کے تصور سے کبھی آشنا نہ ہوئے تھے، اس لئے قدرتی بات تھی کہ اپنے ہی ہاتھوں سے بنائے ہوئے پتھروں کو معبود سمجھنے کی لعنت میں گرفتار تھے۔ ان کے ذہن میں فرشتوں کا بھی ایک تصور تھا مگر یہ تصور بھی بہت حقیر تھا۔ وہ انہیں اللہ کی بیٹیاں کہتے تھے (نعوذ باللہ) اور چونکہ ان کے نزدیک وہ فرقہ اناث سے تھے اس لئے وہ ان کو بھی حقیر مخلوق جانتے تھے۔

یہ صحیح ہے کہ اسلام سے پہلے عربوں کے معاشرے میں عورت ضرور موجود تھی مگر اسے کوئی معزز و موقر مقام حاصل نہیں تھا۔ یہ لوگ عورت کو اپنی شاعری کا موضوع بناتے تھے عورت سے متعلق عشق و محبت کے قصے بھی ان کے ہاں مشہور تھے۔ بعض قصص و حکایت ایسی بھی ملتی ہیں جن سے عورت جنگوں میں جوش دلانے والے ایک وسیلہ کی حیثیت سے بھی نظر آتی ہے مگر یہ سب باتیں خال خال ہیں۔

حضور ﷺ کا واقعہ ہے کہ ایک دفعہ کسی مجلس میں آپ تشریف فرما تھے کہ حاضری سے مخاطب ہوئے۔

"کیا تم اس بات پر بیعت نہیں کرتے ہو کہ خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک نہ کرو گے، چوری نہ کرو گے، زنا نہ کرو گے اور نہ کسی ایسی جان کو جس کا قتل خدا نے حرام قرار دیا ہے ناحق قتل نہ کرو گے۔ تم اپنی اولاد کو قتل نہیں کرو گے اور نہ کسی پر تہمت لگاؤ گے...... (مفہوم)

حضور سرورِ کائنات ﷺ نے اسی موقع پر بھی عہد لیا۔ تم میری نافرمانی نہیں کرو گے۔ جس شخص نے اس عہد کو پورا کیا اس کا اجر خدا کے پاس ہے اور جس شخص نے سوائے گناہِ شرک کے ان میں سے کسی فعل کا ارتکاب کیا اور اللہ نے اس کا پردہ رکھ لیا تو اس کا فیصلہ اللہ تعالیٰ پر ہے چاہے وہ معاف کرے چاہے وہ سزا دے۔

اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ جہاں قتل اولاد سے روکا گیا ہے وہ عربوں کی رسم دختر کشی کی طرف ہی اشارہ ہے مگر قتل اولاد کی ایک اور شکل بھی عربوں میں رواج پا گئی

Marfat.com

تھی اور سنت کی رسم قبیح تھی۔ ہوتا یہ تھا کہ عرب منتیں مانگتے تھے اور منت پوری ہونے پر اپنے وعدہ کے مطابق قربانی دیا کرتے تھے۔ یہ قربانی اونٹوں کی بھی ہوتی تھی، مال و زر کی بھی ہوتی تھی اور اولاد کی بھی ہوتی تھی لیکن سلام نے اولاد کی قربانی کی ممانعت فرما دی ہے۔

غرض اس وقت کی دنیا ایسی ہی برائیاں اور عذابوں میں گرفتار تھی۔ عرب بالخصوص بہت پسماندہ تھا اس لئے قدرت حق نے اسی سرزمین کو چنا کہ یہاں محسن انسانیت ﷺ کی پیدائش ہو اور جہل دور ہو۔ حضور انور ﷺ کی پیدائش اور بعثت سے منشائے خدا پورا ہوا۔ عربوں پر ہی نہیں پوری انسانیت پر رسول اللہ ﷺ کے احسانات ان گنت اور بے شمار ہیں مگر میں خصوصیت کے ساتھ آپ کے ان احسانات کا ذکر کرنا چاہتی ہوں جو آپ نے طبقہ اناث پر کئے ہیں۔ بلکہ حضور ﷺ تو عورتوں کے لئے آئینہ رحمت بن کر تشریف لائے تھے۔

مردوں نے عورت کو اپنی ضرورتوں کے لئے ایک کھلونا بنا رکھا تھا اور وہ اسے جس وقت چاہتا تھا توڑ دیتا تھا۔ اس کو نہ ماں باپ کے گھر میں عزت کا مرتبہ حاصل تھا اور نہ شوہر کے گھر میں اس کی کوئی عزت تھی۔ لیکن اللہ رب العزت کے حکم اور حضور ﷺ کے پرتاثیر ارشادات نے عربوں کی اس ذہنیت کی کایا پلٹ دی۔ آپ نے ارشاد فرمایا ہے:

"اگر کسی کے ہاں لڑکی پیدا ہو اور وہ اسے زندہ نہ گاڑے، نہ اسے ذلیل خیال کرے اور نہ اولاد نرینہ سے اسے حقیر جانے تو ایسا شخص جنت میں داخل ہوگا۔" (مفہوم ابوداؤد)

اللہ رب العزت کے اس سچے اور عظیم تر رسول ﷺ نے کس طرح لڑکی کی جان بخشی کرائی اور اس کا معاشرت میں درجہ بلند کیا۔

غیر مسلم ہمیں طعنہ دیتے ہیں کہ مسلمانوں میں عورتوں کو جاہل رکھا جاتا ہے۔ برا ماننے کی بات نہیں ہم خود ہ فرمان نبوی ﷺ کو بھولے ہوئے ہیں۔ حضور ﷺ نے تو ہمیں یہ تلقین کی تھی۔ علم حاصل کرنا ہر مومن اور مومنہ پر فرض ہے۔" مگر ہم غیر مسلم معاشرہ میں رہنے کے باعث نہ صرف اس فریضہ سے غافل ہو گئے بلکہ دوسری برائیاں بھی ہمارے معاشرہ میں در آئیں جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ہم غیر مسلموں کی طرح اپنی لڑکیوں کو

Marfat.com

حقیر سمجھنے لگے۔ یہ تنگ نظری اتنی بڑھی کہ ان کی پیدائش پر کچھ مسلمان بھی ناک بھوں چڑھانے لگے اور انہیں کنبے میں بار سمجھنے لگے۔ اب انہیں زندہ درگور تو نہیں کر سکتے لیکن جو مرتبہ حضور ﷺ کے طفیل لڑکیوں کو ملا تھا وہ ہم انہیں نہیں دیتے۔ موٹا کپڑا پہنایا جاتا ہے اور ایسا ہی کھلا دیا جاتا ہے اور جب لڑکی شادی کے قابل ہوتی ہے تو جلد از جلد اسے سر سے ٹالنے کی کوشش ہوتی ہے بلکہ بے دیکھے بھالے شادیاں کر دی جاتی ہیں اگر اب حالات سدھر گئے ہیں یا بعض کنبوں میں ہماری لڑکیاں بہتر حالت میں آگئی ہیں تو یہ بڑی ہی اچھی بات ہے مگر ایک عام گفتگو کر رہی ہوں۔

لڑکیوں کو زیورِ تعلیم و تربیت سے آراستہ کرنے کی تاکید حضور ﷺ نے بار بار فرمائی ہے مسلم اور ترمذی کی روایت ہے۔ جو شخص لڑکیوں کی پرورش کرے۔ یہاں تک کہ وہ بالغ ہو جائیں آپ نے اپنے ہاتھ کی دو انگلیوں کی طرف اشارہ کر کے فرمایا) تو میں اور وہ اس طرح اکھٹے جنت میں داخل ہونگے۔ (مفہوم)

ایک اور موقع پر آپ نے یہ بھی ارشاد فرمایا۔ "جس شخص نے تین بیٹیوں یا تین بہنوں یا دو بہنوں یا دو بیٹوں کی پرورش کی۔ انہیں پڑھایا، سلیقہ سکھایا، ان کے ساتھ نیک سلوک کیا اور پھر ان کی شادی کر دی تو وہ شخص جنتی ہو گیا۔...... (مفہوم)

ان دونوں ارشادات سے بخوبی ظاہر ہے کہ حضور پرنور ﷺ کو لڑکیوں کی تعلیم و تربیت کس قدر عزیز تھی بلکہ آپ نے تو یہاں تک تاکید کی تھی کہ جب تک وہ بالغ نہ ہو جائیں انہیں تربیت و تہذیب سے آراستہ کیا جائے یہ نہیں کہ دو چار ابتدائی کتابیں پڑھا کر تعلیم و تربیت کی انتہا سمجھ لی جائے حضور ﷺ کا ارشاد یہی ہے کہ لڑکیوں کو وہ تعلیم دلواؤ جو ان کے لئے عرصہ حیات میں مفید ثابت ہو سکے اور وہ بہتر مائیں بن کر قوم کو باعزت مقام دلا سکیں۔" (مفہوم)

ہمارے معاشرے میں اب تعلیم کا چرچا عام ہوا ہے تو وہ بھی کاروباری حیثیت سے شروع ہوا ہے۔ میں نے اکثر لوگوں کے یہ الفاظ لڑکیوں سے سنے ہیں۔ یا تو اپنی تعلیم پر روپیہ خرچ کرا لو یا شادی پر خرچ کرا لو۔" حالانکہ یہی مرحلہ ہے جب ہمیں ارشادِ نبوی

Marfat.com

ﷺ پر عمل کرنا چاہیے جس میں صراحتاً کہا گیا ہے۔لڑکیوں کی تعلیم و تربیت کے ساتھ ہی ان سے نیک سلوک بھی کرو اور پھر ان کی شادیاں بھی کرو۔ تب ہی آدمی جنت کی نعمتوں کا مستحق اور رضائے الٰہی کو پورا کرنے والا بن سکتا ہے۔ (مفہوم)

شاید اس کے بتلانے کی مجھے ضرورت ہے کہ ''حسن سلوک'' کا مقصد کیا ہے۔لڑکیوں کے ساتھ معاشرہ میں اچھے سلوک کا مقصد یہ ہے کہ حقیقتاً لڑکوں کے برابر ہی انہیں عزت دی جائے۔ لڑکوں کے برابر ہی ان کی بھی تعلیم وتربیت کی جائے۔ میں نے بعض گھروں میں یہ برا طریقہ بھی دیکھا ہے کہ مائیں لڑکیوں کے مقابلہ پر لڑکوں کو بہتر غذا دیتی ہیں اور کہتی ہیں کہ ''لڑکے تو دنیا کا بوجھ اٹھائیں گے، لڑکیاں کیا لام پر جائیں گی'' مگر اس قدر ذہنیت کی خامی ظاہرہ۔ اگر ہم اپنی بے پرواہی یا عدم مساوات سے اپنی لڑکیوں کو جسمانی اعتبار سے کمزور رکھیں گے تو کیا وہ بہتر اور صحت مند مائیں بن سکیں گی؟ عورتوں کو ذہنی اور جسمانی دونوں طریق پر توانا و صحت مند ہونا ضروری ہے جب تک ہم ایسا نہ کریں گے اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ دونوں کی ناخوشی مول لیں گے۔

ایک اور غلط رجحان جو ہمارے معاشرے میں ابھر رہا ہے وہ یہ ہے کہ لڑکیوں کو اچھی تعلیم اس لئے دی جائے کہ وہ کوئی ملازمت کر کے کچھ کما کر لائیں اور جب وہ وسیلہ معاش تلاش کر لیتی ہیں تو بعض لالچی والدین ان کی شادیاں نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ خود اتنا کماؤ کہ تم اپنی شادی کا بوجھ اٹھا سکو۔ یہ ذہنیت بھی سودے بازی کی ذہنیت ہے اور کوئی صحت مند علامت نہیں ہے اللہ اور رسول ﷺ کی خوشنودی تو اس وقت حاصل ہو سکتی ہے، جب ہم بلا معاوضہ اپنی اولاد کی خدمت کریں، خواہ وہ لڑکا ہو لڑکی؟ یعنی کسی خودغرضی کو دخل نہ ہو، ورنہ معاشرہ میں طرح طرح کی دوسری برائیں جڑ پکڑ لیں گی۔

ابوداؤد میں ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے...... میں اور وہ عورت جس کے رخسار پر سیاہ دھبے پڑ گئے ہوں روز جزا ایسے نزدیک ہونگے جیسے انگوٹھے کے پاس کی

Marfat.com

دونوں انگلیاں...... (مفہوم)۔

یہاں رخسار پر سیاہ دھبے رکھنے والی عورت سے مراد وہ عورت ہے جس کا شوہر فوت ہو گیا ہو مگر وہ اپنے یتیم بچوں کی خاطر نکاح ثانی نہ کرے۔ تآنکہ اس کے رخساروں پر سیاہ داغ پڑ جائیں۔ بعض اوقات بچوں کی خاطر ایسی نفس کشی بھی اجر کی مستحق قرار دی گئی ہے اور حضور ﷺ نے ایسی بے غرض ماؤں کو روز جزا اپنے قریب ہونے کی بشارت دی ہے اس روایت سے یہ بھی نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ بچوں کی پرواخت میں بے لوث اور بے غرض ہونا چاہیئے۔

اب لڑکیوں کے معاشرتی و قانونی حقوق کی طرف غور کیجئے۔ اسلام سے پہلے لڑکی کو باپ سے کوئی ورثہ نہیں ملتا تھا۔ اس کی وجہ یہی تھی کہ لڑکی کو معاشرہ میں "بیکار فرد" مانا جاتا تھا۔ لہٰذا وہ کسی بھی حق کے لئے موزوں نہ سمجھی جاتی تھی مگر حضور ﷺ نے ہی لڑکیوں کے ورثہ کی نوید بھی سنائی۔ خود اللہ تعالیٰ نے سورۂ نساء میں ارشاد فرمایا۔

للرجال نصیب مما ترك الوالدان والا قربون ص وللنساء نصیب مما ترك والوالدان والا قربون مما قل منه او كثر نصیبا مفروضا٥

اسلام کا حکم یہ ہے کہ ماں باپ اور رشتہ داروں کے ترکہ میں خواہ وہ تھوڑا ہو یا زیادہ ہو۔ لڑکیوں کا بھی حصہ ہے اور یہ حصہ خدا کی طرف سے مقرر ہیں۔

(پارہ ۴: سورۂ نساء: آیت ۷)

اس ارشادِ خداوندی کے بعد عورتوں کا مالی مستقبل مستحکم ہو جاتا ہے ان صریح احکام کی خلاف ورزی خیانت ہے اور اس کی جواب دہی اللہ رب العزت کے حضور میں کرنی ہوگی۔

خود رسول مقبول ﷺ کا عمل اس سلسلہ میں ملاحظہ فرمایئے۔ ایک دفعہ ایک صحابی حضرت سعد رضی اللہ عنہ بن ربیعہ غزوۂ احد میں شہید ہو گئے۔

اولاد میں صرف دو لڑکیاں چھوڑیں۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے بھائی نے سارے ترکہ پر قبضہ کر لیا اور لڑکیوں کو بالکل محروم کر دیا۔ اس پر حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی بیوہ حضور

Marfat.com

رسولِ مقبول ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور اس واقع کی شکایت کی۔ اس پر یہ آیت جو نیچے درج ہے نازل ہوئی اور حضور انور ﷺ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے بھائی کو بلوا کر حکم دیا۔ سعد کی دونوں بیٹیاں کو ترکہ میں سے دوتہائی اور بیوہ کو آٹھواں حصہ ادا کرو، بقیہ خود رکھو۔ (مفہوم، ترمذی وابوداؤد)۔

تمہاری اولاد سے متعلق اللہ تعالیٰ کی یہ تاکیدی حکم ہے کہ ترکے میں شریک کے لئے دولڑکیوں کے برابر حصہ ہے اگر لڑکیاں دو سے زیادہ ہوں تو اسے آدھا ترک ملے گا اور (میت کے) ماں باپ میں سے ہر ایک کو ترکہ کا چھٹا حصے ملے گا۔ بشرطیکہ وہ اپنے پیچھے اولاد بھی چھوڑے۔ اگر اس کے کوئی اولاد نہ ہو اور وارث ماں باپ ہی ہوں تو ماں کے لئے ایک تہائی۔ اگر (ماں باپ کے ساتھ) بہن بھائی بھی ہوں تو اس کی ماں کا چھٹا حصہ ہوگا۔

قرآن حکیم نے اس آیت کے مطابق عورتوں کا حصہ مقرر کر دیا ہے۔ بحیثیت بیٹی بھی اور بحیثیت بیوی، بہن اور ماں بھی۔ اب آپ دوسرے دینوں اور ملتوں کی طرف دیکھیں تو خود ہی معلوم ہو جائے گا کہ عورت کے حقوق کے تحفظ کا کیا عالم ہے؟ عورت کو بحیثیت ایک معزز فرد معاشرہ میں کسی مذہب نے اتنی سہولتیں اور حقوق نہیں دیئے ہیں۔

عورت کا نکاح بھی اس کی رضا کے بغیر نہیں ہوسکتا۔ مرد پر مہر بھی فرض کیا گیا ہے تاکہ لوگ حرمتِ نکاح اور حرمتِ نساء دونوں کی حکمت سے عملاً آگاہ ہوسکیں اور عورت کو ارزاں یا رزل نہ سمجھیں۔ اس باب میں حضور اکرم ﷺ کی حیاتِ طیبہ سے ایک واقعہ عرض کرتی ہوں۔

ایک لڑکی حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا۔ میرا نکاح کر دیا گیا ہے مگر میں اس نکاح سے ناخوش ہوں۔ اس پر آپ نے اسے یہ اختیار دیا کہ وہ چاہے تو نکاح فسخ کر سکتی ہے۔ (مفہوم)

اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ لڑکی کو اپنے شوہر کے انتخاب کا مجاز قرار دیا

Marfat.com

گیا ہے مگر ہم غیر مسلم معاشرہ میں صدیوں تک گھرے رہے ہیں اس لیے ان کی خو بو اور معاشرتی برائیاں بھی ہم میں آ گئی ہیں اور ان ہی طرح ہم بھی عورتوں کے ان صریح حقوق کو بھول گئے ہیں۔

حق مہر کے سلسلہ میں یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ مہر وہ رقم ہے جو بطور ہدیہ یا نیک سلوک ہم اپنی منکوحہ کو دیتے ہیں یا اس کی ادائیگی کا اقرار صالح کرتے ہیں۔ خود قرآن حکیم نے اس حق کی ادائیگی کی تاکید کی ہے۔ سورۂ نسا میں ہے کہ واتو النساء (عورتوں کے مہر خوش دلی کے ساتھ انہیں دے دو) مہر کی رقم کچھ بھی مقرر ہو سکتی ہے مگر شرعی حد ضرور قائم رہنی چاہیے۔ البتہ اس کی ادائیگی یکمشت اور قسط اور دونوں طرح ہو سکتی ہے۔

رقم مہر کے سلسلہ میں عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانہ کا ایک واقعہ یہاں دوہرا دینا بے کل نہ ہوگا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک خطبہ میں فرمایا۔ "لوگو! حضرت رسول کریم ﷺ اور آپ ﷺ کے اصحاب رضی اللہ عنہم نے اپنے نکاحوں میں کبھی چالیس اوقیہ یا چار سو درہم سے زیادہ مہر مقرر نہ کیا تھا۔ بلکہ اس سے کم ہی ہوتا تھا۔ اس لئے اگر تم میں سے کوئی اس سے زیادہ مہر مقرر کرے گا تو میں اسے تسلیم نہیں کرونگا اور زائد رقم بیت المال میں داخل کرا دوں گا۔ یہ خطبہ سن کر مجمع میں سے ایک عورت کھڑی ہو گئی اور اس نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو ٹوکا اور کہا امیر المومنین! کیا آپ ہمیں اس حق سے محروم رکھنا چاہتے ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے ذریعہ ہم عورتوں کو ملا تھا۔ پھر اس نے سورۂ نساء کی آیت کا حوالہ دیا جس کا مطلب یہ تھا کہ "اگر مہر میں تم بیوی کو بہت سا مال دے چکے ہو تو وہ اس سے واپس مت لو۔"

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فوراً اپنی غلطی محسوس کی اور فرمایا۔ مدینہ کی عورتیں تو عمر رضی اللہ عنہ سے بھی زیادہ فقیہ ہیں۔ مدعا یہ ہے کہ اگر مستطیع ہے تو زیادہ رقم مہر بھی ادا کی جا سکتی ہے۔ ایام جاہلیت میں باپ یا ولی مہر کی رقم وصول کرتا تھا مگر یہ عورت کی ملکیت نہ ہوتی تھی۔ اسلام نے یہ حق عورت کو دلوایا ہے۔ وہ اپنی رقم مہر کی پوری طرح مالک اور جس طرح چاہے اسے خرچ کر سکتی ہے اگر زر نقد نہ ملے تو وہ مہر میں جائیداد اور سونا چاندی بھی لے سکتی ہے۔

Marfat.com

# سیرت طیبہ ﷺ اور ہماری سیرت

ڈاکٹر برہان احمد فاروقی

ہمیں اس موضوع پر غور و فکر کی ترغیب اس لئے ہوئی کہ ہماری محکومی کے دور میں ہماری زندگی اس نمونے پر ڈھل گئی تھی کہ زندگی کے تمام تقاضے، خواہ وہ معاشرتی ہوں یا معاشی، سیاسی ہوں یا ثقافتی، تعلیم ہوں یا تبلیغی لادینی (Secular) نظام سے پورے ہوئے ہوتے تھے اور مذہب کی حیثیت ایک نظامِ زندگی کے بجا انفرادی زندگی کے نجی پہلو کی ہو گئی تھی کیونکہ لادینی نظام سے زندگی کے مسائل حل ہونے کی صورت میں زندگی سے عقیدے اور عبادات کا کوئی تعلق باقی نہیں رہ گیا تھا۔ اس لئے عقیدہ وہم بن گیا تھا اور عبادات رسوم اور ظواہر میں تبدیلی ہو گئی تھیں۔ اور یوں ہماری زندگی قول اور عمل کے تضاد کا نمونہ بن گئی تھی، جس میں اب تک کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ کیونکہ لادینیت (Secularism) کا مطلب یہ ہے کہ مذہب کا کوئی دخل معاشرت، معیشت، سیاست اور تعلیم میں نہ ہو۔ معاشرت میں عمرانی وحدت کے شعور کی بنیاد کلمہ طیبہ کے بجائے جغرافیائی، وفاداری یا وطن پرستی بن جائے تو توحید، رسالت، آخرت کا کوئی تعلق اجتماعی زندگی سے باقی نہیں رہتا اور اگر معاشی تخلیق کا عمل جائز و ناجائز کے امتیاز اور اخلاقی احتساب سے بالاتر متصور ہو، جیسا کہ لادینی معیشت کا خاصہ ہے تو معیشت کا تعلق خدا، رسول ﷺ اور آخرت سے باقی نہیں رہتا۔ اسی طرح سیاسی زندگی میں حکومت اور عوام دونوں کی زندگی میں محرک عمل فرائض کی بجا آوری کے بجائے مطالبۂ حقوق بن گیا ہو تو سیاست بھی لادینی نمونے پر ڈھلنے کے بعد خدا رسول ﷺ اور آخرت سے بے تعلق ہو جاتی ہے اور تعلیم کا مقصد حیات اسلامی کو دوام و استمداد عطا کرنے کے بجائے کسب معاش بن جائے تو تسلیم کرنا پڑے گا کہ تعلیم کا رشتہ بھی اسلام سے منقطع ہو گیا۔

اندریں صورت ہمارا اسلامیت کا دعویٰ صرف قول اور عمل کا تضاد بن کر رہ جاتا

Marfat.com

ہے اور پاکستان بن جانے کے بعد بھی ہم ابھی تک قول و عمل کے تضاد سے اس لئے نہیں نکل سکے کہ تمام سیاسی اور مذہبی قائدین نے گزشتہ سو ڈیڑھ سو سال کے دور میں لادینی ماحول ہی میں آنکھ کھولی اور ہر شخص نے اپنے آپ کو اس میں بے بس محسوس کیا۔

## سیرت کیا ہے؟

زندگی میں کوئی تبدیلی نصب العین کے حوالے کے بغیر نہیں لائی جاسکتی۔ اور نصب العین کے بغیر زندگی کو ضبط اور انقیاد کا پابند نہیں بنایا جاسکتا۔ سیرت میں کوئی تبدیلی پیدا نہیں کی جاسکتی۔ کیونکہ سیرت یا کردار نام ہی پسندیدہ اور ناپسندیدہ کے درمیان امتیاز پر اصرار اور اس اصرار کی قیمت ادا کرنے کا ہے اور پسندیدہ اور ناپسندیدہ کا تعین نصب العین ہی کے حوالے سے ہوسکتا ہے۔ مقصد کا شعور باقی نہ رہے تو بے راہ روی پیدا ہو کر رہے گی۔

## اصلاح سیرت کی شرط

ہماری سیرت کے پسندیدہ نمونے پر ڈھلنے کی تین شرطیں ہیں۔ ایک نصب العین یا منتہائے مقصود، جس کے حوالے سے زندگی میں نظم و ضبط پیدا ہوگا۔ دوسرے نمونۂ کمال کا پیشِ نظر رہنا، جو محمد رسول اللہ ﷺ کی ذاتِ گرامی ہے جس کی طرف اس آیۂ پاک میں اشارہ ہے:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

اور تیسرے ایک ایسے محرک کا مہیا ہونا جو استقامت عطا کرے اور انحراف نہ کرنے دے۔ یہ تینوں شرطیں پوری ہوں تو ناممکن ہے کہ صحیح نمونے پر سیرت کی تشکیل نہ ہوسکے۔

## علم اور عمل

جب ہماری نظر اس انقلاب سیرت کی طرف جاتی ہے جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی میں پیدا ہوا تھا اور ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ اس اخلاقی انقلاب کا طریقہ کیا تھا اور

Marfat.com

"ایمان" جو سیرت کا اہم ترین پہلو ہے، کیسے راسخ ہو سکتا ہے تو ہم اس بناء پر کہ علم بھی ایک قضیہ ہے اور ایمان بھی ایک قضیہ ہے۔ ایمان کو علم کی تمثیل پر محسوس کر کے یہ سمجھنے سے قاصر رہتے ہیں کہ ایمان کا تعلق عمل اور اس کے مقصود سے ہے اور علم کا تعلق حقیقت سے ہے۔ اور ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ علم اور عمل دو بالکل جدا اور مختلف فضائل ہیں۔ علم ادراک حقیقت کا نام ہے اور عمل حصولِ مقصد کا۔ علم کی ابتدا شک سے ہوتی ہے اور عمل کی یقین سے۔ علم کا مسئلہ یہ ہے کہ حقیقت کیا ہے اور عمل کا مسئلہ یہ ہے کہ مقصود کیسے حاصل ہو۔ علم کے مضمرات یہ ہیں کہ ایک طرف ناظر ہو، دوسری طرف منظور ہو۔ ناظر میں سمجھنے کی استعداد ہو اور منظور ایسا ہو جو ناظر کی استعداد سے ادراک میں آسکے اور اس سے بالکل مختلف عمل کے مضمرات یہ ہیں کہ مقصود کا تعین ہو۔ حصولِ مقصد کی راہ میں مزاحمت ہو اور مقصود کو حاصل کرنے والے کی طرف سے اس مزاحمت کی مزاحمت ہو۔ علم کا وظیفہ توجیہ و تعلیل ہے اور عمل کا وظیفہ تخلیقِ نتائج ہے علم کا بنیادی تصور "جبر" ہے اور عمل کا بنیادی تصور "اختیار" ہے۔

علم کی بھی دو حیثیتیں ہیں۔ ایک انسانی استعداد کا زائیدہ جس کی نشاندہی اس آیت میں کی گئی ہے۔

عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا (البقرہ:۳۱)

دوسرا علم بالوحی، جس کی احتیاج انسانی زندگی میں اس لئے پیدا ہوئی کہ انسانی استعداد کا زائیدہ علم ابھی تک اپنی نشوونما کے اتمام کو نہیں پہنچا اور انسانی علم احتمالِ خطا سے پاک نہیں ہے۔ اس لئے وہ انبیاء علیہم السلام کے ذریعہ انسانوں کو عطا کیا جاتا رہا۔ اور قرآنی وحی کی صورت میں جو کچھ انسان کی کامیابی کے لئے جاننا ضروری تھا، وہ انسانیت کو عطا کر کے محفوظ کر دیا گیا جس کا مقصد اس مقصود تک انسان کو پہنچانا ہے، جس کے پیشِ نظر کائنات کی تخلیق ہوئی ہے۔ یہ مقصود خلافت ارضی کے لئے انسان کو تیار کرنا ہے۔ اس کے دو ہی راستے ہیں ایک پیغمبرانہ قیادت کے اتباع کا راستہ، دوسرا انحراف کا، جس کی نشان دہی اس آیت میں کی گئی ہے۔

Marfat.com

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ (النحل:۹)

پیغمبرانہ تعلیمات کے اتباع اور انحراف میں جو تضاد ہے وہ بھی نوعِ انسانی کی نشو ونما کا موجب ہے۔

## عداوت بھی ارتقاء کا موجب ہے

دشمنی کا داعیہ جس کی طرف بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ میں اشارہ ہے، انسانیت کے ارتقاء کی بنیاد ہے۔اس عداوت سے چار قسم کی دشمنی پیدا ہوتی ہے ایک وہ دشمنی جو کائناتی قانون کی نشو ونما کی حیثیت رکھتی ہے۔

جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ (الفرقان:۳۱)

ہم نے ہر پیغمبر کے لئے مجرموں میں سے ایک دشمن پیدا کر دیا جو پیغمبرانہ دعوت میں مزاحمت پیدا کرتا ہے۔ اور اس مزاحمت کی مزاحمت سے نشو ونما واقع ہوتی ہے یعنی مقصد کے قریب تر ہوتے جانا میسر آتا ہے اس قانون کی خاصیت ان الفاظ میں بیان کی گئی ہے۔

فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا

اور قانون کا وظیفہ مقصود تک پہنچانا ہے۔ اگر ہم محمد رسول اللہ ﷺ کی تصدیق اور تکذیب کے تضاد سے غافل ہو جائیں تو ہم پیغمبرانہ ہدایت سے انحراف کی راہ پر آجاتے ہیں اور اپنی سہل انگاری میں مکذبینِ رسالت سے سازگاری پیدا کرنا چاہتے ہیں اور یوں ہم اس محرک سے دست بردار ہو جاتے ہیں جس میں یہ ضمانت تھی کہ استقامت برقرار رہے اور انحراف نہ کیا جا سکے۔ یہ تضاد پیغمبرانہ انقلاب پر منتج ہوتا ہے۔

## تاریخی انقلاب

ایک عداوت جو بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ سے پیدا ہوتی ہے وہ خالص مفاد پرستی کی خاطر منظم ہونے والی جماعتوں کے درمیان عداوت ہے، جن کی تربیت اس تاریخی تجربے سے ہوتی ہے کہ ضبط و انقیاد ہی کی بدولت کامیابی میسر آتی ہے۔ یہ تجربہ طبعی

Marfat.com

خواہشات پر غالب آنے میں مددگار ہوتا ہے۔ اس عداوت سے تاریخی انقلاب وجود میں آتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا یہ دعویٰ کہ کافر یہ گمان نہ کریں کہ وہ زمین میں اللہ تعالیٰ کو عاجز کر دیں گے کیونکہ مفاد پرستی کی خاطر انحراف کی راہ اختیار کرنے والے بھی اس پر مجبور ہیں کہ وہ اپنی اپنی جماعت کو سیاسی اور معاشی طور پر نشوونما دیں...... اگر پیغمبرانہ رہنمائی کے اتباع کے دعوے دار سیاسی اور معاشی اعتبار سے نشوونما دینے میں انحراف کرنے والوں سے پیچھے رہ جانے کی وجہ سے شکست کھا جائیں تو یہ حق کی شکست نہ ہوگی۔

ایک اور دشمنی جو بَعْضُکُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ سے پیدا ہو گئی وہ مفاد پرستی (باطل) اور نفع بخشی (حق) کے ملے جلے رجحانات رکھنے والی جماعت (جیسے پاکستان) اور خالص مفاد پرستانہ میلانات رکھنے والی جماعت (جیسے بھارت) کے درمیان پیدا ہو تو یہ تضاد تاریخی انقلاب پر منتج ہوگا اور جس طرح ۱۹۶۵ء کی جنگ میں جہاد کے نام پر مفاد پرستی کے لئے جو چیلنج پیدا ہوا اس سے یہ ممکن ہو سکا کہ ہم مفاد پرستی پر غالب آ گئے اور بے دریغ اپنی جان دینے کی صورت میں قربانی ہم نے دی تو نصرتِ الٰہی سے ہم غالب رہے اور جنگ کے دوران ہمارے ہاں جرائم تک بند ہو گئے۔

## مفاد پرستی اور نفع بخشی کی صورت میں اصلاح ممکن ہے

اگر مفاد پرستی اور نفع بخشی کے ملے جلے میلانات اور خالص مفاد پرستانہ تضاد کی صورت میں ہمارے مفاد پرستانہ میلانات کی اصلاح ہو سکے، جس کی تدبیر ہمیں قرآن مجید سے اخذ کرنی ہوگی تو یہ تضاد بھی پیغمبرانہ انقلاب پر منتج ہو سکتا ہے۔

## دشمنانِ اسلام سے سازگاری اصلاح کو ناممکن بنا دیتی ہے

لیکن اگر ہماری آرزو دشمنانِ اسلام سے سازگاری اور "زندہ رہو، اور زندہ رہنے دو" کی بھیک مانگنا بن گئی ہو اور ہم محمد رسول اللہ ﷺ کی تصدیق اور تکذیب کے تضاد سے صرف نظر کر لیں تو اس اسوۂ مبارک کی پیروی کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا اور مفاد پرستی سے نکلنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا جس کے پیش نظر لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ

Marfat.com

اُسوۂ حَسَنَہ میں توجہ مبذول کرائی گئی ہے۔

## اُسوۂ مبارک کی پیروی

محمد رسول اللہ ﷺ کے اسوۂ مبارک کی پیروی سے ہماری سیرت کی اصلاح اور صحیح نمونے پر اس کے تشکیل پذیر ہونے کی شرط یہ ہے کہ ہم ایمان کے اس تقاضے کو پورا پورا کریں اور مقصود و بعثت کو اپنا نصب العین بنائیں۔ اس کے نتیجے میں ہمیں ضرور ہر وہ عمل بجا لانا ہوگا جسے اس مقصد کے حاصل کرنے کے لئے اختیار کیا گیا تھا اور جسے اسوۂ حسنہ کی حیثیت حاصل ہے یہی محمد رسول اللہ ﷺ کی تصدیق ہے جس کے جواب میں ہر دور کا ابوجہل اس فطرت کے ساتھ پیدا کیا گیا ہے کہ اس کی طرف سے تکذیب ابھرے اور یہی تضاد جو ہمارے عمل کو کائناتی قانونِ نشوونما سے سازگار بناتا ہے جس کا حتماً اور یقیناً نتیجہ خیز ہونا ضروری ہے۔

## حزب اللہ اور حزب الشیطان

اس کے نتیجہ میں دو جماعتیں حزب اللہ اور حزب الشیطان وجود میں آتی ہیں۔ اور ان کے مابین تضاد ماورائی قانونِ سعادت و شقاوت پر عمل کرنے کے لئے محرک ثابت ہوتا ہے۔ جو جماعت لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ؕ کے اتباع میں مفاد پرستی پر غالب آکر زیادہ سے زیادہ افراد کو معاشی نشوونما دینے سے اپنی اخلاقی فضیلت کو وابستہ سمجھے گی وہی انجام کار غالب رہے گی۔

## ایمان بالغیب

مقصودِ بعثت کو اپنا نصب العین بنا کر اسے حاصل کرنے کی جدوجہد میں کامیابی کا انحصار اس ایمان پر ہے جس کا مطالبہ اس آیت میں کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (آل عمران: ۱۳۹) | سست نہ بنو، غم نہ کھاؤ، غالب تم ہی ہو گے، اگر تم مومن ہو۔ |

Marfat.com

یہ ایمان، ایمان بالغیب ہے یعنی اس نتیجے پر یقین جو ابھی غیب میں ہے۔ غلبے کی خاطر جہاد ہی نہیں ہر عمل کے لئے یقین و اعتماد ضروری ہے۔ حد یہ ہے کہ اگر کوئی شخص حرام و حلال کے امتیاز سے بے نیاز معیشت کے حامل معاشرے میں ریس کورس کی ٹھیکیداری سے معیشت پیدا کرنا چاہے تو اسے بھی سرمایہ کاری سے پہلے یہ یقین و اعتماد درکار ہے کہ مجھے کامیابی حاصل ہوگی۔ اس کے یقین کی بھی کوئی سنجیدہ اساس ہونی چاہیئے اس کے یقین کی اساس یہ ہوگی کہ جس معاشرے میں کسب حلال کی راہ میں مسدود ہوں اور معیشت غیر یقینی ہو۔اس کے افراد میں جوئے کا میلان نفسیاتی تقاضے کے طور پر اس وجہ سے ابھرے گا کہ جب کسب معیشت کی راہیں مسدود ہیں تو جوے کی بازی لگا کر ہی قسمت آزمائی کی جائے اس لئے وہ ضرور کامیاب ہوگا۔

## ایمان باللہ

مذہبی زندگی میں اوّلین مطالبہ ایمان باللہ میں رسوخ پیدا کرنے کا نہیں ہوسکتا۔ اولین مطالبہ کامیابی کے تعین کا ہوسکتا ہے۔ کامیابی کا تعین جدوجہد سے پہلے ضروری ہے۔ اس کے بغیر جدوجہد نہیں ہوسکتی۔ اس تعین کی بھی کوئی سنجیدہ بنیاد ہونی چاہیئے۔ اس کی بنیاد یہ ہے کہ غایتِ بعثت ہی غایت تخلیق اور غایتِ نزولِ قرآن ہے اور کائناتی قانونِ نشوونما اور تاریخی قانونِ تضاد اور ماوراتی قانونِ سعادت و شقاوت باہم گرمربوط ہیں۔

ایمان باللہ کا مطلب یہ ہے کہ اس کائنات میں اللہ تعالیٰ کی ایک ذات اسی کا نظام، اسی کا قانون اور صرف اسی کی طاقت مؤثر ہے اور اس کے مقابلے میں باطل کا کوئی وجود نہیں مگر جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا، کے لئے باطل کا یعنی مفاد پرستی کی بنا پر حق (نفع بخشی، فیض رسانی اور نشوونما دینے) کو روکنے کے لئے باطل کا وجود ضروری ہے۔ باطل ہوگا تو مٹے گا۔

اس زندگی میں حق و باطل کی کشمکش کو ایک مشاہداتی حقیقت سمجھ کر اس کشمکش میں

Marfat.com

غالب آنے کے لئے ایمان باللہ ضروری ہے تو ایمان باللہ میں رسوخ تجرباتی توثیق و شہادت سے میسر آتا ہے اور ایمان باللہ کا راسخ ہونا ایک جدوجہد کا طلبگار ہے۔ اس کی بھی بنیاد ضروری ہے۔ ایمان باللہ کی بنیاد یہ ہے کہ یہ مابعد الطبیعی مطالبہ کو ایمان باللہ اور ایمان بالآخرت ضروری ہے۔ جبلی داعیات پر غالب آجائے۔ یہ تاریخی تجربہ کہ ضبط و انقباد ہی کی بدولت کامیابی حاصل ہوئی تھی۔ طبعی خواہشات پر غالب آجائے اور یہ شعوری تقاضا کہ فضائلِ اخلاق کے بغیر کامیابی میسر نہیں آسکتی، نفسیاتی تقاضوں پر غالب آجائے اس تجربی توثیق و شہادت سے گزر کر ہی ایمان باللہ راسخ ہو سکتا ہے۔

## اپنی ناکامی کی غلط توجیہ

مگر جب سے ہمیں تاریخی کشمکش میں شکستوں سے دوچار ہونا پڑا ہے ہم نے اپنی ناکامیوں کو خدا کی بے نیازی سے منسوب کیا ہے۔ ہم یاس و ناامیدی کا شکار ہو گئے ہیں اور یہ سمجھنے سے قاصر رہے ہیں کہ ہماری شکست کا سبب یہ تھا کہ ہم بے جان عقائد، مردہ رسوم، فرقہ پرستانہ آرزوؤں اور مفاد پرستانہ گروہ بندیوں کو پیغمبرانہ راہِ حق پرستی سمجھتے رہے اور اس کو نتیجہ خیز بنانے میں کامیاب نہ ہو سکے۔ اپنی ناکامیوں سے مایوس ہو کر اللہ تعالیٰ سے مایوسی میں مبتلا ہو کر بے یقینی کا انداز پیدا کر لیا اور یہ جانا کہ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہو جائے اور بندے مایوس ہوں تو عبودیت کی نسبت قائم نہیں رہ سکتی۔

## قول و عمل کا تضاد

ہماری سیرت کی اصلاح، جس کی بدولت ہم قول و عمل کے تضاد سے پاک ہو سکتے ہیں، صرف ایک ہی طریقے سے ممکن ہے اور وہ یہ ہے کہ ہم محمد رسول اللہ ﷺ کی سیرت کو اپنے لئے نمونۂ کمال تصور کریں۔ آپ ﷺ کی شخصیت کے دو پہلو ہیں۔ ایک بشری پہلو اور دوسرا مافوق البشری پہلو۔ بشری پہلو پر توجہ مرکوز رکھنے سے اتباع کا ولولہ پیدا ہوتا ہے اور مافوق البشری پہلو کو مدنظر رکھنے سے یہ اعتماد بحال ہوتا ہے کہ آپ ﷺ کی تعلیمات احتمالی خطا سے پاک ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

Marfat.com

وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ (ھود:۱۲)

کہ ہم آپ سے رسولوں کی خبریں اس لئے بیان کرتے ہیں کہ اس سے آپ کا قلب مبارک تسکین پذیر ہو۔

مگر قصص انبیاء علیہم السلام سے قلب کو تسکین صرف اسی صورت میں حاصل ہو سکتی ہے جب ہر قصے سے یہ نتیجہ برآمد ہو کر غلبہ اور کامیابی اصحاب حق ہی کو حاصل ہو گی اور بلا استثناء یہ نتیجہ تب ہی نکالا جا سکتا ہے جب حق و باطل کی کشمکش کے نتائج ناقابلِ شکست قانون سے متعین ہو رہے ہیں۔

## محمد رسول اللہ ﷺ کی تاریخی شخصیت

آج محمد رسول اللہ ﷺ کی شخصیت تمام انبیائے کرام علیہم السلام کی شخصیت سے بڑھ کر تاریخی شخصیت ہے اور سیرت کی تشکیل میں شخصیت کا نفوذ سب سے زیادہ فعال موثر ہے۔ محمد رسول اللہ ﷺ تک پیغمبرانہ تاریخ کا دور اپنے تمام خصائص کے ساتھ ختم ہو گیا۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پیغمبرانہ رہنمائیوں نے ہمیں وہ کیا وراثت سپرد کی ہے، جس کی بنیاد پر یہ اعتماد بحال ہو سکے کہ ہماری زندگی فکر و عمل میں اختلال و زوال کا شکار ہو بھی از سرِ نو اصلاح پذیر ہو سکتی ہے۔

## پیغمبرانہ تاریخ کا ورثہ

پیغمبرانہ تاریخ نے میراث کی حیثیت سے ہمیں دو چیزیں عطا کی ہیں:

۱۔ اخلاقی فضائل کا تہذیبی لاشعور جس کے مضمرات کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے۔

وَفِىٓ أَنفُسِكُمْ ۚ أَفَلَا تُبْصِرُونَ (الذاریات:۲۱)

۲۔ آخری پیغمبر ﷺ کے کارنامے جو تاریخی طور پر نہایت تفصیل سے ہمارے پاس موجود ہیں اور قرآن حکیم جو پیغمبرانہ تاریخ کے علمی اور عملی کارناموں کی تاریخ ہے اور پہلے ادوار کی تمام کوششوں سے ہر طرح زیادہ جامع اور باکمال بھی ہے۔

اخلاقی فضائل کے تہذیبی لاشعور کے مضمرات یہ ہیں۔

Marfat.com

☆ فجور و تقویٰ کا امتیاز:

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا (الشمس:۸)

☆ باطنی کیفیت کا ادراک:

بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِیْرَةٌ (القیامۃ:۱۴)

☆ ربوبیت کا اقرار:

اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى (الاعراف:۱۷۲)

☆ امانت کی ذمہ داری کا احساس

لیکن یہ سب کچھ ایک استعداد سے زیادہ نہیں۔ جب تک اس استعداد کو نشو ونما کا موقع نہ ملے، اسے معیاری سانچوں میں نہ ڈھالا جائے، یہ خوابیدہ احساسات بیدار اور متحرک نہ ہو جائیں۔ اس احساس کی عملی دنیا میں کوئی قیمت نہیں۔ یہی استعداد ہے جسے بیدار کرنے اور قوت سے فعل کی طرف لانے کے لئے انبیاء علیہم السلام کی بعثت ہوتی رہی۔

## سیرت طیبہ اور ہماری اصلاح

ان ہی احساسات کو بیدار کرنے اور ایک زندہ طاقت بنانے کے لئے ہم خاتم المرسلین ﷺ کی سیرت طیبہ سے فیض حاصل کریں تو ہماری سیرت اصلاح پذیر ہو سکتی ہے اس کی شرط یہ ہے کہ ہم اسوۂ مبارک کی پیروی کریں مگر اسوۂ مبارک کی پیروی تب ہی ہو سکتی ہے جب ہم آپ ﷺ کی بعثت کے مقصد کو اپنا نصب العین بنائیں کیونکہ آپ ﷺ کی پوری زندگی اسی مقصود کو حاصل کرنے کی جدوجہد پر مشتمل ہے۔

آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کا مطالعہ سب سے زیادہ ولولہ انگیز اس لئے ہے کہ آپ ﷺ نے انتہائی نامساعد حالات میں جدوجہد فرمائی۔ سیرت یا کردار پسندیدہ اور ناپسندیدہ کے درمیان امتیاز پر اصرار اور اس اصرار کی قیمت ادا کرنے کا نام ہے اور یہ اصرار نصب العین کے حوالے سے پیدا ہوتا ہے تو آپ ﷺ کی سیرت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ قرآن مشرکینِ عرب کو بعثت سے پہلے کی زندگی کی نسبت یہ چیلنج دے رہا ہے۔

Marfat.com

فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (یونس:١٦)

یہ حقیقت ہے کہ میں اعلانِ وحی سے پہلے تمہارے درمیان ایک عمر بسر کر چکا ہوں، کیا تم سمجھتے نہیں۔

بدترین دشمنوں کو یہ چیلنج دیا جا رہا ہے کہ میری عمر کے اعلانِ نبوت کے پہلے کے چالیس سال تمہارے درمیان بسر ہوئے ہیں۔ کیا تم کوئی ایک بات بھی سچائی اور دیانت کے خلاف پیش کر سکتے ہو؟ جب تک اعلانِ نبوت سے پہلے کی زندگی جو آپ ﷺ کی سیرت کے بشری پہلو پر مشتمل ہے، اتنی ہی پاکیزہ اور ایسی ہی عظیم الشان نہ ہوتی جس پر بدترین دشمن بھی حرف گیری نہ کر سکیں، یہ چیلنج نہیں دیا جا سکتا تھا مگر کائناتی قانون نشوونما کے پیش نظر کہ "جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ" پیغمبرانہ دعوتِ مزاحمت اور مزاحمت کے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتی اور سنت اللہ یہی ہے اور اس میں تبدیلی واقع نہیں ہوتی اور محمد رسول اللہ ﷺ کی پیغمبرانہ دعوت اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی جدوجہد کے کامیاب ہونے کی بنیاد یہی قانونِ تضاد ہے۔

## قرآن کی رہنمائی کے تین دور

دورِ نبوت میں قرآن مجید کی رہنمائی کے تین دور ہیں۔ (۱) انفرادی۔ (۲) قومی اور (۳) بین الاقوامی۔ انفرادی سطح پر رہنمائی کی احتیاج اس لئے پیدا ہوتی ہے کہ انفرادی زندگی انسان کی واقعی فطرت اور مثالی فطرت یعنی بالفعل فطرت اور بالقوہ فطرت کے درمیان تضادات کا مجموعہ ہے، انفرادی رہنمائی کے دور میں قرآن کو مجلسی زندگی اور اخلاقی اقدار پر اصرار ہے۔ اخلاقی فضیلت کا تعلق "انما الاعمال بالنیات" کے حوالے سے صادر شدہ فعل کی اس نیت سے ہے، جو اخلاقی حکم کے اتباع سے متعین ہوتی ہے۔ یہ حیاتِ اجتماعی کے ارتقاء کے شرائط میں انسانی شخصیت کی نشوونما کا دور ہے اور منتہائے مقصود کو حاصل کرنے کی تیاری کا مرحلہ ہے اس دور میں نتیجہ پر توجہ مرکوز ہونے سے مایوسی پیدا ہوتی۔ اس لئے انفرادی سطح پر نتائج سے بے نیاز ہو کر جدوجہد درکار تھی اور اس دور میں ضروری تھا کہ نتائج کو آخرت پر ملتوی کیا جائے، کیونکہ وہ نظام، جس میں نتائج کی

Marfat.com

ضمانت ہو انفرادی سطح پر پیدا نہیں ہو سکتا۔

قومی جدوجہد جس صورتِ حال کی اصلاح پر مشتمل ہے، وہ یہ ہے کہ زندگی اطاعت و انحراف کے تضاد سے عبارت ہے جس میں عمرانی اداروں کا عمل خاص طور پر محدود دائرے میں نتائج پیدا کرتا اور عمرانی اداروں کے مضبوط ہونے سے اقدارِ حیات کا تحفظ ہوتا نظر آتا ہے۔

تیسرا دور بین الاقوامی سطح پر غلبے کے لئے جدوجہد کا دور ہے۔ اس دور میں جس صورتِ حال کی اصلاح درپیش ہے، وہ یہ ہے کہ بین الاقوامی سطح پر زندگی عداوت و عناد اور اس کے جوابی عمل یعنی جنگ در جنگ کا مظہر ہے۔ زندگی کو خوف و غم سے محفوظ کرنے کے لئے بین الاقوامی سطح پر غلبے کے بغیر زندگی خوف و غم سے محفوظ نہیں رہ سکتی۔ اس بعثت کا مقصد دینِ حق کو غالب کرنا ہے۔

هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ (التوبۃ:۳۳)

اور پہلے دو ادوار کی حیثیت تیسرے دور کے واسطے تیاری کے دور کی ہے۔ اس صورت میں پہلے دور کے اخلاقی ضابطوں پر عمل کر کے کوئی جماعت جب تک جنگ در جنگ کی صورتِ حال پر قابو نہ پا سکے، کبھی کامیاب نہ ہو سکتی۔

اگر ہم بین الاقوامی زندگی کے اس پہلو سے قطع نظر کر کے کہ وہ عداوت و عناد اور اس کے جوابی عمل یعنی جنگ در جنگ پر مشتمل ہے، صرف اخلاقی اصلاح تک اپنی جدوجہد کو محدود کر دیں، تو ہم کامیاب زندگی بسر نہیں کر سکتے۔ اگر ہماری اس غفلت سے ہماری زندگی میں مشکلات پیدا ہوں تو اس سے یہ نتیجہ اخذ کرنا کہ اخلاقی جدوجہد کامیاب نہیں، غلط ہوگا۔ کیونکہ یہ طرزِ عمل کتاب کے بعض اجزاء کو قبول کرنے اور بعض کو رد کرنے کے مترادف ہوگا۔

## محمد رسول اللہ ﷺ کی سیرت

محمد رسول اللہ ﷺ کے ذاتی اوصاف کے بارے میں قرآن مجید کا یہ بیان:

Marfat.com

اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ (القلم:۴)

آپ ﷺ کی سیرت کا وہ پہلو ہے جو اللہ پاک بیان فرماتا ہے اور رسول اللہ ﷺ کی سیرت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ جب آپ ﷺ نے اہل مکہ کو دعوتِ اسلام پیش کرنی چاہی تو کوہ صفا پر کھڑے ہو کر تمام قبائلِ قریش کو پکارا: جب سب لوگ جمع ہو گئے تو فرمایا:

''تم بتاؤ کہ تم مجھے سچا سمجھتے ہو یا جھوٹا......؟''

سب نے یک زبان ہو کر عرض کیا کہ:

''ہم نے کوئی غلط اور نا مناسب بات آپ ﷺ کی زبان سے نہیں سنی۔ ہم یقین رکھتے ہیں کہ آپ صادق اور امین ہیں۔''

یہ گویا مخاطبوں سے اپنی سیرت کے بارے میں اعتراف کرانا تھا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ:

''دیکھو! میں پہاڑ کی چوٹی پر کھڑا ہوں اور تم پستی میں، جو میں پہاڑ کے ادھر بھی دیکھ سکتا ہوں اور اُدھر بھی۔ اگر میں یہ کہوں کہ ڈاکوؤں کا ایک مسلح گروہ دور سے چلا آرہا ہے، جو مکہ پر حملہ آور ہوگا تو کیا تم میری اس بات کو باور کرو گے؟''

لوگوں نے کہا:

''بے شک! کیونکہ ہمارے پاس آپ ﷺ جیسے راست باز انسان کو جھٹلانے کی کوئی دلیل نہیں، خصوصاً جبکہ آپ ﷺ ایسے مقام پر کھڑے ہیں، جہاں سے آپ ﷺ دونوں طرف دیکھ سکتے ہیں۔''

رسولِ اکرم ﷺ نے فرمایا، یہ سب کچھ سمجھانے کے لئے ایک مثال تھی۔ اب یقین کر لو کہ موت تمہارے سر پر آرہی ہے اور تمہیں اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضر ہونا ہے اور میں عالم آخرت کو اسی طرح دیکھ رہا ہوں، جس طرح تمہاری دنیا پر نظر ہے۔

سارا مجمع اس دعوت کو سن کر دم بخود ہو گیا۔ قریب تھا کہ لوگ دعوتِ حق کو قبول

Marfat.com

کرلیں۔ مگر ابولہب آگے بڑھا اور کہنے لگا۔

"تمہارے ہاتھ ٹوٹ جائیں، کیا اسی لئے تم نے ہم سب کو یہاں جمع کیا تھا۔"

(العیاذ باللہ)

اس علی الاعلان دعوتِ دین کا کفار پر یہ اثر پڑا کہ قریش مخالفت پر آمادہ ہو گئے اور یہ سنت اللہ پوری ہوگئی کہ جب بھی پیغمبر علیہ السلام نے اپنی دعوت پیش کی، امت دعوۃ مخالفت پر آمادہ ہوگئی اور کفر و سلام کے تضاد کا وہ قانون نمایاں ہوگیا۔

## دعوتِ اسلام اور اس کی راہ میں مشکلات

چند روز کے بعد رسول اللہ ﷺ نے تمام اہلِ خاندان کی دعوت کا انتظام کیا، کھانے کے بعد آپ ﷺ نے کھڑے ہو کر فرمایا کہ:

"میں تمہارے پاس دنیا اور آخرت کی خوبی لے کر آیا ہوں۔ اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تم کو اس کی طرف بلاؤں۔ پس میں تم سے کہتا ہوں کہ خالص خدا پرستی اختیار کرو۔ بتوں کی پرستش نہ کرو اور اپنے اخلاق و اعمال کی اصلاح کرو۔ اے لوگو! میں اللہ کا بندہ ہوں اور اس کا رسول ﷺ ہوں۔ میری دعوت حق ہے۔ پس تم میں سے کون ہے، جو میری صدا پر لبیک کہے اور دین حق کی اشاعت میں میرا ساتھ دے۔"

یہ تقریر سن کر سب لوگ خاموش بیٹھے رہے اور مجلس پر ایک سناٹا چھا گیا۔ دفعۃً حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُٹھ کر کہا:

"یا رسول اللہ (ﷺ) اگرچہ میں اس مجلس میں سب سے کم عمر اور ناتجربہ کار ہوں، تاہم میں آپ ﷺ کا ساتھ دوں گا۔"

قریش کے لئے یہ حیرت انگیز منظر تھا، وہ آپس میں کہنے لگے کہ:

"ہم کس طرح اپنے آبائی مذہب کو چھوڑ سکتے ہیں اور جو طریقے صدیوں سے رائج ہیں انہیں کیسے ترک کیا جاسکتا ہے اور کیسے ممکن ہے کہ تنہا ایک شخص انقلابِ عظیم برپا کردے گا اور کامیاب ہوگا۔"

Marfat.com

غرض مجمع منتشر ہو گیا اور جاہل عربوں میں غیظ و غضب کے جذبات مشتعل ہوئے۔ وہی اہلِ قریش اور اہلِ مکہ، جو کل تک آپ ﷺ کو امین و صادق کہہ کر پکارتے تھے اور آپ ﷺ کا بے حد احترام کرتے تھے، پیغامِ حق سننے کے بعد آپ ﷺ کے جانی دشمن ہو گئے اور آپ ﷺ کو معاذ اللہ ساحر و مجنون کہنے لگے۔

ایک دن جب آپ ﷺ نے خانہ کعبہ میں جا کر توحید کا اعلان کیا اور بت پرستی کی مذمت کی، اس بات پر قریش میں اشتعال پیدا ہوا اور دفعتہً ایک ہنگامہ برپا ہو گیا۔ اور ہر طرف سے دشمنانِ حق آپ پر ٹوٹ پڑے۔ اس موقعہ پر حارث بن ابی ہالہ جو آپ ﷺ کو بہت محبوب رکھتے تھے۔ آگے بڑھے اور انہوں نے پر جوش مدافعت کی، یہاں تک کہ وہ شہید ہو گئے۔ یہ اسلام کی راہ میں بہنے والا پہلا خون تھا۔

کفار قریش رسول اللہ ﷺ کو طرح طرح کی تکلیفیں دیتے رہے لیکن آپ ﷺ نے تمام مظالم نہایت عزم و استقلال سے برداشت کیے۔

ایک روز قریش کے بڑے بڑے سردار ابوطالب کے پاس آئے اور کہا کہ تمہارا بھتیجا ہمارے معبودوں کی توہین کرتا ہے اور ہم کو باطل پرست قرار دیتا ہے۔ یا تو تم اس کو منع کرو، یا ہمارے مقابلے کے لئے تیار ہو جاؤ۔ ابوطالب نے اس بات کو سن کر رسول اللہ ﷺ کو بلایا اور کہا:

"اے جانِ عم! اپنی جان کو ہلاکت سے محفوظ رکھ اور مجھ پر اتنا بار نہ ڈالو، جسے میں برداشت نہ کر سکوں۔"

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اے چچا! میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اگر لوگ میرے دائیں ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند بھی لا کر رکھ دیں اور کہیں کہ اسلام کی تبلیغ بند کر دو، تب بھی میں اپنے فرض کو ترک نہیں کروں گا، یہاں تک کہ اللہ اپنے دین کو غالب کر دے یا میں اسی جد و جہد میں ہلاک ہو جاؤں۔"

تب ابوطالب نے پر عزم لہجے میں فرمایا: "اے جانِ عم! جو چاہو کرو میں کبھی تمہیں دشمنوں کے حوالے نہیں کروں گا۔"

Marfat.com

## کافروں کا عدمِ تعاون

اس کے بعد کفارِ قریش نے ایک مجلسِ شوریٰ منعقد کی اور تمام قبائل کے سربرآوردہ لوگوں کو جمع کیا تو ابوجہل نے کہا:

"اے بھائیو! تم دیکھ رہے ہو، اسلام ترقی کر رہا ہے۔ اس کا دائرہ وسیع ہوتا جاتا ہے۔ حمزہ رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ جیسے لوگ مسلمان ہو گئے ہیں۔ اب میری رائے یہ ہے کہ خاندانِ بنی ہاشم سے ترکِ تعلق کیا جائے اور پوری مستعدی سے اسلام کی اشاعت کو روکا جائے۔"

اس رائے سے تمام قبائل نے اتفاق کیا اور ایک معاہدہ مرتب کیا جس میں طے پایا کہ کوئی شخص نہ خاندانِ بنی ہاشم سے قرابت کرے گا، نہ ان کے ہاتھ خرید و فروخت کرے گا نہ اُن سے ملے گا، نہ سلام و کلام کرے گا، نہ ان کے پاس کھانے پینے کا سامان جانے دے گا، جب تک وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر کے ہمارے حوالے نہ کر دیں۔

یہ معاہدۂ نبوت کے ساتویں سال ۶ محرم کو لکھا گیا اور خانہ کعبہ کے دروازے پر آویزاں کر دیا گیا۔ ابوطالب کو جب اس معاہدے کا حال معلوم ہوا تو وہ مجبور ہو کر تمام خاندان بنی ہاشم کو لے کر شعبِ ابی طالب میں محصور ہو گئے۔ یہ ایک احاطہ تھا جو مکہ کے قریب ایک پہاڑ میں واقع تھا اور خاندانِ بنو ہاشم کا موروثی احاطہ تھا۔ طبری اور ابن سعد نے لکھا ہے کہ تین سال تک بنو ہاشم نے اس احاطے میں زندگی بسر کی یہ زمانہ ایسا سخت گزرا کہ لوگ درختوں کے پتے کھا کھا کر زندہ رہتے اور ان کے چھوٹے چھوٹے بچے بھوک اور پیاس کی وجہ سے تڑپتے۔ ان کی مائیں ان کی یہ حالت دیکھ کر گریہ وزاری کرتیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے دشمنوں کے دل میں رحم ڈالا اور تین سال اس اذیت میں گزرنے کے بعد خود ہی ان کی طرف سے اس معاہدے کو فسخ کرنے کی تحریک ہوئی۔

ہشام مخزومی زہیر ابن ابی امیہ، مطعم بن عدی اور زمعہ بن اسود نے ایک مجلس شوریٰ منعقد کی اور کہا:

"اے اہلِ مکہ! یہ کیا انصاف ہے کہ ہم تو عیش و راحت کی زندگی بسر کریں اور

Marfat.com

بنو ہاشم تک آب و دانہ تک نصیب نہ ہو۔ ہماری قطعی رائے یہ ہے کہ اس ظالمانہ معاہدے کو چاک کر دیا جائے۔"

یہ سن کر ابو جہل نے کہا: "میں ہرگز اس معاہدے کو چاک نہیں کرنے دوں گا۔"

زمعہ بن اسود نے کہا: "ہم اسے ضرور چاک کریں گے، جب یہ معاہدہ ہوا تھا اس وقت بھی اس ظلم کے طرف دار نہیں تھے۔"

غرض معطم ابنِ عدی نے درِ کعبہ سے اتار کر اس معاہدے کو، جسے تین سال کے عرصے میں دیمک چاٹ گئی تھی، چاک کر دیا اور بنو ہاشم سے کہا تم لوگ شعب سے باہر آ جاؤ۔ وہ سب باہر آ گئے اور اپنے اپنے گھروں میں آباد ہو گئے۔ اسی سال ابو طالب اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہو گیا۔ اس کے بعد کفار کی ایذا رسانیاں اور بھی بڑھ گئیں۔

## طائف کا سفر

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اہل مکہ کی طرف سے مایوس ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کا رخ کیا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کے سرداروں کو دین کی دعوت پیش کی تو انہوں نے ماننے سے انکار کر دی اور اوباش اور بازاری لونڈوں کو اُکسایا کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہنسی اڑائیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر پتھر برسائیں۔ چنانچہ انہوں نے رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر اتنے پتھر برسائے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم لہولہان ہو گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جوتے خون سے بھر گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت زید رضی اللہ عنہ بھی بُری طرح زخمی ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم طائف سے بڑے رنجیدہ ہوئے۔ جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم قرن الثعالب کے مقام پر پہنچے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو آواز دی کہ اس وقت اللہ تعالیٰ نے پہاڑوں کے فرشتے کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا ہے۔

"اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم حکم دیں تو میں ان دونوں پہاڑوں کو جن کے مابین طائف اور مکہ ہیں، ملا دوں جس سے یہ لوگ پس جائیں۔"

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "نہیں! میں اُمید کرتا ہوں کہ ان کی نسل سے اللہ تعالیٰ

Marfat.com

ایسے لوگ پیدا کرے گا جو خدا پرست ہونگے۔"

## معراج کا واقعہ

یہ دور آپ ﷺ کے لئے بہت ہی اذیت کا دور تھا۔ آپ ﷺ کو تسلی دینے کے لئے معراج اسی دور میں ہوئی۔ معراج کا مقصد یہ تھا کہ انبیاء علیہم السلام کے اتباع اور خلاف ورزی سے جو نتائج پیدا ہوتے ہیں، ان کا مشاہدہ بچشم خود کرایا جائے۔

## انصار کا قبولِ اسلام

باوجود تمام مشکلات کے آنحضرت ﷺ نہایت عزم و استقلال سے اپنا فرض ادا کرتے رہے اور اللہ تعالیٰ سے کامیابی کی دُعا کرتے رہے آپ ﷺ حج کے زمانے میں مختلف قبائل میں تبلیغ کے لئے تشریف لے جاتے۔

ایک روز آپ ﷺ عقبہ میں تشریف لے گئے، یہ مقام مکہ سے متصل ہے وہاں آپ ﷺ نے قبیلہ خزرج کے ایک گروہ سے جو مدینے میں رہتا تھا، ملاقات کی اور انہیں اسلام کی تلقین فرمائی اور قرآن مجید کی آیات سنائیں۔ وہ کل چھ افراد تھے، اسی وقت سب نے اسلام قبول کرلیا۔ جب یہ لوگ واپس مدینے پہنچے تو انہوں نے دوسرے لوگوں سے یہ حال بیان کیا، یہاں تک کہ یہ بات مدینے میں پھیل گئی۔ دوسرے سال بارہ اشخاص حج کے موقعہ پر مدینہ منورہ سے آئے اور انہوں نے اسلام قبول کرلیا اور اسلام سکھانے کے لئے کسی معلم کا مطالبہ کیا، جسے وہ اپنے ساتھ لے جاسکیں۔ حضور اکرم ﷺ نے اس خدمت پر مصعب ابن عمیر رضی اللہ عنہ کو مامور فرمایا۔ جب یہ مختصر سا قافلہ مدینے پہنچا تو ہر گوشے میں اسلام کی روشنی چمکنے لگی۔ حضرت مصعب بن امیر رضی اللہ عنہ ایک ایک گھر کا دورہ کرتے، قرآن سناتے، ان کی تبلیغ سے ہر روز نئے آدمی اسلام قبول کرتے، یہاں تک کہ مدینے میں کوئی گھر ایسا نہ رہا جس میں کوئی نہ کوئی مرد یا عورت مسلمان نہ ہو۔

اگلے سال ۷۲ آدمی حج کے زمانے میں آئے اور انہوں نے بمقام عقبہ آنحضرت ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی، اس موقعہ پر حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے جو ابھی اسلام

Marfat.com

نہیں لائے تھے، انصار سے کہا:

"محمد (ﷺ) اپنے خاندان میں نہایت محترم و معزز ہیں۔ دشمنوں کے مقابلے میں ہم نے ہمیشہ ان کی حمایت کی ہے۔ اب وہ تمہارے پاس جانا چاہتے ہیں، اگر تم ان کی مدد کے لئے آمادہ ہو اور دشمنوں کے حملوں سے ان کی حفاظت کر سکو تو اقرار کر لو ورنہ جواب دے دو۔"

اس وقت سعد بن زرار انصاری نے کھڑے ہو کر کہا:

"اے بھائیو! تم سمجھتے ہو کہ یہ بیعت کس قدر اہم ہے۔ میں تمہیں بتانا چاہتا ہوں کہ یہ عرب و عجم سے اعلانِ جنگ ہے، پھر تم اپنے عہد پر قائم نہ رہے تو خدا کی قسم ذلت و خواری کا داغ دینا اور آخرت میں تمہاری پیشانی پر رہے گا۔ اگر تم اپنے عہد پر قائم رہ سکتے ہو تو ہاتھ بڑھاؤ اور بیعت کر کے دنیا اور آخرت میں سربلند ہو جاؤ۔"

ان جملوں کو سن کر سب نے کہا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کا ہاتھ پکڑتے ہیں اور جان و مال سے دین حق کی خدمت کے لئے حاضر ہیں۔ غرض سب نے نہایت خلوص کے ساتھ بیعت کی پھر وہ لوگ مدینے کو واپس چلے گئے۔ آنحضور ﷺ نے اجازت دے دی کہ مکہ سے ہجرت کر جائیں۔ اکثر صحابہ رضی اللہ عنہم ہجرت کر گئے صرف آنحضرت ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ رہ گئے۔ مفلس، مجبور اور بے استطاعت لوگ عرصے تک نہ جا سکے۔

## ہجرت

جب قریش کو انصار کے اسلام لانے اور بیعت کرنے کا حال معلوم ہوا تو غیظ و غضب میں ہاتھ ملنے لگے۔ دارالخلافہ میں سب لوگ جمع ہوئے اور اسلام کی ترقی کو روکنے کے لئے غور کرنے لگے۔ بالآخر ابوجہل کی رائے سے طے پایا کہ ہر قبیلے سے ایک ایک شخص کو منتخب کیا جائے اور سب مل کر محمد ﷺ پر ایک ساتھ تلواروں سے حملہ کر کے ختم کر دیں۔ اس صورت میں تمام قبائل پر اس خون کی ذمہ داری ہوگی اور بنو ہاشم تمام قبائل کا

Marfat.com

مقابلہ ہرگز نہ کرسکیں گے۔

اس رائے سے سب نے اتفاق کیا اور فیصلہ کیا گیا کہ آپ ﷺ کے مکان کا محاصرہ کرلیا جائے اور جب رات کے وقت وہ باہر نکلیں تو انہیں قتل کردیا جائے......!

اللہ تعالیٰ نے کافروں کے اس مشورے سے آپ ﷺ کو خبردار کردیا اور حکم دیا کہ تم مکہ سے ہجرت کر جاؤ۔ قبائل قریش کے ایک ایک منتخب نوجوان نے رسول اللہ ﷺ کے گھر کا محاصرہ کرلیا۔ آنحضرت ﷺ نے اپنے بستر پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ کہہ کر لٹا دیا کہ تمہیں کوئی گزند نہ پہنچا سکے گا۔

"حضرت علی رضی اللہ عنہ تلواروں کے سائے میں نہایت بے فکری سے مزے کی نیند سو رہے تھے اور خدا کا رسول ﷺ خدا کی حفاظت میں باہر نکلا اور ان دل کے اندھوں کی آنکھوں میں خاک ڈالتا ہوا سورۂ یٰسین پڑھتا ہوا صاف نکل گیا۔" (رحمت للعالمین)

وہاں سے آپ ﷺ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے اور انہیں اپنے ہمراہ لے کر جبلِ ثور کا راستہ لیا۔ رات کی تاریکی میں اللہ کے رسول ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پیدل مسافت طے کی اور جبلِ ثور کی طرف بڑھے، جس کی چڑھائی دشوار تھی اور راستہ سنگلاخ تھا۔ آخر ایک غار میں جا کر پناہ لی، جسے پہلے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے گرد و غبار سے صاف کردیا، کفار قریش تعاقب اور تجسس میں غار کے دہانے تک پہنچے، مگر قریش غار کی تنگی اور تاریکی کو دیکھ کر واپس پلٹ گئے۔ خصوصاً جب غار کے دروازے پر انہوں نے مکڑی کا جالا دیکھا تو کہنے لگے، اگر محمد ﷺ اس غار میں جاتے تو مکڑی کا جالا باقی نہ رہ سکتا تھا اُدھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پریشان ہوگئے کہ ہمارے نشانِ قدم دیکھ پائے تو کیا ہوگا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

لاتحزن ان اللہ معنا (التوبۃ: ۴۰)

"غم نہ کیجئے، اللہ ہمارے ساتھ ہے۔"

قریش واپس چلے گئے چوتھی رات میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے گھر سے دو اونٹنیاں آگئیں۔ ایک پر نبی کریم ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سوار ہوئے۔

Marfat.com

دوسری پر عبداللہ ابن اریقط اور عامر ابن فہیرہ سوار ہوئے۔ دوسری پر عبداللہ ابن اریقط اور عامر ابن فہیرہ سوار ہوئے، جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے خادم تھے۔ سراقہ نے ان شتر سواروں کے قافلے کو دیکھ لیا۔ اس نے انعام کے لالچ میں تعاقب شروع کیا۔ سراقہ سر پر خود لگائے، نیزہ تانے، بدن پر ہتھیار سجائے، گھوڑی پر سوار تیزی سے چلا آرہا تھا۔ اس کی نظر آنحضرت ﷺ پر پڑی۔ اس نے سمجھا میں کامیاب ہوگیا۔ اتنے میں گھوڑی گھٹنوں کے بل گری۔ سراقہ نیچے آیا، گھوڑی کو سنبھالا، سوار ہوا اور پھر چلا۔

جب آنحضرت ﷺ کو سراقہ کے قریب پہنچنے کی اطلاع کی گئی تو آپ ﷺ نے فرمایا:

"الٰہی ہمیں اس کے شر سے بچا۔"

ادھر یہ الفاظ زبان مبارک سے ادا ہوئے اُدھر اس کی گھوڑی کے سم زمین میں دھنس گئے اور سراقہ سمجھ گیا کہ حفاظتِ الٰہی پر غالب آنا محال ہے۔ سراقہ نے کہا:

"اگر میری گھوڑی زمین سے نکل آئے تو میں ہرگز آپ کی خدمت میں گستاخی نہ کروں گا اور جو کوئی آپ کے تعاقب میں آئے گا اُسے واپس لے جاؤں گا۔"

حضور ﷺ نے دُعا فرمائی۔

گھوڑی تڑپ کر زمین سے نکل آئی۔ سراقہ کا بیان ہے کہ اس معجزے کو دیکھ کر مجھے یقین ہوگیا کہ حضور ﷺ سچے نبی ہیں۔

آپ ﷺ نے چار روز قبا میں قیام فرمایا اور ایک مسجد تعمیر فرمائی۔ پھر مدینے کا ارادہ کیا آپ ﷺ کی تشریف آوری کی اطلاع مدینے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن انتظار تھا۔ اہل شہر صبح سے شہر سے باہر نکل کر اپنے مہمان کی تشریف آوری کا انتظار کرتے پھر تھک کر واپس آجاتے جس دن حضور ﷺ مدینے میں داخل ہوئے۔ اس روز بھی لوگ واپس جا چکے تھے۔ ایک یہودی نے قلعے سے دیکھا اور پکارا کہ:

"اے اہل عرب! جس محترم شخص کا تمہیں انتظار تھا وہ آگئے۔"

Marfat.com

یہ سن کر ہر شخص بہت مسرور ہوا۔ تمام شہر تکبیروں کی آواز سے گونج اٹھا۔ انصار بڑی بے تابی سے گھروں سے نکل آئے۔ حضور ﷺ کے استقبال کے لئے شہر سے باہر پہنچے۔ ہر شخص جوشِ عقیدت کے ساتھ سلام کرتا اور ہاتھ پاؤں چومتا۔

## میثاقِ مدینہ

مدینے میں آنے کے بعد پہلے آپ ﷺ نے ایک معاہدہ تیار کیا جس میں یہ عہد کیا گیا کہ یہود اور مسلمان آپس میں دوستانہ برتاؤ رکھیں گے۔ یہود کو مذہبی آزادی حاصل ہوگی۔ ان سے مذہبی امور سے کوئی تعرض نہ کیا جائے گا۔ مدینے پر کوئی حملہ آور ہوا تو مسلمان اور یہودی مل کر مدافعت کریں گے۔

## مواخاۃ

ہجرت کے پہلے سال میں اہم ترین واقعہ عہدِ مواخاۃ تھا۔ وہ لوگ جو اسلام کی خاطر اپنا گھر بار، مال و زر، دولت اور ثروت چھوڑ کر مدینے آئے تھے اور انصار کے گھروں میں مقیم تھے، ان کی معاشی، تخلیقی جدوجہد میں تعطل تھا۔ مسجد کی تعمیر ختم ہوگئی تو آپ ﷺ نے مہاجرین و انصار کو فرمایا اور انصار کی طرف خطاب فرمایا کہ اے انصار یہ مہاجر جو مکہ سے ہجرت کر کے آئے ہیں تمہارے بھائی ہیں، یہ بے سروسامان اور پریشان ہیں۔ یہ اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ دست و بازو سے کام کئے بغیر وقت گزاریں اور کوئی کام نہ کریں، لیکن ان کے پاس کوئی سرمایہ اور اثاثہ نہیں ہے۔ ضرورت ہے کہ تم ان کی اعانت کرو۔ اس تقریر کے بعد آپ ﷺ نے مہاجرین اور انصار میں سے ایک ایک آدمی کو آپس میں بھائی قرار دے دیا اور یوں مواخات کا سلسلہ نسبتی کے برابر قرار دے دیا گیا۔

مومنین کے ساتھ آپ ﷺ کو جو دل سوزی تھی اس کی نشاندہی قرآن مجید ان الفاظ میں کرتا ہے۔

"تمہاری تکلیف رسول اللہ ﷺ پر گراں ہے اور تمہاری بھی خواہی حرص کے درجے تک پہنچی ہوئی ہے اور وہ مومنوں کے لئے رؤف اور رحیم ہیں۔

Marfat.com

# گستاخ رسول کا قتل...... رسول اللہ ﷺ کے مبارک فیصلے

## سلمان تاثیر کے مباح الدم اور مرتد ہونے پر پوری امت کا اتفاق ہے

حضور ﷺ نے گستاخی کا ارتکاب کرنے والے تمام بدبختوں کے خون کو رائیگاں قرار دیا ان کے قاتلوں کو بری کیا اور ان کی تحسین فرمائی

تحفظِ ناموس رسالت محاذ کے بانی سربراہ

جامعہ اسلامیہ لاہور کے بانی، کاروانِ اسلام کے سربراہ، مصنف کتب کثیرہ حضرت

## محقق العصر مولانا مفتی محمد خان قادری

سے ایک انٹرویو

ملاقات...... ملک محبوب الرسول قادری

حضرت محقق العصر مولانا مفتی محمد خان قادری دامت برکاتہم العالیہ........... علمی دنیا کے روشن آفتاب و ماہتاب کی حیثیت سے ساری دنیا میں جانے پہچانے جاتے ہیں ان کے قلم سے نکلی ڈیڑھ سو کے لگ بھگ علمی و تحقیقی تصنیفات و تالیفات، مقالات، مضامین، عربی کتب کے تراجم، وطن عزیز کے علاوہ دیگر ممالک سے بھی چھپ رہے ہیں دیگر زبانوں میں ان کے تراجم کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ نہایت اہم موضوعات پر ان کے مدلل خطبات اپنی ایک خاص مقبولیت رکھتے ہیں جب بھی اسلام اور پاکستان کے حوالے سے دین اور وطن مخالف قوتوں کی طرف سے کوئی منفی کارروائی کی گئی تو آپ میدان عمل میں اترے اور تحریکی و تنظیمی میدانوں میں بھرپور کام کیا۔ تحفظ ناموس رسالت ﷺ کے لیے جیلوں تک میں آمد ورفت کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ پولیس گردی، چھاپے اور قید و بند کی صعوبتیں آپ کے حوصلے کو پست نہ کرسکیں تو انہوں نے ہمیشہ اپنے اور پرائے کے تصور کو اسلام، پیغمبر اسلام ﷺ اور وطن عزیز پاکستان کی بنیاد پر ہی قائم رکھا اور اس معیار سے ہٹ جانے والے کسی بھی چھوٹے بڑے کی ہرگز پرواہ نہیں کی۔ مرضِ معاصرت میں مبتلا آپ کے حاسدین کی بھی کمی نہیں۔ ماشاء اللہ ان کا قول و عمل قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں کی یاد تازہ کرتا ہے آپ نے کریما اور پندنامہ سے لے کر دورۂ حدیث شریف تک تمام کتب درسیہ اور مختلف مشکل و ادق علوم و فنون

Marfat.com

اپنے تلامذہ کو پڑھائے اس وقت تفسیر کبیر کے اردو ترجمہ کی طرف تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ متوجہ ہیں۔ علالتِ طبع کے باوجود اس ترجمہ پر نہایت سرعت سے کام جاری ہے۔ ٹوٹل ۳۲ اجزاء میں سے ۲۴ اجزاء کا ترجمہ تکمیلی مراحل میں ہے جبکہ سات مختلف جلدیں چھپ بھی گئی ہیں۔ ان ہمہ جہت مصروفیات کے باوجود آپ نے اس دور میں اٹھنے والے ایک اہم ترین مسئلہ کی طرف بھی توجہ مرتکز کر رکھی ہے وہ تحفظ ناموس رسالت ﷺ کے حوالے سے ملک ممتاز حسین قادری کے کیس میں بہت سرگرم ہیں اس مقصد کے لئے آپ نے تمام مسالک و مکاتیب فکر کے نامور اور مقتدر علماء، زعما اور لیڈروں کے متعدد اجلاس طلب فرمائے۔ مظاہروں میں شرکت کی قانونی چارہ جوئی کے لئے نقاہت و علالت کے باوجود اسلام آباد کے سفر کئے وہ اس کام کو ایک دینی اور شرعی ذمہ داری اور سب سے اعلیٰ عبادت قرار دیتے ہیں ہم نے اس حوالے سے آپ کا ایک انٹرویو کیا جو ہر سطح کے قارئین کے لئے معلومات افروز ہے اور اس سے راہنما اصول وضع ہوتے ہیں حضرت مفتی صاحب کی اس مفید گفتگو کو ہمارے قارئین چند اقساط میں ملاحظہ فرمائیں گے.................(محبوب قادری)

س: کچھ لوگ گورنر پنجاب سلمان تاثیر کے قتل کو ماورائے عدالت قرار دیتے ہیں؟ اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ کیا اسلامی شریعت اس کی اجازت دیتی ہے؟

ج: اکثر لوگ ممتاز حسین قادری کے عمل کے بارے میں یہ سوال کرتے ہیں کہ کیا اسلام اس کی اجازت دیتا ہے یا نہیں؟ مگر یہ کوئی نہیں پوچھتا کہ سلمان تاثیر کا عمل کیسا ہے؟ کیا وہ ماورائے عدالت ہے یا نہیں؟ وہ ماورائے قانون ہے یا نہیں؟ کیا اسلام اس کی اجازت دیتا ہے یا نہیں؟ سوال پہلے سلمان تاثیر کے بارے میں ہونا چاہیئے کیونکہ سلمان تاثیر نے اس معاملے میں پہل کی جبکہ ممتاز حسین قادری کا فعل اس کا ردعمل ہے اور جب ہم سلمان تاثیر کے عمل و کردار پر نظر ڈالتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس شخص نے ہر اس قول و عمل کا ارتکاب کیا تھا جو اسے کافر، مرتد اور مباح الدم بنا دیتا ہے۔ مثلاً قرآن پاک کی توہین کرتے ہوئے سلمان تاثیر کہتا ہے کہ میرے لئے اس میں کچھ بھی نہیں۔ قادیانیوں کو غیر مسلم ماننے کے لئے تیار نہیں۔ رسول اللہ ﷺ کے بارے میں کتاب و سنت کی روشنی میں بنائے گئے قانون کو کالا، سخت اور ظالمانہ قرار دیتا ہے بلکہ اس قانون کے مطابق سزا پانے والی مجرمہ آسیہ کے ساتھ جیل میں جا کر بیٹھتا ہے اور اس مجرمہ کی سزا

Marfat.com

کو غلط قرار دیتے ہوئے اس کی رہائی کا اعلان کرتا ہے تمام قوانین اور عدالت کے ضابطوں کی توہین کرتے ہوئے پریس کانفرنس کرتا ہے اور اسے بے گناہ قرار دینے کی پوری جدوجہد اور کوشش کرتا ہے۔

س: کیا اس صورت حال میں بھی قانون کو بالادستی حاصل نہیں ہونی چاہیئے تھی یا کہ اسے ازخود قتل کر دیا جاتا...... اس حوالے سے آپ کیا فرمائیں گے؟

ج: قانونی چارہ جوئی کی کوشش کی گئی ہمارے ساتھی صاحبزادہ سیّد مختار اشرف رضوی مدعی تھے جبکہ ان کے ساتھ عالمی تنظیم اہلسنت کے سربراہ پیر محمد افضل قادری، صاحبزادہ سید شاہد حسین گردیزی اور دیگر رفقاء شامل تھے۔ تھانہ سول لائن لاہور میں قانونی چارہ جوئی کے لیے گئے جس کا ثبوت آج بھی نمبر............ کے تحت وہاں ریکارڈ میں ہے۔

ہمارے ساتھیوں کو اس کا جواب یہ دیا گیا کہ گورنر قانون سے بالاتر ہوتا ہے اسے طلب نہیں کیا جاسکتا۔ حکمرانوں کو بھی بار بار مظاہروں اور قراردادوں کے ذریعے توجہ دلائی گئی کہ اس شخص کو گورنر کے عہدہ سے ہٹایا جائے اس پر اس وقت کے اخبارات شاہد ہیں مگر حکومت ٹس سے مس نہ ہوئی اور حکومت نے اسے، اس کے عہدہ سے برخاست نہیں کیا۔

کچھ لوگ سلمان تاثیر سے اس بات سے رجوع کرنے کو بھی کہتے رہے لیکن اس نے اس کی بھی کوئی پرواہ نہیں کی۔ بلکہ جواباً وہ کہتا رہا کہ ایسے فتوے میرے جوتے کی نوک پر ہیں ان حالات میں خود ہی غور کر لیجئے کہ ایک باوفا امتی کا فریضہ کیا بنتا ہے؟

س: ان حالات میں ازخود فیصلہ کر کے قتل کر دینے والے شخص کے ذمہ شرعاً قصاص یا دیت لازم آتی ہے یا نہیں؟

ج: اگر کوئی شخص مرتد اور مباح الدم ہو جائے اور اس کے ازخود قاتل کے بارے میں یہ بات ثابت ہو جائے کہ اس نے واقعتاً مباح الدم شخص ہی کو قتل کیا ہے تو اسلام کے قانون کے مطابق اس پر نہ کوئی قصاص ہوگا اور نہ ہی دیت۔ اس بارے میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے متعدد فیصلے موجود ہیں جو اسلامک لاء کا حصہ ہیں اور راہنمائی کرتے ہیں۔

س: مثلاً چند فیصلے؟

Marfat.com

ج: سب سے پہلے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی مثال موجود ہے کہ انہوں نے اسلام کے ایک نام لیوا شخص کو اس لئے از خود قتل کر دیا تھا کہ اس بدبخت نے رسول اللہ ﷺ کا مبارک فیصلہ نہ مانا تھا پھر جب اس مقتول کے ورثا دیت اور قصاص کے مطالبہ کے ساتھ بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضر ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل کیا کہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا اس شخص کو قتل کر دینا درست ہے ان پر نہ تو کوئی قصاص ہے اور نہ ہی دیت۔ کیونکہ وہ شخص آپ ﷺ کا فیصلہ نہ مان کر مباح الدم ہو چکا تھا۔ واضح رہے کہ اس وقت وہ شخص بظاہر اپنے آپ کو مسلمان کہلاتا تھا تو پھر اس تناظر میں یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی۔

فلا وربك لایؤمنون حتی یحکموك فیما شجر بینهم ثم لایجدوا فی انفسهم حرجاً مما قضیت ویسلموا تسلیما

(پارہ ۵، سورۃ النساء، ۶۵)

تو اے محبوب ﷺ! تمہارے رب کی قسم وہ مسلمان نہ ہوں گے جب تک اپنے آپس کے جھگڑے میں تمہیں حاکم نہ بنائیں پھر جو کچھ تم حکم فرما دو اپنے دلوں میں اس سے رکاوٹ نہ پائیں اور جی سے مان لیں۔

آگے بڑھنے سے پہلے اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم ﷺ کے فیصلوں کا مقام بھی ذہن نشین رہنا چاہیئے یہ آیت مبارکہ یہ بتا رہی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے فیصلے کے خلاف دل میں تنگی محسوس کرنا بھی اسلام سے خارج کر دیتا ہے یعنی مسلمان کے لئے فرض ہے کہ وہ اپنے ظاہر اور باطن میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے فیصلے کو صحیح جانے، مانے اور ان کے خلاف کسی طرح کے قول و عمل کا اظہار نہ کرے۔ اب اگر کوئی شخص قرآن و سنت کے فیصلوں کے خلاف اظہار کرتا ہے جیسا کہ سلمان تاثیر نے کیا ہے تو وہ شخص دائرہ اسلام سے فارغ ہو جاتا ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ ہر مسلمان یہ مان چکا ہوتا ہے اور یہ عہد کر چکا ہوتا ہے کہ میری جان، مال اور ہر شے کا مالک اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ ہے۔ اب دوسرے تو کجا میری اپنی ذات کے فیصلے بھی میرے ہاتھ میں نہیں رہے بلکہ میرے ذاتی فیصلوں کا اختیار بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کو حاصل ہے اور اس کی تصریح خود باری تعالیٰ نے قرآن مجید (پارہ ۲۲۔ سورۃ الاحزاب:

Marfat.com

۳۶) میں فرما دی ہے۔

وما كان لمؤمن ولا مومنة اذا قضى الله ورسوله امراً ان يكون لهم الخيرة من امرهم ومن يعص الله ورسوله فقد ضل ضللا مبينا

(پارہ ۲۲۔ سورۃ الاحزاب: ۳۶)

اور نہ کسی مسلمان مرد نہ مسلمان عورت کو پہنچتا ہے کہ جب اللہ و رسول کچھ حکم فرما دیں تو انہیں اپنے معاملہ کا کچھ اختیار ہے اور جو حکم نہ مانے اللہ اور اس کے رسول کا، وہ بے شک صریح گمراہی بہکا۔

اور رسالت مآب ﷺ نے فرمایا:

والذی نفسی بیدہ لا یومن احدکم حتی یکون ھو تبعا لماجئتہ بہ

قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم میں سے کوئی اس وقت تک ایمان دار نہیں ہو سکتا جب تک اس کی خواہشات اور تمنائیں میری تعلیمات کے تابع نہ ہو جائیں۔

س: بعض لوگ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے اس واقعہ کی سند پر یہ فنی اعتراض کرتے ہیں کہ ابن لہیعہ ضعیف راوی ہے جس کی وجہ سے یہ واقعہ قابلِ استدلال نہیں ہے اس حوالے سے آپ کیا ارشاد فرمائیں گے؟

ج: یہ بھی ایک جاہلانہ مغالطہ ہے یہ واقعہ ابن لہیعہ کے ضعیف طریقہ کے علاوہ ابومغیرہ اور شعیب بن شعیب کی صحیح سند سے بھی منقول ہے اور دوسری بات یہ ذہن نشین رہے کہ محدثین لکھتے ہیں کہ جب ابن وہب، ابن لہیعہ سے روایت کرے تو وہ روایت قابل استدلال ہوتی ہے مذکورہ روایت ابن وہب سے مروی ہے تو اس کے بعد اعتراض کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہ جاتی۔ یہی وجہ ہے کہ دیگر مفسرین کی طرح حافظ ابن کثیر جیسے محقق نے بھی یہی شانِ نزول نقل کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تفسیر ابن کثیر کے محقق عبدالرزاق مہدی نے اس پر یہ نوٹ لکھا کہ

ھذا مرسل وفیہ ابن لھیعہ لاکن ابن وھب سمع منہ قبل الاختلاط

یہ روایت مرسل ہے اس میں ابن لہیعہ ہے لیکن ان سے ابن وہب نے اختلاط

Marfat.com

عارض ہونے سے پہلے پڑھا۔

تفسیر ابن کثیر، مع تحقیق ج ۲: ۳۱۸

واضح رہنا چاہیئے کہ حافظ ابن کثیر نے تفسیر ابن کثیر، مع تحقیق ج ۲: ۳۱۸ میں یہی واقعہ امام ابن رحیم کی تفسیر کے حوالے سے اسے شعیب بن شعیب سے بھی نقل کیا ہے۔

اس حوالے سے مزید تفصیلات ہمارے قارئین اس انٹرویو کے اگلے حصوں میں ملاحظہ کریں گے۔

س: اس کے علاوہ کوئی اور واقعہ یا حوالہ، جو اس موقف کی تائید کرے؟

ج: یہ واقعہ جو میں نے ابھی بیان کیا اس کے بارے میں یہ ذہن نشین رہنا چاہیئے کہ یہ فیصلہ وحی الٰہی کی روشنی میں ہوا اور اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو اسی فیصلہ کا حکم دیا کہ اگر کوئی شخص از خود کسی بھی مباح الدم شخص کو قتل کر دے تو اس پر نہ کوئی قصاص ہے اور نہ ہی دیت۔ اسی حکم کی روشنی میں رسول اللہ ﷺ نے اپنی ظاہری حیات میں ایسے ہی حالات اور افراد کے بارے میں متعدد فیصلے بھی فرمائے۔ مثلاً حضرت عمیر بن امیہ نے اپنی بہن کو سرورِ عالم ﷺ کی گستاخی پر قتل کیا جب رسول پاک ﷺ کو اطلاع ہوئی تو آپ ﷺ نے ان سے پوچھا کہ کیا تم نے اپنی بہن کو قتل کیا ہے؟ تو عرض کیا، جی ہاں، فرمایا، کیوں؟ عرض کیا۔

انھا کانت تؤذینی فیک — اس نے مجھے آپ ﷺ کی ذات کے بارے میں اذیت پہنچائی۔

آپ ﷺ نے ان کے بیٹوں کو بلا کر بتایا۔

واھدر دمھا قالو سمعًا و طاعۃً

اور آپ ﷺ نے اس عورت کے خون کو رائیگاں قرار دیا۔

اس عورت کے بیٹوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ ہم آپ ﷺ کے فیصلے کو منظور اور قبول کرتے ہیں۔ ایک اور فیصلہ بھی سنیں۔

اسما بنت مروان نے آپ ﷺ کی گستاخی کا ارتکاب کرتی اور ہجو یہ اشعار کہتی حضرت عمیر بن عدی خطمی تک جب اُن کے گستاخانہ اشعار پہنچے تو انہوں نے اس کے قتل

Marfat.com

کی نذر مان لی کہ اگر میں غزوہ بدر سے بخیریت واپس لوٹا تو اسے ضرور قتل کروں گا ایک رات انہوں نے اس عورت کو قتل کر دیا۔ اللہ تعالیٰ نے وحی کے ذریعے رسول اللہ ﷺ کو اس واقعہ پر مطلع فرما دیا۔ قتل کرنے کے بعد حضرت عمیر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ فجر کی نماز پڑھی۔ آپ ﷺ نے دیکھتے ہی ارشاد فرمایا کہ تم نے آخر کار اسے قتل کر دیا؟ عرض کیا حضور ﷺ! میرے ماں باپ آپ ﷺ پر فدا ہوں۔ ایسا ہی ہوا۔ رسالت مآب ﷺ اپنے اردگرد صحابہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا:

| | |
|---|---|
| اذا احببتم ان تنظروا الی رجل نصر اللہ ورسولہ بالغیب فانظروا الی عمیر بن عدی | اگر تم ایسے شخص کو دیکھنا چاہتے ہو جس نے پس پشت از خود اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی مدد کی ہے تو عمیر بن عدی کو دیکھ لو۔ |

ایک اور روایت بھی سنیں مولائے کائنات امیر المؤمنین حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک یہودیہ نے رسالت مآب ﷺ کی گستاخی کی۔

| | |
|---|---|
| فخنقھا رجل حتی ماتت فابطل رسول اللہ دمھا | ایک شخص نے اس کا گلا گھونٹ کے مار دیا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے اس بدبخت مقتولہ کا خون باطل قرار دیا۔ |

اس طرح کے اور بھی متعدد واقعات صحیح احادیث میں موجود ہیں اور ان تمام واقعات میں از خود ان صحابہ نے اپنے آپ یہ فیصلے کیے گستاخوں کو قتل کیا ان تمام افراد کی سرکار دو عالم ﷺ نے تحسین فرمائی اور بدبخت مقتولوں کے خون کو رائیگاں قرار دیا یعنی نہ ہی ان کا کوئی قصاص، خون بہا یا دیت رکھی بلکہ جب بھی کوئی آدمی اس بارے میں گفتگو کرنے کی کوشش کرتا تو اس کو منع فرماتے یا نظر انداز فرما دیتے کہ یہ معاملہ ہی غیر اہم ہے اس پر بات ہی نہ کی جائے۔

س: بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ایسے شخص کی توبہ قبول ہے؟

ج: اس سلسلہ میں سب سے پہلے بات تو ذہن میں رہنی چاہیئے کہ زیر بحث سلمان تاثیر کا مسئلہ قبل از توبہ کا ہے اس شخص کے مباح الدم اور مرتد ہونے پر تو پوری امت کا

Marfat.com

اتفاق ہے اور یہ بات ریکارڈ پر ہے کہ اس کے کچھ ساتھیوں نے رجوع کی طرف اس کی توجہ دلائی مگر اس نے اسے قبول ہی نہیں کیا۔ رہا آپ کا سوال تو آپ نے ابھی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے متعدد فیصلے سنے ہیں ان میں سے کسی ایک فیصلے میں بھی کوئی یہ نشان دہی کر سکتا ہے کہ آپ ﷺ نے صحابہ سے یہ کہا ہو کہ تم اس گستاخ کو توبہ کا کہتے۔ تم نے ان کو قبل از توبہ کیوں قتل کیا؟ اگر صحابہ کا یہ اقدام غلط ہوتا تو آپ ﷺ آئندہ کے لیے امت کو پالیسی ہی عطا فرما دیتے کہ آئندہ اگر کسی شخص سے اس طرح کا قول و عمل سرزد ہو جائے تو پہلے اس سے توبہ کا مطالبہ کرنا نہ مانے تو قتل کرنا ورنہ چھوڑ دینا جبکہ ایسا کوئی واقعہ نہیں ہوا۔ اگر ساری کائنات میں کسی کے مطالعہ میں ایسی کوئی بات ہو تو وہ میدان میں آئے۔

اگر نہیں ہے اور یقیناً نہیں ہے تو پھر ایسے سنگین معاملے کو معمولی تو قرار دیا نہیں جا سکتا اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ پر ایسے معاملے میں نسیان طاری نہیں ہو سکتا۔ مثلاً حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے قتل غیرت کے بارے میں پوچھا کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی غیر کو پائے تو کیا وہ غیرت کی بنیاد پر اسے قتل کر سکتا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: سعد! شریعت کسی ایسے عمل کی اجازت نہیں دیتی۔ میرا اللہ سب سے زیادہ غیرت مند ہے اور اس کے بعد سب سے زیادہ غیرت مند محمد ﷺ ہے مقصد یہ ہے کہ اگر اس چیز کی اجازت ہوتی تو شریعت ضرور بیان کر دیتی۔ جب اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ اس کی اجازت نہیں دے رہے تو ثابت ہوا کہ کسی بھی غیرت کے نام پر ایسے عمل کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

غور کریں جو پیغمبر اتنے باریک اور نازک معاملات کو سامنے رکھ کر قتل کی اجازت نہیں دے رہے کیا گستاخی کے معاملہ پر یہ تلقین نہیں کر سکتے تھے اور امت کو یہ پالیسی نہیں دے سکتے تھے کہ جب تک ان سے توبہ کا مطالبہ نہ کر لو اس سے پہلے انہیں ہرگز قتل نہ کرنا لیکن آپ ﷺ نے ہر موقع پر از خود فیصلہ کرنے والے کی تحسین فرمائی اور بدبخت گستاخوں کے خون کو رائیگاں قرار دیا نیز قاتل کو بری قرار دیا۔ یہ چیز ہر مسلمان پر واضح کر دیتی ہے کہ توبہ کا مسئلہ دیگر مرتدین کے لئے تو ہو سکتا ہے لیکن ایسے مرتد خاص کے

Marfat.com

لئے دنیا میں توبہ کا کوئی راستہ نہیں۔

☆☆☆

س: گذشتہ گفتگو میں آپ نے سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے واقعہ کو بیان کرتے ہوئے کہا تھا کہ مزید تفصیلاً گفتگو آئندہ کریں گے؟ اس حوالے سے کچھ فرمائیں؟

ج: اس حوالے سے محمد عمار خان ناصر نے شدید تنقید کی ہے ان کا سب سے پہلا جملہ یہ ہے کہ "...... ہمارے معاشرے میں پیشہ ور غیر محتاط واعظین نے جن بے اصل کہانیوں کو مسلسل بیان کر کے زبان زد عام کر دیا ہے۔ ان میں سے ایک سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے ایک منافق کو قتل کرنے کا واقعہ بھی ہے......" حوالہ کے لئے ان کی کتاب "براہین" صفحہ ۵۵۹ دیکھا جاسکتا ہے۔ بندہ تو یہ جملے پڑھ کر حیران اور ششدر رہ گیا کیونکہ امت کے مسلمہ آئمہ، مفسرین اور محققین نے یہ واقعہ اپنی اپنی کتب میں بلا نکیر و اعتراض نقل کیا ہے۔ مثلاً

۱۔ امام ابو منصور محمد ماتریدی حنفی (ت:۳۳۳ھ) سورۃ النساء کی آیت نمبر ۶۰ کا شانِ نزول اسی واقعہ کو قرار دیتے ہیں اس کا حوالہ "تاویلات اهل السنة" کی پہلی جلد کے صفحہ ۴۴۶ پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

۲۔ امام عبدالرحمٰن بن محمد المعروف امام ابن ابی حاتم (ت۔۳۲۷ھ) نے بھی واقعہ سند کے ساتھ اپنی تفسیر قرآن العظیم کی تیسری جلد کے صفحہ ۹۹۴ پر ذکر کیا ہے۔

۳۔ امام سلیمان بن احمد طبرانی (ت:۳۶۰ھ) نے امام کلبی کے حوالہ سے یہی واقعہ پوری تفصیل کے ساتھ نقل کیا ہے اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا یہ جملہ نقل کیا ہے کہ میرا فیصلہ ان لوگوں کے بارے میں اسی طرح ہے جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلوں کو تسلیم نہیں کرتے تو یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی اور حضرت جبرئیل امین نے آ کر یہ اعلان کیا۔

ان عمر فرق بین الحق والباطل فسمی الفاروق

حضرت عمر رضی اللہ عنہ حق اور باطل کے درمیان فرق کرنے والے ہیں اسی لئے ان کا نام فاروق رکھ دیا گیا ہے۔

یہ حوالہ تفسیر الکبیر جلد نمبر ۲ کے صفحہ ۲۵۶ پر موجود ہے۔

Marfat.com

۴۔ امام ابو اللیث سمرقندی (ت:۴۰۰ھ) نے اسی سورۃ النساء کی آیت نمبر ۶۰ کا شانِ نزول بھی بیان کیا ہے کہ جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے دونوں کی گفتگو سنی تو فرمایا کہ یہاں بیٹھو۔

ثم دخل البیت و خرج بالسیف وقتل المنافق فنزلت آلایۃ — پھر گھر میں داخل ہوئے تلوار لے کر باہر آئے اور منافق کو قتل کر دیا تو یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی۔

یہ تفسیر بحر العلوم جلد اصفحہ ۳۴۹ پر موجود ہے۔

۵۔ امام ابو اسحاق احمد الثعلبی (ت:۴۲۷ھ) نے امام کلبی از ابوصالح از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما یہی واقعہ نقل کیا ہے جس میں یہ بھی موجود ہے کہ حضرت جبرئیل امین نے آکر یہ اعلان کیا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حق اور باطل میں فرق کیا اس لئے ان کا نام فاروق رکھ دیا گیا۔ اس کا حوالہ الکشف والبیان کی جلد ۳ کے صفحہ ۳۳۷ پر موجود ہے۔

۶۔ امام ابو الحسن علی بن محمد ماوردی (ت:۴۵۰ھ) نے سورۃ النساء کی آیت نمبر ۶۲ فکیف اذا اصابتھم مصیبۃ کے تحت فرماتے ہیں کہ اس آیت کے سبب نزول کے بارے میں دو اقوال ہیں، پہلا قول یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کو نہ ماننے والے منافق کو قتل کیا تو اس کے منافقین بھائی اس کے خون کا مطالبہ کرنے لگے اس کا حوالہ تفسیر الماوردی کی پہلی جلد کے صفحہ نمبر ۵۰۲ پر دیکھا جا سکتا ہے۔

۷۔ امام محی السنہ محمد الحسین بن مسعود البغوی (ت:۵۱۶ھ) لکھتے ہیں کہ جب منافق کے کہنے پر وہ دونوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے تو یہودی نے آپ کو سارا واقعہ سنا دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منافق سے پوچھا کہ کیا یہ معاملہ اسی طرح ہے؟ اس نے کہا 'ہاں'۔ فرمایا تم دونوں ٹھہرو میں ابھی آتا ہوں۔

فدخل عمر البیت واخذ السیف واشتمل علیہ ثم خرج فضرب بہ المنافق حتی برد — حضرت عمر رضی اللہ عنہ گھر داخل ہوئے تلوار لی اور پھر نکلے منافق کو ایسی تلوار ماری حتیٰ کہ وہ وہیں ٹھنڈا ہو گیا۔

اس کے حوالے کے لئے تفسیر معالم التنزیل جلد نمبر ا صفحہ نمبر ۴۴۶ دیکھی

Marfat.com

جاسکتی ہے۔

۸۔ امام جار اللہ زمخشری (ت:۵۲۸ھ) نے تو شانِ نزول صرف یہی بیان کیا ہے حوالہ کے لیے الکشاف جلد ا صفحہ ۵۲۵ دیکھا جائے۔

۹۔ امام قاضی ابو محمد عبدالحق بن عطیہ اندلسی (ت:۵۴۶ھ) نے لکھا کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اس منافق کو وہیں ٹھنڈا کر کے فرمایا۔

هذا حكمي في من لم يرض بحكم رسول الله صلى الله عليه وسلم
اس شخص کے بارے میں یہ میرا فیصلہ ہے جو رسول اللہ ﷺ کے فیصلہ سے راضی نہ ہو۔

"تفسیر المحرر الوجیز فی تفسیر الکتاب العزیز" کی جلد دوم کے صفحہ ۷۲ پر اس کا ریفرنس موجود ہے۔

۱۰۔ امام عبدالرحمٰن بن علی بن جوزی (ت:۵۹۷ھ) نے اسی واقعہ کو ابوصالح کے حوالے سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس منافق کو تلوار کے ساتھ وہیں ٹھنڈا کر دیا اس کا حوالہ "زاد المسیر" کی جلد ۲ کے صفحہ نمبر ۱۷ پر موجود ہے۔

۱۱۔ امام فخر الدین رازی (ت:۶۰۶ھ) نے کثیر مفسرین سے اس آیت کا شانِ نزول یہی واقعہ بیان کیا ہے اور لکھا ہے کہ منافق کے رشتہ دار حضور ﷺ کے پاس آئے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا واقعہ بیان کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! اس نے آپ ﷺ کے فیصلے کو ردّ کیا تھا تو اسی وقت حضرت جبرئیل امین علیہ السلام آگئے اور کہا کہ یہ فاروق ہیں انہوں نے حق و باطل کے درمیان فرق کیا۔ اس حوالے کے لئے تفسیر کبیر جزو ۱۰ کے صفحہ نمبر ۱۲۰ کو ملاحظہ کیا جائے۔

۱۲۔ امام ابوعبداللہ محمد بن احمد قرطبی (ت:۶۷۱ھ) نے بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہی واقعہ نقل کیا کہ جب فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اس شخص کو تلوار سے اُڑا دیا تو یہ آیت نازل ہوئی اور پھر حضور ﷺ نے اسی موقعہ پر ارشاد فرمایا "انت الفاروق" اور سیدنا جبرئیل نے نازل ہو کر کہا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حق اور باطل میں فرق کیا ہے اس لئے ان کا نام "فاروق" ہے اسی بارے میں یہ تمام آیات "ویسلموا تسلیما" تک نازل ہوئی ہیں۔ تفسیر الجامع لاحکام القرآن کی جلد ۵ کے صفحہ ۲۶۴ پر اس کا حوالہ بھی ملاحظہ

Marfat.com

کیا جاسکتا ہے۔

۱۳۔ امام قاضی بیضاوی (ت:۶۸۵ھ) نے بھی سورۃ النساء کی تفسیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہی واقعہ نقل کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس منافق کا سر اڑاتے ہوئے فرمایا کہ جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فیصلوں کو نہ مانے اس کا فیصلہ اسی طرح کیا جائے گا۔اس پر حضرت جبرئیل امین علیہ السلام آئے اور عرض کیا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حق اور باطل کے درمیان فرق کیا۔اس کے حوالہ کے لئے تفسیر بیضاوی کی جلد ۲ کے صفحہ ۲۰۷ کو دیکھا جاسکتا ہے۔

۱۴۔ امام علاء الدین علی بن محمد المعروف خازن (ت:۷۲۵ھ) نے بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے سورۃ النساء آیت نمبر ۶۰ کا شانِ نزول بیان کرتے ہوئے یہی بات کہی، سارا واقعہ لکھا ہے اور کہا ہے کہ اسی موقع پر حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فاروق قرار دیا۔تفسیر لباب التاویل کی پہلی جلد کے صفحہ ۳۹۲ پر اس کا حوالہ موجود ہے۔

۱۵۔ امام نظام الدین حسن نیشاپوری (ت:۷۲۸ھ) نے بھی اکثر مفسرین سے یہی شانِ نزول امام کلبی از ابوصالح از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نقل کیا یہ تفسیر غرائب القرآن کی جلد دوم کے صفحہ ۴۳۶ پر موجود ہے۔

۱۶۔ امام ابوحیان محمد بن یوسف اندلسی (ت:۷۴۵ھ) لکھتے ہیں کہ منافق نے کہا کہ ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس جائیں۔یہودی نے وہاں جا کر بتایا کہ تمہارے رسول ﷺ نے یہ فیصلہ دیا ہے اور یہ شخص اس فیصلے پر راضی نہیں پھر۔

| | |
|---|---|
| فاقر المنافق بذلك عند عمر ، فقتله عمر | اب منافق نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاں اس بات کا اقرار کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے اڑا دیا۔ |

یہ حوالہ "البحر المحیط" کی جلد ۳ اور صفحہ ۲۹۲ پر موجود ہے۔

۱۷۔ امام ابوحفص عمر بن عادل حنبلی (ت:۸۸۰ھ) سورۃ النساء کی آیت نمبر ۶۰ کے شانِ نزول کے بارے میں امام کلبی از ابوصالح از حضرت ابن عباس یہی واقعہ نقل کرتے ہیں۔الطباب فی علوم الکتاب جلد ششم کے صفحہ نمبر ۴۵۴ پر موجود ہے۔

Marfat.com

۱۸۔ امام جلال الدین السیوطی (ت: ۹۱۱ھ) نے امام ابن ابی حاتم، شیخ حکیم ترمذی، ابن مردویہ اور حافظ دحیم کی تفاسیر کے حوالے سے اسی سورۃ النساء کے تفسیر میں یہی واقعہ نقل کیا ہے حوالہ الدر المنثور کی جلد نمبر ۲ کے صفحہ نمبر ۵۸۵ پر دیکھیں۔

۱۹۔ امام خطیب شربینی (ت: ۹۷۷ھ) نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا تفصیلی واقعہ نقل کیا ہے اور بتایا کہ یہی واقعہ اس آیت کا شانِ نزول ہے، حوالہ کے لئے السراج المنیر کی پہلی جلد صفحہ ۳۸ دیکھ لی جائے۔

۲۰۔ امام سید محمود آلوسی (ت: ۱۲۷۰ھ) نے یہی واقعہ سورۃ النساء کی آیت نمبر ۶۰ کے تحت نقل کیا ہے اور لکھا ہے کہ بعض روایات میں ہے کہ اسی موقع پر سیدنا جبریل علیہ السلام آئے اور انہوں نے کہا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حق اور باطل کے درمیان فرق کیا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام "فاروق" رکھا۔ حوالہ کے لئے امام آلوسی کی تفسیر روح المعانی کی جلد نمبر ۵ میں صفحہ نمبر ۸۹ دیکھا جا سکتا ہے۔

الغرض بقول امام فخر الدین رازی کثیر مفسرین اور امام نظام الدین نیشا پوری اکثر مفسرین نے اسی واقعہ کو اس آیت کا شان نزول قرار دیا ہے جیسا کہ پہلے ان کے حوالہ جات پیش کئے جا چکے ہیں۔ تمام مفسرین، محدثین اور اہل سیر مفسرین نے یہ واقعہ مختصر یا تفصیل کے ساتھ نقل کیا اور اس سے مسائل کا استنباط کیا۔ بلکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے لے کر آج تک یہ واقعہ تمام اصحاب علم بیان کرتے ہیں۔ اب عمار صاحب سے ہم یہ سوال پوچھیں گے کہ کیا یہ اپنے اپنے دور کے مسلمہ اہل علم اور محققین نہیں۔ انہیں کوئی بھی صاحبِ عقل شخص پیشہ ور کیسے قرار دے گا؟

اب عمار ناصر کا یہ لکھنا کہ............ "............تاریخ اور تفسیر کی معروف اور قدیم کتابوں میں اس کا کہیں ذکر تک نہیں......"......(براھین: ۵۶۱)

اس کی حیثیت کیا رہ جاتی ہے؟ کیا صحابہ اور تابعین سے بھی زیادہ کوئی قدیم ہو سکتا ہے؟ جبکہ یہ واقعہ تو صحابہ اور تابعین کا بیان فرمودہ ہے اور مفسرین نے انہی کے حوالے سے اپنی کتابوں میں اسے درج کیا ہے۔ کیا امام ابو منصور ماتریدی (ت: ۳۳۳)، امام ابن ابی حاتم (ت: ۳۲۷) متقدمین میں شامل نہیں؟

Marfat.com

س: یہ صاحب کون ہیں؟ عمار ناصر...... جن کے جواب میں آپ نے یہ ارشاد فرمایا؟

ج: ان کے بارے میں مجھے کوئی خاص معلومات تو نہیں۔ بس یہ جانتا ہوں کہ یہ صاحب دیو بندی عالم سرفراز گکھڑوی کے پوتے اور مولانا زاہد الراشدی کے بیٹے ہیں اور اسے اصل فیضان تو غامدی کی صحبت سے ملا ہے۔ جاوید احمد غامدی کا اصل موقف یہی ہے جسے انہوں نے احناف کے کاندھے پر رکھ کر اپنے تئیں چلانے کی کوشش کی اور انہوں نے اس مسئلہ پر کتاب "ناموس رسالت کا مسئلہ" لکھ کر غامدی کے موقف کو تقویت دی ہے۔ اس کا ردّ بھی ہم مستقل طور پر لکھ رہے ہیں جبکہ ہمارے ساتھی علامہ محمد خلیل الرحمٰن قادری نے اس کا رد الگ سے لکھ دیا ہے واضح رہے کہ عمار ناصر کے ہم مسلک اہل علم نے بھی ان کی رائے کو ہرگز قبول نہیں کیا۔

س: حافظ ابن کثیر (ت:۷۷۴ھ) کے متعلق سنا ہے کہ انہوں نے اس واقعہ پر جرح کی ہے اور انہوں نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ یہ واقعہ غریبٌ جداً ہے تو کچھ لوگوں کا یہ کہنا ہے کہ اس سے استدلال درست نہیں؟ آپ کیا فرمائیں گے؟

ج: امام ابن کثیر نے غریبٌ جداً کہا ہے ضعیف جداً نہیں کہا ہے ان دونوں اصطلاحات میں زمین و آسمان کا فرق ہے اس کی مزید تحقیق کے لئے ہم شیخ سرفراز گکھڑوی کا حوالہ اس لئے پیش کیے دیتے ہیں کہ عمار ناصر صاحب کے لئے اپنے دادا کی بات ماننا شاید زیادہ آسان ہو۔ شیخ سرفراز گکھڑوی نے ارشاد نبوی ﷺ من صلی عند قبری سمعته ومن صلی علی من بعید اعلمته کے بارے میں شیخ ابن تیم کے اسی تبصرہ غریبٌ جداً کے حوالے سے لکھا ہے۔

**اعتراض:**

"ممکن ہے کوئی صاحب یہ کہہ دیں کہ حافظ ابن القیمؒ نے اس روایت کو غریبٌ جداً کہا ہے تو پھر اس سے احتجاج و استدلال کیسا؟ اور امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ غریب حدیثیں مت لکھا کرو کیونکہ وہ منکر ہوتی ہیں اور اکثر ضعیف راویوں سے مروی ہوتی ہیں اور امام مالکؒ فرماتے ہیں۔ شر العلم الغریب کہ بُرا علم

Marfat.com

غریب حدیثوں کا ہوتا ہے اور امام عبدالرزاقؒ فرماتے ہیں کہ ہم غریب الحدیث کو بہتر سمجھتے تھے مگر وہ بدتر نکلی اور امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص غریب الحدیث طلب کرتا ہے تو وہ جھوٹ کا مرتکب ہے۔ (محصلہ تدریب الراوی صفحہ ۳۷۶ طبع مصر)

## الجواب:

یہاں دو باتیں ہیں ایک فن غریب الحدیث اور دوسری کسی حدیث کا غریب ہونا اور محدثین کرامؒ کے نزدیک ان دونوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے ایک متن حدیث سے متعلق ہے اور دوسری بالعموم سند سے، امام ابن الصلاح بتیسویں نوع میں معرفت غریب الحدیث کا بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں کہ:

وھو عبارۃ عما وقع فی متون الاحادیث من الالفاظ الغامضۃ البعیدۃ من الفھم لقلۃ استعمالھا ھذا فن مھم یقبح جھلہ باھل الحدیث خاصۃ ثم باھل العلم عامۃ والخوض فیہ لیس بالھین الخ (مقدمۃ ابن الصلاح صفحہ ۲۴۵)

غریب الحدیث وہ فن ہے جس میں متون احادیث میں ایسے الفاظ سے بحث کی جاتی ہے جو نہایت مشکل اور فہم سے بعید ہوتے ہیں کیونکہ وہ قلیل الاستعمال ہوتے ہیں اور یہ اہم فن ہے محدثین کا اس سے جاہل رہنا خصوصاً اور دیگر اہل علم کا عموماً قبیح ترین فعل ہے مگر اس میں دخل دینا بھی آسان کام نہیں ہے۔

اور امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

غریب الحدیث ھو ما وقع فی متن الحدیث من لفظۃ غامضۃ بعیدۃ من الفھم لقلۃ استعمالھا وھو فن مھم والخوض فیہ صعب فلیتحر خائضہ الخ (تقریب النواوی مع تدریب الراوی صفحہ ۳۷۸ طبع مصر)

غریب الحدیث اس کو کہتے ہیں کہ متن حدیث میں کوئی مشکل اور بعید از فہم لفظ واقع ہو کیونکہ اس کا استعمال کم ہوا ہے اور یہ اہم فن ہے اور اس میں خوض اور دخل دینا بہت مشکل ہے سو اس میں خوض کرنے والے کو محنت اور کوشش کرنی چاہیے۔

Marfat.com

چونکہ یہ فن بڑا مشکل ہے اور ہر کہہ و مہ کی اس تک رسائی نہیں ہو سکتی اس لیے حضرت امام مالکؒ، امام عبدالرزاقؒ اور امام ابو یوسفؒ وغیرہ نے اس میں دخل دینے سے منع کیا ہے تاکہ نااہل لوگ اس میں دخل دینے پر جری نہ ہو جائیں اور ایسے غریب اور مشکل الفاظ صحیح حدیثوں میں بھی اکثر آ جاتے ہیں اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ جس حدیث پر لفظ غریب بولا گیا وہ صحت کے معیار ہی سے گر گئی اور ضعیف ہو گئی جیسا کہ نہایت ہی سطحی قسم کے لوگوں نے سوءِ فہم سے یہ سمجھ رکھا ہے اور من صلی عند قبری الحدیث اس معنی میں غریب نہیں ہے کیونکہ اس کے متن میں کوئی ایسا لفظ واقع نہیں جو بعید از فہم اور مشکل ہو پھر اس حدیث کو غریب الحدیث کی مد میں لے جانا اور پھر اس کو ضعیف قرار دینا اہل علم کی شان سے بالکل بعید ہے اور اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ ہاں البتہ حضرت امام احمد بن حنبلؒ نے جن غرائب کا ذکر کیا ہے وہ ایسی غریب حدیثیں ہیں جن کی سند میں کوئی راوی متفرد ہو اور ایسی احادیث کے لکھنے سے انہوں نے منع فرمایا ہے اور وجہ یہ بیان کی کہ وہ اکثر ضعیف راویوں سے مروی ہوتی ہیں اور منکر ہوتی ہیں، اکثر غرائب بڑے شوق سے مناکیر اور ضعفاء سے مروی ہوں یہ دعویٰ ہم نے کب کیا ہے کہ ہر غریب حدیث صحیح ہوتی ہے اور امام احمد بن حنبلؒ نے بھی یہ دعویٰ کب کیا ہے کہ تمام غرائب منکر اور ضعیف ہوتی ہیں، ان کا دعویٰ بھی تو یہی ہے کہ ان میں اکثر ضعیف ہوتی ہیں ہاں ان میں صحیح بھی ہیں اور لفظ عامتھا اس کا واضح قرینہ ہے۔

امام ابن الصلاحؒ فرماتے ہیں کہ:

ثم ان الغریب ینقسم الی صحیح کالافراد المخرجة فی الصحیح والی غیر صحیح و ذلك هو الغالب علی الغرائب اھ

پھر غریب کی دو قسمیں ہیں ایک صحیح جیسے ان متفرد راویوں کی حدیثیں جن کی صحیح میں تخریج کی گئی ہے اور دوسری غیر صحیح اور غرائب پر یہی غالب ہے۔

(مقدمہ ۲۴۴)

اس عبارت سے بھی واضح ہوا کہ تمام غرائب غیر صحیح نہیں ہیں بلکہ ان میں صحیح

Marfat.com

بھی ہیں اور امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ:

وینقسم الی صحیح وغیرہ وھو الغالب اھ — کہ غریب کی دو قسمیں ہیں ایک صحیح اور دوسری غیر صحیح اور غالب یہی ہے۔

(تقریب النواوی صفحہ ۳۷۶)

اس سے بھی معلوم ہوا کہ غریب حدیثیں صحیح بھی ہوتی ہیں اور امام ابن الصلاحؒ فرماتے ہیں کہ بخاری کی پہلی حدیث انما الاعمال بالنیّات غریب ہے فان اسنادہ متصف بالغرابۃ الخ (مقدمہ ابن الصلاح صفحہ ۲۴۵) اس کی سند غرابت سے متصف ہے۔

تو کیا اس کا یہ مطلب ہوگا کہ یہ ضعیف ہے؟ اور بخاری اور مسلم میں متعدد روایتیں اس لحاظ سے غریب ہیں کہ ان میں کہیں راوی متفرد ہوتا ہے مگر ہیں وہ صحیح اور ترمذی شریف میں متعدد مقامات پر آتا ہے۔ ھذا حدیث حسن غریب حسن صحیح غریب (مزید تشریح شرح نخبۃ الفکر صفحہ ۳۵ اور توجیہ النظر صفحہ ۱۶۱ وغیرہ میں ملاحظہ فرمائیں) اگر غرابت صحت کے منافی ہوتی تو یہ حسن اور صحیح کے ساتھ کیسے جمع ہو گئی؟ محض غریب غریب کہہ کر پوری امت مسلمہ کی مخالفت کر کے اس جید اور صحیح حدیث کو ضعیف قرار دینا کوئی دینی اور علمی خدمت نہیں ہے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ لکھتے ہیں کہ:

ان الغرابۃ لاتنا فی الصحۃ ویجوزان یکون الحدیث صحیحاً غریباً — بلاشک غرابت صحت کے منافی نہیں ہے اور جائز ہے کہ حدیث صحیح غریب ہو۔

(مقدمہ مشکوٰۃ صفحہ ۶ طبع اصح المطابع دہلی)

اور مؤلف ندائے حق صفحہ ۱۸۴ میں لکھتے ہیں کہ اور نری وحدت راوی مضر نہیں اور نہ یہ جرح ہے۔ وحدۃ الراوی لیس بجرح عندنا (فواتح الرحموت ج ۱ صفحہ ۴۳۵)

الغرض اس روایت پر اصول حدیث کے رُو سے کوئی ایسا اعتراض وارد نہیں ہوا جو اس کی صحت اور اس کے قابل احتجاج ہونے پر اثر انداز ہو یہی وجہ ہے کہ ساری امت اس کے مفہوم پر متفق ہے۔"

☆☆☆

Marfat.com

س: عمار خان ناصر نے لکھا کہ...... "امام ابن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ ہر آیت کے شانِ نزول سے متعلق تمام اقوال و روایات کا احاطہ کرتے ہیں لیکن انہوں نے اس واقعہ کی طرف ادنیٰ اشارہ بھی نہیں کیا۔ یہی وجہ ہے کہ حافظ ابن کثیر نے بھی اس کو غریبٌ جداً کہا ہے۔ اصول حدیث کی رو سے ایسے معروف واقعات کی روایت میں خبرِ واحد معتبر نہیں ہوتی۔"...... اس حوالے سے آپ کیا فرمائیں گے؟

ج: هذا غریبٌ جداً پر گفتگو تو پہلے ہو چکی۔ رہا ان کا یہ کہنا کہ امام ابن جریر طبری نے اس واقعہ کی طرف اشارہ تک نہیں کیا۔ یہ بات نہایت ہی قلتِ مطالعہ اور تسامح ہے امام ابن جریر طبری نے یہ واقعہ اگرچہ تفصیلاً بیان نہیں کیا۔ لیکن اختصاراً انہوں نے اس واقعہ کو صرف بیان ہی نہیں کیا بلکہ اس واقعہ اور شانِ نزول کو "اولیٰ بالصواب" قرار دیا ہے۔

انہوں نے اس کا ابتدائی حصہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے آیت نمبر ۶۰ کے تحت یوں ذکر کیا ہے۔

عن ابن عباس قوله: (یریدون أن یتحاکموا الی الطاغوت وقد امروا ان یکفروا به) والطاغوت: رجل من الیهود کان یقال له کعب بن اشرف وکانوا اذا ما دعوا الی ما انزل الله والی الرسول لیحکم بینهم قالوا: بل نحا کمکم الی کعب فذلك قوله: (یریدون ان یتحاکموا الی الطاغوت) الآیة

(جامع البیان جلد ۴ صفحہ ۲۱۳)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے کہ ارشادِ الٰہی (یریدون أن یتحاکموا الی الطاغوت وقد امروا ان یکفروا به) اور طاغوت یہود میں سے ایک شخص تھا جسے کعب بن اشرف کہا جاتا ہے جب انہیں ان چیزوں کی طرف دعوت دی جاتی ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل کردہ تعلیمات ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف تاکہ ان کے درمیان وہ فیصلہ کریں تو وہ کہتے ہیں کہ ہم معاملہ کو فیصلہ کے لئے کعب بن اشرف کی طرف لے جاتے ہیں اور (یریدون ان یتحاکموا الی الطاغوت) یہی سے مراد ہے۔

Marfat.com

اس سے اگلی روایت حضرت مجاہد سے نقل کی کہ ارشادِ الٰہی (الم ترا الی الذین یزعموان انھم آمنوا بما انزل الیك و ما انزل من قبلك) کی تفسیر میں انہوں نے کہا کہ ایک منافق اور ایک یہودی کے مابین تنازعہ ہوا۔ منافق نے کہا کہ کعب بن اشرف کے پاس چلتے ہیں یہودی نے کہا کہ نبی ﷺ کی طرف چلتے ہیں۔ ایک روایت میں حضرت مجاہد سے یہودی کے الفاظ یہ ہیں۔

انھب الی محمد (ﷺ) — کہ ہم محمد (ﷺ) کی طرف چلتے ہیں۔

(جامع البیان: ۴۔۲۱۳)

اگرچہ انہوں نے شانِ نزول کے طور پر حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کا پانی والا واقعہ بھی بیان کیا ہے لیکن وہ فرماتے ہیں کہ منافق اور یہودی کے واقعہ کو شانِ نزول قرار دینا بہتر اور درست ہے کیونکہ ارشادِ الٰہی فلا وربك...... اسی واقعہ کے سیاق میں ہے جس کی خبر اللہ تعالیٰ نے اپنے ان الفاظ الم ترا الی الذین سے دی ہے اور ایسی کوئی دلیل نہیں جو اس واقعہ کے انقطاع پر دلیل بن سکے۔ تو کسی واقعہ کو دوسرے واقعہ کے ساتھ لاحق کرنا ہوتا ہے جبکہ اس کے انقطاع پر دلیل نہ ہو اولیٰ ان کے الفاظ ملاحظہ کیجئے۔

قال ابوجعفر: وھذا القول اعنی قول من قال: عنی به المتحکمان الی الطاغوت اللذان وصف اللہ شانھما فی قوله: (الم ترا الی الذین یزعمون انھم امنوا بما انزل الیك وما انزل من قبلك) اولی بالصواب، لان قوله: (فلا وربك لا یومنون حتی یحکمون فیما شجر بینھم) فی سیاق قصة الذین ابتدأ اللہ الخبر عنھم بقوله: (الم ترالی الذین یزعمون انھم امنوا بما انزل الیك) ولا دلالة تدل علی الانقطاع

ابوجعفر کہتا ہے کہ یہ قول میری مراد ان لوگوں کا قول ہے کہ جنہوں نے یہ مراد لیا کہ انہوں نے طاغوت کی عدالت کی طرف یہ معاملہ لے جانے کے لئے کہا۔ جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ بیان کیا ہے کہ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو یہ گمان کرتے ہیں کہ وہ آپ کے نازل کردہ پر ایمان لائے اور وہ جو آپ ﷺ سے پہلے نازل کیا گیا۔ یہ قول صواب بہتر ہے۔ کیونکہ ارشادِ الٰہی اور ہرگز نہیں تیرے رب کی قسم! وہ ایمان دار

Marfat.com

قصتھم ، فالحاق بعض ذلك ببعض ما لم تأت دلالة علی انقطاعه اولی
(جامع البیان:۴۔۴۲۰)

نہیں حتیٰ کہ وہ آپ ﷺ کو فیصل مانے جو اُن کا آپس میں اختلاف ہوا۔" یہ اس واقعہ کے سیاق میں ہے جس کی ابتدا بطور خبر اللہ تعالیٰ نے یوں کی۔ کیا تم نہیں دیکھتے ان لوگوں کی طرف، جو گمان کرتے ہیں کہ وہ اس پر ایمان لائے جو تم پر نازل کیا گیا اور کوئی دلیل ایسی نہیں جو بتائے کہ ان کے واقعہ میں انقطاع ہوا ہے تو بعض کو بعض کے ساتھ ملحق کر دینا اولیٰ ہوتا ہے جب تک انقطاع پر کوئی دلیل نہ ہو۔"

اس کے بعد امام طبری کے بارے میں یہ کہنا کہ انہوں نے اس کی طرف اشارہ تک نہیں کیا۔ سوائے قلت مطالعہ کے اور کچھ نہیں۔ آپ یہ تو کہہ سکتے ہیں کہ امام طبری نے اسے اختصاراً بیان کیا ہے تفصیلاً بیان نہیں کیا۔ لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ انہوں نے اس واقعہ کا تذکرہ ہی نہیں کیا۔

اس پر ہم اہل علم کی تصریحات ذکر کیے دیتے ہیں جنہوں نے یہ واضح کیا کہ امام طبری نے اس واقعہ کو اختصاراً بیان کیا ہے اگرچہ تفصیلاً بیان نہیں کیا۔

امام جلال الدین عبداللہ بن یوسف زیلعی (ت:۷۶۲ھ) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا تفصیلی واقعہ متعدد مفسرین اور محدثین سے نقل کر کے امام طبری کے حوالے سے رقم طراز ہیں۔

وأما الطبری فانه اختصره ولم یذکر فیه قصة عمر بل ذکر صدر الحدیث فقط عن ابن عباس
(تخریج الاحادیث والآثار، ۱۔۳۳۰)

یعنی امام طبری نے اسے مختصراً بیان کیا اور اسی میں قصہ عمر رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں کیا بلکہ حدیث کا ابتدائی حصہ حضرت ابن عباس سے بیان کیا۔

Marfat.com

۲۔ امام ابن حجر عسقلانی نے شرح بخاری میں اسی مسئلہ پر بڑی تفصیلی گفتگو کی ہے اور متعدد آئمہ اور محدثین سے اس واقعہ کو نقل کیا ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آیت کے شانِ نزول کے بارے میں لکھا ہے کہ منافقین میں سے ایک شخص اور یہودی کے درمیان جھگڑا ہوا۔ یہودی نے کہا کہ چلو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاس فیصلہ کرواتے ہیں۔ منافق نے کہا کہ کعب بن اشرف کے پاس چلتے ہیں۔ پھر انہوں نے یہ واقعہ ذکر کیا اور اسی واقعہ کا حصہ یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منافق کو قتل کر دیا۔ اور یہ ان آیات کے نزول کا سبب بنا اور عمر رضی اللہ عنہ کا نام فاروق رکھا گیا۔ یہ سند اگرچہ ضعیف ہے لیکن طریق مجاہد سے یہ قوی ہو جاتی ہے اور اختلاف واقعہ نقصان نہیں دیتا کیونکہ تعدد کا امکان موجود ہے۔ یہ مزید لکھتے ہیں کہ امام طبری نے اسے اپنی تفسیر میں راجح قرار دیا ہے اور اپنی کتاب تہذیب الآثار میں انہوں نے اہل تاویل سے بیان کیا کہ ان آیات کا سبب نزول یہی واقعہ ہے تاکہ تمام آیات کا نظم سبب واحد کے تحت آ جائے اور لکھا تاکہ ان کے درمیان ایسی شے نہ آ جائے جو ان کے خلاف کا تقاضا کرے پھر فرمایا کہ اس سے کوئی مانع نہیں کہ حضرت زبیر اور ان کے مخالف کا واقعہ درمیانی مدت میں ہوا ہو اور عمومِ آیت اسے بھی شامل ہو حافظ ابن حجر کے الفاظ یہ ہیں:

وجزم مجاهد والشعبي بأن الاية انما نزلت فيه الاية التي قبلها وهي قوله تعالى الم ترالى الذين يزعمون انهم آمنوا بما انزل اليك وما انزل من قبلك يريدون ان يتحاكموا الى الطاغوت الاية فروى اسحق بن راهويه في تفسيره باسناد صحيح عن الشعبي قال كان بين رجل من اليهود ورجل من المنافقين خصومة فدعا اليهودي المنافق الى النبي صلی اللہ علیہ وسلم لانه علم انه لا

حضرت مجاہد اور شعبی نے جزم کا اظہار کیا ہے کہ یہ آیت ان کے حق میں نازل ہوئی ہے جن کے حق میں پہلی آیتیں آئی ہیں اور وہ یہ ارشاد گرامی ہے۔ الم ترالی الذین یزعمون انهم آمنوا بما انزل الیک وما انزل من قبلک یریدون ان یتحاکموا الی الطاغوت الایة امام اسحاق بن راھویہ نے اپنی تفسیر میں سند صحیح کے ساتھ امام شعبی سے نقل کیا ہے کہ ایک یہودی اور منافق کے درمیان جھگڑا

Marfat.com

يقبل الرشوة ودعا المنافق اليهودي الى
حكامهم لانه علم انهم ياخذونها
فانزل الله هذا الآيات الى قوله
ويسلموا تسليما وأخرجه ابن حاتم من
طريق ابن ابى نجيح عن مجاهد نحوه
وروى الطبرى باسناد صحيح عن ابن
عباس ان ابى حاكم اليهود يومئذ
كان أبا برزة الاسلمى قبل أن يسلم و
يصحب ورويناباسناد آخر صحيح الى
مجاهد أنه كعب بن الاشرف وقد
روى الكلبى فى تفسيره عن ابى صالح
عن ابى عباس قال نزلت هذه الاية فى
رجل من المنافقين كان بينه وبين
يهودى خصومة فقال اليهودى انطلق
بنا الى محمد و قال المنافق بل نأتى
كعب بن الاشرف فذكر القصة وفيه
ان عمر قتل المنافق وأن ذلك سبب
نزول هذه الايات وتسمية عمر
الفاروق وهذا الاسناد وان كان ضعيفًا
لكن تقوى بطريق مجاهد ولا يضره
الاختلاف لامكان التعدد وافاد
الواحدى باسناد صحيح عن سعيد عن
قتادة أن اسم الانصارى المذكور
قيس ورجح الطبرى فى تفسيره وعزاه

ہوا یہودی نے منافق کو نبی کریم ﷺ کی
بارگاہ میں فیصلے کی دعوت دی اس لئے کہ وہ
جانتا تھا کہ آپ ﷺ رشوت نہیں لیتے
منافق نے یہودی کو اپنے حکام کی طرف
دعوت دی کیونکہ وہ جانتا تھا کہ وہ رشوت
لیتے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیات یسلموا
تسلیما تک نازل کیں۔ امام ابن ابی
حاتم نے ابن ابی نجیح کی سند سے حضرت
مجاہد سے اسی طرح نقل کیا۔ امام طبری
نے سند صحیح کے ساتھ حضرت ابن عباس
رضی اللہ عنہما سے نقل کیا کہ یہودی حاکم اس وقت
ابوبرزہ اسلمی تھے یہ ان کے اسلام لانے
اور صحابی بننے سے پہلے کا واقعہ ہے
حضرت مجاہد تک ایک اور صحیح سند سے
کعب بن اشرف کا نام بھی ہے امام کلبی
نے اپنی تفسیر میں ابوصالح سے انہوں نے
حضرت ابن عباس سے نقل کیا کہ یہ آیت
مبارکہ منافق اور اس یہودی کے بارے
میں نازل ہوئی جن میں جھگڑا ہوا۔
یہودی نے کہا کہ محمد (ﷺ) کے پاس
چلو۔ منافق نے کہا کہ بلکہ ہم کعب بن
اشرف کے پاس چلتے ہیں پھر انہوں نے
واقعہ ذکر کیا اور اسی میں ہے کہ حضرت عمر
رضی اللہ عنہ نے منافق کو قتل کر دیا اور یہی ان

Marfat.com

الی اهل التاویل فی تهذیبه ان سبب نزولها هذه القصة لیتسق نظام الایات کلها فی سبب واحد قال ولم یعرض بینها ما یقتضی خلاف ذلك ثم قال ولا مانع ان تکون قصة الزبیر و خصمه وقعت فی أثناء ذلك فیتناولها عموم الایة۔ واللہ اعلم

(فتح الباری: ۵۔۲۹)

آیات کے نزول اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نام 'فاروق' کا سبب نہیں۔ یہ سند اگرچہ ضعیف ہے لیکن حضرت مجاہد کے طریق سے اسے قوت حاصل ہو جاتی ہے اور تعدد کے امکان کی وجہ سے اختلاف معتبر نہیں رہتا۔ امام واحدی نے صحیح سند کے ساتھ حضرت سعید اور انہوں نے قتادہ سے مذکور انصاری کا نام قیس ذکر کیا ہے امام طبری نے اپنی تفسیر میں اسے ترجیح دی ہے اور اپنی کتاب تہذیب الآثار میں اہل تاویل کی طرف سے بیان کیا ہے کہ اس آیت کا سبب نزول یہی واقعہ ہے تاکہ تمام آیات کا ایک ہی سبب کے تحت نظم قائم رہے۔ اور کہا کہ ان کے درمیان کوئی ایسی چیز نہ آجائے جو اس کے مخالف ہو پھر لکھا کہ اس سے کوئی مانع نہیں کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اور ان کے مخالف کا واقعہ اس اثنا میں پیش آیا ہو تو اسے بھی آیت کا عموم شامل ہے۔ واللہ اعلم

حافظ ابن حجر نے امام طبری کی تہذیب الآثار کا حوالہ دیا ہے کتاب کی اصل عبارت یہ ہے۔ امام طبری مسند زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کے تحت حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کا پانی والا واقعہ ذکر کرتے ہیں اور کچھ اہل علم کی طرف سے اس مذکورہ واقعہ پر تیسرا اعتراض یوں بیان کرتے ہیں کہ اہل تاویل نے اس آیت کو اس واقعہ پر محمول کیا ہے کہ منافق اور یہودی

Marfat.com

کا جھگڑا ہوا۔ یہودی نے رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ کی طرف اور منافقین نے کعب بن اشرف کی طرف رجوع کی دعوت دی تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل کیں اور اہل علم کہتے ہیں کہ ان اہل تاویل کا یہ قول صحت کے زیادہ قریب ہے کیونکہ یہ دونوں کے ذکر کے سیاق میں ہے اور ان کے واقعہ کے درمیان کوئی ایسی چیز نہیں جو روایت کو ان کے علاوہ کی طرف پھیر دے۔ اس کے بعد انہوں نے اس واقعہ پر متعدد روایات امام شعبی اور حضرت مجاہد سے نقل کیں یہ ان کے الفاظ پڑھیں۔

والثالثة: ان اهل التاويل انما وجهوا تاويل هذا الاية الى انه عنى بها المنافق الذى خاصم اليهودى الذى دعاه الى رسول الله ﷺ ودعاه المنافق الى كعب بن الاشرف او الى الكاهن من جهينة اللذين انزل الله تبارك و تعالى فيهما: الم ترا الى الذين يزعمون انهم امنوا بما انزل اليك وما انزل من قبلك يريدون ان يتحاكموا الى الطغوت وقد امروا ان يكفروا به (النساء: ٦٠) قالوا: وقولهم ذلك اقرب الى الصحة لان ذلك فى سياق ذكرهما ولم يعترض من قصتهما شى يوجب صرف الخبر عنهما الى غيرهما

تیسری دلیل ان کی یہ ہے کہ اہل تاویل نے اس آیت کی تاویل کرتے ہوئے مراد وہ منافق لیا ہے جسے یہودی نے رسول اللہ ﷺ کی طرف دعوت دی اور منافق نے کعب بن اشرف یا قبیلہ جہینہ کے کاہن کی طرف دعوت دی جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ نازل کیا۔ الم ترا الى الذين يزعمون انهم امنوا بما انزل اليك وما انزل من قبلك يريدون ان يتحاكموا الى الطغوت وقد امروا ان يكفروا به (النساء: ٦٠) اور ان کا کہنا یہ ہے کہ ان کا یہ قول صحت کے زیادہ قریب ہے کیونکہ یہ ان دونوں کے ذکر کے سیاق میں ہے اور ان دونوں کے واقعہ میں کوئی شے عارض نہیں ہوئی جو اس خبر کو ان دونوں کے غیر کی طرف پھیرنے کا سبب ہے۔

Marfat.com

حافظ ابن حجر ہی اپنی کتاب ''العجاب'' میں انہی آیات کے شانِ نزول کے بارے میں امام ابن ابی حاتم سے یہی واقعہ نقل کر کے لکھتے ہیں کہ اس میں ان لوگوں کے قول کو تقویت حاصل ہے جو کہتے ہیں کہ یہ تمام آیات ان کے حق میں نازل کی گئیں جو مقدمہ کاہن کے پاس لے جانا چاہتے تھے اور اسی پر امام طبری نے جزم کا اظہار کیا اور اسی کو قوی قرار دیا ہے ان کے الفاظ ملاحظہ ہوں۔

وفیہ تقویۃ لقول من قال: ان الایات کلھا انزلت فی حق المتخاصمین الی الکھاھن کما تقدم، وبھذا جزم الطبری وقواہ بان الزبیر لم یجزم بان الایۃ نزلت فی قصۃ بل اوردہ ظنًا قلت: لکن تقدم فی حدیث ام سلمۃ الجزم بذلہ ویحتمل ان تکون قصۃ الزبیر وقعت فی اثناء ذلك فعنا ولھا عموم الایۃ واللہ اعلم

(العجائب فی بیان الاسباب ج۲۔ صفحہ ۹۰۹)

اس میں ان کے قول کی تقویت ہے جو کہتے ہیں کہ یہ تمام آیات ان کے حق میں نازل ہوئیں جو کاہن کی طرف اپنا معاملہ لے کر گئے جیسا کہ پیچھے گزرا...... امام طبری نے اسی پر جزم کیا اور اسے قوی قرار دیتے ہوئے کہا کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے بطور جزم یہ بیان نہیں کیا کہ یہ آیت ان کے واقعہ میں نازل کی گئی ہے بلکہ انہوں نے یہ بات بطور ظن کہی۔ میرے نزدیک حضرت ام سلمہ کی حدیث میں اس بارے میں جزم کا ذکر ہوا ہے ممکن ہے کہ یہ حضرت زبیر کا واقعہ اسی اثنا میں پیش آیا ہو تو عمومِ آیت اسے بھی شامل ہے۔ واللہ اعلم

واضح رہے کہ امام ابن جریر طبری نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے جو واقعہ اختصاراً بیان کیا اسے امام ابوالحسن بن احمد واحدی (ت:۴۶۸ھ) نے حضرت ابن عباس سے ہی بڑی تفصیل کے ساتھ پورا واقعہ بیان کیا اور اس میں بڑی تفصیل کے ساتھ یہ بیان کیا۔

Marfat.com

فقال عمر للمنافق: اکذلك؟ قال: نعم ، فقال لهما: رویدا حتی اخرج الیکما فدخل عمر واخذ السیف فاشتمل علیه ثم خرج الیهما وضرب به المنافق حتی برد وقال: هکذا اقضی لمن لم یرض بقضاء الله وقضاء رسوله وهرب الیهودی ونزلت هذه الایة وقال جبریل علیه السلام: ان عمر فرق بین الحق والباطل فسمی الفاروق

(اسباب النزول۔۹۳)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منافق سے پوچھا۔ معاملہ اسی طرح ہے اس نے کہا۔ ہاں! فرمایا: دونوں ٹھہرو، میں تمہاری طرف واپس آتا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ داخل ہوئے تلوار لی اور دونوں کی طرف نکلے۔ منافق کو تلوار ماری یہاں تک کہ وہ وہیں ٹھنڈا ہوگیا اور فرمایا میں اسی طرح ان کا فیصلہ کروں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے فیصلے کو نہ مانے۔ یہودی بھاگ گیا اور یہ آیت نازل ہوئی۔ حضرت جبرئیل امین علیہ السلام نے کہا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حق اور باطل کے درمیان فرق کر دیا اس لئے ان کا نام "فاروق" ہے۔

ان آئمہ اور محدثین کی عبارات سے یہ فوائد واضح طور پر سامنے آتے ہیں مثلاً

۱۔ اس واقعہ کو مختصراً امام طبری نے بھی شانِ نزول کے طور پر بیان کیا ہے۔

۲۔ اسی واقعہ کو شانِ نزول کے طور پر امام طبری سمیت آئمہ ترجیح دیتے ہوئے صواب قرار دیتے ہیں۔

۳۔ امام ابن حجر نے تصریح کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے کہ

وفیه ان عمر قتل المنافق وان ذالك سبب نزول هذه الایات والتسمیة عمر الفاروق

(فتح الباری: ج ۵۔۲۹)

کہ اسی کا حصہ یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منافق کو قتل کیا اور یہی ان آیات کے نزول کا سبب ہے اور اسی سبب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا نام فاروق

Marfat.com

اسی بات کی تصریح امام جمال الدین زیلعی نے بھی یوں کی۔

بل ذکر صدر الحدیث فقط عن ابن عباس — بلکہ امام طبری نے اس حدیث کا فقط ابتدائی حصہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا۔ (تخریج الاحادیث والاثار، ۱۔۳۳۰)

۴۔ حافظ ابن حجر کی یہ تصریح بھی سامنے آگئی کہ اگر مذکورہ واقعہ کی سند میں کچھ ضعف بھی ہے تو حضرت مجاہد کی سند سے اسے تقویت حاصل ہوگئی ہے لہٰذا اس کے ضعف کا ازالہ ہو جاتا ہے اور اس سے استدلال کرنا درست ہے۔

۵۔ ان اہل علم کی تصریحات یہ بتاتی ہیں کہ اگر ان آیات کا شانِ نزول مذکورہ واقعہ کو قرار دیا جائے تو یہ نظم آیات کے زیادہ مناسب ہے۔

۶۔ ان میں یہ بھی تصریح ہے کہ اصل شانِ نزول کا واقعہ یہی ہے البتہ درمیان میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کا واقعہ بھی ہوا اور اس آیت کا عموم اسے بھی شامل ہے۔

ہمارے ان حوالہ جات، تصریحات اور دلائل کے بعد بھی اگر کوئی اپنی انا کی تسکین کے لئے یہ کہے کہ ...... "ہمارے معاشرے میں پیشہ ور اور غیر محتاط واعظین نے جن اصل کہانیوں کو مسلسل بیان کر کر کے زبان زدِ عام کر دیا ہے، ان میں سے ایک سیدنا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ایک منافق کو قتل کرنے کا واقعہ بھی ہے۔ (براہین صفحہ ۲۵۲) تو اسے سوائے ضد اور ہٹ دھرمی کے کیا کہا جا سکتا ہے؟

س: فریق مخالف عبد اللہ بن لهيعة کو ایک ضعیف راوی قرار دیتے ہیں آپ ان کے حوالے سے کچھ کہیں گے؟

ج: عمار ناصر نے ابن لهيعة پر صرف الفاظ جرح ہی نقل کیے ہیں اور الفاظ تعدیل کا ذکر کرنا مناسب ہی نہیں سمجھا۔ حالانکہ جو جو ان پر جرح کی گئی ہے اہل علم نے اس کا جواب بھی دیا ہے مثلاً اگر یہ کہا گیا کہ ان کی کتب جل گئی تھیں اور آخری عمر میں وہ اختلاط اور سوء حفظ کا شکار ہو گئے تھے تو اس کے جواب میں آئمہ نے یہ تصریح کی ہے کہ اول تو ان کی کتب جلی نہیں تھیں ان کے گھر میں آگ ضرور لگی لیکن ان کی کتب محفوظ رہیں۔ کچھ اہل علم کی تحقیق یہ ہے کہ ان کی کچھ کتب جلی تھیں مگر اصول بچ گئے تھے۔ پھر اکثر اہل علم نے

Marfat.com

یہ بات واضح کی جن میں دورِ جدید میں مخالفین کا مسلمہ محقق ناصر الدین البانی بھی یہ تسلیم کرتا ہے کہ اگر ابن لھیعۃ سے تین عبداللہ بن مبارک، عبداللہ بن وہب اور عبداللہ بن ابوعبدالرحمٰن المقری اگر روایت کریں تو ان کی روایت مسلمہ ہوگی کیونکہ وہ اصول میں تحقیق کے بعد روایت کرتے ہیں۔ ہم نے اسی لئے پہلے واضح کیا تھا کہ مذکورہ واقعہ ابن لھیعۃ سے عبداللہ بن وہب نے نقل کیا ہے۔

پھر اہل علم نے ان کی حدیث کو حسن قرار دیا ہے کیونکہ جب راوی مختلف فیہ ہو کہ کچھ اہل علم اسے ضعیف اور کچھ ثقہ قرار دیں تو وہ راوی محدثین کے نزدیک حسن الحدیث کہلاتا ہے۔ اسی لئے جن لوگوں نے عبداللہ بن لھیعۃ کو ضعیف قرار دیا ہے انہوں نے بھی اس کی حدیث کو قابل استدلال اور حسن قرار دیا ہے پھر صحاح ستہ کے تمام مصنفین نے اس شخص سے روایت لی ہے جو ان کے مقام کو واضح کرتی ہے لہٰذا مذکورہ واقعہ کے راوی عبداللہ بن لھیعۃ میں اس قدر ضعف نہیں ہے کہ اس کی احادیث کو قابل استدلال ہی نہ سمجھا جائے۔

جس راوی سے امام مالک جیسے لوگ روایت لیں اور اسے اخبرنی الثقۃ کہیں تو بڑے افسوس کی بات ہے کہ ہم لوگ اس راوی کی روایت کو بے دھڑک بے بنیاد قرار دے دیں واضح رہے کہ اس طرح حق بات کو دبایا نہیں جا سکتا۔

آج کی نشست میں آخری بات یہ ہے کہ عظیم محقق حسن مظفر الرزو نے "الامام المحدث عبداللہ بن لھیعۃ" کے نام سے مستقل کتاب لکھی ہے۔ دار الجلیل بیروت نے (۱۴۱۶ھ۔ ۱۹۹۶ء) میں شائع کیا ہے بڑے سائز کی اس ایمان افروز کتاب کے ۳۱۲ صفحات ہیں جسے آپ یک ہو اس کتاب کا مطالعہ کرے تاکہ تشفی اور اطمینان حاصل ہو۔ اس میں سے کچھ تصریحات اور الفاظ تعدیل ہم بھی ذکر کر دیتے ہیں۔

☆☆☆

جیسا کہ ہم پہلے حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں واضح کر چکے ہیں کہ آپ ابن لھیعۃ کو ثقہ کے نام سے تعبیر کرتے ہیں جب امام مالک یہ فرمائیں کہ ہمیں ثقہ نے عمرو بن شعیب سے روایت کیا، تو اہل علم نے اس ثقہ سے مراد عمرو بن

Marfat.com

حارث یا ابن لہیعہ مراد لیا ہے مثلاً موطا امام مالک میں باب "ما کیرہ أن ینبذ جمعیا" کے تحت:

حدثنی عن مالك عن الثقة عنده عن بكير بن عبدالله بن الاشج عن عبد الرحمن الخ

مجھے امام مالک سے اور انہوں نے اپنے نزدیک ثقہ سے انہوں نے بکیر بن عبداللہ بن اشج اور انہوں نے عبدالرحمن بن جناب انصاری سے انہوں نے حضرت ابوقتادہ انصاری سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے کھجور اور منقہ کا شیرہ اجتماعی طور پر پینے سے منع کیا۔

اس میں مالك عن الثقه عنده کی تشریح کرتے شارحینِ مؤطا نے لکھا ہے کہ اس سے مراد مخرمہ بن بکیر یا ابن لہیعہ ہیں بلکہ آگے یہ تصریح کی ہے کہ اسے ولید بن مسلم نے عبداللہ بن لہیعہ سے اور انہوں نے بکیر سے نقل کیا ہے۔ شارح مؤطا امام محمد بن عبدالباقی مالکی (ت:۱۱۲۲ھ) کی عبارت ملاحظہ کیجئے۔

(مالك عن الثقة عنده) قيل هو مخرمة بن بكيراو ابن لهيعة فقد رواه الوليد بن مسلم عن عبدالله بن لهيعة (عن بكير)

(شرح الزرقانی:۴:۲۰۷)

(امام مالک نے اپنے ہاں ثقہ سے بیان کیا) ثقہ سے مراد مخرمہ بن بکیر یا ابن لہیعہ ہیں اسے ولید بن مسلم نے عبداللہ بن لہیعہ سے اور انہوں نے بکیر سے روایت کیا ہے۔

مؤطا کے دوسرے شارح امام جلال الدین سیوطی (ت:۹۱۱ھ) لکھتے ہیں:

(مالك عن الثقه عنده) رواه الوليد بن اسلم عن مالك عن عبدالله بن لهيعة عن بكير

(تنویر الحوالک:۳،۵٦)

(امام مالک نے اپنے ہاں ثقہ سے اور انہوں نے بکیر سے نقل کیا) اسے ولید بن اسلم نے مالک سے اور انہوں نے عبداللہ بن لہیعہ سے اور انہوں نے بکیر سے نقل کیا ہے۔

۱

Marfat.com

الغرض آپ نے دیکھا کہ امام مالک، ابن لہیعہ کو ثقہ کہہ رہے ہیں اور موطا کے شارحین بھی انہیں ثقات میں ہی شمار کر رہے ہیں۔

امام احمد بن حنبل (ت:۲۴۲ھ) ان کو مصر کا سب سے بڑا محدث اور ضبط و اتقان میں بے مثل مانتے ہیں۔

من كان مثل ابن لهيعة بمصر في كثرة حديثه وضبطه واتقانه

مصر میں کثرت حدیث اور حدیث کے ضبط و اتقان میں ابن لہیعہ جیسا اور کون ہو سکتا ہے۔

(میزان الاعتدال:۴، ۱۶۸)

امام ابوداؤد نے امام احمد بن حنبل کے حوالے سے لکھا ہے۔

ماكان محدث مصر الا ابن لهيعة

مصر میں محدث صرف ابن لہیعہ ہیں۔

(تہذیب التہذیب جلد ۵ صفحہ ۳۷۵)

شیخ زید بن حباب کہتے ہیں کہ حضرت سفیان ثوری (ت:۱۶۱ھ) نے فرمایا کہ:

سمعت احمد يقول ماكان محدث مصر الا ابن لهيعة

(سیر اعلام النبلاء، ۸:۱۳)

ایک اور جگہ پر انہوں نے ہی فرمایا کہ میں نے ایک حج صرف اس لئے کیا کہ میری ملاقات ابن لہیعہ سے ہو جائے۔ (رفع الامر جلد ۱ صفحہ ۲۹۰)

عثمان بن صالح سہمی بیان کرتے ہیں کہ ہمیں قاضی مصر ابراہیم بن اسحاق نے بتایا کہ میں امام لیث کا ایک خط لے کر امام مالک کے پاس پہنچا۔

فجعل مالك يسألني عن ابن لهيعة وأخبره، فيقول: اليس يذكر الحج؟ فسبق الى قلبي انه يريد مشافهته والسماع منه

امام مالک نے مجھ سے ابن لہیعہ کے بارے میں پوچھنا شروع کیا اور کہا کہ بتاؤ کہ وہ حج کا کوئی ارادہ رکھتے ہیں۔

تو میرے دل میں یہ بات گئی کہ امام مالک ان سے ملاقات اور ان سے حدیث لینا چاہتے ہیں۔

Marfat.com

حضرت قتیبہ بن سعید کہتے ہیں کہ جب حضرت ابن لھیعہ کا وصال ہوا تو ابن لیث بن سعد (ت:۱۷۵ھ) نے فرمایا کہ:

ما خلف مثلہٗ — انہوں نے اپنے بعد اپنی مثال نہیں چھوڑی۔ (تذکرۃ الحفاظ:۱،۲۳۹)

شیخ ابوطاہر بن حرہ کہتے ہیں کہ میں نے امام عبداللہ بن وہب (ت:۱۹۷ھ) کو فرماتے ہوئے سنا کہ

حدثنی واللہ الصادق البار عبداللہ بن لھیعۃ — اللہ کی قسم مجھے سچے، صالح عبداللہ ابن لیعہ نے حدیث بیان کی۔

الشیخ ابوطاہر کہتے ہیں کہ میں نے اس سے پہلے ابن وہب کو کبھی قسم اٹھاتے نہیں دیکھا۔(الکامل فی الضعفاء)

امام محمد بن یحییٰ بن حسان بیان کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد یحییٰ (ت:۲۰۸ھ) کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ

ما رأیت احفظ من ابن لھیعۃ بعد ھشیم — میں نے ہشیم کے بعد ابن لھیعہ سے بڑھ کر صاحبِ حفظ نہیں دیکھا۔

شیخ احمد بن صالح (ت:۲۴۸ھ) فرماتے ہیں کہ:

کان ابن لھیعۃ صحیح الکتاب طلاباً للعلم — ابن لیعہ کتاب کے اعتبار سے صحیح ہیں اور علم کے لئے خوب طلب رکھنے والے تھے۔ (تذکرۃ الحفاظ،۱:۲۳۸)

س: متعدد اہل علم تو اس راوی کو ضعیف قرار دیتے ہیں کیا پھر بھی اس کی روایت قابلِ قبول ہوگی؟

ج: اولاً تو اہل علم نے اس قدر اس راوی کو ضعیف نہیں کہا کہ اس کی روایت ہی کو مسترد کر دیا جائے۔ اصطلاحاً یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ ان کی روایت کو موضوع کسی نے قرار نہیں دیا البتہ ان کی روایت کو لوگوں نے ضعیف قرار دیا ہے مگر جیسا کہ پہلے بیان کر چکا ہوں کہ امام مالک اور امام احمد بن حنبل جیسے لوگ ان سے روایت لیتے ہیں اور انہیں ثقہ

Marfat.com

قرار دیتے ہیں اور یہ بات ذہن نشین رہے کہ امام بخاری سمیت تمام محدثین نے ان سے روایت لی ہے اور اگر کچھ لوگ اسے ضعیف کہتے بھی ہیں تو انہوں نے یہ تصریح کر دی ہے کہ جب یہ چار عبادلہ ان سے روایت لیں تو ضعیف نہیں بلکہ صحیح مانی جائے گی اور ان چار عبادلہ کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔ عبداللہ بن وہب، عبداللہ بن مبارک، عبداللہ بن یزید المقری، عبداللہ بن مسلمہ قعنبی۔

اس پر محدثین کی متعدد تصریحات موجود ہیں ان میں سے بعض کا تذکرہ کئے دیتا ہوں۔

۱۔ امام ابن حبان لکھتے ہیں کہ ابن لہیعہ کی ولادت کا سال ۹۶ھ اور سن وصال ۱۷۴ھ ہے یہ نہایت صالح آدمی تھے۔ ضعفاء سے تدلیس کرتے پھر ان کی کتب جل گئی تھیں۔ ہمارے اصحاب فرماتے ہیں کہ:

سماع من سمع منه قبل احتراق كتبه مثل العبادلة : عبدالله بن وهبه وابن المبارك وعبدالله بن يزيد المقرى وعبدالله بن مسلمة القعنبى فسماعهم صحيح

(ميزان الاعتدال: ۴، ۱۷۳)

ابن لہیعہ سے جن لوگوں کا سماع ان کی کتب جلنے سے پہلے ہے مثلاً یہ چار عبادلہ عبداللہ بن وہب، عبداللہ بن مبارک، عبداللہ بن یزید المقری اور عبداللہ بن مسلمہ قعنبی۔ تو ان لوگوں کا سماع درست ہے۔

۲۔ ہم دیگر اہل علم کے بجائے شیخ ناصر الدین البانی کی متعدد تصریحات اس پر ذکر کر دیتے ہیں کہ انہوں نے بھی کئی مقامات پر یہ لکھا ہے کہ اگرچہ ابن لہیعہ ضعیف ہے لیکن عبادلہ کی روایت اس سے صحیح ہوتی ہے۔

۱۔ ابن لهيعة وان كان ضعيفا، فان رواية العبادلة الثلاثة عنه صحيحة ، كما نص على ذالك غير واحد من الائمة

(سلسلة الاحاديث الضعيفه ۲: ۴۲۴)

ابن لہیعہ اگرچہ ضعیف ہے لیکن ان سے تین عبادلہ کی روایت صحیح ہے جیسے اس پر متعدد آئمہ نے تصریح کی ہے۔

Marfat.com

۲۔ دوسرے مقام پر موصوف ابن لہیعۃ سے مروی روایت کو صحیح قرار دیتے ہوئے اس کی وجہ یہی بیان کرتے ہیں کہ یہ روایت ابن لہیعۃ سے اس لئے صحیح ہے کہ اسے ان سے عبادلہ نے روایت کیا ہے۔

قلت: ورجاله ثقات لان ابن لهيعة صحيح الحديث اذا روى عنه العبادلة: عبدالله بن وهب وعبدالله بن المبارك وعبدالله بن يزيد المقرى وهذا الحديث من رواية الاولين عنه
(سلسلہ احادیثِ الضعیفہ: ۸، ۱۹۹)

میں کہتا ہوں کہ اس روایت کے راوی ثقہ ہیں کیونکہ ابن لہیعۃ صحیح الحدیث ہوتا ہے جب ان سے یہ عبادلہ روایت کریں، عبداللہ بن وہب، عبداللہ بن مبارک، عبداللہ بن یزید مقری اور یہ حدیث ابن لہیعۃ سے پہلے دونوں روایت کرنے والے ہیں۔

۳۔ انہوں نے متعدد مقامات پر یہ بھی تصریح کی ہے کہ ابن لہیعۃ اگرچہ ضعیف ہے مگر جب ان سے عبداللہ بن وہب روایت کریں تو ان کی حدیث صحیح ہوتی ہے۔

فهو ضعيف، وان تبعه المناوى: فانه من رواية عبدالله بن وهب عنه كما رأيته وحديثه عنه صحيح كما نبه على ذلك غير ما واحد من الحفاظ
(سلسلہ احادیث الضعیفہ، القسم اول صفحہ ۲۸۶)

یہ ضعیف ہے اگرچہ ان کی اتباع مناوی نے کی ہے کیونکہ اسے روایت ابن لہیعۃ سے عبداللہ بن وہب نے کیا ہے جیسا کہ سند تمہارے سامنے ہے اور ان کی روایت ابن لہیعۃ سے صحیح ہوتی ہے جیسے اس پر متعدد حافظینِ حدیث نے تنبیہ کی ہے۔

۴۔ ایک اور مقام پر اس بارے میں گفتگو کرتے ہوئے حدیث میں اضطراب ابن لہیعۃ سے روایت کرنے والوں سے ہے نہ کہ خود ان سے۔

لانا نقول: هذا مردود لانهم جميعا ثقات و فيهم عبدالله بن وهب

کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ بات مردود ہے کیونکہ یہ تمام راوی ثقہ ہیں اور ان میں

Marfat.com

وعبدالله بن المبارك وهما ممن سمعا من ابن لهيعة قبل احتراق كتبه فذلك يدل على أن الاضطراب معه
(سلسلہ احادیث ضعیفہ ۲، ۲۲۶)

عبداللہ بن وہب اور عبداللہ بن مبارک ہیں اور وہ دونوں ان میں سے ہیں جنھوں نے ابن لہیعہ سے ان کی کتب جلنے سے پہلے پڑھا ہے اور یہ اس پر دلیل ہے کہ یہ اضطراب انہی سے ہے۔

واضح رہے کہ زیر بحث حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قتل گستاخ واقعہ ابن لہیعہ سے روایت کرنے والے حضرت عبداللہ بن وہب ہی ہیں اور آپ سن چکے ہیں کہ جب ابن لہیعہ سے عبادلہ روایت کریں تو وہ ضعیف نہیں بلکہ صحیح ہوتی ہے جب مذکورہ روایت ان عبادلہ میں سے حضرت عبداللہ بن وہب سے ہی مروی ہے تو پھر اس کو کس طرح کوئی شخص ضعیف کہہ سکتا ہے۔

جب ابن لہیعہ کے بارے میں یہ اُصول سامنے آگیا کہ عبادلہ سے ان کی روایت کو صحیح تسلیم کیا جائے گا اب زیر بحث واقعہ کی روایت کو بھی صحیح ہی تسلیم کرنا ہوگا ورنہ کتب حدیث میں سینکڑوں روایات سے ہاتھ دھونا پڑھ جائے گا جو کسی طرح بھی امت کو قبول نہیں۔

س: کتب جلنے والا اصل معاملہ کیا ہے؟ کچھ فرمائیے؟

ج: جیسا کہ پہلے بیان کر چکا ہوں کہ ابن لہیعہ کتب جل گئی تھیں تو اس بارے میں بھی متعدد اہل علم نے تصریح کی ہے کہ یہ بھی ان کے خلاف پراپیگنڈہ ہے ورنہ ان کی کتب جلی نہیں تھی اس پر چند تصریحات ملاحظہ کر لیجئے۔

امام ابراہیم بن طہمان کہتے ہیں کہ مجھے اہلِ مصر نے بتایا کہ

ما احترق لابن لهيعة كتاب قط
(الجرح والتعدیل: ۱۴۴)

ابن لہیعہ کی کتب ہرگز نہیں جلیں۔

شیخ سعید ابی مریم کہتے ہیں کہ:

لم تحترق كتب ابن لهيعة ولا كتاب
(تہذیب الاکمال: ۲۲۸)

ابن لہیعہ کی کتب نہیں جلیں اور نہ کوئی اور کتاب۔

Marfat.com

شیخ محمد بن یحییٰ بن حسان کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ ابن لھیعہ کی کتب جل گئی تھیں؟ تو انہوں نے بتایا کہ:

ماغاب له كتاب — ان کی کوئی کتاب ان سے غائب نہیں ہوئی۔

امام ابوذرعہ رازی فرماتے ہیں۔

لم تحترق كتبه — ابن لھیعہ کی کتب نہیں جلیں۔

(الضعفاء الکبیر: ۲، ۳۴۶)

## اصول کا نہ جلنا:

کچھ اہل علم نے یہ تصریح بھی کی ہے کہ ابن لھیعہ کی بعض کتب تو جل گئی تھیں مگر اصول بچ گئے تھے نہیں جلے تھے شیخ عثمان بن صالح سہمی کہتے ہیں کہ:

احترقت دار ابن لهيعة و كتبه وسلمت اصوله — ابن لھیعہ کا گھر اور کتب جلیں لیکن ان کے اصول محفوظ رہے۔

(الضعفا الکبیر: ۲، ۲۹۴)

شیخ اسحاق بن عیسیٰ کہتے ہیں کہ:

ما احترقت اصوله انما احترق بعض ما كان يقرأ منه — ان کے اصول نہیں جلے بعض وہ چیزیں جلیں جس سے وہ پڑھا کرتے تھے۔

(سیر اعلام عن نبلا ۸: ۲۱)

اب یہ بات کھل کر سامنے آگئی ہے کہ ان کی کچھ کتب تو جل گئی تھیں لیکن اصول محفوظ رہے تھے تو جب کوئی بھی ان کے اصولوں سے روایت کرے گا تو وہ روایت مقبول ہوگی اور عبادلہ کی روایات کو یہی مقام حاصل ہے۔

Marfat.com

# مقصودِ کائنات

علامہ حافظ محمد ایوب دہلوی قدس اللہ سرہٗ

میں اللہ سے پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔ یہ اعوذ جو ہے یہ عوذ سے مشتق ہے۔ اس کے معنی چمٹنے اور فریاد کرنے کے ہیں۔ اعوذ کے یہ معنی ہوئے کہ میں چمٹتا ہوں یا فریاد کرتا ہوں، دونوں معنی لگتے ہیں۔ چمٹنا تو وہ ہے کہ نابالغ بچہ جب ڈر جاتا ہے کسی بُری شے سے وہ باپ کو، استاد کو یا کسی بڑے کو جا کر چمٹ جاتا ہے، اور جو بڑا ہوتا ہے بالغ ہوتا ہے وہ فریاد کرتا ہے کہ اس کے شر سے مجھے بچاؤ۔ دونوں معنی ہو سکتے ہیں۔

اللہ سے میں چمٹتا ہوں یا فریاد کرتا ہوں۔ کس سے؟ شیطان مردود سے؟ شیطان تو اس قابل نہیں ہے کہ اس سے پناہ مانگی جائے یا اس سے ڈرا جائے، یا وہ کوئی بُری چیز نہیں ہے کیونکہ وہ بہت عرصہ جنت میں فرشتوں کے ساتھ رہا اس لیے بذاتہٖ وہ بُری چیز نہیں تھا بلکہ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ میں شر کا لفظ محذوف ہے۔ مِنْ شَرِّ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ یعنی شیطان کے شر سے۔ جو شر اس سے بعد میں ظاہر ہوا اس شر سے میں پناہ مانگتا ہوں۔ نفسِ شیطان میں کوئی خرابی نہیں ہے اس لیے کہ جس قدرت سے شیطان بنا ہے یہ وہی قدرت ہے جس نے ملائکہ اور انبیاء علیہم السلام بنے ہیں۔ ایک ہی قدرت کے دونوں نتیجے ہیں۔ جہاں تک قدرت کا تعلق ہے دونوں کے دونوں ہی ایک قدرت سے بنے ہیں اس لیے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔ خرابی اس کے شر میں ہے اور وہ شر کیا ہے؟

جس وقت یہ حکم ہوا وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِکَۃِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ (البقرۃ: ۳۴) اور جب کہا ہم نے فرشتوں سے سجدہ کرو آدم کو فَسَجَدُوْٓا پس سب نے سجدہ کیا، اِلَّآ اِبْلِیْسَ بجز ابلیس کے لَمْ یَکُنْ مِّنَ السّٰجِدِیْنَ (الاعراف: ۱۱) وہ سجدہ کرنے والوں کے ساتھ نہیں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا قَالَ مَا مَنَعَکَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُکَ (الاعراف: ۱۱) اللہ تعالیٰ نے فرمایا تجھے کس چیز نے منع کیا سجدہ کرنے سے میرے امر کے بعد قَالَ اَنَا خَیْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِیْ مِنْ

Marfat.com

نَارٍ وَّ خَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ (الاعراف:١٢) شیطان نے کہا کہ میں اس سے بہتر ہوں اور اپنے اس دعوے کے ثبوت میں یہ کہا کہ تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا اور آدم کو مٹی سے پیدا کیا۔ یہ اور یہ مقدمہ یہاں محذوف ہے کہ آگ بہتر ہے مٹی سے اور بہتر سے جو چیز بنائی جائے گی وہ بہتر ہوگی اس شے سے جو بدتر سے بنائی جائے گی۔ چونکہ میں آگ سے بنا ہوں اور آدم مٹی سے بنا ہے اس لیے میں آدم سے بہتر ہوں۔ یہ مقدمہ یہاں مذکور نہیں ہے مطلب یہ ہوا اس کا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے یہ کہا کہ کوئی شے مانع نہیں ہے۔ پھر بتا کس وجہ سے تو نے سجدہ نہیں کیا۔

شیطان نے کہا درحقیقت یہ امر جو ہوا ہے یہ لاقانونی ہے، خلافِ قانون ہے، قاعدہ تو یہ تھا کہ میں بہتر تھا، مجھ کو سجدہ کرایا جاتا۔ یہ بدتر تھا یہ ساجد ہوتا اور اس نے اپنے بہتر ہونے کی یہ دلیل دی کہ میرا مادّہ اس کے مادّے سے بہتر ہے۔ چونکہ یہ دلیل غلط تھی کہ اس نے استدلال کیا اپنے مادّہ کی خوبی سے اپنی خوبی پر۔ یہ ہے اس کی فیلعیت، یہ ہے اس کا شر۔

اللہ نے جواب دیا کوئی شے مانع نہیں ہے۔ وقت اس میں کیا تھی؟ اس کی سمجھ میں یہ بات نہ آئی کہ یہ جتنے محاسن ہیں اور حسن ہیں یہ سب اشیاء کی صفتیں ہیں۔ فلاں شے اچھی ہے فلاں شے بُری ہے۔ چیزوں کی اچھائی اور بُرائی۔ اچھے اور بُروں کی خصلتوں کی صفت ہے۔ اور یہ جتنے واقعات ہیں، جتنے حقائق ہیں یہ سب اللہ تبارک و تعالیٰ کے افعال ہیں۔ اللہ ان کا فاعل ہے اور یہ آیات جو ہیں الٓمّٓ ○ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ سے وَالنَّاس تک یہ اللہ تعالیٰ کے اقوال ہیں۔ یہ زمین اور آسمان، سورج، چاند وغیرہ یہ سب اشیاء ہیں۔ یہ سب اس کے افعال ہیں۔ تو شیطان نے قولِ الٰہی کو فعلِ الٰہی کے تابع کر دیا کہ جو فعل اچھا ہو اُس کے ماتحت حکم اور قول ہونا چاہیے۔ یہاں معاملہ اُلٹا ہو گیا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اس کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کر۔ اس حکم کو اس نے مانا نہیں اور یہ کہا کہ چونکہ یہ حکم بے قاعدہ ہے۔ قاعدہ یہ ہونا چاہیئے تھا کہ جو اچھی چیز ہے اسے سجدہ کیا جائے اور جو بُری چیز ہے وہ سجدہ کرنے والوں میں ہو۔ یہ بات شیطان نے بیان کی تو اس نے کیا کیا؟ اُس نے یہ کیا

Marfat.com

کہ قولِ الٰہی کو فعلِ الٰہی کے تابع کر دیا۔ وہ جو اللہ تعالیٰ کا قول تھا کہ آدم کو سجدہ کرو، اُس حکم کو اس نے تابع کر دیا حقائق کے، واقعات کے جو فعلِ الٰہی ہیں۔ اسی غلطی کا نام شیطنیت ہے وَكَانَ مِنَ الْكَافِرِينَ (البقرہ: ۳۴) یوں وہ کافروں میں سے ہوا۔ پہلے وہ ملائکہ میں شامل تھا، سجدہ کے حکم میں بھی شامل رہا۔ جنت میں بھی شامل رہا اور جو ملائکہ کی حالت تھی وہ اس کی بھی حالت تھی۔ اس کی شیطنیت اور اس کا شر یہ ہوا کہ اس نے قول (امر) الٰہی کو فعلِ الٰہی کے تابع کر دیا۔ یہ غلطی ہوئی ہے اس سے اور یہی غلطی تمام حکماء کو اور تمام عقلاء کو اس نے سکھائی ہے جس سے فلسفہ بنا ہے۔ درحقیقت فلسفیت جو ہے اصل میں شیطنیت ہے کیونکہ یہ جتنے بھی احکامِ علوم ہیں یہ عقل کے ماتحت ہیں۔ عقل کے ماتحت ہونے کے معنی ہی ہیں کہ واقعات کے ماتحت۔ واقعات کیا ہیں؟ یہ افعالِ الٰہی ہیں جن کے تابع قولِ الٰہی کو کر دیا۔ یہی تعلیم اُس نے اپنے تمام متبعین کو دی ہے۔ جتنے بھی مذاہب باطلہ ہیں سب اسی سے بنے ہیں۔ کوئی باطل مذہب ایسا نہیں ہے کہ شیطان کے ان خیالات سے بچا ہوا ہو بلکہ انہی سے بنا ہے۔

اب آپ غور کریں اور اس کو اچھی طرح سمجھ لیں کہ اس میں غلطی کیا ہے۔ یہاں اس نے گفتگو استدلال میں نہیں کی۔ اس کے مقدمات جو تھے وہ سب مشکوک ہیں۔ اگر ان کو حق تسلیم کر لیا جائے تب بھی وہ غلط ہیں۔ پہلی بات اس نے یہ کہی ہے کہ مجھ کو آگ سے پیدا کیا اور اس کو مٹی سے پیدا کیا، دوسری یہ کہ آگ بہتر ہے مٹی سے۔

یہ مقدمہ یہاں مذکور نہیں ہے، یہ مقدمہ مشکوک ہے اور غلط ہے۔ اُس نے اس پر استدلال کیا کہ آگ کا جزالطبعی جو ہے وہ اوپر ہے، خفیف ہے، ہلکی چیز ہے۔ مٹی مرکز میں ہے بھاری چیز ہے۔ خفیف ثقیل اور بھاری چیز سے افضل ہوتی ہے۔ یہ دونوں مقدمے مشکوک ہیں صحیح نہیں ہیں۔ قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ اَلنَّارُ ؕ (الحج: ۷۲) آپ کہہ دیجئے میں تم کو ایک چیز اس سے بُری بتاؤں؟ وہ آگ ہے۔ اللہ نے آگ کو فرمایا کہ بدترین چیز ہے، اُس نے آگ کو بہتر سمجھا، ان تمام مقدمات میں گفتگو نہیں کی جا رہی ہے۔ یہ اگر صحیح بھی ہوں تب بھی یہ استدلال جو ہے غلط ہے۔ کیا خرابی ہے اس کے

Marfat.com

اندر؟ یہ خرابی ہے کہ اس نے قولِ الٰہی کو فعلِ الٰہی کے تابع کر دیا۔ یہ غلطی ہوئی ہے کہ اس کے نزدیک فعل کے تابع قول ہونا چاہیئے یعنی حسن و قبح کے تحت احکام ہونے چاہئیں۔ نماز میں حسن ہے تو اس کے ماتحت حکم ہونا چاہیے نماز پڑھو، جھوٹ بولنے میں عیب ہے، نقص ہے، اس کے ماتحت حکم ہونا چاہیئے جھوٹ نہ بولو۔ یہ بات نہیں ہے کسی خوبی کی بنا پر نماز کا حکم نہیں ہوا ہے، کسی برائی کی بنا پر جھوٹ کی ممانعت نہیں ہوئی۔ کسی حسن کے ماتحت کوئی امر نہیں ہوا ہے اور کسی قباحت کے ماتحت کوئی نہی اور ممانعت نہیں ہوئی ہے۔ بلکہ اگر ایسا ہوگا تو قدرتِ الٰہیہ یعنی حکم الٰہی جو ہے وہ تابع ہو جائے گا مادّہ کے، اور یہ نقصِ عظیم ہے، قدرت کے منافی ہے۔ اس لیے ایسا نہیں ہو سکتا۔ وہ قادرِ مطلق ہے، جو چاہے حکم دے۔ پس جو حکم دے دے وہ اچھا ہے، جس شے کا حکم دے وہ اچھی ہے۔ یہ نہیں ہے کہ جو اچھی شے ہے اس کا حکم دے۔ جس شے کو منع کرے وہ بُری ہے۔ جیسے چوری ہے، جھوٹ ہے وغیرہ وغیرہ یہ جتنی چیزیں ہیں ان کی بڑائی کی بنا پر ممانعت نہیں ہے بلکہ بعض جگہ یہ چیزیں جو ہیں حسن قرار دے دی ہیں۔ جھوٹ کی برائی کی بنا پر جھوٹ کی ممانعت نہیں ہے بلکہ جھوٹ کی ممانعت کی بنا پر جھوٹ کی برائی ہے۔ جیسے اگر نبی ﷺ کو دشمن گھیر لے، کسی مکان میں وہ جا کر چھپ جائیں اور لوگ سچ بول دیں کہ ہمارے یہاں نبی علیہ السلام چھپے ہوئے ہیں۔ دشمن اگر گرفتار کر لیں تو ایسا صادق القول شخص جو ہے وہ فرعون اور ابوجہل سے بھی بدتر ہے، جو سچ بول کے نبی علیہ السلام کو پکڑوا دے۔ اس سے پتہ چل گیا کہ خود جھوٹ میں کوئی بُرائی نہیں ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ منع نہ کرتا تو کوئی بات نہ تھی۔ اس کے منع کرنے سے بُرا ہوا۔ کسی چیز میں بھی کوئی خرابی نہ تھی جس شے کا نام اس نے خراب رکھ دیا وہ خراب ہوگئی، جس کا نام اچھا رکھ دیا وہ اچھی ہوگئی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کوئی بات سچی اور حق اور اچھی نہیں کہتا، اللہ تعالیٰ اور نہ رسول اللہ ﷺ سمجھ گئے آپ۔ اللہ تعالیٰ جو بات کہتا ہے اس کے کہتے ہی وہ سچ ہو جاتی ہے، وہ سچ نہیں کہتا۔ پہلے سے کوئی شے سچی نہیں ہوا کرتی جس کے تحت اس کا قول ہو بلکہ قَوْلُهُ الْحَقُّ (اس کا قول ہی حق ہے، سچ ہے) ادھر اس نے کہہ دیا ہو جا، بس وہ ہو جاتی ہے۔ اس نے لکڑی کو کہہ دیا کہ اژدھا بن جا،

Marfat.com

اژدھا بن گئی۔ یہ واقعہ کے خلاف بات ہوئی۔ اس نے آگ کو کہا ٹھنڈی ہو جا، وہ ٹھنڈی ہو گئی۔ جو بات وہ کہتا ہے وہ قطعی سچی ہے لیکن ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ سچی بات پہلے سے ہو اور اس کے ماتحت اس کا قول ہو بلکہ قَوْلُهُ الْحَقُّ اس کا قول ہی حق ہے یہی حال رسول اللہ ﷺ کا ہے۔ دونوں ایک ہی لائنیں ہیں۔ اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کا جو قول ہے، یہ نہیں ہے کہ پہلے سے کچھ سچ کچھ حقانیت موجود ہو اس میں سے اٹھا کر وہ پیش کر دیتے ہیں۔ نہیں بلکہ جو وہ پیش کر دیتے ہیں وہ حق ہو جاتا ہے۔ ادھر کہا اور اُدھر وہ حق بنا۔

سچ اس کو کہتے ہیں جو واقعہ کے مطابق ہو۔ اس مطابقت کا نام سچ ہے، اور وہ بات سچ کہلاتی ہے۔ واقعہ کسے کہتے ہیں؟ یہ اشیاء، یہ کائنات، یہی حقائق ہیں۔ حقائق کا واقعہ کے مطابق ہونا، اس مطابقت ہی کا نام سچ ہے۔ گویا، سچ واقعات کے تابع ہو گیا۔ تو یہ ہمارے یہاں رائج ہے، مکلفین میں، انسانوں میں، ملائکہ میں، جنوں میں، مخلوقات میں۔ خدا کے ہاں یہ رائج نہیں ہے کہ اس کا قول جو ہے وہ واقعات کے تابع ہو، بلکہ واقعات اس کے قول کے تابع ہوتے ہیں۔ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (یٰسین) اس کی شان تو یہ ہے کہ جب وہ کسی شے کو بنانا چاہتا ہے، شیئیت اور حقیقت دینی چاہتا ہے وہ کہہ دیتا ہے اس شے سے کہ ہو۔ مجرد اس کے کہتے ہی کہ ہو، وہ ہو جاتی ہے۔ تو واقعیت ہمیشہ اس کے قول کے تابع رہی ہے۔ اس کا قول کبھی واقعہ کے تابع نہیں رہا۔

شیطان اس اصول کو نہیں سمجھا کہ افعال ہمیشہ قول "کن" کے تابع رہے ہیں۔ اس کا قول جو ہے وہ کیسے واقعات کے تابع رہے گا۔ واقعات اور حقائق کتنے ہی حسن ہوں، کتنے ہی حسین ہوں، ہمیشہ وہ تابع رہے ہیں اس کے قول کے۔ اس کا قول تابع نہیں رہا۔ قول علت ہے مخلوقات کی، یعنی قول "کن" جو ہے وہ مخلوقات کی علت ہے، وہ مقدم ہے واقعات سے۔ اس لیے مقدم مؤخر کے تابع نہیں ہو سکتا مؤخر مقدم کے تابع ہوگا۔ فعل مؤخر ہے قول مقدم ہے۔ شیطان اس بات کو نہیں سمجھا ہزاروں برس ہو گئے، اتنی مدت میں اس کی سمجھ میں یہ بات نہ آئی۔ یہی ناسمجھی کی باتیں تمام حکماء اور عقلاء کو اس نے سکھائیں

Marfat.com

اور جو اس علم سے اچھی طرح واقف نہیں تھے اُن پر ان کی دھونس جم گئی، وہ تمام ان سے دبنے لگے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ کچھ نہیں جانتے۔ میں نے آپ کو بتا دیا کہ شیطنیت کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ یہ شیطنیت اور فلسفہ ایک ہی چیز ہے، اور فلسفہ کے جو تفصیلی علوم ہیں ان سب کے متعلق ہماری پوری رائے یہ ہے اور ہمیں اس کا تجربہ ہے، اس میں کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو حق ہو۔ سب دھوکہ اور گمراہی ہے، اور وہی شیطنیت ہے۔

خدا نے کہا کہ جب میں نے حکم دیا تو میرے امر کے بعد کون مانع ہوسکتا ہے۔ کیونکہ جس شے کو امر کیا ہے وہ خود امتثالِ امر میں مشغول ہے۔ ہر شے کو حکم دیا، ہر شے امتثالِ امر میں مشغول ہے۔ ہر شے سے وہ کہہ رہا ہو کہ ہو "کن" خطاب کر رہا ہے، ہر شے خطاب کے سننے میں اور واقعیت کے حاصل کرنے میں مشغول ہے۔ اس خطاب کا سننا ہی واقعیت ہے۔ اس واقعیت کے حاصل کرنے میں سب مشغول ہیں۔ وہ اپنے آپ سے تو مدافعت کر نہیں سکتیں وہ دوسرے کی کیا مدافعت کریں گی، وہ کیا مانع ہوں گی۔ اس نے کہا مَا مَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ إِذْ أَمَرْتُكَ (اعراف: ۱۲) جب میں نے حکم دے دیا تو کون مانع ہوسکتا ہے۔ یہ جتنی چیزیں ہیں یہ خود امتثالِ امر کر رہی ہیں، یہ اپنے آپ کو نہیں روک سکتیں تجھے کیا روکیں گی۔ تو یہ شیطان کا شر ہے، اپنی رائے کے تابع ہونا جیسا کہ عوام فرما دیا کرتے ہیں کہ ہم بھی ایک رائے رکھتے ہیں، اس کے معنی یہ ہیں کہ کچھ تھوڑا سا شر شیطنیت کا ان کے قلب کے اندر ہے جو شخص یہ کہے کہ میں رائے رکھتا ہوں أَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ (الفرقان: ۴۳) بھلا دیکھا تو نے اس شخص کو کہ جس نے اپنی رائے کو اپنا معبود بنا رکھا ہے، اپنی ہوا کو، اپنی خواہش کو۔ رائے جو ہے معبودِ باطل ہے، جھوٹی چیز ہے۔ انبیاء علیہم السلام اسی چیز کی تبلیغ کرنے آئے ہیں۔ اعمال بعد کی چیز ہے۔ سب سے بڑی چیز یہ ہے کہ معبودِ برحق ایک ہی ہے اور یہ جو معبودِ برحق ہے 'رائے' دراصل بڑا بت یہی ہے۔ انسان پتھر کے بت کو بڑی جلدی سمجھ لیتا ہے کہ یہ اس قابل نہیں کہ شریکِ باری تعالیٰ ہو۔ اصل میں جو جھگڑا کرنے والی چیز ہے وہ "رائے" ہے کہ "یہ بات میری سمجھ میں نہیں آتی۔ مجھے اس سے اختلاف ہے، ایسا کیوں کہا؟"

Marfat.com

اس نے کہا قَالَ اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ (المنفقون:۱) جو بھی منافق تیرے پاس آئے کہنے لگے، ہم شاہد ہیں اس بات کے کہ البتہ تو اس وقت اللہ کا رسول ہے۔ یہ بات صحیح کہی انہوں نے۔ (آپ ﷺ تھے رسول۔ حق بات تھی یہ۔ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ (المنفقون:۱) اللہ نے تصدیق کر دی کہ تو اللہ کا رسول ہے۔ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ (المنفقون:۱) خدا اس بات کا شاہد ہے کہ یہ منافق جو بات کہہ رہے ہیں جھوٹے ہیں۔ ان کو سچ کو میں تسلیم نہیں کرتا اور میں نے ان کی سچ کا نام جھوٹ رکھا۔ اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِیْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ (یونس:۹۰) جب فرعون غرق ہونے لگا کہنے لگا کہ میں ایمان لایا اس معبود پر اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور جو بنی اسرائیل کا معبود ہے۔ یہ بات سچی کہی تھی اس نے۔ ایمان صحیح لایا تھا وہ لیکن اللہ نے کہا میں تسلیم نہیں کرتا ایمان کو۔ تو اگر وہ ایمان کو تسلیم نہیں کرے وہ ایمان نہیں۔ ایمان وہ ہے جسے وہ تسلیم کرے۔ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ (یٰسین:۵۲) یہی تو ہے وہ دن جس کا رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور تمام رسول سچے تھے۔ اب قبروں سے اٹھ کر کافر یہ کہیں گے یہ بات قطعی سچی ہے لیکن یہ کہتے ہی سیدھے جہنم میں چلے جائیں گے۔ جہنم جو ہے وہ دارالمصدقین ہو گیا۔ گویا اس نے کہا میں ان کی تصدیق کو تسلیم نہیں کرتا۔ یہ جو میری تصدیق کرتے ہیں۔ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا (مؤمن:۸۵) یہ جب میرا عذاب دیکھ لیں گے تو ان کا ایمان ان کو نفع نہیں دے گا۔ ایمان وہ ہے جسے میں ایمان کہوں۔ فسق وہ ہے جسے میں فسق کہوں، کذب وہ ہے جسے میں کذب کہوں جَعَلَ السِّقَایَةَ فِیْ رَحْلِ اَخِیْهِ (یوسف:۷۰) یوسف علیہ السلام نے ایک برتن اپنے بھائی کے سامان میں چھپا دیا تھا۔ یہ کذب نہیں بلکہ بہتان ہے۔ کذب سے بھی بدتر فعل ہے۔ خود فعل کرنا اور بھائیوں کی طرف منسوب کرنا، سخت بہتان ہوا نا؟ جو انہوں نے بھائیوں پر لگایا یہ کذب کا بھی باوا ہے جو حضرت یوسف علیہ السلام نے کیا۔ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِیُوْسُفَ (یوسف:۷۶) یہ مکر کرنا کہ ہم نے یوسف کو سکھایا تھا۔ وہاں فعلِ نبوت ہوا۔ بس جس کو میں سچ کہہ دوں وہ سچ

Marfat.com

ہے، جسے میں کذب کہہ دوں وہ کذب ہے۔ منافق سچی تصدیق کر رہے ہیں تو وہ کہہ رہا ہے تم جھوٹے ہو۔ نبی بہتان کا نقل کر رہے ہیں تو وہ کہتا ہے میری مہربانی ہے کہ میں نے یہ مکر اس کو سکھا دیا۔ تو اللہ جو چاہے سو کہے اور جو چاہے سو کرے۔ اس بات کو شیطان نہیں سمجھا۔ کیونکہ وہ خدا ہی کیا رہا جو کسی ضابطہ کے ماتحت ہو گیا۔ ضابطہ جب گھیر لے گا تو مضبوط و مجبور بن جائے گا۔ وہ محصور ہو جائے گا۔ وہ حاصر ہے تمام مخلوقات کو وہ خود گھیرے ہوئے ہے۔ کوئی شے اس کو نہیں گھیر سکتی۔ شیطان اس کو گھیرے میں لانا چاہتا تھا، یہ شیطنیت ہے۔

یہ محفلِ میلاد شریف ہے لیکن چونکہ پہلے اللہ تبارک و تعالیٰ کی تعریف کرنا مقصود تھی اس لیے ہم نے خداوند تعالیٰ کی تعریف کرنا شروع کی اور وہ بغیر اعوذ اور بسم اللہ کے ہو نہیں سکتی تھی۔ اس لیے میں نے اعوذ باللہ کے متعلق کچھ بیان کر دیا۔ اب بسم اللہ کے متعلق بیان کرتا ہوں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اس کے معنی ہیں: اللہ رحمٰن رحیم کے نام سے۔ یہ اس کا ترجمہ ہے۔ یہ فقرہ پورا نہیں ہے۔ شروع، آغاز، ابتدا اللہ رحمٰن رحیم کے نام سے ہے۔ ابتدا محذوف ہے یہاں۔ میں ابتدا کرتا ہوں اللہ رحمٰن رحیم کے نام سے یا میں شروع کرتا ہوں اللہ رحمٰن رحیم کے نام سے یا شروع رحمٰن رحیم کے نام سے ہے یا ابتدا اللہ رحمٰن رحیم کے نام سے ہے۔

اب یہاں غور کرنا چاہیئے کہ ابتدا جو ہے، ہر شے کی ابتدا اللہ رحمٰن رحیم کے نام سے ہے، اللہ رحمٰن رحیم کی ذات سے ابتدا نہیں ہے۔ جیسے یہ روشنی فرش پر پڑ رہی ہے اس کی ابتدا کس سے ہے؟ سورج سے۔ سورج میں جو روشنی ہے، اس کی ذات سے ہے۔ جونہی اس کی ذات یہاں متحقق ہوگی ویسے ہی یہ روشنی یہاں متحقق ہو جائے گی۔ اسی طرح اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات سے ابتدا ہوتی تو جس وقت سے اللہ تبارک و تعالیٰ ہے اسی وقت سے یہ ہر شے موجود ہو جاتی۔ ہمارا اور کائنات کا وجود خدا کی ذات سے وابستہ نہیں ہے۔ یاد رکھو یہ انہی دھوکوں میں سے ایک دھوکہ ہے جو شیطان نے دیئے ہیں انہی دھوکوں

Marfat.com

میں سے ایک کی یہ قسم ہے۔ جس میں بڑے بڑے جلیل القدر عقلاء مبتلا ہوئے ہیں اساطینِ حکمت، فیثا غورث، سقراط، افلاطون سے جلیل القدر حکماء اور سب اسی گمراہی میں مبتلا ہوئے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات کا یہ کائنات نتیجہ ہے۔ یہ غلط ہے۔ ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ اگر ذات سے ہوگا تو جب سے وہ شے ہوگی جس کا یہ اثر ہے اسی وقت سے یہ اثر ہوگا۔ یہ نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ تھا اور کوئی شے نہیں تھی، عالم نہیں تھا، تو معلوم ہوگیا کہ خدا کی ذات کا یہ نتیجہ نہیں ہے۔

دوسری چیز یہ ہے کہ ابتدا کیسے ہوئی؟ خدا لا ابتدا ہے۔ لا ابتدا سے ابتدا کیسے ہو سکتی ہے۔ مخلوق میں ابتدا کی صلاحیت نہیں، کیونکہ جس جگہ سے آپ شروع کریں گے یہاں اس سے قبل جو ہوگی کوئی شے موجود ہوگی۔ یا اگر معدوم ہوگی تو اس شے کا عدم اس پر مقدم ہوگا۔ کائنات میں سلسلہ کہیں تک لے جائیں، جس جگہ سے وہ شروع ہوگا اس کی ابتدا سے قبل وہ کسی نہ کسی صورت میں ضرور ہوگی۔ اس لیے اس میں تو قابلیت ہی نہیں ابتداء کی۔ اور خدا میں یوں ابتداء کی قابلیت نہیں کہ وہ لا ابتدا ہے تو اب ابتداء ہو تو کیسے ہو۔ کائنات کا وجود متحقق ہو تو کیسے ہو۔ تو اس نے کہا کہ یہ تدبیر کرو کہ ایک بین بین چیز نکالی جو اسم ہے، جو اس کا اسم مبارک ہے۔ وہ کیا ہے؟ واحد اور احد۔ یہ اس مقدس وحدہٗ لاشریک کا اسم ہے۔ بغیر واحد کے کوئی شے متحقق نہیں ہو سکتی۔ یہ لکڑی جب تک ایک نہ ہو لے ہونے کی ہی نہیں۔ یہ ٹوپی جب تک یہ ایک نہ ہو پہلے، اس کا وجود نہیں ہو سکتا، جہان میں کہیں نہیں پائی جا سکتی۔ یعنی بغیر واحدہ کے وہ شے جو ہی نہیں سکتی۔ وجود ہو ہی نہیں سکتا بغیر وحدت کے۔ تو ہر شے کے وجود کو وحدت گھیرے ہوئے ہے۔ گھیرے ہوئے نہیں بلکہ وہ عین ہے اس کا۔ حقیقت ہے اس کی۔ اس واحد کے بغیر وہ شے متحقق نہیں ہونے کی۔ تو ہر شے کی ابتدا اور وجود اور تحقق اسی واحد کے اسم مبارک یعنی واحد سے ہے۔

اور اس جہان میں کہیں بھی حقیقی واحد نہیں ہے۔ اصلی واحد وہی ہے۔ یہ ایک انگلی ہے لیکن یہ حقیقی ایک نہیں ہے (یہ تین پوروں کا مجموعہ ہے) تو اگر انگلی اور ایک دونوں

Marfat.com

ایک ہوں تو جو ایک ہے وہ انگلی ہو جائے گا۔ یہ ایک ہے یہ لکڑی، تو یہ ایک لکڑی بھی بن جائے گی۔ تو یہ معلوم ہوا کہ یہ حقیقی واحد نہیں ہے۔ وہ تین ہیں۔ ایک تو ایک اور ایک وہ شے جس کی طرف آپ ایک کا اشارہ کر رہے ہیں یعنی انگلی اور ایک واحد اور انگلی کے درمیان جو علاقہ اور نسبت ہے تو جس شے کو بھی آپ ایک کہیں گے کہ یہ ایک ہے تو درحقیقت وہ تین ہوں گی۔ تو حقیقی واحد یہاں ہے ہی نہیں اور واحد ہونا ضرور چاہیے کیونکہ بغیر واحد کے کثرت ہو ہی نہیں سکتی، تو لابد واحد اس کائنات سے باہر ہے۔ وہی خالق ہے ان تمام کثرتوں کا۔ وہی اس کائنات کا مالک خالق اور رب ہے اسی کے اسم مبارک کی برکت ہے کہ یہ کائنات کا وجود ہو گیا۔ وہ نہ ہوتا تو یہ نہ ہوتی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝

اَلْحَمْدُ میں جو جو یہ اَل ہے اس کو لام تعریف کہتے ہیں۔ حمد کے چار معنی ہیں۔ ایک معنی اس جنس کے لیے آتے ہیں۔ ایک معنی عام افراد کے لیے آتے ہیں۔ ایک معنی بعض معین فرد کے لیے آتے ہیں۔ ایک معنی بعض غیر معین فرد کے لیے آتے ہیں۔ حمد کی جنس اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ ہر ہر حمد کا فرد اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ حمد کا فرد معین اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ حمد کا فرد غیر معین اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ وہ معمولی چیز ہے؟ ایسا اُسے سمجھنا بھی نہیں چاہیئے کیونکہ خدا کی بڑائی اس میں ہے کہ جو حمد ہے وہ اس کے لیے ہے۔ تمام جتنی حمد ہو رہی ہے کل کی کل، اس کے لیے ہے۔ یا حمد کا معین فرد خاص ہو وہ اللہ کے لیے ہے۔ وہ کون سا فرد ہے وہ وہ ہے کہ جو کو وہ خود کہہ رہا ہے وہ اپنی تعریف خود کر رہا ہے۔ وہ حمد ہوئی نا۔ یہ فرد معین ہے یہ اللہ کے لیے اور باقی غیر اللہ جتنی حمدیں کر رہے ہیں وہ سب کچھ بھی اللہ کے لیے خاص ہیں اس نے کہا کہ ہر حیثیت سے حمد اس کے لیے ہے۔

یہاں اللہ تعالیٰ نے پانچ لفظ بولے ہیں اللّٰہ، رب العلمین، رحمن رحیم، ملک یوم الدین، یہ کہا کہ تمام جہانوں میں تعریف کی جتنی بھی صورتیں ہو سکتی ہیں وہ پانچ طریقہ سے ہو سکتی ہیں۔ یا تو اس شے کی ذات میں کچھ خوبی ہے۔ ذاتی خوبی یعنی کمالات

Marfat.com

کی بنا پر تعریف ہوا کرتی ہے۔ صورت شکل اچھی ہے، جسم میں توازن ہے، تناسب ہے وغیرہ وغیرہ۔ علم ہے، عملِ صالح ہے، جو بھی نیکیاں، خوبیاں ہیں ذاتی خوبیوں کی بناء پر۔ آپ تعریف کریں گے حافظ ہے، عالم ہے، وغیرہ۔ ذاتی کمالات کی بناء پر تعریف ہوتی ہے۔

یا احسان کی بناء پر تعریف ہوتی ہے۔ آپ کے ساتھ کسی شخص نے کچھ بھلائی کی، اس کی تعریف کی جائے گی۔ بالفعل کسی شخص نے احسان کیا اور فائدہ پہنچ رہا ہے، آپ اس کی تعریف کریں گے۔ یا بالفعل کوئی فائدہ نہیں پہنچ رہا، آئندہ فائدہ پہنچنے کی امید ہے تو آپ ابھی سے اس کی تعریف شروع کر دیں گے۔ بالفعل نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے تو بھی آپ کرتے ہیں تاکہ اس کے نقصان سے بچیں۔ آئندہ نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ نقصان پہنچنے کے اندیشے سے آپ تعریف کرتے ہیں۔

تو اس نے کہا کہ اگر تم ذاتی حسن کی بنا پر تعریف کرتے ہو اور تعریف ہونی چاہیے تو میں اللہ ہوں، اور اگر احسان کی بنا پر تعریف ہوا کرتی ہے تو میں رب العالمین ہوں، تمام جہانوں پر احسان کر رہا ہوں۔ بالفعل تمام چیزوں پر میرا احسان ہے۔ اور اگر آئندہ فائدہ اور احسان کی توقع ہے تو میں رحمٰن ہوں، اور اگر بالفعل نقصان سے بچنے کے لیے تعریف کی جاتی ہے تو میں رحیم ہوں، اور اگر آئندہ نقصان سے بچنے کے لیے تعریف کی جاتی ہے تو میں آئندہ کا یعنی روزِ جزا کا مالک ہوں۔ مالکِ یوم الدین۔ بس یہ پانچ ہی طریقے ہو سکتے تھے، اس نے پانچوں نام لے لیے کہ میں ہر حیثیت سے مستحق حمد ہوں۔

اللہ کیا چیز ہے؟ لفظ اللہ عربی زبان میں کس معنی کے لیے بنایا گیا؟ یہ لکڑی ہے آپ لکڑی کا لفظ بولتے ہیں، کرسی کا لفظ بولتے ہیں، آسمان کا لفظ بولتے ہیں۔ اللہ کا لفظ بول کر کیا چیز سمجھی جاتی ہے۔ وہ ایسی شے ہے جس سے دو حقیقتیں متعلق ہیں۔

ایک کا نام حسن ہے، ایک کا نام کمال ہے۔ حسن اور کمال کی جامعیت کا نام اللہ ہے۔ کمال اور حسن، ان دونوں کے مجموعے کا نام اللہ ہے۔ کمال اور حسنِ حقیقی۔ ان دونوں

Marfat.com

لفظوں کے معنی سمجھ لیں آپ، حسن کہتے ہیں طبیعت کی مناسبت کو۔ حسین وہ ہے جو آپ کی طبیعت کے مناسب ہے، تناسب اعضاء کی ضرورت نہیں۔ دوسرے کا بچہ کتنا ہی خوبصورت ہو اور اپنا کیسا ہی چیچک زدہ ہو ناک بہہ رہی ہو، مگر طبیعت کے مناسب ہے، اس کو گلے لگا لے گا۔ دوسرے کے خوبصورت بچے کو ڈھیل دے گا کیونکہ دوسرے کے بچے کو طبیعت سے وہ مناسبت نہیں ہے۔

طبیعت کے حقیقی تناسب کے معنی یہ ہیں کہ کسی وقت بھی غیر مناسب نہ ہو۔ وہ اصل حسن ہوا۔ اسی طرح کمال کے معنی میں بڑائی۔ حقیقی بڑائی وہ ہے جس بڑائی میں اضافہ نہ ہو سکے۔ ہر وہ بڑا کہ جس پر اضافہ ہو سکے وہ حقیقی بڑا نہیں۔ حقیقی بڑا وہ ہے جس پر اضافہ نہ ہو سکے۔ اس کے لیے اردو میں کہتے ہیں بڑے سے بڑا۔ تو اللہ تبارک وتعالیٰ میں حسن حقیقی ہے یعنی ایسی مناست ہے کہ اس مناسبت میں کسی وقت بھی غیر مناسبت نہیں ہونے کی۔ دیکھیے آپ کے یہاں مناسب چیزیں کیا ہیں؟ کھانا ہے۔ لذیذ کھانا طبیعت کے مناسب ہے۔ پیٹ بھرنے کے بعد اس سے بہتر غذا بھی آجائے گی، نہیں کھانے کے۔ عمدہ لباس، عمدہ مکان، ہر چیز کو آپ دیکھ لیجئے۔ کچھ مدت کے بعد وہ غیر مناسب ہو جاتی ہے۔ سب سے زیادہ مناسب بیٹا ہے۔ بیٹے سے زیادہ کوئی شے مناسب نہیں ہے۔ بیوی ہے، بیٹا ہے، محبوبہ ہے۔ ایک وقت ایسا بھی آتا ہے کہ بیوی کو طلاق دے دیتا ہے، بیٹے کو قتل کر دیتا ہے یا عاق کر دیتا ہے۔ ذرا سی تکلیف پاتے ہی بیوی کو چھوڑ دیتا ہے، بیٹے کو چھوڑ دیتا ہے، عشق کو بھول جاتا ہے۔ لیکن یہ دن رات کساد بازاری ہو رہی ہے، لوگوں کو روٹی نہیں مل رہی، طوفان آ رہے ہیں۔ محنت کرتے کرتے مارا جا رہا ہے۔ ہیضہ پھیل رہا ہے۔ چوبیس گھنٹے بلائیں بھیج رہا ہے، سارے عالم میں دیکھیے اتنی مصیبتیں اللہ تبارک و تعالیٰ نازل فرما رہا ہے۔ خیال میں بھی یہ بات نہیں آئی کہ وہ ہر سال ہمارے اوپر مصیبتیں بھیجتا ہے، چلو اس کے متعلق سب مل کر سازش کریں۔ یہ خیال کبھی نہیں آتا۔ الٹا اسی سے فریاد کر رہا ہے، سمجھتے ہوئے فریاد کر رہا ہے دُکھ پہنچتے ہوئے فریاد کر رہا ہے۔ تو معلوم ہوا کہ اس سے زیادہ طبیعت کے مناسب کوئی ذات نہیں ہے۔ (پڑھیں اپنے رب کی تحمید۔

Marfat.com

الحمد للہ) ہر وقت جان نکل رہی ہے۔ گلا کٹ رہا ہے، کینسر ہو رہا ہے۔ کسی وقت بھی خدا کو بُرا نہیں کہتا۔ حتیٰ کہ مر جاتا ہے یہ نہیں کہتا کہ کیا ظلم ہو رہا، تو دکھ پہنچنے کے وقت بھی وہ اتنا طبیعت کے مناسب ہے کہ الٹا اسی سے فریاد کر رہا ہے۔ کوئی آپ کو تھپڑ مارے تو آپ کہیں گے کہ ہماری مدد کرنا۔ اس کی جان کے دشمن ہو جائیں گے۔ وہ برابر طمانچے مار رہا ہے، چھڑیاں مار رہا ہے۔ طاعون بھیج رہا ہے، ہیضہ بھیج رہا ہے، کساد بازاری بھیج رہا ہے۔ دنیا بھر کی تکلیفیں نازل کر رہا ہے اور ہر مصیبت کے وقت یہ کہتا ہے کہ تو ارحم الراحمین ہے، ہمارے اوپر رحم کر۔ طبیعت کے مناسب کوئی ذات سوائے اس کے نہیں ہے، لہٰذا حسنِ حقیقی وہی ہے، طبیعت کے مناسب وہی ہے۔ (سبحان اللہ)

کمالِ حقیقی کیا چیز ہے، جو بڑے سے بڑا ہو۔ یہاں کوئی شے اس جہان میں بڑی سے بڑی نہیں ملے گی۔ جو شے ملے گی اس پر اضافہ ہو سکتا ہے، اس پر اور بڑائی ہو سکتی ہے آپ کے خیال میں بڑی سے بڑی شے کیا ہے؟ زیادہ سے زیادہ دیکھیں گے تو وہ آسمان ہے۔ اس سے کوئی بڑی شے نہیں ہے۔ سورج جو زمین سے تقریباً ۱۵۹ گنا ہے جو مہندسین نے تحقیق کی ہے وہ آسمان کے اندر ایک ٹکیہ سا معلوم ہوتا ہے۔ حقیقت میں بھی بڑا نہیں ہے۔ آپ آسمان کی طرف نظر ڈال کر دیکھیں۔ آپ کی آنکھ سے جو شعاع نکل رہی ہے، جو آسمان کی سطح تک پہنچ رہی ہے، اس کی مسافت کے مقدار کے برابر یہ چھوٹا ہے۔ اگر بڑا ہوتا تو یہاں آنکھ تک آ جاتا۔ تو معلوم ہوا کہ حقیقی بڑے کی صلاحیت ہی اس جہان میں نہیں ہے وہ اس جہان سے باہر ہے، وہ خالق ہے سب بڑے اور چھوٹے کا۔ تو حقیقت میں اللہ وہ ہے کہ جو حسنِ حقیقی ہے اور کمالِ حقیقی ہے۔

اللہ کی تعریف ہم نے پہلے کر دی، اپنے قیاس کے مطابق، اپنے شعور کے مطابق جو لوگ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں وہ اس سے زیادہ بیان کریں گے اور یہ سلسلہ لا انتہا جائے گا کسی جگہ بھی ٹھہر نہیں سکتا۔ اور حقیقی تعریف ہو نہیں سکے گی۔ حقیقی تعریف وہی ہے جو وہ خود کرے کوئی نہیں کر سکتا اس کی تعریف۔

پہلے تمہید آپ کے سامنے یہ بیان کر دوں کہ ایک تو ہے عقل کا علم، جس کو عقلی علم

Marfat.com

کہتے ہیں، یعنی وہ علم جو عقل سے حاصل ہو۔ مثلاً یہ مکان ہے آپ کی عقل یہ بتا رہی ہے کہ اس کا کوئی بنانے والا ہے۔ یہ عقلی چیز ہے۔ یا ذرا سا دھواں آپ دیکھ لیں تو آپ کی عقل یہ بتائے گی کہ یہ دھواں قرینہ ہے۔ اس کے ساتھ کوئی اور شے مقرون ہے جس کا نام آگ ہے ہمیشہ آپ یاد رکھیں کہ عقلی علم کتنا ہی یقینی کیوں نہ ہو وہ حالی علم ہے، بہت کمزور ہوتا ہے کسی شخص کو یہ علم ہو جائے کہ اسے کل یا تین دن کے بعد پھانسی ہو گی۔ اس کے بعد اس کا کھانا پینا بند ہو جائے گا اور بہت پریشانی ہوتی ہے اور آپ لوگوں کو بھی یقین ہے کہ موت آئے گی اور موت کا اس کو بھی یقین ہے لیکن آپ خوب سمجھ لیں کہ آپ کبھی بھی موت سے نہ بچ سکیں گے اور وہ پھانسی کا حکم پانے کے بعد ممکن ہے بچ جائے اور پھانسی کے تختے پر نہ لٹکایا جائے۔ تو یہ کتنا زبردست یقین ہے جو آپ کو، مجھ کو اور سب کو ہے لیکن یہ حالی نہیں ہے۔ سب جانتے ہیں کہ مریں گے سب کو اپنی موت کا یقین ہے لیکن اس کو اپنی موت کا یقین حالی ہے اور وہ یقین اس یقین سے کمزور ہے کیونکہ امکان ہے نا اس میں بچنے کا۔ ایسے واقعات ہوتے ہیں کہ بچ گیا۔ لیکن حالت میں تبدیلی ہے۔ جو اس کی حالت ہے، جو ہیبت موت کی اس پر طاری ہے وہ آپ پر نہیں ہے۔ یہ بات سمجھ میں آ گئی تو یقین کافی نہ ہوا۔ علم حالی جو ہے وہ کم درجہ کا بھی علم عقلی سے بہت قوی ہوتا ہے اور بہت باا ثر ہوتا ہے۔ یہ جو لوگوں کے دلوں پر اثر نہیں ہوتا اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ علم حالی نہیں ہوا کرتا، وہ علم ظاہری اور عقلی ہوا کرتا ہے۔ یہاں سب کو معلوم ہے کہ فلاں پاکستان کا صدر ہے۔ ہر شخص کو یقین ہے لیکن شناخت ہر شخص کو نہیں ہے، بہت قلیل تعداد ہو گی جو صدر کو پہچان لے گی اور بہت بڑی اکثریت نہ پہچان سکے گی۔ لیکن یقین سب کو ہے، شناخت نہیں کر سکے گی۔ یقین اور چیز ہے اور شناخت اور معرفت اور چیز ہے۔ اب ایک جماعت عارفوں کی نکلے گی جو عوام کے مقابلے میں بہت قلیل ہو گی۔ صدر صاحب اگر کہیں موٹر میں جائیں تو ہم جانتے ہیں پہچان لیں گے کہ صدر جا رہا ہے۔ لیکن علاقہ ان عارفین میں سے کسی کو بھی نہیں ہو گا۔ تعلق کسی کو بھی نہیں ہو گا۔ تع تعلق معرفت سے بھی بڑی اور اونچی چیز ہے۔ جیسے حجام ہے، روزانہ دس بجے صدر کی حجامت بناتا ہے۔ صدر کے پاس حجامت کے

Marfat.com

لیے نہ پہنچے تو صدر کو پریشانی ہوگی۔ کہیں گے تلاش کرو کیوں نہیں آیا؟ جب وہ تو کہنے لگا کہ صاحب کیا کریں۔ ہماری جھگی پر برابر والوں نے قبضہ کرلیا۔ مصیبت میں مبتلا ہیں۔ تم کو حجامت کی پڑی ہے۔ ہم کیسے آتے؟ فوراً سپاہیوں کو بھیج کر کہے گا کہ جاؤ، اس کی مدد کرو۔ امداد فوراً ہو جائے گی۔ اس حجام کا جو علاقہ ہے وہ بڑے بڑے وزیروں اور منسٹروں کو بھی نہیں ہے۔ یہ سب عرفاء ہیں تو یہ ارباب یقین جو ہے وہ سارا پاکستان ہے۔ ارباب معرفت بھی جو ہیں وہ لاکھ دو لاکھ ہوں گے، لیکن ارباب تعلق چند ہی ہوں گے۔ تو تعلق سب سے قوی چیز ہے۔ اصل شے تعلق ہے۔

دلائل سے یقین کا حاصل کرنا...... یہ دشوار چیز ہے ہر شخص نہیں کر سکتا۔ اسی طرح معرفت بھی دشوار چیز ہے، ہر شخص نہیں کر سکتا۔ لیکن تعلق بہت آسان چیز ہے۔ شریعت میں جہاں پر بھی حکم ہوا ہے، جو بھی حکم نازل ہوا ہے خواہ اس کا تعلق عقیدہ سے ہو یا عمل سے ہو، سب میں تعلق رکھا ہے۔ زیادہ زور علوم وفنون پر نہیں دیا۔ اصحاب رسول ﷺ اتنے علوم وفنون نہیں جانتے تھے جتنے سو یا دو سو برس بعد کے لوگ جانتے تھے۔ بعد کے دور میں جتنے علوم وفنون کا زور تھا وہ اس زمانے میں نہیں تھا نہ وہ فقہ جانتے تھے، نہ اصولِ فقہ جانتے تھے۔ نہ کلام جانتے تھے نہ منطق جانتے تھے نہ ہندسہ، نہ فلسفہ، کچھ نہیں جانتے تھے۔

ہم تو امی لوگ ہیں۔ نہ ہم حساب جانیں نہ کتاب جانتے ہیں۔ تو اصل شے تعلق نکلا۔ وہ تعلق جو ہوتا ہے وہ مبداء ہوتا ہے، سبب ہوتا ہے اعتماد کا۔ غور کرو سب سے زیادہ مہلک آلہ کیا ہے؟ چھرا ہے؟ تلوار ہے؟ نہیں بلکہ استرا ہے۔ استرے سے زیادہ تیز دھار کسی آلہ کی نہیں ہے اور سب سے زیادہ نازک مقام یہ شہ رگ ہے۔ اس کے کٹنے کے بعد پھر نہیں بچتا۔ حجام کیا کرتا ہے؟ سب سے زیادہ مہلک آلہ کو سب سے زیادہ نازک جگہ پر رکھ دیتا ہے، اور وہ کٹواتا رہتا ہے۔ اس کو ذرّہ برابر بھی خوف و ہراس نہیں ہوتا۔ (اطمینان سے باتیں ہوتی رہتی ہیں) کتنا مہلک آلہ اور کتنے نازک مقام پر رکھا ہوا، کچھ بھی خوف و ہراس نہیں ہوتا۔ کیا وجہ ہے اس کی؟ حجام سے پورا تعلق ہے اور صحیح اعتماد ہے

Marfat.com

کہ یہ گلا نہیں کاٹے گا۔

اگر آپ کو، جتنا تعلق حجام سے ہے، اتنا تعلق اپنے رب سے ہو جائے، سارا عالم بھی مل کر تلوار رکھ دے کبھی خوف و ہراس نہیں ہونے لگا۔ صحیح تعلق ہونا چاہیئے اور اتنے تعلق والا، یہاں کوئی ایسا آدمی نہیں ملے گا جس کو اللہ سے اتنا تعلق ہو جتنا اس کو حجام سے ہے۔ میرے علم میں ایک آدمی ایسا نہیں آیا ساٹھ برس میں، اور جب ایسا ہوگا تو وہ بھی گھٹیا قسم کا مشرک ہوگا اس کو اپنے رب پر اتنا اعتماد ہے جتنا کہ ایک حجام پر ہے۔ (دنیا میں) دوست ہیں، احباب ہیں، استاد ہیں، پیر ہیں مرشد ہیں، ماں باپ، بہن بھائی ہیں، یہ تمام اعتماد کے لوگ ہیں۔ اگر اتنا اعتماد ہو جائے گا تو پھر کتنا شدید تعلق اپنے رب سے ہوگا۔ ادنیٰ تعلق کی یہ حالت ہے کہ اُسترا رکھوا لیتا ہے، اسی طرح تمام عالم تلوار رکھ دے، ادنیٰ تعلق سے کبھی خوف و ہراس نہ ہو تو صحیح تعلق کے بعد آپ کچھ اندازہ ہی نہیں کر سکتے کہ کیا حالت ہوگی۔ اپنے رب سے صحیح تعلق ہونا چاہیئے۔

آپ سمجھ لیں کہ خدا سے تعلق کے صحیح معنی کیا ہیں؟ اس کے رسول ﷺ سے تعلق ہی کا نام خدا سے تعلق ہے۔ خدا سے کوئی مستقل تعلق کسی کا نہیں ہوا کرتا۔ جن لوگوں نے یہ دعویٰ کیا خدا سے براہ راست تعلق کا، ان کے علم میں کمی تھی، وہ سمجھے نہیں تھے۔ خدا کی اطاعت کے معنی رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کے ہیں۔ خدا کی رضا کے معنی رسول اللہ ﷺ کی رضا کے ہیں۔ خدا کے دکھ دینے کے معنی رسول اللہ ﷺ کے دُکھ دینے کے ہیں۔ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ اللہ کو فریب دیتے ہیں (معمولی ہشیار آدمی کو فریب دینا مشکل ہے) اللہ کیا فریب میں آئے گا، اس کے معنی ہیں اللہ کے رسول ﷺ کو فریب دیتے ہیں۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا (۵۷) (الاحزاب: ۵۷) (جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں اللہ تعالیٰ ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کرتا ہے اور ان کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے) کمزور کو دکھ دے لیں لیکن آپ کسی تگڑے آدمی کو دُکھ نہیں دے سکتے، خدا کو کیا دکھ دیں گے۔ خدا کی ایذا کیا ہے، رسول ﷺ کی ایذا۔ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا

Marfat.com

مُؤْمِنِيْنَ (توبہ:۶۲) اللہ اور اللہ کا رسول ﷺ ہی حق دار ہیں زیادہ مستحق ہیں اس بات کے کہ ان کو راضی کیا جائے۔ رسول ﷺ کا راضی کرنا ہی خدا کا راضی کرنا ہے۔ صرف ایک چیز میں فرق ہے۔ رسول ﷺ کی عبادت تو خدا کی عبادت نہیں ہے۔ لَا يُشْرِكُ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖ اَحَدًا۔ رسول ﷺ کی قبولیت جو ہے وہی اللہ کی قبولیت ہے۔ کوئی نماز پڑھ رہا ہے اور رسول ﷺ آواز دے تو فوراً نماز کو توڑا جائے گا اور رسول ﷺ کی آواز پر جایا جائے گا۔ خدا سے تعلق کے معنی کیا ہوئے کہ رسول اللہ ﷺ سے تعلق، اور جس کو خدا کے رسول ﷺ سے تعلق نہیں ہے، اس کو خدا سے تعلق نہیں ہے۔

اب رسول اللہ ﷺ سے کیسے تعلق ہو؟ اس تعلق کی تدبیر اور تصور کیا ہے؟ تعلق کی تدبیر وہی ہے جو یہاں دو اجنبی آدمیوں میں تعلق پیدا کر دیتی ہے۔ سب سے پہلے چیز تعلق پیدا کرنے کی یہ ہے کہ اگر میں آپ سے تعلق پیدا کرنا چاہتا ہوں میں سب سے پہلے آپ سے جا کر کہوں گا السلام علیکم، پہلے سلام کرتا ہوں۔ تعلق کی ابتداء رسول ﷺ پر سلام بھیجنا ہے اور کوئی شے نہیں ہے۔

میں نے دیکھا ہے کہ ایک بہت امیر کبیر آدمی موٹر میں جا رہا ہے۔ ایک غریب پان والے نے اسے جھک کر سلام کیا۔ اس نے دھیان بھی نہیں کیا۔ پھر جو اُدھر سے گزرا، پھر سلام کیا۔ پھر دھیان نہیں دیا۔ چند دفعہ کے بعد اس کی طرف دیکھا اور دیکھتا ہوا نکل گیا۔ پھر اس کے بعد اس نے سلام کیا، کچھ تو مسکرایا اور مسکراتا ہوا چلا گیا۔ ایک بار ایسا اتفاق ہوا کہ وہ پان والا وہاں نہیں تھا۔ اس نے موٹر کو وہاں روکا اور پوچھا کہ ایک بڈھا یہاں بیٹھا رہتا تھا وہ کہاں ہے؟ جواب ملا، ابھی نماز کو گیا ہے ابھی آتا ہے۔ آپ سمجھے؟ ایک دن ایسا آتا ہے کہ وہ پوچھنے لگتا ہے۔

نبی ﷺ پر درود و سلام جو ہے یہ تعلق کی علت ہے۔ آپ بھی درود بھیجئے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ

Marfat.com

بے شک اللہ اور اس کے تمام فرشتے، ملائکہ، ملک کی جمع ہے۔ جمع کا لفظ جب مضاف ہوا کرتا ہے تو عام ہو جاتا ہے۔ تو ملائکہ کی طرف مضاف ہے، اس کے معنی ہوئے اس کے تمام فرشتے۔ یُصَلُّوْنَ یہ مضارع کا صیغہ ہے۔ حال اور مستقبل دونوں کے لیے آتا ہے۔ حال تو منقطع ہو جاتا ہے۔ جیسے ماضی منقطع ہو جاتا ہے حال سے۔ حال منقطع ہو جایا کرتا ہے مستقبل سے۔ مستقبل الانقطاع ہے، یہ کبھی منقطع نہیں ہوگا، قیامت تک جائے گا۔ اس لیے کہ مضارع کا صیغہ ہے۔ اللہ پاک ابد تک لا انتہا درود و سلام نبی ﷺ پر بھیجتا رہے گا۔ درود سے زیادہ بڑی کوئی چیز نہیں۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قاعدہ کی بات بتا رہا ہے۔ اے ایمان والو! اور قیامت تک کے کل ایمان والو! صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا تم سب درود و سلام بھیجو اُس ﷺ پر۔ اور تسلیم کا جو لفظ ہے یہ مبالغہ کے لیے آتا ہے، تکثیر کے لیے آتا ہے۔ بہت زیادہ سلام پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

یہ سب سے بڑی چیز ہے، اس سے بڑی کوئی چیز نہیں۔ اس سے بہتر کوئی ذکر ہو نہیں سکتا۔ یہ عادت اللہ تبارک وتعالیٰ کی، اللہ جو ہے وہ درود بھیجتا ہے۔ درود بھیجنا، یہ اللہ تعالیٰ کا فعل، عادت اور سنت ہے۔ اور نماز پڑھنا یہ کس کی عادت ہے؟ یہ رسول اللہ ﷺ کی عادت ہے۔ یہ رسول اللہ ﷺ کی سنت ہے۔ خدا نماز نہیں پڑھتا، خدا روزہ نہیں رکھتا۔ جتنی عبادتیں ہم کرتے ہیں، یہ سب نبی ﷺ کی عادتیں، خصلتیں اور سنتیں ہیں۔ جو نسبت خدا کو رسول ﷺ سے ہے وہی نسبت خدا کی سنت کو رسول ﷺ کی سنت سے ہے اور خدا کی سنت درود شریف ہے اور رسول ﷺ کی سنت عبادت ہے جتنا خدا رسول ﷺ سے افضل ہے اتنی ہی اس کی سنت رسول ﷺ کی سنت سے افضل ہے اور اس کی سنت درود اور نبی ﷺ کی سنت عبادت ہے۔ تو درود شریف سب عبادتوں سے افضل ہو گیا۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى

Marfat.com

اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

کوئی چیز نجات دلانے والی نہیں ہے۔ دین میں اور نہ دنیا میں۔ درود شریف ہی ایسی شے ہے جو ہر وقت نفع دے گی، اس عالم میں بھی اور اس عالم میں بھی۔ اس مضمون کا تعلق کسی فرقہ سے نہیں ہے، نہ کبھی اس کا تخیل کیجئے۔ مجھے بڑی اذیت ہوتی ہے۔ جو بات علمی ہے میرے خیال میں، بیان کر رہا ہوں۔ دلیل کا مقدمہ آپ نے سمجھ لیا۔ غور کریں۔

ہر عبادت میں امکان ہے نامقبولیت کا۔ آپ نے نماز پڑھی۔ ضروری نہیں کہ قبول ہی ہو جائے۔ کبھی قبول ہو جائے گی کبھی نہیں ہونے کی۔ ہو سکتا ہے نہ ہو یا چاہے قبول ہو جائے لیکن امکان ہے مردود ہونے کا رنا قبول ہونے کا امکان ہر عبادت میں موجود ہے۔ اور درود شریف ہی ایسی چیز ہے کہ ہر وقت مقبول ہے تو یہ یقینی ہے کہ قبول ہو، اور عبادت ظنی القبول ہے اور یقینی یہ ظنی سے افضل ہے۔ درود شریف ہر عبادت سے افضل ہو گیا۔ یہی وجہ ہے کہ جب آپ اپنی حاجت کے لیے دُعا مانگتے ہیں تو لازم اور واجب ہے کہ پہلے درود شریف پڑھیں پھر دُعا مانگیں اپنی حاجتوں کو پورا کرانے کے لیے اللہ سے۔ پھر درود شریف پڑھیں۔ وہ غفور الرحیم ہے جب اس کے سامنے یہ خوان جائے گا، تین قابیں رکھی ہوئی ہوں گی۔ پہلی درود شریف کی۔ دوسری آپ کی حاجت کی۔ پھر درود شریف کی۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ ادھر اُدھر سے اٹھا لے اور بیچ کی قاب چھوڑ دے۔ رحیم کی شان سے یہ بعید ہے وہ یہ سب ہی لے لے گا۔

آپ غور کیجئے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا، سورہ واقعہ میں تین گروہوں کا ذکر کیا۔ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً (واقعہ: ۷) جونہی یہ واقعہ پیش آ جائے گا، یعنی قیامت آ جائے گی تو تم تین گروہ ہو جاؤ گے۔ ایک مقربین، دوسرے اصحاب الیمین، تیسرے اصحاب الشمال۔ معاذ اللہ یہ تین گروہ ہوں گے۔ ان تینوں گروہوں کے واقعات اور حالات اللہ تعالیٰ نے تقریباً ڈھائی رکوع میں بیان فرمائے ہیں۔ تین رکوع کی سورت ہے جب سورۃ کو ختم کیا تو ان تینوں گروہوں کے حالات کا خلاصہ اور نچوڑ بیان کیا ہے۔ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ (۸۸) فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ (واقعہ: ۸۸-۸۹) جو مقربین میں سے ہے کیا ہے

Marfat.com

اس کا انجام حشر۔ اس کی جزا کیا ہوگی؟ راحت، بہت راحت، ریحان خوشبو میں معطر، باغ و بہار۔ یہ اس کا انجام ہوگا۔ پہلے گروہ کی تو یہ کیفیت اور دوسرا گروہ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ اللہ تعالیٰ مجھ کو اور آپ کو اسی گروہ میں شامل کر دے۔ اصحابِ یمین ان لوگوں کو کہتے ہیں کہ جن کے سیدھے ہاتھوں میں نامۂ اعمال دیئے جائیں گے۔ مقربین کا تو بڑا درجہ ہے، اصحابِ یمین ہی میں ہمارا انجام ہو۔ (خداوند تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے انجام بخیر کرے) ان کو کیا جزا ملے گی، ان کو کیا انعام ملے گی۔ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ (۹۱) اللہ کی طرف سے ان کو سلام ہو۔ اتنی معزز ہستی کا سلام کرنا، اس سے بڑی کیا جنت اور راحت ہوگی، جن کے نصیب میں یہ نعمت ہوگی۔ سلام اتنی بڑی چیز ہے۔ اصحابِ یمین تو خود بڑی چیز ہے۔ یہ خود جزا ہے۔

آپ یہ درود و سلام کا تحفہ خود پیش کر دیں نبی ﷺ کی جناب میں، یا آپ کسی کے ہاتھ سے بھجوا دیں۔ اس کے دونوں معنی ہیں۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ آپ خود پیش کر دیجئے یا اللہ سے کہہ دیجئے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ہماری طرف سے دونوں طرح سے یا خود پہنچا دے یا اس کے ہاتھوں سے پہنچا دیں، یہ آپ کو اختیار ہے۔

اب نبی ﷺ کی فضیلت کے متعلق کیا بیان کیا جا سکتا ہے۔ ہمیشہ یاد رکھیے جب تعریف کسی کی کی جاتی ہے، جو شخص کرتا ہے، اگر وہ اس کے متعلق پوری معلومات رکھتا ہے جب تو صحیح تعریف کر سکتا ہے ورنہ نہیں کر سکتا۔ مثلاً مؤرخ کو مورخ سے زیادہ واقف ہونا چاہیے، زیادہ آگاہ ہونا چاہیے۔ نبی کے برابر یا نبی سے زیادہ کسی کو علم ہو، معرفت ہو تو وہ کرا سکتا ہے نبی کا تعارف۔ وہ معرفت کرا سکتا ہے نبی کی، اور کسی شخص کو نبوت کا علم نہیں ہے۔ کسی صدیق میں یہ بات نہیں ہے یا جو رؤساء صدیقین ہیں اُن میں بھی یہ بات نہیں ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی صحیح تعریف سمجھے ہوئے ہوں یا بیان کر سکیں۔ نبی ﷺ کر سکتا ہے یا خدا کر سکتا ہے۔ غیر نبی میں یہ قابلیت نہیں ہے۔ یہ عقلی دلیل میں نے آپ کے سامنے بیان کی ہے۔

شرعی دلیل بھی میں آپ کو سمجھا دوں۔ سمجھ میں آجائے گا۔ آپ غور کریں۔ اللہ

Marfat.com

تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق فرمایا۔ (النساء: ۱۷۱)۔ عیسیٰ ابن مریم تو اور کچھ نہیں البتہ
اللہ کے رسول ہیں اور اس کا ایک کلمہ ہیں۔ اللہ کے کلمہ کے کیا معنی۔ کلمۃ اللہ جو ہے وہ لفظ
''کن'' ہے اور کوئی کلمہ نہیں ہے۔ یاد رکھیں چونکہ یہ بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے، کوئی
ظاہری سبب نہیں تھا اس لیے ان کی طرف ''کن'' کی نسبت کی گئی۔ اس خصوصیت کی بناء
پر ان کو کلمۃ اللہ کہا گیا، لیکن حقیقت کلمۃ اللہ کی یہ ہے کہ ہر وہ شے جو من جانب اللہ ہو وہ
کلمۃ اللہ ہے جیسے الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ (البقرہ: ۱) یہ منجانب اللہ ہے لہٰذا یہ کلمۃ
اللہ ہے۔ معجزہ کلمۃ اللہ ہے۔ ہر نبی کلمۃ اللہ ہے۔ یہ سب منجانب اللہ ہیں۔ ان کو مخصوص
طور پر اس لیے کہا گیا کہ ان کے باپ نہیں تھے۔ اس لیے ان کے لیے لفظ شامل ہو گیا
شریعت کی زبان میں۔ ورنہ حقیقت میں کلمۃ اللہ کے معنی منجانب اللہ ہیں۔ ہر وہ شے جو
من جانب اللہ ہے کلمۃ اللہ ہے۔ یہ بات سمجھ میں آ گئی۔ اب اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَوَهَبْنَا
لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ
وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى
وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَكُلًّا فَضَّلْنَا
عَلَى الْعٰلَمِيْنَ (الانعام: ۸۴ تا ۸۶) یہ سولہ نبی ہیں۔ نوح علیہ السلام کو لگایئے، سترہ ہوئے۔
اس رکوع میں سولہ سترہ نبیوں کا ذکر کیا گیا ہے اور ان نبیوں کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا
(الانعام: ۹۰) یہ وہ حضرات انبیاء علیہم السلام ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت کی ہے۔ یہ اللہ سے
ہدایت پائے ہوئے ہیں۔ اللہ کے ہدایت یافتہ ہیں۔ ان کا معلم اور استاد اور ہدایت کنندہ
صرف اللہ ہے۔ یہ وہ حضرات ہیں۔ آگے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اِقْتَدِهْ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تم
ان کی ہدایت کی پیروی کرو۔ ان کی ہدایت کی اتباع و اقتدا کرو۔ یہ خاتم النبیین ہیں، تمام
شریعتوں کے ناسخ ہیں۔ یہ ان نبیوں کی کیا اتباع کریں گے۔ اگر اتباع کریں گے عقائد
میں تو مقلد ہو جائیں گے۔ اگر شریعت کی اقتدا کریں گے، تو ناسخ نہیں رہ سکیں گے۔ اقتدا
کس چیز میں کریں گے، کیا اتباع کریں گے؟ لہٰذا شرائع مراد نہیں ہو سکتے، عقائد مراد نہیں
ہو سکتے۔ اعمال و افعال، یہ تو قطعی مراد نہیں ہیں کہ وہ اتباع کر سکے، وہ ناسخ نہیں ہونے

Marfat.com

کے۔ تمام شریعتیں منسوخ ہو چکیں، پھر کس چیز کی اتباع کریں گے۔ ہر ہر نبی میں جو کمالات ہیں ان میں ایک ایک کمال ایسا ہے جو ہر نبی کے ساتھ مخصوص ہے۔ ایک فضل ایسا ہے وہ اخلاقِ حسنہ، اخلاقِ جمیلہ میں سے ایک ایک نبی متخلق ہے کمالات جتنے بھی تھے وہ انبیاء علیہم السلام میں علیحدہ اور متفرق طور پر تھے۔ تو اے نبی ﷺ۔ ان میں جو اخلاق اور کمالات ہیں متفرق طور پر، وہ سب تم میں ہونے چاہیں۔ تم جامع کمالات، انبیاء ہو۔ اور وہ جو کمالِ خاص ہے وہ سب منجانب اللہ ہے۔ تو ہر نبی تو کلمۃ الرب ہے اور محمد ﷺ جو جامع کمالات انبیاء ہیں، یہ جامع کمالات ہیں۔ یعنی یہ کلمات رب ہیں۔ محمد رسول اللہ ﷺ کمالات رب۔ نوح علیہ السلام کلمۃ الرب۔ موسیٰ علیہ السلام کلمۃ الرب، عیسیٰ علیہ السلام کلمۃ الرب، محمد رسول اللہ ﷺ کلمۃ الرب نہیں بلکہ کلمات الرب یہ کلمے ہیں وہ کلم ہیں۔ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا کہہ کر اگر بحر کو روشنائی قرار دے دیا جائے کلمات الرب کو رقم کرنے کے لیے اور اوصاف بیان کرنے کے لیے، ختم ہو جائے گا بحر کلمات الرقب رقم ہونے سے پہلے۔ بحر میں صلاحیت ہی نہیں ہے کہ جو کلمات الرب کو رقم کر سکے۔ محمد رسول اللہ ﷺ کلمات الرب ہیں اور کلمات الرب ناقابلِ رقم ہیں تو محمد رسول اللہ ﷺ ناقابلِ بیان۔ کون بیان کر سکتا ہے۔ جو بیان کرے گا وہ یا تو جھوٹا ہو گا یا اس کے اپنے خیال کے مطابق ہو گا۔ کوئی نہیں بیان کر سکتا۔

کوئی ہو، ولی ہو، ابدال ہو، قطب ہو، صدیق ہو، رئیس الصدیق ہو، کیسا ہی قدسی اعظم ہو، وہ گھٹ کر فاسق ہو سکتا ہے۔ کیسا ہی فاسق ہو، ترقی کر کے وہ بڑھ کر قطب ہو سکتا ہے۔ نبی ﷺ کو کتنا ہی کم کر دیا جائے وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نہیں ہو سکتے۔ نبوت کا تجزیہ کرتے کرتے کتنا ہی ننھا سا جز نکال لیجئے وہ صدیقین سے افضل رہے گا اور جو بڑے سے بڑا نیک امتی ہے اس کا آپ تجزیہ کریں گے وہ فسق پر آ کر ٹھہر جائے گا اور فسق میں اگر رحمت خدا کی شاملِ ہو کوئی چور، ڈاکو، زانی، وہ قطب، ابدال اور ولی بن جائے گا۔ مگر نبی میں یہ بات نہیں۔ تمام جہان کے اولیاء جتنے ہیں وہ سب مل کر بھی اس درجہ پر پہنچ ہی نہیں

Marfat.com

سکتے۔

محمد رسول اللہ ﷺ کی تعریف کرنا محال اور ناممکن ہے۔ یہاں تو ایک سمندر ہے، یہی مضمون دوسری آیت میں ہے وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ (لقمان:۲۷) اور اگر جتنے درخت ہیں زمین میں قلم بن جائیں اور یہ جو سمندر ہے اس میں سات سمندر اور شامل ہو جائیں تو بھی اللہ کے کلمے ختم نہ ہوں۔ اس آیت میں سات سمندر ہیں اور بحر کو مدد دینے کے لیے اور بحر لایا جائے یہاں تک کہ خدا الا انتہا بحر لا سکتا ہے، پھر بھی رقم نہیں ہوسکتا۔ اور محمد رسول اللہ کلمات الرب ہیں لہٰذا کلمات الرب جو ہیں وہ نا قابل رقم ہیں۔ محمد رسول اللہ کے اوصاف اور صفات جو ہیں وہ نا قابلِ رقم ہیں۔ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ یا علی رضی اللہ عنہ آجائیں اور کل انسان۔ یہ سب مل کر بیان کریں یا ملائکہ، کوئی نہیں کر سکتا۔ نہ ان کے علم کا حال بیان کر سکتے ہیں نہ عمل کا۔ آپ کیا بیان کر سکتے ہیں؟ ازل سے ابد تک کے انسان مل کر خلائق بیان نہیں کر سکتے۔ ہاں، بے شک اللہ قادر ہے۔ جو وہ بیان کرتا ہے ٹھیک ہے۔ وہ بیان کر سکتا ہے اور کوئی نہیں بیان کر سکتا مگر اس کے سمجھنے کے لیے بھی تو کچھ چاہیے نا؟

بچہ کو آپ کتنا ہی بلوغ کی کیفیات سمجھا دیں، بیان سچ ہوگا حق ہوگا مگر پھر بھی وہ سمجھ کر نہیں دے گا۔ نہیں آیا سمجھ میں؟ جو نابالغ ہے وہ کیسے بلوغ کی کیفیت سمجھ سکتا ہے۔ خدا تعالیٰ کا بیان قطعی سچا ہے۔ وہ صحیح تعریف بیان کرے گا لیکن آپ سمجھ نہیں سکیں گے۔ نہ قرآن کو نہ حدیث کو صحیح اندازہ نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح نابالغانِ معرفت جو ہیں وہ عرفاء کے صحیح حالات کو نہیں سمجھ سکتے۔ کیا نبی ﷺ کی تعریف کردار ہے؟ محض ان کے اسوۂ حسنہ کا بیان ہے؟ میں آپ سے کیا بیان کروں؟ ناممکن اور محال ہے۔ تم چاہو تو میں اپنی عقل کے مطابق کچھ بیان کروں۔ وہ تو جتنا میرا علم ہے اس کو میں بیان کر رہا ہوں۔ جو مجھ سے زیادہ جانتا ہے وہ اس سے زیادہ بیان کر دے گا۔ مجھے تو اتنا ضرور پتہ چل گیا کہ کچھ پتہ نہیں چلا۔ بس اس سے زیادہ نہیں معلوم ہو سکتا۔ بس اتنا ہی بیان کر سکتے ہیں۔ ہم کچھ نہیں بیان کر سکتے۔

Marfat.com

آپ غور کر کے دیکھیں۔ آپ کے سامنے میں ایک بات بیان کر سکتا ہوں۔
دین اسلام اسلام کیا چیز ہے؟ اسلام کسے کہتے ہیں؟ دین کا لفظ جو آیا کرتا ہے اور مذہب کا، اس کے اندر تین جز ہوا کرتے ہیں۔ ایک عقیدہ وہتا ہے، ایک عمل ہوتا ہے، ایک اخلاق ہوتا ہے تین چیزوں سے یہ چیز مرکب ہوا کرتی ہے۔ اس مرکب چیز کا نام مذہب اور دین ہے۔ ہر مذہب کو دیکھ لیجئے آپ۔ اس میں کچھ عقائد ہوتے ہیں جسے ہم لوگ ایمانیات کہتے ہیں۔ کچھ اعمال ہوا کرتے ہیں جو جوارح سے کیے جاتے ہیں۔ اعضاء سے کیے جاتے ہیں۔ کچھ عادات اور خصلتیں ہوا کرتی ہیں، ان کو اخلاق کہا جاتا ہے۔ بس ان تین چیزوں کے مجموعہ کا نام مذاہب ہوتا ہے۔ اسلام میں بھی یہی تین چیزیں ہونی چاہئیں اور یہ تینوں چیزیں ہیں۔ پہلا جز اس کا عقیدہ ہے۔ عقیدہ جتنے ہیں ان میں سب سے بڑا جو عقیدہ ہے وہ توحید کا مسئلہ ہے اسلام کے اندر۔ ٹھیک ہے نا؟ سب مسلمان کلمہ کو جانتے ہیں۔ توحید کے مسئلے سے بڑا کوئی مسئلہ نہیں ہے عقیدہ کے اعتبار سے یہ سب سے بڑا عقیدہ ہے۔ یہ اسلام کا عقیدہ ہے اس عقیدہ کو اگر آپ دیکھیں گے تو بہت سے غیر اسلامی مذاہب میں جوں کا توں موجود ہے۔

براہمہ کا ایک گروہ ہے ہندوستان میں۔ ان کے ہاں ایسی ہی توحید ہے جیسی مسلمانوں کے ہاں ہے۔ کوئی فرق نہیں۔ ماتھے پر تین نشان لگایا کرتے ہیں۔ قشقہ ہندوستان میں دیکھا ہوگا آپ نے۔ وہ براہمہ کی نسل سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے ہاں توحید کامل ہے۔ نبوت کے منکر ہیں۔ توحید مکمل ہے۔ جتنے آسمانی مذاہب ہیں، سچے سب میں توحید موجود ہے اور آسمانی مذاہب کے ماننے والے اس وقت موجود ہیں اس دنیا میں، اور کل مسلمانوں کے نزدیک وہ جہنمی ہیں یا نہیں؟ جو اس وقت سچی انجیل پر عمل کرے وہ بھی آپ کے نزدیک کافر ہی ہے نا۔ سچی توریت پر عمل کرے تو کافر، صحفِ ابراہیم پر عمل کرے تو کافر، انجیل کو سچا جانے تو کافر۔ تو توحید کا مسئلہ اکثر غیر اسلامی مذاہب میں موجود ہے۔ آپ جو اسلام کا دعویٰ کر رہے ہیں کہ ہمارا مذہب حق ہے، جب آپ ان لوگوں کے پاس جا کر کہیں گے تو وہ کہیں گے، یہ ہمارے موجود ہے۔ آپ نئی حقانیت کیا

Marfat.com

لائے؟ ہمارے ہاں یہ ہے موجود۔ سمجھ میں آ گیا نا؟

(اسی طرح) نبوت کا مسئلہ ہے جو تمام آسمانی مذاہب میں موجود ہے۔ عمل کے لیے جزا کا مسئلہ ہے۔ تقریباً تمام مذاہب میں موجود ہے، سوائے دہریہ کے۔ دہریے خدا کے قائل نہیں ہیں۔ باقی ہر مذہب خدا کا قائل ہے عمل کے لیے بدلہ ہے۔ وہ بدلہ خواہ تناسخ کے ذریعہ ہو، خواہ روحانی ہو، کسی اور ذریعہ سے ہو۔ یا جیسا کہ مسلمان کہتے ہیں، میرا بھی یہی عقیدہ ہے، خدا میرا اور آپ کا اسی عقیدہ پر انجام کرے کہ دوبارہ اٹھنا پڑے گا قیامت کے ذریعہ۔ تو قیامت کے بھی بہت کثیر کافر قائل ہیں۔ عیسائی بھی موسائی بھی، بہت سے لوگ ہیں۔ تو جتنے بھی اعتقادی مسئلے آپ لیں گے وہ کل کے کل یا اجزاء کی حیثیت سے متفرق غیر اسلامی مذاہب میں موجود ہیں۔

آپ کہیں گے اسلام قرآن ہے۔ ٹھیک ہے، حق ہے آپ کہیں گے الٓمّٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ قرآن کو ہاتھ میں لے کر کہیں گے کہ اس کتاب میں شک نہیں ہے۔ یہی معنی ہیں نا۔ ٹھیک ہے۔ اگر کوئی یہودی توریت غیر محرف ہاتھ میں لے کر کہے ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ تو آپ کیا کہیں گے؟ کچھ تو بولو۔ ایسا ہی ایمان لانا پڑے گا جیسا قرآن پر ہے۔ ذرا سا فرق کرتے ہی کافر ہو جائے گا۔ عیسائی غیر محرف انجیل ہاتھ میں لے کر کہے ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ مسلمان کیا کہے گا؟ اٰمَنَّا ٹھیک ہے نا۔ کیا بات ہوئی؟ کتاب وہاں بھی موجود ہے۔ کیا فرق ہوا قرآن میں اور اس میں۔ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ہدایت ہے متقیوں کے لیے۔ اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّ نُوْرٌ (المائدہ ۴۴) ہم نے توریت نازل کی تھی اس میں بھی ہدایت اور روشنی تھی۔ تو قرآن جو چیز پیش کر رہا ہے وہ دوسری جگہ غیر مسلموں میں موجود ہے جن کو آپ کافر اور جہنمی بتا رہے ہیں۔ تو اول سے آخر تک جتنے بھی عقائد ہیں، یا متفرق طور پر یا مجتمع طور پر، دوسری جگہ موجود ہیں۔

اب رہ گیا اخلاق۔ اخلاق کل کے کل جتنے ہیں جوں کے توں مذہب اور لامذہب دہریہ اور غیر دہریہ سب میں مشترک ہیں۔ کسی شخص کے نزدیک ماں باپ کا ستانا اچھی بات نہیں ہے۔ کسی شخص کے بھی نزدیک محسن کشی، احسان کرنے والے کے ساتھ

Marfat.com

برائی کرنی، خواہ دہریہ ہو، فلسفی ہو، سب برابر سمجھتے ہیں۔ غرض اخلاقی علوم جتنے ہیں وہ سب کے سب تمام مذاہب میں موجود ہیں۔

اب رہ گئے عبادات اور معاملات جو ہیں قریباً سب مذاہب میں موجود ہیں۔ عبادات کے ادا کرنے کا طریقہ جو ہے وہ کچھ مختلف ہے اور باقی نوعیت سب جگہ موجود ہے۔ نماز ہمارے ہاں بھی پڑھی جاتی ہے۔ اور کلیسا میں دوسرے طریقے سے پڑھی جاتی ہے۔ روزہ ہمارے ہاں جس طریقے سے رکھا جاتا ہے ان کے ہاں بھی دوسرے طریقے سے رکھا جاتا ہے۔ حج کرنے کے لیے ہمارے ہاں مکہ جانا پڑتا ہے، وہاں کاشی اور سومنات جاتے ہیں۔ سب کے ہاں یاترا ہے، آپ سمجھ گئے۔ کون سی چیز آپ پیش کر رہے ہیں جو اُن کے ہاں نہیں ہے، جو آپ کہیں یہ اچھی چیز ہے؟ جو چیز آپ پیش کریں گے وہ کہیں گے یہاں موجود ہے۔ تو اسلام تو وہ ہونا چاہیئے جو غیر مسلم کے پاس نہ ہو۔ تو قرآن اول سے آخر تک الم سے والناس تک، آپ اٹھا کر دیکھیں، تمام اغیار میں، مذاہب باطلہ میں تقسیم ہوگیا، کچھ نہیں بچتا کوئی چیز آپ بتا نہیں سکتے۔ قصص اولین و آخرین آپ کہیں گے، وہ بھی موجود ہیں دوسرے کے ہاں، تو پھر کیا چیز رہا قرآن؟ کیا چیز رہا اسلام۔ کوئی چیز نہیں ہے۔ آپ سمجھ گئے نا:

خدا آپ کو توفیق اور ہدایت دے، کوئی غلط بات نہ سمجھو، صرف ایک ہی قضیہ ہے قرآن اور اسلام میں، جو غیر مسلم کے ہاں نہیں ہے، وہ ہے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ بس یہ ایک ہی قضیہ ہے۔ اسی کا نام قرآن، اسی کا نام اسلام ہے۔ یہی غیر مسلم کے ہاں پیش ہوگا۔ یہ اس کے ہاں نہیں ہے۔ اس کا وہ منکر ہے جس چیز کا وہ مقر ہے وہ چیز آپ کی نہ رہی۔ جس چیز کا وہ منکر ہے وہ ہے آپ کی حقیقت، وہ ہے اسلام وہ کیا ہے بس مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ

(عقیدۂ) توحید (خود) کوئی چیز نہیں ہے۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ جو دعوت دیتے وہ حق ہوتی۔ انہوں نے کہا "خدا واحد ہے"۔ ان کے کہنے سے عقیدۂ توحید بنا۔ عیسیٰ علیہ السلام رسول اللہ اور روح اللہ ہیں۔ ان کے کہنے سے عیسیٰ علیہ السلام کو رسول اللہ اور روح اللہ

Marfat.com

مانا ہے۔ اگر وہ نہیں کہتے تو نہیں مانتے۔ انہوں نے کرشن جی کے متعلق کچھ نہیں کہا اس لیے نہیں مانتے۔ اگر وہ ان کے متعلق کہتے کہ نبی اللہ ہیں ہم ان کو بھی مان لیتے عیسیٰ علیہ السلام کی طرح۔ انہوں نے کہا موسیٰ کلیم اللہ اور رسول اللہ، ابراہیم خلیل اللہ۔ ہر نبی کو ان کے کہنے سے مانا۔ ہر عقیدہ کو ان کے کہنے سے مانا۔ خدا کو لاشریک ان کے کہنے سے مانا۔ انہوں نے کہا یہ کتاب مجھ پر نازل ہوئی۔ مجرد اُن کے کہنے سے مان لیا ہم نے۔ قرآن پاک کا جو حصہ مکہ میں نازل ہوا تھا وہ پہلے ہونا چاہیے تھا، جو مدینہ میں نازل ہوا تھا وہ پیچھے ہونا چاہئے تھا۔ مدنی سورتوں کو مقدم کر دیا۔ سورۂ بقرہ، پہلی سورۃ، مدنی ہے۔ سورہ ال عمران مدنی، یہ ترتیب وترکیب کے بالکل خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونہی حق ہے۔ ہم نے کہا ٹھیک ہے، جو یہ کہیں وہ حق۔ کہا کہ خدا کی طرف سے یہ قرآن نازل ہوا۔ ہم نے کہا، بالکل حق ہے۔ انہی کے کہنے سے خدا کو وحدہٗ لاشریک مانا۔ انہی کے کہنے سے مردہ کا زندہ ہونا مانا، انہی کے کہنے سے کل اخلاق کو مانا، بس یہی اصل الاصول ہے جو پورے اسلام اور حقائق کو گھیرے ہوئے ہے۔ اگر یہ بندش نکال دی جائے جس طرح جھاڑو میں سے تیلیاں منتشر ہو کر ادھر ادھر چلی جاتی ہیں، آپ کا سارا مذہب منقسم ہو جائے گا۔ کچھ باقی آپ کے پاس نہیں رہے گا۔ اصل الاصول، جڑوں کی جڑ محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی نَبِیِّ الْکَرِیْمِ یہ ہے نبی کی تعریف۔ یہ ہے اصل اسلام، جو بھی آپ فرمائیں، خواہ وہ عقل کے مطابق ہو خواہ وہ عقل کے خلاف ہو۔ مجرد آپ ﷺ کے کہنے سے مانا جائے گا۔ کبھی بھی عقل میں آتا ہے کہ آدمی کی گردن کٹ جائے، وہ زندہ ہو۔ دنیا کی کوئی طاقت اس کی زندگی ثابت نہیں کر سکتی۔ وہ مردہ ہے۔ اس کو دفن کر دیا جاتا ہے۔ نہیں کرتے دفن؟ انہوں نے کہا کہ وہ زندہ ہے۔ بَلْ اَحْیَآءٌ وہ زندہ ہیں وَلٰکِنْ لَّا یَشْعُرُوْنَ تمہیں پتہ نہیں ہے۔ اس بات کا تو پتہ ہے کہ وہ مردہ ہے دفن ہو گیا۔ نبی ﷺ نے کہا نہیں، (بات) بالکل متضاد ہو گئی۔ مردہ کو زندہ کہہ رہا ہے۔ نبی کی یہی شان ہے۔ جو تمہاری عقل میں نہ آئے وہ حق ہے اور عقل میں آنے کے بعد مانا، تو پھر کیا ضرورت رہی نبی کی۔ عقل میں تو صلاحیت ہی نہیں ہے علم حاصل کرنے کی۔ عقل بالکل

Marfat.com

ناقص چیز ہے۔ فی نفسہ بڑی غلط فہمی ہوئی ہے لوگوں کو۔ انہوں نے عقلی علم کی بڑی قدر کی ہے۔ یہ نہیں سمجھے کہ عقلی علوم کیا ہیں اور ان کے نتائج کیا ہیں۔ عقل سے جواب تک علم مدوّن ہوئے ہیں...... حساب ہے، الجبرا ہے، اقلیدس ہے، یہ علوم ریاضیہ ہیں، علم صحیح ہے، جس کو سائنس کہتے ہیں، جس کا رواج آج کل یورپ میں ہے۔ ایک علم ہے جس کو فلسفۂ الٰہیات کہتے ہیں جس میں مابعد الطبیعت حالات بیان کئے گئے ہیں۔ یہ سب عقلی علوم کہلاتے ہیں۔ ان سب کے جو انجام ہیں ان سے اس دنیا کی زندگی کو سنوارنا ہے۔ انجینئرنگ ہے وہ مکانوں کے کام میں آرہی ہے۔ عدد کا علم ہے، ارتھمیٹک، وہ لین دین اور قیمتوں کے تقرر میں کام آرہا ہے۔ علم طب ہے، ڈاکٹری کا علم، وہ بدن کی صحت میں کام آرہا ہے۔ ہر علم کو آپ دیکھئے۔ طبیعات کے جو علوم ہیں۔ سفر کو آسان کرنے کے لئے اصول مہیا ہورہے ہیں۔ یا موت کے اسباب مہیا کرنے کے اصول مہیا ہورہے ہیں۔ بہرحال جو بھی ہے اس زندگی سے تعلق رکھتے ہیں، عقل کے جتنے علوم ہیں۔ لیکن آپ نے کبھی اس بات پر غور کیا کہ بہت بڑی اکثریت ہے ان زندوں کی جن میں حیات ہے۔ ذی حیات لوگوں کی بڑی اکثریت ہے کہ جن کی اکثریت کے مقابل میں انسان کی اقلیت ہے۔ حیوان کی اتنی اکثریت ہے، کچھ اندازہ ہی نہیں ہے۔ حیوانات کے مقابل میں انسان کتنا قلیل ہے۔ اتنی بڑی اکثریت جو ہے ذی حیات نفوس کی، بغیر عقل کی زندگی کو بسر کر رہی ہے۔ انسان تو بڑا بدنصیب ہے کہ ایک عقل کا بوجھ اور اپنے سر پر لاد کر زندگی بسر کر رہا ہے۔ یہ تو بغیر عقل کے بھی گزر سکتی تھی۔ انتہائی بے عقلی ہوتی ہے مجھے تو معلوم ہوا کہ عقل کا وجود لغو ہے۔ لیکن لغو تو نہیں ہوسکتا کیونکہ یہی مابین امتیاز ہے۔ اگر لغو قرار دے دو تو انسان حیوان کی مثل ہوگیا۔ اگر اس سے صحیح کام نہ لیا تو اس سے بدتر ہوگیا۔ مابین امتیاز عقل ہی تو ہے۔ تو عقلی مضمون کے ذریعے تو مابین امتیاز ہو نہ سکی، صحیح کام نہ لیا جاسکا۔ تو لابد اس کو بتانے کے لیے عقل سے باہر کوئی معلم ہونا چاہیے۔ اسی معلم عقل کا نام نبی ہے۔ نبی کسے کہتے ہیں۔ معلم عقل کو۔

تجربے سے بھی آپ کو معلوم ہو جائے گا ہم نے بہت سی کتابوں کو دیکھا۔ ان

Marfat.com

سے ہمارے دماغ میں مضمون آیا۔ اس کو ہم نے کتاب میں درج کر دیا۔ آپ اس کتاب کو دیکھیں۔ اس سے آپ کے دماغ میں ایک مضمون آ جائے گا۔ آپ اپنا مضمون دوسرے رسالے میں درج کر دیں یہی ہو رہا ہے۔ کتاب سے مضمون دماغ میں آ رہا ہے، دماغ سے کتاب میں جا رہا ہے۔ برابر یہی ہو رہا ہے۔ یہ کتاب، یہ دماغ۔ یہ دماغ، یہ کتاب۔ برابر یہ سلسلہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ آپ کی سمجھ میں یہ بات آئی کہ ہر دماغ دو کتابوں کے بیچ میں آ گیا۔ ایک کتاب سے تو ایک مضمون لیا اور دوسری کتاب کو دیا، اور ہر کتاب دو دماغوں کے بیچ میں آ گئی۔ جیسے میں نے آپ کو کتاب دی۔ ایک تو میرے دماغ کے بعد آئی اور ایک آپ کا دماغ دو کے بیچ میں آ گیا۔ تو ہر کتاب دو دماغوں کے بیچ میں اور ہر دماغ دو کتابوں کے بیچ میں، اور بیچ کا تصور ہو نہیں سکتا، جب تک پہل کا تصور نہ ہو۔ بیچ جو ہے۔ وسط نہیں معلوم ہو سکتا جب تک کہ ابتداء نہ ہو، وہ بیچ کیسے کہلائے گا۔ بیچ تو اول کے اعتبار سے ہے۔ اگر اول نہیں تو بیچ کچھ بھی نہیں۔ تو لابد اول ہونا چاہیئے۔ پہلی کتاب ہونا چاہیئے، پہلا دماغ ہونا چاہیے۔ پہلی کتاب کتاب اللہ، پہلا دماغ رسول اللہ ہے۔ یہ وہ دماغ ہے کہ جس نے کسی انسانی کتابت سے مضمون نہیں لیا، اور یہ وہ کتاب ہے جو کسی انسانی دماغ کا نتیجہ نہیں۔

آپ غور کیجیے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے جتنی چیزیں بنائی ہیں انسانوں کی ضرورت کے اعتبار سے بنائی ہیں۔ جس شے کی انسان کو زیادہ ضرورت ہے اس کا وجود زیادہ بنایا ہے جس شے کی ضرورت کم ہے اس کا وجود کم بنایا ہے۔ جیسے غلہ کی ضرورت زیادہ ہے، اسے زیادہ بنا دیا۔ پھلوں کی ضرورت کم ہے اس لیے کم بنا دیا۔ تانبے پیتل کی ضرورت زیادہ ہے اسے زیادہ بنا دیا۔ چاندی سونے کی ضرورت کم ہے اسے کم بنا دیا۔ نمک کی ضرورت زیادہ ہے، لال مرچ اور دیگر مصالحوں سے اسے زیادہ بنا دیا۔ پانی کی ضرورت کھانے سے زیادہ تھی، پانی کے دریا کے دریا بہا دیے، کنویں بنا دیے۔ ہوا کی ضرورت اس سے بھی زیادہ تھی اس کو زیادہ مہیا کر دیا۔ اس استقرار سے، اس تجسس سے یہ بات معلوم ہو گئی کہ جتنی ضرورت زیادہ ہو گی، اس شے کا وجود اتنا ہی زیادہ ہو گا۔ اب یہ جو

Marfat.com

نعمتیں ہیں، محاسن ہیں، جو جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے ضرورت کی نعمتیں مہیا کی ہیں، اگر یہ آپ کو حاصل نہ ہوں کیونکہ یہ انسانی قدرت میں شامل نہیں ہیں۔ انسان کی قدرت میں اگر شامل ہوتے تو نعمتیں اپنے لیے ہر شخص حاصل کر لیتا۔ ایک پچاس روپے مہینہ پا رہا ہے، ایک پانچ سو روپے مہینہ پا رہا ہے۔ اگر پچاس روپے والے کی قدرت میں وہ ہزار روپے ہوتے تو وہ مہیا کر لیتا یا نہیں کر لیتا۔ ہر شخص ان نعمتوں تک پہنچنے پر قادر نہیں ہے، زیادہ نعمتیں اس تک پہنچنے کے لیے گویا تیار نہیں، قدرت سے باہر ہے۔ تو جو شے قدرت سے باہر ہو، اور پہنچنا ضروری ہے اس نعمت تک، خواہ وہ نعمت ہم تک پہنچے یا ہم اس نعمت تک پہنچیں۔ یہ ضروری ہو گیا نا۔ زیادہ ضرورت ہوئی نا اس کی۔ جتنی بھی چیزیں ہیں، بہت زیادہ پانی کی ضرورت ہے نا، پیدا تو کر دیئے دریا کے دریا لیکن پیاس کے وقت ایک گلاس ہی مل جائے تو غنیمت ہے۔ تو زیادہ ضرورت اس امر کی ہوئی کہ وقتِ ضرورت مل جائے تو اس نعمت تک پہنچنا زیادہ ضروری ہو گیا۔ اس کی ضرورت سب سے زیادہ ہو گئی۔ تو نعمت تک پہنچنا سب سے زیادہ ضرورت کی چیز ہوا، یا نعمت کا اس تک پہنچنا سب سے زیادہ ضروری چیز ہوا۔ بحکم استقرار آپ سمجھ چکے ہیں کہ جس شے کی ضرورت سب سے زیادہ ضروری چیز سب سے زیادہ ہونا چاہیے۔ تو سب سے زیادہ ضرورت اس شے کی ہے جو نعمت تک پہنچے۔ اور نعمت تک پہنچنا یا نعمت کو منعم تک پہنچانا، اسی کے معنی یہی ہیں کہ نعمت پہنچ جائے منعم تک۔ تو سب سے زیادہ ضرورت اس چیز کی تھی تو سب سے زیادہ اس کو ہونا چاہیے۔ تو رحمت کا وجود سارے عالم سے زیادہ ہونا چاہیے کہ سب سے زیادہ اس کی ضرورت ہے۔ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ (الانبیاء: ۱۰۷) ہم نے تمہیں تمام عالم کے لیے، عالموں کے لیے رحمت بنا کر بھیج دیا۔ اس نے کہہ دیا تو وہ سب سے زیادہ اہم چیز اور سب سے زیادہ بڑی چیز ہو گیا۔ رحمت للعالمین ہو گیا۔ اس کی کیا تعریف کی جا سکتی ہے، کیا کہا جا سکتا ہے۔

مسلمان قوم کا زوال کسی وجہ سے نہیں ہوا ہے۔ کوئی وجہ نہیں ہے۔ صرف اس کو اپنے نبی ﷺ سے علاقہ کمزور ہو گیا ہے۔ بے تعلقی سی ہو گئی ہے اور اس کے کئی سبب

Marfat.com

بنے۔ تباہی کا سبب صرف یہی ہے اور کوئی سبب نہیں ہے۔ کسی وقت بھی مسلمان کے پاس اتنا روپیہ نہیں تھا۔ جتنا اس دور میں ہے۔ کسی مدرسہ میں جتنا روپیہ اب تقسیم ہو رہا ہے کبھی کسی دور میں بھی نہیں ہوا۔ اس کی آپ تحقیق کر لیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اب نبی ﷺ سے کوئی علاقہ مسلمان کو باقی نہیں رہا یا بہت کم ہوگیا۔ علاقہ کی مثال کے لیے ایک واقعہ بیان کرتا ہوں۔

حدیث شریف میں یہ آیا ہے کہ ایک یہودی نے یہ کہا کہ قسم ہے اس ذات کی جس نے موسیٰ علیہ السلام کو مصطفیٰ بنا کر بھیجا۔ ایک صحابی تھے۔ انہوں نے اس کو تھپڑ مار دیا کہ کیا محمد ﷺ پر بھی اصطفیٰ کیا ہے۔ انہیں یہ بات ناگوار ہوئی کہ موسیٰ علیہ السلام کی ذات کو اس نے مقصود کیا۔ اس نے استغاثہ کیا کہ میں ذمی ہوں۔ اس نے میرے ساتھ یہ ظلم کیا تو مسلمان اس کی بات برداشت نہ کر سکا۔ حالانکہ وہ واقعہ اپنی جگہ صحیح تھا لیکن مسلمان اس کے لیے تیار نہیں تھا کہ اپنے نبی کے مقابلے پر کسی نبی کو مصطفیٰ سمجھے۔ اب اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم کرے۔ میں آپ کے سامنے ایک یا دو باتیں اور بیان کر دیتا ہوں۔ مجھ میں اتنی استقامت نہیں۔ مریض ہوں۔ تھوڑا تھوڑا جو مجھ سے ہو سکتا ہے بیان کر دیتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اِنَّآ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ بے شک ہم نے تجھ کو دیا عطا کیا۔ عطیہ ہے۔ عطینا میں تو ہو سکتا ہے کہ کچھ دیتا ہو۔ اس کے لیے عطینا کا لفظ آ سکتا ہے یہ اعطیٰ کا لفظ ہے یہ محض عطیہ کے طور پر تجھ کو کوثر دے دیا، عطا کوثر۔ کوثر کا عطیہ دیا۔ کوثر کے کیا معنیٰ؟ کوثر کی تفسیریں متعدد ہیں۔ عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ کوثر جنت میں ایک نہر ہے اور ایک حوض ہے۔ بعضوں نے کہا کہ حوض ہے۔ بعضوں نے کہا کہ نہر ہے۔ دونوں معنی بیان کیے ہیں۔ عام طور پر مشہور ہے حوضِ کوثر، نہرِ کوثر مفسرین کی یہ رائے ہے کوثر سے مراد یا نہر ہے یا وہ حوض ہے۔

اس جگہ پر یہ محل احسان، ایثار، عطیہ اور امتنان کا ہے۔ اس موقع پر حوضِ کوثر کا دینا زیادہ سمجھ میں نہیں آتا۔ اس لیے کہ نہرِ کوثر یا حوضِ کوثر بہر حال جنت کا ایک ٹکڑا ہے، ایک جز ہے۔ جیسے مسجد کا ایک ٹکڑا ہے کنواں، مسجد میں کنواں ہوتا ہے نا، وہ تمام مسجد کے

Marfat.com

رقبہ سے بہت چھوٹا ہوتا ہے مسجد میں حوض ہوتا ہے۔ جامع مسجد دہلی کا حوض دیکھا ہے آپ نے۔ جامع مسجد سے کتنا چھوٹا ہے وہ۔ اسی طرح جنت میں جو نہر ہے وہ جنت سے چھوٹی ہے۔ اگر وہ حوض ہے تو وہ بھی جنت سے چھوٹا ہے، اور ایک جنت دو جنتوں سے چھوٹی ہے، کیونکہ ایک تو آدھا ہے دو کا۔ دو سے ایک چھوٹا اور ایک سے حوضِ کوثر چھوٹا۔ تو دو سے حوضِ کوثر اور نہر کوثر بہت چھوٹی ہوگئی۔ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا۔ اس کے لیے دو جنتیں ہیں۔ خائفِ رب کے لیے تو دو جنتیں اور افضل الانبیاء کے لیے۔ جنت کا ننھا سا ٹکڑا؟ یہ سمجھ میں نہیں آیا۔ بعض علماء نے فرمایا کہ اس سے مراد قرآن ہے۔ یہ بھی دل کو نہیں لگتا کہ وہ قرآن ہو، کیونکہ جس طرح قرآن منجانب اللہ ہے اسی طرح توریت بھی منجانب اللہ ہے۔ اگر محمد رسول اللہ ﷺ کو قرآن دیا اسی طرح موسیٰ علیہ السلام کو توریت دی۔ ان کی بھی یہی پوزیشن ہے۔ بس ایک فرق ہے ذرا سا۔ باقی سب میں برابر ہیں۔ ان کی عبادت معجزہ ہے اُن کی عبادت معجزہ نہیں تھی۔ ان کو بین معجزے دیے گئے تھے۔ آسمانی کتاب ہونے میں ضرور برابر ہیں، یہ توریت بھی، انجیل بھی، صحیفۂ ابراہیم بھی، وغیرہ۔ بعض لوگوں نے کہا کہ کوثر سے مراد اولاد ہے وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً (الرعد:۳۸) (اور ہم نے یقیناً آپ ﷺ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے اور ہم نے اُن کو بیویاں اور بچے بھی دیئے) سوائے عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت یحییٰ علیہ السلام کے تمام انبیاء کی بیویاں بھی تھیں اور اولاد بھی تھی۔ یہ بھی کوئی نرالا عطیہ نہیں ہے۔ بہرحال علماء نے یہ فرمایا کہ اس سے مراد متبعین ہیں۔ ٹھیک ہے۔ سب سے زیادہ ہیں یہاں۔ لیکن ان کے ہاں بھی ہیں۔ قلت سہی لیکن نوعیت مشترک ہے۔ علماء ہیں۔ اُن کے ہاں بھی ہم نے امام پیدا کیے، ہمارے احکام کی ہدایت کیا کرتے تھے۔ موسیٰ علیہ السلام کے ہاں۔ یہاں بھی علماء ہیں۔ حضور کی امت میں اس میں کوئی شک نہیں کہ زیادہ ہیں۔ یہ ٹھیک ہے کمی بیشی ضرور ہے۔ نوعیت ایک ہے۔ بہرحال پندرہ تفسیریں کی ہیں جو مجھے یاد آتی جارہی ہیں۔ میں آپ کے سامنے بیان کرتا جارہا ہوں۔ جو چیزیں تفسیر میں بیان کی گئی ہیں وہ سب مشترک ہیں محمد رسول اللہ ﷺ اور دیگر انبیاء میں خواہ وہ اشتراک کلی

Marfat.com

ہو یا جزوی، مشترک ضرور ہے اور مشترک عمل اس قابل نہیں ہے کہ اس کو امرِ مختص بنایا جائے اور اس کو خصوصیت دی جائے۔

بعضوں نے کوثر سے اسلام مراد لیا، تو جیسے اسلام ویسے عیسائیت، اور ہر زمانے کے نبی کا جو مذہب ہے، جو اس مذہب کی حیثیت ہے وہی اس کی ہے۔ اسلام کی خصوصیت نہیں ہے۔ سب مذاہب منجانب اللہ ہے اور حق ہیں۔ تمام انبیاء کے معجزات وہاں بھی ہیں یہاں بھی ہیں بلکہ بین معجزے وہاں زیادہ ہیں، یہاں کم ہیں۔ معجزات جو انبیاء علیہم السلام کو دیئے گئے تھے قدیم انبیاء کو، اس نوعیت کے معجزے یہاں نہیں ہیں۔ ان کے تو بین تھے، اتنا بین معجزہ یہاں نہیں ہے۔ محمد رسول اللہ ﷺ کا معجزہ بین نہیں ہے۔ میرے ہاتھ ایک کتاب لگی۔ جہانگیر کے شاہی کتب خانہ کی مہر لگی ہوئی تھی۔ اس میں ایک عیسائی کا اور ملا کا مناظرہ تھا۔ قلمی نسخہ تھا۔ وہ میں نے حکیم اجمل خاں کو دے دی۔ وہ کتاب نواب فیض احمد خاں کے ہاں پڑھی جاتی تھی۔ اس میں بہت بحثیں تھیں۔ عیسائی اور مسلمان کی بحث ہو رہی تھی۔ دونوں بحث کر رہے تھے اس نے یہ جواب دیا کہ ہمارے نبی کے معجزات بڑے بین ہیں۔ احیائے موتی، مردے کو زندہ کرنا، کوڑھی کو تندرست کرنا، ایسے ہی معجزے بہت سے ہیں ان کے۔ ہمارے نبی کے ہاں ایسے معجزے نہیں ہیں۔ ہمارے علماء نے ان معجزات کی کثرت کے متعلق یہ فرمایا ہے کہ اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ کی جو صورت ہے یہ تین آیتوں کی ہے اور اس کے ساتھ چیلنج ہوا ہے۔ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ہر سورت بھی اس قابل ہے کہ اس کے ساتھ چیلنج ہو۔ اس کی مثل نہیں لا سکتے۔ اس کی آیتوں کی مثل نہیں لا سکتے۔ گویا تین آیتوں کی مثل نہیں لا سکتے اور قرآن شریف میں تقریباً چھ ہزار آیتیں ہیں۔ چھ ہزار آیتوں کی ایسی تین تین آیتوں کے اگر ٹکڑے کر دیئے جائیں تو دو ہزار بن گئے۔ ہر آیت کے ساتھ معجزہ ہے تو ہمارے نبی کے دو ہزار معجزات ہیں۔ اس قسم کے جوابات اس لیے دیے۔ بہت اہل علم لوگ جمع تھے، آج سے پچاس سال پہلے بڑے ذی علم لوگ جمع تھے۔ یہ واقعہ تقریباً چالیس پینتالیس برس کا ہے۔ یہ ذکر ہو رہا تھا، چلتا آ رہا تھا، میں نے بہت بڑے اماموں کی کتابوں میں بھی یہ مضمون دیکھا، جو میں آپ کے

Marfat.com

سامنے بیان کر رہا ہوں۔ یہ تو بات جو ہے صحیح نہیں ہے۔ غیر صحیح دلیل سے ثابت کرنا، ثابت نہ کرنا اس سے بہتر ہے۔ یعنی غلط قدم اٹھانے سے نہ اٹھانا بہتر ہے قدماء علما یہ بیان کرتے چلے آرہے ہیں ہزار ہزار برس کے۔ یہ ٹھیک نہیں ہے۔

ایک تو یہ بات ہے اس کے اندر کہ وہ نوعیت ایک ہے۔ موسیٰ علیہ السلام سے عصا کا معجزہ دس دفعہ ہو تو اسے ایک ہی معجزہ سمجھا جائے گا۔ معجزۂ عصا حالانکہ کئی دفعہ ہوا۔ ان سے تو وہ کئی آیتوں سے شمار نہیں ہوا۔ ایک ہی آیت ہے وہ، وہ نوعیت ایک ہی ہے معجزہ ایک ہی رہے گا اس کے علاوہ پھر وہی وقت ہوئی۔ پھر اس کا حل کیا ہے۔ آپ سمجھے اسے۔ وہ غلط فہمی ہوئی ہے۔ معجزے کی جو کثرت ہے وہ فضیلت نبی کی نہیں ہے۔ یہ نئی بات ہے۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ معجزہ تائید کے لئے آیا کرتا ہے اور تصدیق کے لیے۔ یہ تصدیق ہو جائے کہ یہ اللہ کا بھیجا ہوا ہے۔ اگر کوئی شخص آپ کے پاس آئے اور آکر یہ کہے کہ وزیر کا، سفیر کا یا صدر کا یہ حکم ہے اور ہو وہ معمولی آدمی، تو آپ کو اس بات کی تصدیق نہیں ہونے کی۔ آپ اس سے پوچھیں گے کہ کوئی سند، کوئی نشانی لاؤ، تو وہ مونو گرام لگا ہوا چھپا ہوا کاغذ دکھا دے گا تو آپ کو اطمینان ہو جائے گا۔ وہی بات اگر یہاں کوئی انتہائی معزز سفیر بیٹھا ہو وہ کہہ دے تو اس سے آپ کچھ نہیں پوچھنے کے۔ یقین کرلیں گے تو جتنا کمزور سفیر ہوگا اتنی ہی قوی سند اس کو لانا پڑے گی۔ چونکہ عیسیٰ علیہ السلام کے تو نسب میں شک ہو رہا تھا اس لیے نہایت قوی سند دینا پڑی ان کو۔ اور ہر وقت ان کی تائید کے لیے اپنا آدمی مقرر کر دیا۔ وَاَیَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ طازم کو ساتھ رکھا کہ اس کے ساتھ رہو، کمزور بچہ ہے اور آپ ﷺ کے لیے حکم ہوا کہ یہ پہاڑ ہیں سونے کے کر دیئے جائیں، ارشاد ہوا کچھ نہیں، میں ان سے سلٹ لوں گا۔ میں آؤں تمہاری مدد کو؟ کہا، نہیں نہیں۔ جوان بیٹا جاتا ہے، اس کے لیے امداد کی ضرورت نہیں ہے۔ چھوٹا بچہ جاتا ہے اس کے لیے نوکر ساتھ بھیجنا پڑتا ہے تو محمد رسول اللہ ﷺ اتنے قوی تھے نبوت میں۔ ان کو اتنی قوی تائید کی ضرورت نہ تھی۔ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ (البقرہ:۱۴۶) وہ اتنے نمایاں تھے کہ جس طرح اپنے بچوں کو پہچانتے ہیں، بیٹوں کو، اس طرح نبوت کے آثار نمایاں

Marfat.com

تھے۔ اسی لیے تو وہ کہتے تھے فَلْيَأْتِنَا بِآيَةٍ كَمَا أُرْسِلَ الْأَوَّلُونَ (الانبیاء: ۵) ایسا معجزہ لاؤ نا جیسے اگلے لائے تھے۔ مَا آمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا أَفَهُمْ يُؤْمِنُونَ (الانبیاء: ۶) جو پہلے نبی بڑے بڑے معجزے لائے تھے، کیا وہ (لوگ) ایمان لے آئے تھے، جو تم لے آؤ گے ایسے معجزے دیکھ کر۔ وہ پالیسی بھی فیل ہوگئی یہاں فیل کرنا نہیں۔ ان کو برباد کرنا تھا۔ انکار کرتے ہی وہ برباد ہو گئے۔ یہاں انہیں برباد کرنا نہیں۔ اس لیے بین معجزہ لانا نہیں۔ دیکھتے ہی صورت سے معلوم ہوگیا۔ وہ ایمان لے آئے (ہم دوسری بحث میں چلے گئے۔ آیت کی تفسیر کر دیں اور مضمون ختم کر دیں)۔

بہر حال یہ تفسیریں میرے نزدیک یہاں چسپاں نہیں ہے۔ فی نفسہ اپنی جگہ پر ٹھیک ہوں۔ لیکن یہاں محل احسان ہے اور امتنان ہے۔ اس لیے یہاں یہ مناسب نہیں ہیں حقیقی تفسیر اس کی یہ ہے۔ میں آپ کے سامنے بیان کر رہا ہوں۔ یہ کوثر کا جو لفظ ہے یہ کثر سے مشتق ہے۔ جیسے جوہر کا لفظ جہر سے مشتق ہے۔ جہر کے معنی ظہور، جوہر اس کو کہتے ہیں جس میں زیادہ ظہور ہو۔ مبالغہ کا صیغہ ہے۔ غایت درجہ ظہور ہو۔ جوہر کو جوہر اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں بہت ظہور رہوتا ہے۔ چمک بہت ہوتی ہے۔ مبالغہ کا صیغہ ہے اسی طرح کوثر جو ہے بروزن فعل ہے۔ یہ مبالغہ کے لیے آیا کرتا ہے۔ غایت درجہ کی کثرت اور کثرت کی غایت جو ہوا کرتی ہے وہ اس شے سے جس کی وہ غایت ہے خارج ہوا کرتی ہے خارج نہ ہو تو داخل ہو کر جز بن جائے گی۔ داخل کے معنی جز کے۔ کثرت کی غایت جو ہے وہ کثرت سے خارج ہے۔ خارج کثرت صرف وحدت ہے، اور کوئی شے نہیں، اور وحدت کا حقیقی مصداق ہے وہ وحدہٗ لاشریک ہے۔ جو شے بھی خدا نبی ﷺ کو دے گا وہ نبی سے گھٹیا ہے، اور گھٹیا دے کر احسان نہیں جتا سکتا۔ لوح و قلم، عرش و کرسی، ملائکہ حور و قصور، کیا دے گا۔ وہ سب چیزیں ان سے گھٹیا ہیں۔ گھٹیا چیز دے کر کیا احسان جتا رہا ہے۔ وہ چیز نبی کو دینی چاہیے جو عمدہ سے عمدہ ہو۔ وہ صرف اس کی اپنی ذات ہے۔ إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ کا مطلب ہے میں تیرا ہو گیا۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ جب یہ بات ثابت ہوگئی کہ میں تیرا ہو گیا تو اب تجھے کیا کرنا چاہیے؟

Marfat.com

پہلے آپ صلوٰۃ کی حقیقت سمجھ لیں۔ نماز تمام عبادات کو شامل ہے سوائے مالی عبادت کے۔ حج اس کے اندر موجود ہے، روزہ اس کے اندر موجود ہے۔ جو حج میں ممنوع وہ اس میں ممنوع۔ اور اس کے علاوہ اور اذکار، درود شریف، تسبیح و تحمید سب کچھ ہے صرف زکوٰۃ مالی عبادت شامل نہیں ہے، باقی کل ہے، جامع عبادات ہے نماز۔ بہت بڑی چیز ہے۔ پوری دنیا سے افضل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب انسان نماز پڑھتا ہے تو دونوں ہاتھ اٹھاتا ہے۔ کانوں تک جو ہاتھ اٹھانا ہے۔ یہ اظہارِ بے اعتنائی ہے۔ مثلاً میرا لڑکا نااہل ہے۔ آپ کہیں کہ میں نے فلاں بُری جگہ اسے دیکھا ہے، میں اتنا نالاں ہوں اس لیے دور ہوں، میں نے کہا کہ میں نے تو اس سے ہاتھ اٹھالیا، کہیں جائے، کہیں رہے، ہاتھ اٹھانے کے معنی ہیں بے پروائی، بے تعلقی۔ دونوں ہاتھ اٹھانے کے یہ معنی ہیں کہ میں نے اس دنیا سے اور اُس دنیا سے اِس جہان سے اور اُس جہان سے، دنیا اور عقبیٰ دونوں سے ہاتھ اٹھالیا۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اب میں ان دونوں سے ہٹ کر بڑے کی طرف متوجہ ہوا۔ دونوں صغیر اور اصغر کو چھوڑ دیا۔ اتنی بڑی عبادت ہے یہ ایک ہی عبادت اس قسم کی ہے۔ اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ دنیا کے جتنے عیب اور برائیاں ہیں، ظاہری و باطنی، سب ترک ہوئیں۔ فَصَلِّ لِرَبِّکَ کے معنی یہ ہیں کہ پوری بدنی عبادت اور قلبی و زبانی عبادت گویا پوری ذات کی عبادت آگئی۔ ذکر میں دل سے اس کی یاد میں مشغول ہو گیا۔ ہاتھ یوں بندھے ہوئے، جہت کو بھی نہیں بدل رہا۔ تو پورا کا پورا جھک جا۔ وَانْحَرْ۔ اور قربانی کر۔ قربانی کا جو مصرف ہے کیونکہ وہاں اونٹ بڑی قیمتی چیز تھا، تو جو خرچ تھا سب سے زیادہ قربانی میں ہوا کرتا تھا یعنی تو جان اور مال سے میرا ہو جا۔ میں تیرا ہو گیا اور تو میرا ہو جا۔ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ۔ شَانِئَکَ کے معنی معارض، مقابل، مخالف، جو تیرا مخالف ہے وہ ابتر ہے۔ وہ مصنوعی وجود ہے۔ اسے موجودات کی نشستوں میں سے کوئی نشست نہیں ملنے کی۔ وہ دنیا کی موجودات میں گھٹیا سے گھٹیا جو شے وہ ہے جو تیرے خلاف ہوا وہ میرا نہیں ہے۔ میں کوئی نشست اس کو نہیں دوں گا۔ مٹی کے برابر بھی نہیں۔ یٰلَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرٰبًا وہ کہے گا کاش میں مٹی کی نشست مجھے مل جاتی۔ اس نشست سے بھی خارج کر دیا گیا۔ تو

Marfat.com

میں تیرا ہو گیا۔ تو میرا ہو جا، جو تیرا نہیں ہے وہ میرا نہیں ہے۔ یہ ہے شانِ نبی ﷺ کی۔ ان کی کیا تعریف کوئی کر سکتا ہے۔ نبی ﷺ پر بہت درود بھیجا کرو۔ آخرت میں نبی ﷺ ہی تمہارے کام آئے گا۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا وَمُرْشِدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

ایک اصولی چیز آپ سمجھیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے عالم کو ایجاد کیا، پیدا کیا اور کوئی موجود ایسا نہیں ہے جو وحدت سے خالی ہو۔ حقیقی وحدت موجود تھی۔ ازل سے ابد تک تو کسی واحد چیز کو بنانا مقصود نہیں ہونے کا۔ وہ حاصل کی تحصیل ہوگی۔ مصنوعی وحدت کی ضرورت کیا ہے جب حقیقی وحدت موجود ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ وحدت حقیقی ہے اب کسی واحد کو وہ پیدا کرے تو اس کا پیدا کرنا بے معنی ہے اس لیے کہ حقیقی واحد موجود ہے نقلی اور مصنوعی واحد کے کرنے کا فائدہ کیا۔ اس لیے مقصودِ کائنات واحدات نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جو مفرد چیزیں بنائی ہیں وہ مقصود نہیں ہیں۔ یہاں بھی صناعوں کے ہاں دیکھئے۔ کاریگر جو بڑے ہیں ان کے ہاں بھی جو مفردات ہوا کرتے ہیں وہ مقصود نہیں ہوا کرتے بلکہ ان سے مرکب مقصود ہوا کرتے ہیں۔ معمار ہیں۔ اینٹ، پتھر، رورا مفرد شکل میں، ہر وقت میں ہر جگہ موجود ہوا کرتے ہیں۔ وہ مقصود نہیں ہوا کرتے۔ ان کو جو مہیا کیا جاتا ہے ان سے کوئی مرکب بنایا جاتا ہے مثلاً عمارت بنائی جاتی ہے۔ دواؤں میں جو مفردات ہوتے ہیں وہ مقصود نہیں ہوتے بلکہ ان کے مرکبات معجون، مقصود ہوتے ہیں۔ موٹر ہے اس کے چھوٹے چھوٹے پرزے اسی لیے مہیا کیے جائیں گے کہ آخر میں موٹر بنانا ہے۔ گونا صنعت سے مقصد ترکیب ہے، مرکب ہے، مفردات جو ہوا کرتے ہیں وہ مقصود بالغرض ہوتے ہیں مرکبات کے لیے۔ ان کو پیدا کیا جاتا ہے یا مہیا کیا جاتا ہے مرکب کے لیے۔ خود وہ مقصود نہیں ہوا کرتے۔ ہر چیز میں آپ دیکھ لیں گے۔ سالن ہے، اس کے جو مفردات ہیں، گوشت، گھی، وغیرہ وہ درحقیقت ذریعہ ہیں سالن کے۔ وہ مقصود نہیں ہیں اگر وہ مقصود ہوتے تو پکانے کی مشقت نہ کی جاتی۔

خلاقِ عالم نے سب سے پہلے ملائکہ کو پیدا کیا۔ وہ مفرد تھے۔ وہ مرکب نہیں

Marfat.com

تھے جس طرح اور انسان وغیرہ۔ اگر ملائکہ مقصود ہوتے تو صنعت کا کام وہیں ختم ہو جاتا۔ معمار کا مقصد مکان بنانا ہے۔ جب بلڈنگ بن گئی تب اجزاء کی ضرورت نہیں رہتی۔ کسی شے کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ اگر مقصد تخلیق ملائکہ ہوتے تو جونہی ملائکہ کو پیدا کیا تھا، اس کا کام ختم ہو جاتا اور تخلیقِ عالم وہیں بند ہو جاتی۔ لیکن تخلیق جاری رہی۔ اس سے معلوم ہوا کہ ملائکہ کا پیدا کرنا مقصود نہیں تھا۔ سمجھو۔ بڑی بات ہے۔ غور کرو۔ افلاک اور ملائکہ اور جتنے بھی مفردات ہیں یہ مقصود نہیں ہیں۔ کل کائنات میں سے کوئی مفرد مقصودِ صنعت نہیں ہے۔ صانع کا مقصد یہ مفردات نہیں ہیں بلکہ مرکبات ہیں۔ اب عناصرِ اربعہ، یہ بھی مفرد ہیں۔ یہ بھی مقصود نہیں ہیں بلکہ ان سے جو مرکب ہیں، جمادات، گو مفردات کے مقابلے میں ضرور یہ مقصود ہیں۔ لیکن یہ اجزاء میں کسی اور مرکب کے، یعنی نباتات کے۔ آگے چل کر یہ بھی مقصود نہ رہے۔ کیونکہ درحقیقت نباتات اجزاء ہیں حیوانات کے، مگر آگے یہ بھی مقصود نہ رہے۔ حیوانات، نباتات کے مقابل میں بے شک مقصود ہیں، لیکن درحقیقت یہ بھی اجزاء ہیں انسان کے۔ یہ انسان میں خرچ ہو رہے ہیں۔ تو جو شے دوسروں میں خرچ ہو رہی ہے وہ شے مقصود نہیں بلکہ وہ شے مقصود ہے کہ جس میں وہ شے صرف ہو رہی ہے۔ اس اصول کو سمجھ گئے؟ جو شے کسی دوسرے شے میں صرف ہو رہی ہے وہ شے مقصود نہیں ہے بلکہ جس میں خرچ ہو رہی ہے وہ ہے مقصود۔ تو اشیاء برابر صرف ہوتے ہوتے انسان آ گیا۔ انسان کسی چیز میں خرچ نہیں ہو رہا کسی میں کام نہیں آ رہا۔ کل اشیاء اسی میں صرف ہو رہی ہیں۔ یہ تجربہ آپ کو عقل سے ہو رہا ہے۔ وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کائنات سماوی اور کائنات ارضی سب تمہارے واسطے مسخر ہیں۔ وَخَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا اور تمہارے لیے یہ تمام روئے زمین کی چیزوں کو پیدا کر دیا۔ کل اشیاء تمہارے لیے ہیں تم ان میں سے کسی شے کے لیے نہیں ہو۔ اس کائنات کی سب چیزیں تمہارے لیے ہیں، تم کسی شے کے لیے نہیں ہو۔ اس کائنات سے باہر کسی اور کے لیے ہو۔ تم خالقِ کائنات کے لیے ہو۔ کل اشیاء انسان کے لیے بنیں۔ انسان خالق انسان کے لیے بنا۔ جتنے بھی انواع موجودات ہیں وہ کل کی کل نوعِ انسان میں خرچ ہو رہی ہیں بالواسطہ یا

Marfat.com

بلاواسطہ۔ سو سو واسطے سے۔ وَلٰکِنْ لَّا یَعْلَمُوْنَ کچھ ایسے وسائل ہیں جن کو تم نہیں جانتے۔ ایسے ذرائع بھی ہیں پتہ ہی نہیں چلتا کہ انسان کے کس کام آئے گی۔ لیکن یہ ہے کہ ضرور کسی نہ کسی توسل سے جا کر کام آئے، کل مخلوقات انسان کے کام کے لیے بنی ہیں۔ انسان کسی کے کام کے نہیں بنا۔ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ سوائے اپنے رب یعنی خالق کے کام کے لیے۔

تو اب اس کائنات میں غور کریں۔ افضل کون سی چیز ہوئی؟ انسان، نوعِ انسانی تمام انواع موجودات سے انسان افضل ہو گیا۔ کل مخلوقات میں ہر مخلوق سے، کل انواع میں ہر نوع سے افضل ہو گیا۔ ملائکہ سے بھی افضل ہو گیا۔ گویا مقصودِ کائنات انسان ہے۔ آپ انسان کی تین قسمیں ہیں۔ ایک انسان کافر ہے، ایک انسان مومن ہے، ایک انسان نبی ہے۔ تینوں قسم کے انسان ہیں۔ جبکہ نوعِ انسانی تمام کائنات سے افضل ہو گئی۔ ان میں ایک فرد یعنی کافر موجود ہے۔ کافر کے کیا معنی؟ کہ وہ انسان کہ جس کام کے لیے بنایا گیا تھا اس کام میں وہ صرف نہیں ہوا۔ وہ اپنے خالق کے لیے بنایا گیا تھا، اختتام میں خالق پر نثار نہیں ہوا۔ خالق کے کام میں وہ نہیں آیا۔ اس کا بننا نہ بننے کے برابر رہ گیا۔ وہ بگڑ گیا جیسے کہ سالن کی دیگ سڑ جائے پھینکی جاتی ہے۔ کھانے کے کام نہیں آئے گی۔ حالانکہ ننھا سا جز گھٹیا سا جز جو نمک ہے وہ رکھ لیا جائے گا دیگ پھینک دی جائے گی۔ اس میں اگر چوہا پڑ جائے یا سڑ جائے تو پوری قورمہ یا پوری بریانی کی دیگ بے کار ہو گئی۔ پھینک دی جائے گی۔ اور ننھا سا جز جو مٹی ہے یعنی نمک جو بچ گیا ہے وہ رکھ لیا جائے گا کہ وہ کام کا ہے۔ اسی طرح کافر کہے گا یٰلَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرٰبًا کہ کاش میں گھٹیا سا گھٹیا جز یعنی مٹی ہوتا۔ میں گھٹیا جز بننے کے قابل بھی نہیں ہوں۔ سیب کتنی عمدہ چیز ہے۔ ذرا بگڑ جائے، سڑ جائے تو سارا پھینک دیا جائے گا، لیکن دوسرا کچا سا بھی ہے وہ رکھ لیا جائے گا۔ کافر کے معنی یہ ہیں کہ وہ قطعی بہترین موجودات میں سے تھا۔ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ بہترین قوام میں سے ہم نے بنایا انسان کو اس کا قوام بہت اچھا تھا، چونکہ وہ سڑ گیا اس لیے وہ بیکار ہو گیا۔ اُولٰٓئِکَ کَالْاَنْعَامِ بَلْ ھُمْ اَضَلُّ وہ ہر جز سے گھٹ گیا۔ تمام کائنات

Marfat.com

سے بدتر ہوگیا۔ اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ وہ بدترین خلائق ہوگیا۔ جس طرح وہ دیگ بدترین خلائق ہوگئی۔ اپنے سب جزوں سے گھٹ گئی۔ اسی طرح وہ انسان جو اپنے رب کے کام میں نہیں آیا، تمام کائنات کی ہر گھٹیا سے گھٹیا نوع سے بھی بدتر ہوگیا، سڑ گیا۔ جس کام میں اس کو آنا تھا اس کام میں وہ نہیں آسکا، یعنی کافر خارج ہوگیا۔

اب دو گروہ رہ گئے، ایک مؤمن، دوسرا نبی۔ مؤمن کا خود کوئی مستقل وجود نہیں ہے مستقل وجود ایمان کا نہیں ہے۔ اس کی روشنی ایسی ہے جیسے کہ ظلِ یا سایہ، روشنی کا سایہ تابع ہے اس (سورج) کی روشنی کا۔ اگر وہ روشنی نہ ہو تو یہ نہ ہو۔ ایمان جو ہے مؤمن کا، یہ درحقیقت نبوت کے تابع ہے۔ اگر نبوت نہ ہو، ایمان نہ ہو۔ تو مؤمن مستقل شے نہیں ہے۔ پس مستقل انسان جو ہوا وہ نبی ہے۔ نبی تمام موجودات سے افضل ہوگیا۔ انبیاء علیہم السلام تمام کائنات سے افضل ہیں۔

اب اس نے نبوت بنائی، نبوت کسے کہتے ہیں؟ خطابِ ربانی کو، یاد رکھو اللہ تعالیٰ جس بشر سے خطاب کرے۔ بس اس خطاب ہی کا نام نبوت ہے، اور وہ بشر جو ہے وہ نبی ہے۔ اس نے کہا کہ (البقرہ: ۳۵) اے آدم رہو سہو جنت میں۔ اب نبی بنایا اس نے۔ نبوتِ آدم متحقق ہوئی۔ متحقق ہونے کے بعد اس کو ختم کر دیا۔ ختم ہو گئے وہ۔ ختم ہونے کے بعد اس نے دوسری نبوت بنائی۔ اس سے پتہ چل گیا کہ وہ نبوت مقصود نہیں تھی۔ اگر وہ مقصود ہوتی تو آگے کاریگری جاری نہیں رہتی۔ اگر نبوتِ آدم مقصود ہوتی جو متحقق کی تھی، تو دیگر نبوتوں کی ایجاد کی ضرورت باقی نہیں رہتی، لیکن اسے ختم کر دیا۔ ختم کر کے کہا یٰنُوْحُ اهْبِطْ اے نوح علیہ السلام اتر۔ اب نوح علیہ السلام نبی ہو گئے اگر نوح علیہ السلام کی نبوت مقصود ہوتی یہی رہتی، آگے کوئی اور نہ بنتی۔ پھر کہا یٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا اے ابراہیم علیہ السلام! جانے بھی دے۔ ابراہیم علیہ السلام کی نبوت ہوئی۔ اسے بھی ختم کیا۔ پھر کہا یَا یَعْقُوْبُ یَا یُوْسُفُ یا فلاں فلاں پھر کہا یٰمُوْسٰٓى اِنِّیْٓ اَنَا اے موسیٰ میں میں ہی ہوں۔ اگر ان کی نبوت مقصود ہوتی تو آگے نبی نہ بنتا۔ پھر کہا یٰیَحْیٰى یا زَکَرِیَّا یَا دَاوٗدَ یٰعِیْسٰى سب نبوتوں کو بناتا رہا اور ختم کرتا چلا گیا۔ تو معلوم ہوگیا کہ ان نبوتوں میں سے کوئی سی بھی نبوت

Marfat.com

مقصدِ تخلیق نہیں ہے۔ گویا مقصدِ کائنات نہیں ہے کیونکہ اگر مقصد حاصل ہو جائے تو اس کے بعد کام ختم ہو جانا چاہیئے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کہا یٰعیسٰی وہ بھی ختم ہوئے۔ پھر آگے سب کے بعد محمد رسول اللہ ﷺ کی نبوت کو بتایا اور کہا:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا (الاحزاب:۴۰) محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں پر مہر ہیں (سب کے ختم پر ہیں) اور اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔ نبوت کا کام ختم ہو گیا۔ نبوت ختم ہو چکی۔ اب ان کے بعد کوئی نبی نہیں۔ تو معلوم ہوا کہ یہی نبی مقصود ہے، یہی مقصودِ کائنات ہے۔ اسی کا پیدا کرنا تھا، تمام عالم کو اسی کے لئے پیدا کیا ہے۔ یہی نبی مقصود ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس نبی کو نام لے کر نہیں پکارا۔ سب کا قرآن میں نام آیا۔ یا آدم، یا نوح۔ یا ابراہیم۔ یا داؤد۔ یا موسیٰ۔ یا عیسیٰ۔ ان کو کہا یَآ اَیُّھَا الرَّسُوْلُ اتنا معزز نبی ہے۔ یہی مقصودِ کائنات ہے۔ یہی تخلیقِ عالم کا مقصد ہے۔ اسی نبوت پر ختم ہوا اور اسی مضمون پر ہم نے اپنے بیان کو ختم کر دیا اب سب لوگ اپنے نبی پر درود و سلام بھیجو۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

## نعت در زمینِ فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ سے چند اشعار

قدرت نے آج اپنے جلوے دکھا دیئے ہیں
آمد پہ مصطفیٰ کی پردے اُٹھا دیئے ہیں

یہ کون آ رہا ہے یہ آج کون آیا
سوئے ہوئے مقدر کس نے جگا دیئے ہیں

صدقے میں آپ کی اُس حاجت روا نظر پہ
جس نے گدا ہزاروں سلطاں بنا دیے ہیں

بڑھتی ہی جا رہی ہیں تابانیاں حرم کی
بجھتے نہیں کسی سے طیبہ کیا "دیئے" ہیں

وہ جانیں اے نصیر اب یا جانے اُن کا خالق
ہم نے تو دل کے ٹکڑے اُن کو سنا دیئے ہیں

(حضرت سید شاہ نصیر الدین نصیر گیلانی)

Marfat.com

بہ خدا دیوانہ باش و با محمد ہوشیار

# دشمنانِ رسول ﷺ کا عبرتناک انجام

محمد ستار حسین

رسول اللہ ﷺ کو دشمنانِ اسلام نے جس قدر تکلیفیں پہنچائی ہیں اور رسول اللہ ﷺ نے ان کی دردناک تکلیفوں پر جس صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا ہے دنیا میں اس کی نظیر ملنی محال ہے۔ دشمنانِ اسلام کے مظالم کی تفصیلات جاں گدازا اور روح فرسا ہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جب ان لوگوں کے مظالم سے گھبرا کر رسول اللہ ﷺ سے عرض کرتے تھے کہ یا رسول اللہ ﷺ ان غارت گرانِ ملت کے خلاف بددُعا فرمایئے ان کے جور و ستم ناقابل برداشت ہو گئے۔ تو حضور ﷺ ارشاد فرماتے۔

اللھم اھد قومی فانھم لا یعلمون اے اللہ! میری قوم کو ہدایت کر وہ مجھے نہیں پہچانتی۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب ﷺ کی اس شانِ رحمت کو باندازِ کرم پسند فرماتا ہے اور ظالموں کو مہلت غور و فکر مرحمت کرتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے دشمن آپ ﷺ کو جسمانی ایذائیں پہنچاتے تھے۔ آپ ﷺ کو دیکھ کر استہزا کرتے تھے۔ مذاق اڑاتے، آوازے کستے، نقلیں اتارتے، منہ چڑاتے اور بے حیائی کی باتیں کہتے تھے۔ اگر حضور ﷺ کعبۃ اللہ میں مشغول عبادت ہوتے تو یہ ناپاک دشمن شور و غل مچاتے، چیختے چلاتے، سیٹیاں بجاتے تھے۔ تمام امکانی شرارتیں کرتے تھے اور حضور ﷺ کی توہین و بے عزتی میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرتے تھے۔ رسول اللہ ﷺ ان ناسازگار ماحول میں متوکل علی اللہ تبلیغ اسلام کے فرائض انجام فرماتے اور دشمنان بدسرشت کی شرارتوں کی پاداش کو اپنے منتقم حقیقی پر چھوڑ دیتے تھے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کے ان بدبخت دشمنوں کو کیسی عبرتناک سزائیں دیں اس کا مختصر حال سطور ذیل میں پڑھیے۔

Marfat.com

## عاص بن وائل

بہت زبان دراز و گستاخ تھا۔ اس نے حضور ﷺ کو بہت ایذائیں پہنچائی تھیں۔ جس کا انجام یہ ہوا کہ ایک دن گھوڑے پر سوار جارہا تھا۔ ایک غار کے قریب سے گزرا۔ گھوڑے نے ٹھوکر کھائی۔ یہ سر کے بل گڑھے میں جاپڑا وہاں ایک بچھو نے اس کو کاٹ لیا جس کا ایسا زہر چڑھا کہ جسم پھولتا چلا گیا۔ پھر جسم پھٹنے لگا۔ کوئی علاج کارگر نہ ہوا اور یوں ہی سڑ سڑ کر مر گیا۔

## عاص بن عتبہ

یہ گستاخ بھی سخت دشمن رسول ﷺ تھا۔ ایک روز گھوڑے پر سفر کر رہا تھا کہ طائف کی راہ میں ببول کا ایک کانٹا جسم میں چبھ گیا۔ کانٹے میں خدا جانے کس بلا کا زہر تھا کہ اسی زہر کی تکلیف میں سسک سسک کر مرا۔

## اسود بن مطلب

یہ دشمن اسلام حضور اکرم ﷺ کی نقلیں کیا کرتا تھا کہ ایک دن درخت کے سایہ میں ۔۔ رہا تھا لیکن جب جاگا تو بدحواس تھا، آنکھیں ملتا تھا اور چیختا تھا کہ ہے ہے میری آنکھوں میں کانٹے چبھوئے جارہے ہیں اور اسی تکلیف میں تڑپ تڑپ کر جہنم پہنچا۔

## اُبی بن خلف و امیہ بن خلف

حضرت سیدنا بلال رضی اللہ عنہ پر جو مظالم ان ظالموں نے کیئے ان کے تصور سے آج بھی رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ دونوں بدزبان سخت شاتم رسول ﷺ تھے۔ اُبی حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے ایک جنگ میں قتل ہوا۔ امیہ بن خلف کو غزوہ بدر میں گرفتار کیا گیا اور حبیب رضی اللہ عنہ بن یساق نے تلوار کے وار سے امیہ کو واصل جہنم کیا۔

## ابوجہل

یہ شیطان مجسم سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کا دشمن تھا۔ جنگ بدر میں انصار

Marfat.com

کے دو مبارک بچوں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ و حضرت معوذ رضی اللہ عنہ نے اپنی چھوٹی چھوٹی تلواروں سے وسط لشکر میں پہنچ کر اسے قتل کیا۔ سخت جان تھا، روح آسانی سے نہیں نکلی اور جب مجروحینِ جنگ کا جائزہ لیا گیا تو یہ کافر آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھ رہا تھا حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ قریب پہنچے تو ابوجہل نے ان سے کہا میں اپنی قوم کا سردار ہوں میرے سر کو شانوں سے کاٹنا چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے داخلِ جہنم ہوا۔

## ابولہب

یہ وہ کندۂ جہنم ہے جس کی خود اور اس کی بدکردار بیوی کی مذمت سورۂ تبت میں قیامت تک دنیا پڑھے گی۔ طاعون میں مبتلا ہو کر داخل جہنم ہوا۔ احباب و اعزا نے اس کی لاش تک سے انتہائی نفرت کی اور کوٹھے پر چڑھ کر اس کی لاش پر اس قدر پتھر برسائے کہ ساری لاش ان پتھروں میں چھپ گئی۔

یہ چند شاتمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے عبرتناک انجام کا تذکرہ ہے جس پر دوسرے بدبختوں کے انجام کو قیاس کرنا چاہئے۔ خدا نے ہر اس بدنصیب کو جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ مبارک میں ذرا سی بھی گستاخی کی اسی طرح دردناک تکلیفوں اور رسوائیوں کے ساتھ جہنم کا ایندھن بنا دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو اس بدترین گناہ سے محفوظ رکھے۔ آمین

## نعتیہ قطعہ (پنجابی)

ہے سرکار صلی اللہ علیہ وسلم دا اوہ ہک بُویا
حق دی جتھے ہر ویلے ہُو ہا
آپ صلی اللہ علیہ وسلم دا ہر اک لفظ زبانوں
اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی

(حضرت سیّد شاہ نصیر الدین نصیر گیلانی)

Marfat.com

# ولادت و سیرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خطاب: مبلغ اعظم حضرت علامہ شاہ محمد عبد العلیم صدیقی رحمۃ اللہ علیہ (مدفون، جنت البقیع مدینہ منورہ)

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○ صَدَقَ اللّٰهُ مَوْلَانَا الْعَظِيْمُ وَبَلَّغَنَا رَسُوْلُهُ النَّبِيُّ الْحَبِيْبُ الْكَرِيْمُ وَنَحْنُ عَلٰى ذٰلِكَ لَمِنَ الشّٰهِدِيْنَ وَالشّٰكِرِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

درود پڑھیے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ ۖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ ۖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ ۖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ ۖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

Those gentlemen who are sitting outside, I would request them to come inside the mosque and sit down here in my own presence and to fill the hall of the mosque. Those who are standing, I will request them to sit down.

(ترجمہ: یہ کوئی عام محفل نہیں ہے، آپ کو مکمل ادب کے ساتھ بیٹھنا چاہیے، ادب کو ملحوظ رکھنا چاہیے اور ادب سے بیٹھنا چاہیے۔ وہ تمام حضرات جو باہر کھڑے ہوئے ہیں وہ اندر آ کر بیٹھ جائیں۔)

---

☆ تخریج و حواشی: ندیم احمد ندیم قادری

Marfat.com

'It is not an ordinary meeting; you should sit with complete manner, observe manner, and sit with manner. All those who are standing outside, they should come inside and sit down.

جو حضرات باہر بیٹھے ہوئے ہیں کرسیوں پر، میں اُن سے عرض کروں گا کہ وہ یہاں اندر آ کر بیٹھیں اور جو لوگ پیر پھیلا کر بیٹھے ہوئے ہیں، بے ادبانہ طریقے سے بیٹھے ہوئے ہیں، میں اُن سے کہوں گا کہ نہایت ادب کے ساتھ بیٹھیں۔ یہ دربار ہے جناب رسولِ اکرم اللہ ﷺ کا۔

Dear Sisters and Brothers, up to this time you have been listening to some Arabic recitations, poetry and prose. What it was and what it meant, how many of you do know that? Simply for the sake of blessings you have been reciting something really and you have been listening to something with an idea that it is in the praise of great Prophet ﷺ.

It is very unfortunate really that we are not in a capacity to understand the Arabic language, so we could not really derive the benefit out of that recitation. Anyhow, I don't consider it the waste of time because as far as the heart is concerned; it was attached to the great Prophet ﷺ and the idea was that you are somehow or the other praising the Prophet ﷺ. If I also now start speaking in English language, there will be a majority of the people really, I should say, who did not receive the right education in English. They picked up English language only for the sake of their business to earn money. Most of them don't know really the techniques of religion, so it will be difficult for them if I speak and go on speaking in English to; no doubt they will graft something if I speak in Hindustani. I know my Malay brothers and sisters who are here to celebrate the Prophet's birthday and pay their tribute to the great

Marfat.com

Prophet ﷺ, they also are desirous to understand and listen to something so that they may know something at least about the teachings of the great Prophet ﷺ and about his noble character. So really speaking, it is a dilemma and I find myself in great difficulty. For that very reason really I have divided the time that this night I may be addressing only through the medium of Hindustani language so that my Hindustani knowing people may understand me and as far as the English knowing people men and women are concerned, the time for them is allotted tomorrow afternoon inshaa Allah at the appointed place. If you present yourself, you will listen regarding the great Prophet Muhammad's (ﷺ)noble character there through the medium of English; but now as soon as I entered the mosque, the organizer of the meeting requested me to speak a few words in English also so that those who will not be able to follow me speaking in Hindustani, they may also not be disheartened and they may understand that anyhow in the same way as they have been listening to Arabic they may listen to Hindustani they may or may not understand it with an idea this after all we are doing nothing but praising the Prophet ﷺ, no doubt. As far as the meeting is concerned, it is not an ordinary meeting, ordinary worldly meeting as you have. It is really a very special meeting convening in order to pay our tribute to the great Prophet Muhammad ﷺ, who appeared on the surface of the globe to guide humanity to the right path and anyhow I hope you will observe manners and sit quietly and listen to what I say just now.

(ترجمہ: پیاری بہنو، اور عزیز بھائیو! اب تک آپ عربی تلاوت، شاعری اور نثر سنتے رہے ہیں۔ یہ کیا تھا اور اِس کا کیا مطلب تھا آپ میں سے کتنے جانتے ہیں؟ یقیناً محض حصولِ فیوض و برکات کے لیے، آپ اس نیت سے یہ سب سنتے سناتے رہے ہیں کہ

Marfat.com

یہ (سب) نبیِ معظم ﷺ کی مدحت سرائی میں (ہو رہا) ہے۔ یہ یقیناً بڑی بدقسمتی ہے کہ ہم عربی زبان سمجھنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ اسی لیے ہم واقعی اس تلاوت سے فائدہ نہیں اُٹھا سکے۔ بہر حال میں اس کو وقت کا زیاں نہیں سمجھتا، کیوں کہ جہاں تک دل کا تعلق ہے اس پر حضور کے نام کی مہر لگی ہوئی ہے اور آپ کسی نہ کسی طرح سے حضور ﷺ کی تعریف کر رہے ہیں۔ اگر میں انگریزی میں بات کرنا شروع کر دوں تو یقیناً میں کہوں گا کہ (یہاں) لوگوں کی اکثریت ایسی ہے جنھوں نے انگریزی زبان میں مناسب تعلیم حاصل نہیں کی۔ اُنھوں نے انگریزی زبان صرف کاروباری مقاصد کے لیے، پیسہ کمانے کے لیے سیکھی ہے۔ ان میں سے بہت سے لوگ یقیناً مذہب کی باریکیوں کو نہیں جانتے؛ لٰہذا یہ اُن لوگوں کے لیے مشکل ہوگا اگر میں انگریزی میں بولتا رہوں۔ بے شک وہ کچھ نہ کچھ خاکہ تو اپنے ذہن میں بنا ہی لیں گے اگر میں ہندوستانی میں بات کرتا ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ میرے وہ مَلاوی (مالے (Malay) کے باشندے) بھائی اور بہن جو یہاں حضور ﷺ کا یوم میلاد منانے اور آپ کو خراج عقیدت پیش کرنے آئے ہیں، وہ بھی کچھ سن کر اور سمجھ کر حضورِ انور ﷺ کی تعلیمات اور آپ کے اُسوۂ حسنہ کے بارے میں جاننے کے خواہش مند ہیں۔ یہ حقیقتاً ایک دوہری مشکل ہے اور میں اپنے آپ کو بڑی مشکل میں محسوس کرتا ہوں۔ اِسی وجہ سے میں نے وقت کو (اس طرح) تقسیم کر دیا کہ آج رات میں بہ ذریعہ ہندوستانی زبان خطاب کروں گا تاکہ میرے ہندوستانی جاننے والے افراد میری بات سمجھ سکیں اور جہاں تک انگریزی جاننے والے افراد، مرد اور خواتین کا تعلق ہے، ان کے لیے انشاء اللہ کل سہ پہر کو مقررہ مقام پر وقت متعین کیا گیا ہے۔ اگر آپ حاضر ہوں گے، تو آپ وہاں حضورِ انور ﷺ کے اُسوۂ حسنہ کے بارے میں بذریعہ انگریزی سن سکیں گے۔ لیکن جونہی میں مسجد میں داخل ہوا، تو منتظمِ جلسہ نے مجھ سے درخواست کی کہ میں چند جملے انگریزی میں بھی بولوں تاکہ جو لوگ ہندوستانی میں میری بات نہیں سمجھ سکتے وہ دل برداشتہ بھی نہ ہوں اور وہ سمجھ سکیں کہ بہر حال جس طرح وہ عربی کلام سنتے رہے ہیں اُسی طرح ہندوستانی زبان میں بھی وہ خطاب سُن سکتے ہیں، خواہ اسے سمجھ سکیں یا نہیں، (صرف) اس نیت سے کہ آخر، بلاشبہ، ہم حضور نبیِ کریم ﷺ کی مدحت سرائی ہی تو کر

Marfat.com

رہے ہیں۔ جہاں تک اِس محفل کا تعلق ہے، یہ کوئی عام محفل، عام دنیاوی محفل جس کا آپ انعقاد کرتے ہیں، نہیں ہے۔ یقیناً یہ ایک بہت خاص محفل ہے، جو حضورِ انور ﷺ کو، کہ جو پوری انسانیت کو سیدھی راہ دِکھانے کے لیے روئے زمین پر جلوہ افروز ہوئے، ہمارا اخراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے سجائی گئی ہے۔ بہرحال میں اُمید کرتا ہوں کہ آپ آداب کو ملحوظ رکھیں گے اور خاموش بیٹھ کر میری بات جواب میں کہنے جا رہا ہوں سنیں گے۔)

پیاری بہنو، عزیز بھائیو!!!

انتہائی خوشی کا مقام ہے کہ اللہ تعالیٰ جَلَّ شَانُہٗ وَ جَلَّ جَلَالُہٗ نے ہم کو زندگی دی، تندرستی دی، عافیت دی اور یہ رات نصیب فرمائی، جس رات میں ہمارے پیارے محبوب سرکار محمد رسول اللہ ﷺ اِس دُنیا میں تشریف لائے۔ دنیا میں لاکھوں، کروڑوں بے تعداد انسان پیدا ہوتے ہیں اور مرتے ہیں؛ لیکن بعض لوگوں کی پیدائش ایسی پیدائش ہوتی ہے کہ جو اپنے اندر کوئی نہ کوئی تاریخی اثر رکھتی ہے۔ عام انسانوں کی تاریخ میں اور زندگی میں جب ایسے حالات پیش آتے ہیں تو اُن کی پیدائش کی تاریخ کو یادگار کے طور پر منایا جاتا ہے۔ کس لیے؟ تاکہ اُن کا کریکٹر، اُن کے اعمال، اُن کی وہ تاریخی زندگی کہ جس سے اُنھوں نے دُنیا کے اندر کوئی بہترین خدمت انجام دی، کوئی بہترین کام انجام دیا؛ اُس کا نمونہ لوگوں کے سامنے پیش کیا جائے اور دوسرے بھی اُس نمونے کو دیکھ کر اُن کے قدم بہ قدم چلنے کی کوشش کریں۔ عام طور سے بغیر قیدِ مذہب اور ملت آپ دیکھیں گے کہ دُنیا کا یہ ایک عام دستور ہے اِس لیے کہ فطرتِ انسانی کا تقاضا کہ اگر وہ کسی دن بیمار ہوا ہے اور سخت بیماری سے اُسے مقابلہ کرنا پڑا تو جب سال پورا ہوگا اور وہی دن، وہی تاریخ آئے گی، تو اُس کو خواہ مخواہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ اُف اُوہ! اِس دن میں بیمار ہوا تھا اور اِس دن مجھے یہ تکلیف پہنچی تھی؛ اِسی طرح اگر کوئی راحت ہوتی ہے، کوئی آرام ملتا ہے؛ تو جب وہ تاریخ آتی ہے، وہ دن آتا ہے، وہ وقت آتا ہے، Psychologically، نفسیاتی اُصول سے انسان کے قلب کے اُوپر ایک اثر پیدا ہوتا ہے کہ آج وہ تاریخ ہے جب میں نے دکان کھولی تھی، آج وہ تاریخ ہے جب مجھ کو اتنا منافع ہوا تھا، آج وہ تاریخ

Marfat.com

ہے جب کسی کو سلطنت ملی تھی، آج وہ تاریخ ہے جب فلانا ملک ہم نے فتح کیا تھا وغیرہ وغیرہ۔ اس نفسیاتی اُصول سے انسان کی فطرت کا یہ تقاضا ہے تو ذرا غور کیجیے کہ جب معمولی معمولی واقعات کے پیدا ہونے اور ظاہر ہونے کی تاریخ فطرتی طور پر ہماری نفسیات کے اوپر اثر ڈالنے والی ہوا کرتی ہے تو ایسے واقعات جو دُنیا کے اندر انقلاب پیدا کردینے والے ہوں، عالم کی کایا کو پلٹ دینے والے ہوں، دُنیا کی ہستی کے اندر ایسی زبردست کیفیت پیدا کردینے والے ہوں کہ جس کی کوئی نظیر تاریخ کے اندر نہ ملتی ہو، کوئی مثال تاریخ میں نہ ملتی ہو جب وہ واقعہ پیش آئے تو اُس وقت سوچو کہ کیوں نہ فطرتِ انسانی پر ایک اثر پیدا ہو۔ میں کہتا ہوں اور یقیناً کہتا ہوں فلسفیانہ زبان میں نہیں، عام انسانوں کی فطرت کے اعتبار سے عرض کرتا ہوں کہ اُس کے اعتبار سے یقیناً انسان ایسی حالت کو محسوس کرتا ہے اور اپنے دل میں یہ خیال لاتا ہے کہ آج وہ تاریخ ہے جب عالم کے اندر یہ انقلاب پیدا ہوا۔ میرے آقا، نور الوریٰ، محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم کی تشریف آوری اور دُنیا میں ظاہر ہونا کیا کوئی معمولی واقعہ ہے؟ کوئی معمولی سی پیدائش ہے؟ جیسے اور انسان دُنیا کے پیدا ہوا کرتے ہیں، اِسی طرح سے اُن کا بھی پیدا ہونا تھا؟ اگر اُن کی زندگی ایک عام زندگی ہوتی، اگر وہ بھی دُنیا کے عام انسانوں کی طرح سے دنیا میں زندگی گزارتے، تو یقیناً اُن کا پیدا ہونا بھی ایک معمولی انسان کے پیدا ہونے کی طرح سے تھا، کوئی خاص بات نہیں تھی۔ اُن کے اماں اور ابا اور اُن کے دادا اور اُن کے پردادا اُن کے پیدا ہونے کی خوشی منا لیتے، سالگرہ کر لیتے جیسے آپ اپنی اولاد کی کرلیا کرتے ہیں، لیکن ذات محمد رسول اللہ ﷺ نے دُنیا میں آکر وہ زبردست کام انجام دیا ہے کہ جس کو اُن پر ایمان لانے والے، اُن کے ماننے والے اور اُن کے چاہنے والے ہی نہیں بلکہ جو اُن کے دشمن ہیں وہ بھی پہچانتے ہیں اور مانتے ہیں کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ محمد رسول اللہ ﷺ نے عالم کی کایا پلٹ دی ہے اور دُنیا کے اندر ایک بڑا زبردست انقلاب ہے یہ، جو پیدا فرما دیا ہے۔ کیا ہے وہ انقلاب اور کس طریقے سے وہ انقلاب پیدا ہوا؟ مختلف پہلو ہیں اُس انقلاب کے۔ ایک پہلو پر اس وقت گفتگو کرتا ہوں اور ایک پہلو

Marfat.com

صرف آپ کے سامنے لاتا ہوں کہ عالمِ کائنات کے اندر اُس وقت جب کہ سرکارِ دو عالم ﷺ اِس دُنیا میں تشریف لا رہے ہیں اور پیدا ہو رہے ہیں اُس کی حالت کا اندازہ کیجیے تو آپ کو معلوم ہو جائے گا اور اُس وقت آپ قدر کر سکیں گے اس بات کی کہ رسول علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات نے اِس دُنیا میں تشریف لا کر کیا کام انجام دیا ہے۔ دُنیا کی کیفیت یہ تھی؛ عام طور سے تمام انسانوں کی، ایک ملک کی نہیں بلکہ سارے ملکوں کی کیفیت یہ تھی کہ وہ خود اپنے آپ کو بھی نہیں جانتے تھے کہ ہم ہیں کون اور ہم کس لیے پیدا ہوئے ہیں۔ ہمیں یہ ہی پتا نہیں تھا کہ ہم کون ہیں اور کیوں بنے ہیں اور ہمیں دنیا میں کرنا کیا ہے۔ دیوانوں کی طرح، بے عقلوں کی طرح کسی کی کیفیت یہ تھی کہ پتھروں کی پوجا کر رہا ہے۔ اگر کسی مقام کے اُوپر اُس کو ٹھوکر لگی اور اُس کو چوٹ لگی وہ ڈر گیا کہ یہاں ضرور کوئی evil spirit ہوگی، کوئی بھوت ہوگا، جس نے مجھ کو گرایا ہے۔ لہٰذا یہاں پھول چڑھا دیا کروں اور یہاں تھوڑا سا صندل لگا دیا کروں؛ وہیں ایک بُت بنا کر رکھ دیا گیا، وہیں ایک پتھر کو رکھ دیا گیا، نشانی کے طور پر۔ سورج کی شعاعیں آ رہی ہیں تو سوچا کہ سورج ہماری خدمت کر رہا ہے؛ سورج سے ہم فائدہ پا رہے ہیں؛ اس کو خوش کرنے کے لیے لاؤ اس کے سامنے ہاتھ جوڑو اور منت کرو۔ چاند کی روشنی ہم پا رہے ہیں؛ اگر چاند کی روشنی ہمیں نہ ملے تو ہم محروم ہو جائیں بہت سی نعمتوں سے؛ لاؤ چاند کے سامنے سر جھکا دیں۔ کوئی ستاروں کے سامنے سر جھکا رہا ہے، کوئی چاند کے سامنے سر جھکا رہا ہے، کسی نے اس سے بھی زیادہ ذلیل صورت اختیار کی؛ اُس نے سوچا کہ پیپل کی چھاں میں، پیپل کے سائے میں ہم بیٹھا کرتے ہیں؛ لہٰذا پیپل کو بھی دیوتا قرار دے دو، اس کی بھی پوجا کر لیا کرو، اس کو بھی خوش رکھنے کی کوشش کرو۔ گائے نے اُنھیں دودھ پلایا تو سوچا کہ گو ماتا کا دودھ ملتا ہے، مَیّا تو ہماری یہ ہے، لاؤ اس لمّاں کو بھی خوش کرو اور اس کی بھی خوش آمد کرو، اس کی بھی پوجا کرو۔ اُس کی پوجا یہاں تک کرنی شروع کی کہ اُس کے پیشاب کو بھی پینا شروع کر دیا اور اُس کے پاخانے کو بھی کھانا شروع کر دیا۔ ہندوستان کے اندر میرے ہندوستانی بھائی یہ تماشا دیکھتے ہوں گے۔ بہر حال جب دُنیا کی کیفیت یہ ہے کہ ایک طرف اعتقادی

Marfat.com

نقطۂ نظر سے مجھے یہ پتا ہی نہیں ہے کہ ہمارا پیدا کرنے والا کون ہے اور وہ ہستی کون سی ہستی ہے جس کے سامنے ہم کو سر جھکانا چاہیے، جب دُنیا والوں کو یہی خبر نہیں ہے کہ ماں کسے کہتے ہیں، باپ کسے کہتے ہیں، بھائی کسے کہتے ہیں۔ یعنی ماں کا کیا حق ہے، بھائی کا کیا حق ہے، باپ کا کیا حق ہے، ہمیں اُن کے ساتھ کس طرح پیش آنا چاہیے۔ پھر اُنھیں اپنے متعلق بھی یہ خبر نہ تھی، اپنے متعلق بھی یہ خبر نہ تھی کہ ہمیں کیا کھانا، کیا نہیں کھانا، کیا پینا، کیا نہیں پینا، کیا کرنا، کیا نہیں کرنا۔ ہم جو کام کر رہے ہیں اِس کا نتیجہ آخر کیا ہوگا۔ جب دُنیا اس قدر اندھیرے میں پڑی ہوئی ہے کہ کوئی ہادی، کوئی رہبر، کوئی بتانے والا پردۂ عالم کے اُوپر نہیں ہے کہ جو دُنیا کے انسانوں کو یہ بتادے کہ تم کون ہو اور تمھیں کیا کرنا ہے؛ یہ ایک سوال تھا ہر ایک کے سامنے۔ تو ذرا غور کرنا کہ ایسی حالت میں جب دُنیا کے انسان بالکل اندھوں کی طرح سے دیوانے ہو رہے ہیں اور اُنھیں کچھ پتا ہی نہیں ہے کہ ہمیں کیا کرنا ہے۔ اپنے ذاتی اغراض کے لیے، اپنے کھانے کے لیے، اپنے پینے کے لیے، اپنے پہننے کے لیے ایک دوسرے کو پھاڑ کھانے کے لیے تیار، ایک دوسرے کو لوٹنے کے لیے تیار، ایک دوسرے کا خون چوسنے کے لیے تیار۔ یہ حالت جب دُنیا کی ہو رہی تھی اُس وقت مالکِ عالم جَلَّ جَلَالُہٗ وَعَمَّ نَوَالُہٗ کی غیرت حرکت میں آتی ہے اور جو انقلاب جنابِ رسولِ اکرم ﷺ دُنیا میں کرتے ہیں اُس انقلاب کی کیفیت رب العالمین جل جلالہ وعم نوالہ نے اپنے محبوب سرکار محمد رسول اللہ ﷺ کی زبانی کتنے خوبصورت الفاظ میں سُنایا کہ رب العالمین نے حضرت سیدنا آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے فرمایا کہ یَا اٰدمُ! لَوْلَا مُحَمَّدًا لَّمَا خَلَقْتُکَ وَلَا اَرْضًا وَّلَا سَمَآءً کہ "اے آدم اگر مجھے محمد رسول اللہ کو بنانا مقصود نہ ہوتا تو نہ میں تمھیں بناتا، نہ زمین کو بناتا، نہ آسمان کو بناتا۔" تم نے اِن عربی مولد کی کتابوں میں سُنا ہوگا اس حدیث کو بارہا پڑھا ہوگا کہ رب العالمین فرماتا ہے: لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ "یا رسول اللہ! اگر ہم آپ کو نہ بناتے تو ہم افلاک کو نہ پیدا فرماتے، آسمانوں کو نہ پیدا فرماتے"۔

آسمان بنے، زمین بنی، آدم بنے اور بنی آدم بنے اور اُن کا بنانے والا کہتا ہے

Marfat.com

کہ یا محمد ﷺ اگر آپ کا بنانا ہمیں مقصود نہ ہوتا تو ہم کسی چیز کو پیدا نہ فرماتے۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جو اعتقادی نقطۂ نظر سے آپ میں سے جو ایمان رکھتے ہیں وہ فوراً مان لیں گے کہ ہاں جو اللہ نے کہا، سچ اور جو رسول ﷺ نے فرمایا وہ بجا؛ لیکن ہمارے یہاں اِس قسم کے اندھے اعتقاد کی تعلیم دی نہیں گئی۔ یہ عیسائیوں کو مبارک ہو کہ وہ دُنیا سے کہے جائیں کہ بس جو یوحنّا نے کہہ دیا مان لو، جو سینٹ لیوک (Luke Saint یعنی لوقا) نے کہہ دیا، لوقا نے کہہ دیا مان لو، حالانکہ کوئی ثبوت اس بات کا نہیں کہ لوقا جو کہہ رہا ہے وہ سچ ہے، یوحنا جو کہہ رہا ہے وہ سچ ہے اور یا یہ بھی کم سے کم کہ جو الفاظ یوحنّا اور لوقا نقل کر رہے ہیں وہ الفاظ جناب مسیح علٰی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہیں؟ پھر یہ بھی دیکھنا ہے کہ وہ کلمات جو مسیح علیہ السلام کی زبان سے نکلے اُن کلمات کو کسی نے محفوظ بھی رکھا ہے کہ نہیں رکھا؟ یہاں میرے آقا میرے مولیٰ محمد رسول اللہ ﷺ کے لائے ہوئے دین میں، جہاں آپ نے اور انقلاب فرمائے ہیں دنیا کے اندر، ایک زبردست انقلاب یہ بھی فرمایا کہ جو چیز بھی پیش کی جاتی ہے عقل کی کسوٹی پر اُسے پرکھ کر دیکھ لو۔ ممکن ہے کہ آپ کسی مولوی صاحب سے پوچھیں اِسی حدیث کو کہ صاحب! لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْأَفْلَاكَ آپ پڑھتے ہیں، سناتے ہیں ہم کو مولود شریف میں کہ یا رسول اللہ اگر آپ کو پیدا کرنا مقصود نہ ہوتا تو ہم افلاک کو پیدا نہ فرماتے، بھلا یہ کوئی بات ہوئی؟ ہماری تو سمجھ میں نہیں آتا؛ تو ممکن ہے کہ مولوی صاحب آپ سے یوں فرما دیں کہ بس جی حضور نے فرمایا ہے ایمان لاؤ اس پر۔ کوئی شک نہیں ان کا فرمانا صحیح، لیکن آپ کا پوچھنا بھی بجا۔ مجھے اس موقع پر ایک چھوٹا سا قصہ یاد آ گیا۔

میرا ایک دوست تھا، ملنے والا، دوست تو کہاں ملتا ہے؟ دنیا میں ملتا ہی نہیں دوست۔ ایک ملنے والا تھا میرا، جو اسکول میں میرے ساتھ پڑھتا تھا۔ میں نے اور اُس نے میٹرک ساتھ پاس کیا۔ (پھر) میں میرٹھ کالج میں چلا گیا اور وہ علی گڑھ میں رہے اور اُس کے بعد علی گڑھ سے ڈگری لے کر وہ جرمنی پہنچے اور بڑے زبردست ہاتھ کے انجینئر بنے۔ وہیں اُنھوں نے شادی بھی کی، بہت دنوں تک انجینئرنگ کی پریکٹس بھی کرتے رہے۔ بیس بائیس برس کے بعد بمبئی کے اسٹیشن پر جس کمپارٹمنٹ (Compartment)

Marfat.com

میں میری سیٹ ریزروڈ (Reserved) ہے، مجھے تو لوگ چھوڑنے کے لیے آئے ہیں، میں اُن سے ملاقاتیں کر رہا ہوں: میں نے دیکھا ایک صاحب بہادر ہیٹ (Hat) لگائے ہوئے اس کمپارٹمنٹ میں جا رہے ہیں۔ میں نے پشت دیکھی ان کی اور پہچانا کہ ہو نہ ہو یہ ہمارا پرانا ملنے والا ساتھی علی اختر معلوم ہوتا ہے۔ جب لوگوں سے مصافحہ کر چکا، ریل چھوٹنے لگی، میں کمپارٹمنٹ میں داخل ہوتا ہوں۔ ابھی تو میں، منہ کیے ہوئے باہر کی طرف، لوگوں ہی کے سلام لے رہا تھا، جب گاڑی آگے نکل گئی پلیٹ فارم سے: تب میں نے منہ پھیرا اور اب جو صورت دیکھتا ہوں میں نے کہا: "مسٹر علی اختر!" "اوہ!!! مولانا"، مل گئے دونوں۔ پہلی ملاقات ہو رہی ہے بیس بائیس برس کے بعد، مجھ سے پوچھتے ہیں، "کہیے مولانا مزاج اچھے ہیں؟ کیا کر رہے ہیں، کیا کرتے ہیں آج کل؟" میں نے کہا، "آپ اپنی فرمائیے۔ آپ تو انجینئر بن کر آئے ہیں، ماشاء اللہ۔ میں نے سنا تھا۔" باتیں ہوتی رہیں، مجھ سے پوچھنے لگے، "آپ کیا کرتے ہیں؟" میں نے کہا، "وہی جو پہلے کیا کرتے تھے اب بھی کرتے ہیں۔" کہنے لگے، "کیا مطلب؟ پہلے تو آپ لوگوں کو بہکایا کرتے تھے مولود پڑھ پڑھ کر اور مولود کے اندر لوگوں کو یہ سُنا سنا کے بہکاتے تھے کہ یارسول اللہ! اگر آپ کو پیدا کرنا مقصود نہ ہوتا تو ہم زمین کو نہ بناتے، آسمان کو پیدا نہ فرماتے، ایسے ہی قصے ایسی ہی کہانیاں۔" یہ ان کے الفاظ نقل کر رہا ہوں اس لیے کہ یہ وہ خیالات ہیں جو میرے بچوں کے دلوں میں پیدا ہو رہے ہیں، یہ وہ خیالات ہیں جو میرے نوجوانوں کے دماغوں کے اندر آ رہے ہیں۔ اس لیے سنا رہا ہوں ان کو کہ ایک Well-qualified (منجھا ہوا مستند ڈاکٹر) جرمنی کا ڈاکٹر اور انجینئر مجھ سے بات کر رہا ہے اور کہتا ہے کہ آپ لوگوں کو بہکایا کرتے تھے یہ کہہ کہہ کر کہ رسول ﷺ اگر پیدا نہ ہوتے تو زمین نہ بنتی آسمان نہ بنتے، اور مولود پڑھا کرتے تھے، میں ہنسا اور میں نے کہا کہ ہاں بھائی! مولود اب بھی پڑھتے ہیں اور اسی حدیث کو اب بھی سناتے ہیں مگر بات یہ ہے کہ پہلے سیدھے سادھے سچے بھولے بھالے مسلمانوں کو سمجھا دیا کرتے تھے اور اب تم جیسے ٹیڑھے باپوں کو سمجھاتے ہیں، پہلے سیدھے سادھوں کو سمجھا دیا کرتے تھے اب تم جیسے

Marfat.com

ٹیڑھے باپوں کو سمجھا دیتے ہیں۔ جھٹ سے کیا کہتے ہیں کہ میں آپ کے بہکائے میں آنے والا نہیں۔ میں نے کہا، "دیکھا جائے گا آتے ہو یا نہیں آتے ہو، یہ تو بعد میں دیکھا جائے گا۔ پہلے یہ بتاؤ انجینئرنگ کی ڈگری لے کر آئے ہو۔ اب دعوت کب کھلاؤ گے ہمیں؟"، کہنے لگے، "جب آپ کا دل چاہے سہارن پور آیئے، دعوت کھایئے۔" ہم نے کہا، "مگر ایک شرط ہے دعوت میں ہماری کہ جو کھانا بھی کھلانا ہو پکا پکایا کھانا ہمارے پاس بھیج دینا ہم کھائیں گے یہ نہیں کہ تم کچا راشن بھیج دو۔ آٹا، دال، چاول، مرغی، گھی، مصالحہ، یہ بھیج دو تو یہ میرے کام نہیں آئے گا اس واسطے کہ مجھے پکانا نہیں آتا، عمر گزر گئی مجھے آج تک کھچڑی پکانی بھی نہیں آئی، دال پکانی بھی نہیں آئی، بس جانتا نہیں ہوں پکانا، اس لیے اگر تم بھیجو گے میرے پاس سامان بہترین سے بہترین کھانے پکانے کا تو بالکل بے کار ہوگا کیوں کہ میں پکانا نہیں جانتا۔" ڈاکٹر صاحب فرماتے ہیں، "بھلا کوئی میں بے وقوف ہوں جو کچا راشن بھیجوں گا۔ ارے بھئی! پکی پکائی بریانی کھلائیں گے تمھیں، تنجن کھلائیں گے۔ یہ کھلائیں گے، وہ کھلائیں گے۔" میں نے کہا، "ہاں مجھے تو صرف یہ بات کہنی تھی کہ اگر کچا راشن بھیج دیا تو میرے لیے بے کار ہوگا۔" ڈاکٹر صاحب باوجود اس کے کہ جرمنی سے پڑھ کر آئے ہیں مگر ابھی دماغ نہیں پہنچ سکا جہاں مُلا عبدالعلیم کا دماغ پہنچ گیا۔ میں نے کہا ایک قصہ سنائیں میاں آپ کو، ایک مرتبہ ایسٹ افریقہ کے اندر ایک علاقے میں میں نے اپنے کچھ آدمیوں کو بھیجا تبلیغ کرنے کے واسطے، ایسٹ افریقا کے علاقے میں کچھ مبلغین کو ہم نے بھیجا جو وہاں جا کر مولود پڑھتے تھے، دف بجاتے تھے، ذکرِ الٰہی کرتے تھے اور اُن ننگوں کو اپنے حلقے میں لانے کے واسطے کچھ تدبیریں کر رہے تھے۔ جب مجھے اطلاع ملی کہ فلاں مقام پر کچھ لوگ مسلمان ہونے والے ہیں تو ہمارے چند سیٹھ دوستوں نے پچاس ساٹھ کے قریب جوڑے، کرتے، پاجامے، کوٹ پتلون، ٹوپی، اوڑھنیاں لڑکیوں کے واسطے، عورتوں کے واسطے یہ کچھ بنوا دیے۔ کچھ خاص تعداد تھی لوگوں کی، ان کو مسلمان کرنے کے لیے جب ہم وہاں پہنچیں تو میں تو زبان نہیں جانتا۔ مترجم میرے ساتھ تھے اور وہ کپڑے ہم نے کھول کر رکھ دیے، تو اب مزے کی بات تم کو یہ سناتے ہیں کہ وہ

Marfat.com

ننگے جو وہاں اُس علاقے کے اندر بالکل ننگ دھڑنگ رہتے تھے، یوگنڈا کے علاقے میں۔ اُنھوں نے چاروں طرف سے ہم کو گھیر لیا، ٹوپیاں جو رکھی ہیں کوئی ٹوپی اٹھا کر ناف کے نیچے رکھتا ہے، کوئی پاجامے کو اُٹھاتا ہے اور سر کے اوپر ڈالتا ہے، ازار کو اٹھاتا ہے اور سر کے اوپر ڈالتا ہے؛ کوئی قمیص کو اٹھاتا ہے اور کمر سے باندھتا ہے؛ وہ سب کھیل رہے ہیں۔ وہ ہنستے رہے ہمارے ڈاکٹر صاحب۔ ہم نے کہا: جب ان کو سب کو ہم نے نہلوا لیا اس کے بعد ہم نے ان کے جوڑے تقسیم کیے اور اب ہم نے اُن کو بتایا کہ دیکھو پاجاما کیسے پہنا کرتے ہیں، کرتا کیسے پہنا کرتے ہیں، قمیص کیسے پہنتے ہیں، ٹوپی کس طرح اوڑھتے ہیں، عورتوں کے سر کے اوپر ہم نے دوپٹے اوڑھنی کو ان کو اوڑھا کر دکھایا کہ دیکھو اس طرح سے اوڑھا کرتے ہیں، اس طرح سے سر کو ڈھکا کرتے ہیں۔ جب ہم نے تمام چیزیں اُن کو سکھائیں تب ان کی سمجھ میں آیا۔ اگر ہم نہ سکھاتے تو بتاؤ کہ یہ کپڑے ان کے لیے بے کار تھے یا نہیں تھے؟ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ ہاں بے شک بالکل بے کار تھے، جب تک کوئی سکھانے والا نہ ہو۔ میں نے کہا: اب تمہاری سمجھ میں حدیث کے معنی آئے یا نہیں آئے؟ اگر نہیں آئے تو اب سمجھ لو کہ زمین بھی بے کار تھی، آسمان بھی بے کار تھا، سورج بھی بے کار تھا، چاند بھی بے کار تھا، کھانا بھی بے کار تھا، پہننا بھی بے کار تھا، ساری نعمتیں خدا کی بالکل بے کار تھیں، اگر کوئی یہ بتانے والا نہ آئے کہ ان نعمتوں کو کس طریقے سے استعمال کرنا چاہیے۔ محمد رسول اللہ ﷺ آئے دنیا کے پردے کے اوپر تاکہ دنیا والوں کو یہ بتائیں کہ ان نعمتوں کو کس طریقے سے استعمال کرو۔ اسی لیے بنانے والا کہتا ہے کہ اگر کوئی انجینئر نہ ہوتا یہ سکھانے والا کہ اس مشین کو کس طرح سے چلایا جائے تو مشین کا بنانا بے کار تھا، مشین کا بنانا بے کار تھا اگر کوئی انجینئر سکھانے والا نہ ہوتا۔ اس (رب) کی تمام Universe (کائنات) اس کی مشین ہے، یہ سب بے کار تھی اگر محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم تشریف نہ لاتے اور نہ سمجھاتے کہ اس کو کس طریقے سے استعمال میں لانا چاہیے۔ میں نے ڈاکٹر صاحب کو اُس کے بعد سمجھایا کہ دنیا والے سورج کی پوجا کر رہے ہیں، چاند کی پوجا کر

Marfat.com

رہے ہیں، درختوں کی پوجا کر رہے ہیں، پتھروں کی پوجا کر رہے ہیں، انہیں پتا ہی نہیں ہے کہ ہم اِن کی پوجا کرنے کے لیے ہیں یا اِن سے خدمت لینے کے لیے ہیں۔ تمام دنیا کے علوم کے دروازے کھولے محمد رسول اللہ ﷺ نے۔ آپ انجینئر پاس کر کے آ رہے ہو، تمہیں نہیں معلوم ہے کہ الجبرے کو سکھایا کس نے؟ مسلمانوں نے۔ دنیا کو بتایا کس نے؟ مسلمانوں نے۔ کیمسٹری کو نکالا کس نے؟ مسلمانوں نے۔ دنیا کے لیے علوم کے دروازے کھولے کس نے؟ مسلمانوں نے۔ دنیا کو محمد رسول اللہ ﷺ نے قرآنِ کریم کے ذریعے سکھایا اور سمجھایا کہ سورج سے کس طرح کام لو، چاند سے کس طرح کام لو، ستاروں سے کس طرح کام لو، زمین سے کس طرح کام لو، آسمان سے کس طرح کام لو، کپڑے کیا پہنو، کتنے بدن کو تمہیں ڈھکنا چاہیے کتنے بدن کو تمہیں کھولنا چاہیے، کس حصہ بدن کو تمہیں ڈھکنا چاہیے، کیا چیز تمہیں کھانی چاہیے، کیا چیز تمہیں نہیں کھانی چاہیے۔ ساری چیزوں کا پورا مکمل نظام course of دنیا کو دیا کس نے محمد رسول اللہ نے، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم؛ اور مالک ارشاد فرماتا ہے کہ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ط ۳؎ کہ "آج میں نے تمہارے لیے تمہارے دین کو کامل کر دیا، پورا کر دیا، تم پر اپنی نعمتوں کو پورا فرما دیا" وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ط "اور تمہارے لیے اسلام کے دین کو میں نے پسند کر لیا۔" اسلام کے دین کو تمہارے لیے میں نے پسند کر لیا۔ نعمتوں کو اللہ تعالیٰ جل شانہ نے تمہارے اوپر پورا فرمایا، دین کا کامل اور مکمل نقشہ تم کو دکھایا۔ سارا عالم گمراہی کے اندر پڑا ہوا تھا۔ مالک ارشاد فرماتا ہے: وَاِنْ کَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۵؎ "ورنہ اس سے پہلے تو تم کھلی ہوئی گمراہی کے اندر پڑے ہوئے تھے۔" اسی لیے اب اگر یوں کہا جائے کہ زمین بنی تو محمد رسول اللہ کے لیے بنی، آسمان بنا تو محمد رسول اللہ کے لیے بنا، سورج بنا تو محمد رسول اللہ کے لیے بنا، اس لیے کہ اگر یہ چیزیں بنتیں اور ان سے کام لینا سکھانے والے نہ ہوتے تو ان کا بننا بے کار تھا ان کو باکار بنایا کس نے؟ محمد رسول اللہ ﷺ نے۔ ہم اپنے عاشقانہ انداز میں کہتے ہیں، والہانہ انداز میں کہتے ہیں کہ

Marfat.com

زمین و زماں تمھارے لیے مکین و مکاں تمھارے لیے
چنین و چناں تمھارے لیے بنے دو جہاں تمھارے لیے

اور یا رسول اللہ!

دہن میں زباں تمھارے لیے بدن میں ہے جاں تمھارے لیے
ہم آئے یہاں تمھارے لیے اُٹھیں بھی وہاں تمھارے لیے

اب سمجھیے کہ حضورِ انور ﷺ کی تشریف آوری کس لیے ہوئی؟ اس واسطے ہوئی کہ وہ ہم کو یہ بتائیں کہ چیزوں کا استعمال کس طرح سے کرنا چاہیے اور ان چیزوں کے استعمال کی صورت پہلے تم اپنے وجود کو دیکھو کہ ہمیں اپنی جان کا استعمال کس طرح کرنا چاہیے۔ تمھاری جان کے استعمال کے تین پہلو ہیں: ایک پہلو یہ ہے کہ تمھیں اپنی جان کو کس طرح سے ڈھالنا چاہیے۔ دوسری طرف پہلا پہلو یہ کہ تمھیں اُس پیدا کرنے والے مولا جلّ جلالہٗ وَعَمَّ نوالہٗ سے کیا تعلق رکھنا چاہیے، دوسرا پہلو یہ ہے کہ تمھیں دوسروں کے ساتھ کیا تعلق رکھنا چاہیے۔ اب تینوں پہلو تمھاری سمجھ میں آگئے۔ ایک پہلو یہ ہے کہ تمھارا اُس رب کے ساتھ کیا واسطہ اور کیا تعلق ہے، دوسرا پہلو یہ کہ تمھارا خود تمھارے ساتھ کیا تعلق اور واسطہ ہے، تیسرا تمھارا تمھارے عزیز و اقربا اور دوسرے انسانوں کے ساتھ کیا تعلق ہے۔ ان تینوں پہلوؤں کو سمجھو اور ان کے لیے اسلام کی Terminology (اصطلاح) میں تین لفظ ہیں، جن کو بتاتا ہوں:

(۱) حقوق اللہ: کہ اللہ کے تم پر کیا حق ہیں۔

(۲) حقوق النفس: تمھاری جان کا تم پر کیا حق ہے۔

(۳) حقوق العباد: بندوں کے تم پر کیا حق ہیں۔

یہ تین پہلو ہیں۔ بندوں کے تم پر کیا حق ہیں اِسی کے اندر یہ چیز بھی آجاتی ہے کہ زمین اور آسمان اور کائنات کے ذرّے ذرّے کا مجھ پر کیا حق ہے، مجھے ان سے کیا کام لینا چاہیے۔ ان تینوں پہلوؤں کے لیے دو شکلیں ہوا کرتی ہیں: ایک شکل یہ ہے کہ قانون کو بتا دیا جائے، کتاب کو پڑھا دیا جائے کہ تمھارے اوپر تمھارے پیدا کرنے والے

Marfat.com

کے یہ حقوق ہیں؛ سمجھا دیا جائے دلیل کے ساتھ کہ یقیناً یہ حق ہونا چاہیے اُس کا تمہارے اوپر؛ تمہاری اپنی ذات کے لیے تمہارے حقوق کو سمجھا دیا جائے، کتاب میں لکھ کر قانون تمہیں دے دیا جائے؛ دوسروں کے حقوق کیا ہیں اُس کے متعلق بھی اسی صورت کی کتاب میں ڈائریکشنز دے دی جائیں۔ لیکن فطرت کا تقاضا کیا ہے؟ طبیعت کا تقاضا یہ ہے کہ صرف کتاب میں پڑھ کر کوئی بات سمجھ میں نہیں آتی تاوقتیکہ پریکٹیکل ماڈل Practical Model (عملی نمونہ) کو نہ دیکھ لیا جائے۔ عملی نمونہ ہمارے سامنے موجود نہ ہو کہ کس طرح اس کو استعمال میں لانا، کتاب دیکھ لوں کہ مائیکروفون کو اس طرح فٹ کرنا، مشین کو اس طرح لگانا، مشین کو اس طرح چلانا؛ لیکن کیا کتاب کو دیکھ کر کوئی شخص موٹر کا ڈرائیور بن گیا؟ کوئی نہیں بن سکتا، جب تک کوئی چلانے والا چلا کر نہ بتائے، چلا کر نہ سکھائے، اپنا نمونہ نہ دکھائے چلانا نہیں آتا، کام کا کرنا نہیں آتا۔ استادوں سے پوچھو، بچوں کو دیکھو، تمہاری گود کے اندر بچے بولتے ہیں؛ جس طرح تم بولتے جاتے ہو وہ تم کو کاپی کرتے جاتے ہیں، نقل کرتے جاتے ہیں۔ فطرت میں انسان کی نقالی کا مادّہ۔ اس لیے انسان فطرتاً چاہتا ہے کہ میرے سامنے ایک نمونہ ہونا چاہیے کہ جو مجھ کو دکھائے۔ وہ مالک جو ہمارا اور تمہارا بنانے والا اور ساری کائنات کا بنانے والا ہے؛ تمام عالم کی مشین کا بنانے والا، ایک طرف اُس نے قانون کو بھیجا قرآن کی صورت میں؛ دوسری طرف اُس نے محمد رسول اللہ ﷺ کو مبعوث فرمایا نمونے کی شکل میں تاکہ وہ تمہارے سامنے نمونہ بن جائیں۔ تم سے اگر یہ کہیں کہ خدا کی عبادت کرو تو خود عبادت کر کے دکھادیں کہ کس طرح خدا کی عبادت کی جاتی ہے، تم سے اگر یہ کہیں کہ اپنے نفس کی خدمت کرو تو خود اپنے نفس کی خدمت کر کے دکھادیں کہ کس طرح سے اپنے نفس کی خدمت کی جاتی ہے، تم سے اگر یوں کہیں کہ دنیا کی چیزوں کا اس طرح استعمال کرو تو خود کر کے دکھادیں۔ تم سے اگر یہ کہیں کہ ماں باپ کے ساتھ اس طرح پیش آؤ تو خود کر کے دکھادیں۔ اسی لیے مالکِ عالم قرآنِ کریم میں ارشاد فرماتا ہے کہ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ "یقیناً تمہارے لیے سرکار محمد رسول اللہ ﷺ کی جانِ مبارک کے اندر بہترین نمونہ موجود تھا، بہترین نمونہ موجود ہے،

Marfat.com

بہترین نمونہ موجود رہے گا۔" یقیناً ہر آن، ہر لحظہ، ہر وقت، ہر زمانے کے اندر محمدِ عربی ﷺ کا نمونہ تمھاری آنکھوں کے سامنے موجود اور فرمایا جاتا ہے کہ مَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا "جو کچھ یہ رسول تمھارے پاس لے کر آئیں ان سے لے لو اور جس چیز سے رسول تمھیں روک دیں اس سے باز رہ جاؤ۔" یہ ہے طریقہ، اب ایک طرف خدا کی عبادت کے لیے دیکھو محمد رسول اللہ ﷺ نے تمھیں کیا بتایا۔ پہلے تمھاری ریزننگ (Reasoning) کو، تمھاری دلیل کو، تمھارے دماغ کو، اپیل کیا جاتا ہے کہ غور کرو کہ یہ کائنات کیا بغیر کسی بنانے والے کے ظاہر ہوگئی؟ نہیں، کوئی نہ کوئی بنانے والا ہے۔ جب بنانے والا ہے اور نعمت فرمانے والا، تو جو نعمتیں تم کو دے رہا ہے اُس کے سامنے شکریے کے واسطے سر جھکانا اور اس کی بندگی بجالانا تمھارا انسانیت کا فرض ہونا چاہیے۔ یہ اپنے آپ سمجھو اور غور کرو آج تمھیں ایک سگریٹ کوئی دیتا ہے، ایک روٹی کا ٹکڑا تم کو دیتا ہے، کچھ پیسے تم کو دیتا ہے، تو تم فوراً کہتے ہو Thank you شکریہ؛ یہ کیا ہے شکریہ؟ تم ظاہر کرتے ہو کہ اُس نے تمھارے اوپر احسان کیا، جتاتے ہو اس چیز کو کہ اس نے تم پر احسان کیا۔ غور کرو اور سوچو کہ وہ مالک جلّ جلالہ وَعَمّ نوالہ جس نے تمھیں پیدا فرمایا، تمھیں بنایا، تم کو طرح طرح کی نعمتیں عطا فرمائیں، دن رات تمھیں نعمتیں دے رہا ہے۔ اگر ایک آن کے لیے بھی اپنی نعمتوں کو تم سے روک لے تو بتاؤ کیا تم زندہ رہ سکتے ہو؟ اگر ذرا سانس بند ہو جائے تو زندہ رہ سکتے ہو؟ اگر ذرا حلق کے اندر تکلیف ہو جائے، کھاؤ کیسے؟ زندہ کیسے رہو؟ یہ ساری نعمتیں وہ مالک تم کو دے رہا ہے۔ کیا اس کا اتنا حق بھی تم پر نہیں ہے کہ تم اس کو یوں کہو کہ خدایا تیرا شکر ہے۔ وہ شکرانہ ادا کرنے کی ترکیب کیا ہے کہ پانچ وقت کی نماز تمھارے اوپر مقرر فرمادی گئی؛ یہ ہے اللہ کا شکریہ ادا کرنے کی ترکیب۔ آج مجھے شرم آیا کرتی ہے، آپ لوگوں کو شرم آئے یا نہ آئے یہ آپ جانیں؛ لیکن مجھے شرم آیا کرتی ہے جب میں کسی سے کہتا ہوں کہ میاں نماز پڑھتے ہو یا نہیں؟ تو نہایت بے حیائی کے ساتھ جواب دیا جاتا ہے کہ صاحب کیا کہیں کام کاج سے فرصت نہیں ملتی، کام کاج سے فرصت نہیں ملتی؛ عورتوں سے کہتا ہوں تم نماز کیوں نہیں پڑھتیں؟ تو کہتی ہیں

Marfat.com

بچوں سے فرصت نہیں ملتی۔ آج اگر تمھارے بیوپار سے تمھیں فرصت نہیں ملتی، آج اگر تم کو بچوں سے فرصت نہیں ملتی، آج اگر دنیا کی نوکری سے تمھیں خدا کی عبادت کرنے کی فرصت نہیں ملتی تو اگر اللہ ناراض ہو کر تمھاری نوکری چھڑا دے تمھارے بیوپار کو برباد کر دے، تمھارے گھر میں آگ لگا دے، تمھارے بچوں کو اُٹھا لے، اُن کو موت آجائے، تو اس کے بعد بتاؤ کہ پھر کیا کرو گے؟ پھر بھی فرصت ملے گی نماز پڑھنے کی؟ اے انسان ہوش میں آؤ، اپنی غفلت کو چھوڑو۔

مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ○ الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ

بتا تو سہی کہ تجھ کو کس چیز نے مغرور بنا دیا ہے اس رب کے مقابلے میں جو تجھے دے رہا ہے، جس کی نعمتوں کی بارش تیرے اُوپر ہو رہی ہے اور تجھ سے اتنا بھی نہیں ہوتا کہ تو اُس کے سامنے سر جھکا لے۔ Reasoning کو اپیل کیا جاتا ہے، تمھاری فطرت کو اپیل کیا جاتا ہے اور تم سے کہا جاتا کہ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ۔ آج شکایت کرتے ہوئے آتے ہیں کہ مولانا صاحب تعویذ دے دیجیے نوکری نہیں ملتی، روزی میں برکت نہیں ہوتی۔ مولانا صاحب! تعویذ دے دیجیے اولاد نہیں ہوتی۔ بڑی تمنا اولاد کی، بڑی تمنا بیٹے کی، بڑی تمنا بیٹیوں کی سبحان اللہ! اور جب پوچھا جائے کہ جس نے تمھیں بنایا، جس نے کھانے کو دیا، جس نے پینے کو دیا کبھی اُس کی نماز بھی پڑھتے ہو تو گردن جھکا کر کہتے ہیں، نہیں صاحب نماز کی تو فرصت نہیں ملتی۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ۔ میرے آقا، میرے مولیٰ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم جہاں ایک طرف تم کو یوں کہہ رہے ہیں کہ اللہ کی عبادت کرو، پانچ وقت کی نماز تمھارے اوپر فرض کی جارہی ہے اور اللہ کا حکم سنایا جا رہا ہے؛ وہاں پیارے محبوب کی یہ کیفیت ہے کہ ساری ساری رات اللہ کی عبادت کے اندر کھڑے ہوئے ہیں، پائے مبارک سوج جاتے ہیں، آنکھوں سے آنسو جاری ہیں، اللہ کے سامنے رو رہے ہیں، اللہ کے سامنے گڑگڑا رہے ہیں۔ صحابہ عرض کرتے ہیں کہ یا رسول اللہ! آپ کے پاس تو گناہ ہیں ہی نہیں اور آپ کے صدقے میں تو دوسروں کے گناہ معاف کیے جاتے ہیں اگر کوئی بات ہو بھی تو مالک ارشاد فرماتا ہے کہ

Marfat.com

ہم نے تو آپ کی اگلی اور پچھلی سب چیزیں معاف فرمادیں، آپ اتنی عبادت کیوں کرتے ہیں؟ تو کیا پیارا جواب دیتے ہیں جناب رسول اکرم ﷺ کہ اَفَلَا اَکُوْنَ عَبْدًا شَکُوْرًا "کیا میں اپنے رب کا شکر گزار بندہ نہ بنوں؟" یہ عبادت کا نمونہ دکھاتے ہیں کہ تم کو تمھارے رب کے سامنے کس طرح پیش آنا چاہیے کہ تم اپنے آپ کو اُس مولیٰ کے ہاتھ میں دے دو اپنی زندگی کو اُس خدا کے لیے سمجھو۔ تمھاری زندگی اِن کاموں کے لیے نہیں ہے جن کو تم کر رہے ہو؛ تمہاری زندگی اللہ کے لیے ہے۔ اللہ کے سامنے سر جھکاؤ اسلام کے احکام کو قبول کرو اور جس طریقے سے وہ رب تمھیں چلائے اُس پر چلو۔ عزیمت لینے کے لیے آتے ہیں جو حضرات، میں اُن سے عرض کردیا کرتا ہوں کہ قرآن میں دیکھو سب سے بڑا تعویذ روزی میں برکت کا؛ رب العالمین جل جلالہ فرماتا ہے کہ لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ وَلَئِنْ کَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِیْ لَشَدِیْدٌ "اگر تم میرا شکریہ ادا کرو گے تو میں اپنی نعمتوں کو زیادہ کروں گا اور اگر تم کفرانِ نعمت کرو گے تو میں اپنی نعمتوں کو تم سے چھین لوں گا اور میرا عذاب بہت ہی سخت ہے۔" اب تمھاری سمجھ میں آگیا مطلب؟ روزی میں برکت کی کیا صورت، اللہ کا شکریہ ادا کرو۔ جس قدر تم اللہ کا شکریہ ادا کرتے جاؤ گے اُسی قدر اللہ کی نعمتیں تمھارے اُوپر زیادہ ہوتی چلی جائیں گی۔ میرے محبوب ﷺ کی کیفیت یہ کہ تمھیں اور ہمیں تو حکم دیا جاتا ہے کہ رمضان میں روزے رکھو اور خود میرے پیارے محبوب کی یہ کیفیت ہے کہ روزے پر روزے رکھتے چلے جا رہے ہیں؛ اِفطار ہی نہیں فرماتے، ہم اور تم افطار کے مُکلّف کیے گئے ہیں کہ شام ہوجائے، غروبِ آفتاب ہوجائے تو افطار کرلو اور محبوبِ دو جہاں ﷺ اِفطار ہی نہیں فرماتے۔ تم سے، ہم سے یہ کہا جا رہا ہے کہ مال جو اللہ نے دیا ہے اُس کی زکوٰۃ نکالو چالیسواں حصہ، اُس سیونگ Saving پر جو تمھارے پاس بچا ہوا روپیہ ہے۔ بچا ہوا چاندی اور سونا سال گزرنے پر اُس پر زکوٰۃ نکال دو چالیسواں حصہ؛ تم سے تو یہ کہا جا رہا ہے اور خود حضورِ انور ﷺ کی کیفیت کیا ہے کہ ایک مرتبہ مالِ غنیمت میں کچھ مال آیا سب کو تقسیم کیا اپنے حصے میں جو آیا وہ بھی گھر میں موجود تھا؛ عشا کی نماز پڑھانے کے واسطے کھڑے ہوتے ہیں، اِدھر مکبر نے اقامت

Marfat.com

کبھی، اُدھر محبوبِ دو جہاں ﷺ مصلّے کو چھوڑ کر گھر میں تشریف لے جاتے ہیں؛ تھوڑی دیر کے بعد واپس تشریف لاتے ہیں، نماز پڑھاتے ہیں، صحابہ نے بعد نماز کے پوچھا کہ یا رسول اللہ یہ آج کیا ماجرا تھا کہ اقامت کے بعد جب قد قامت الصلوٰۃ کہا جائے تو سب کھڑے ہو جاتے ہیں، ہم نے صفیں باندھیں اور آپ مصلّے کو چھوڑ کر اندر تشریف لے گئے، یہ کیا ماجرا ہے؟ ارشاد فرماتے ہیں میرے پیارے محبوب کہ آج جو مالِ غنیمت میں ہمارے حصّے میں مال آیا تھا ہم نے وہ اللہ کے رستے میں خیرات کر دیا تھا، لیکن تھوڑے سے دِرہم باقی رہ گئے تھے؛ جب ہم نماز پڑھنے کے لیے کھڑے ہونے لگے تو دل میں خیال آیا کہ ابھی وہ دِرہم رکھے ہوئے ہیں، ہم نماز پڑھیں گے دیر ہو جائے گی جو مستحق ہیں وہ سو جائیں گے؛ ہمارے اوپر ایک رات ایسی گزرے گی جس میں ہمارے قبضے میں کچھ مال ہو۔ ہم دنیا میں مال جمع کرنے کے لیے پیدا نہیں ہوئے ہم تو مال اللہ کی راہ میں لٹانے کے واسطے پیدا ہوئے ہیں۔ ذرا غور کیا تمھیں زکوٰۃ نکالنے کا حکم دے رہے ہیں وہاں خود یہ کیفیت۔ تم سے یہ کہا جا رہا ہے کہ حج کرنے کے لیے اپنے گھر بار کو چھوڑ کر ایک کفنی کو پہن کر اللہ کی بارگاہ میں لبیک کہتے ہوئے کم سے کم ایک بار تو عمر میں حاضر ہو جاؤ، راہ کی تکلیفوں کو برداشت کرنے کے لیے تیار ہو جاؤ۔ اللہ کے عشق و محبت کا دعویٰ کیا ہے تو اللہ کے ساتھ کا تمھارے اوپر یہ حق ہے کہ ایک دن تو کم سے کم یہ دکھا دو، مولیٰ کی بارگاہ میں اس نمونے کو پیش کر دو کہ کیسا مال کیسی دولت، کیسی بیوی کیسے بچے، کیسے دوست کیسے احباب، کیسا بیوپار۔ سب چیزوں کو۔۔۔ یہ سوچ کہ ایک دن مرنا ہے، کفن اس طریقے سے ہوگا، وہی تین کپڑے کفن کے ہوں گے؛ وہی دو چادریں ہیں ایک کا پردہ، ایک کاندھوں پر ڈال رہا ہوں ایک سے ستر کو ڈھک رہا ہوں، باقی سب کپڑوں کو چھوڑا۔ ننگے سر، ننگے پیر، مولیٰ کی بارگاہ میں لبیک کا نعرہ بلند کرتا ہوا چلا جاؤں، دکھا دوں کہ مولیٰ! تیرے لیے میری جان، تیرے لیے میرا مال۔ تم سے یہ کہا جا رہا ہے کہ حج کی مشقتوں کو برداشت کرنے کے لیے ایک بار تو عمر میں تیار ہو جانا، خود میرے آقا میرے مولیٰ محمد رسول اللہ ﷺ جو نمونہ دکھاتے ہیں وہ یہ کہ پیٹ پر، شکمِ مبارک پر، پتھر بندھے ہوئے

Marfat.com

ہیں، روزے پر روزہ رکھ رہے ہیں؛ جس وقت اس عالم سے پردہ فرماتے ہیں تو ایک چادر سے زائد دوسری چادر نہ تھی؛ وہ چادر بھی ایسی تھی کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اگر سر کو ڈھکا جاتا تھا تو پیر کھل جاتے تھے اور پیر ڈھکے جاتے تھے تو سر کھل جاتا تھا۔ یہ متاع تھی محمد رسول اللہ ﷺ کے دولت کدہ عالی کی۔ تم یہ سمجھتے ہو گے کہ ان کے اللہ نے ان کو دیا نہ تھا، حاشا حاشا! توبہ توبہ!!! مالک اُن کا ارشاد فرماتا ہے کہ اے میرے پیارے محبوب؛ اگر آپ فرمائیں تو یہ اُحد کا پہاڑ آپ کے لیے سونے اور چاندی کا کر دیا جائے، جتنا مال چاہو، حاضر ہے۔ حضور ارشاد فرماتے ہیں کہ اے میرے مولیٰ! اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنِ "یا اللہ! مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھ، مسکینی کی حالت میں اس دنیا سے اُٹھا اور مسکینوں کے ساتھ میرا حشر فرما۔" اس واسطے کہ اگر سرکار مال داروں کی سی زندگی عیش اور عشرت کے ساتھ گزارتے تو فقیر اور مسکین یوں کہتے کہ آپ کے پاس تو مال تھا، بے فکر تھے، آپ نے خدا کی عبادت کی تو کیا کمال کیا؟ ہم کو تو محنت کرنی ہے، مزدوری کرنی ہے؛ ہم کس طرح اللہ کی عبادت کریں؟ رب فرماتا ہے کہ لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ "یقیناً تمہارے لیے محمد رسول اللہ ﷺ کی مبارک زندگی کے اندر بہترین نمونہ موجود۔" حقوق النفس کے لیے بتایا جا رہا ہے تم کو کہ تمہاری جان کوئی معمولی چیز نہیں ہے، بڑی قیمتی چیز ہے؛ اس کو ضائع نہ کرنا۔

میرے آقا میرے مولیٰ محمد رسول اللہ ﷺ نے حقوق النفس میں تعلیم فرمایا کہ تم کیا کھاؤ، کیا نہ کھاؤ، کیا پیو، کیا نہ پیو، کیا پہنو، کیا نہ پہنو، یہی نہیں کہ مردوں کو یہ بتایا گیا ہو کہ تم ریشم نہ پہنو، سونا نہ پہنو بلکہ یہ بھی بتا دیا گیا کہ ناف سے لے کر گھٹنے تک بدن کا چھپانا تمہارے لیے فرض۔ اسی طرح عورتوں کے لیے بتا دیا گیا کہ تمہارا اپنے تمام بدن کو چھپانا تمہارے لیے فرض ہے۔ Poison ہے، زہر ہے اگر تم اپنے بدن کو کھلا رکھو گی؛ نتیجہ کیا ہوگا کہ تمہاری حیا جائے گی، تمہاری شرم جائے گی تمہارے بدن پر دوسروں کی نظریں پڑیں گی، بری نیت کے ساتھ پڑیں گی۔ وہ زہریلی نظریں تمہارے کریکٹر (Character) کو بھی خراب کر دینے والی ہوں گی۔ آج تم یورپ کی تہذیب میں ڈوب کر لپ اسٹک

Marfat.com

لگا کر، پاؤڈر لگا کر، اُنھی جیسے بال بنا کر ٹانگوں کو اپنی کھول کر یوں کہتی ہو، جب عبدالعلیم کے سامنے آتی ہو، کہ صاحب! کیا کریں؟ اس ملک کا فیشن (Fashion) یہی ہے۔ تم ملک کے فیشن کو اختیار کرنے کے لیے ہو یا تم اس لیے بنی ہو کہ تم دنیا کے انسانوں کو محمد رسول اللہ کا فیشن دکھاؤ کہ محمد رسول اللہ نے کیا فیشن اختیار فرمایا۔ تمھاری جان کے تمھارے اوپر حقوق محمدِ عربی ﷺ نے دکھائے اور بتائے۔ انسانوں کے ساتھ تمھیں کس طرح پیش آنا، ماں کا تمھیں کیا ادب کرنا، باپ کا تمھیں کیا ادب کرنا بار بار فرمایا جاتا ہے۔ جہاں اللہ کے حقوق کا ذکر ہوتا ہے کہ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ "اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا" لَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا "شرک تو بہت ہی بڑا ظلم ہے"، وہاں اُس کے ساتھ ہی ساتھ فرمایا جاتا ہے کہ لَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا "خبردار! اپنے ماں باپ کے سامنے اُف بھی نہ کرنا"، "ان کو جھڑک کر بات بھی نہ کرنا" آج جوان بیٹے باپ ہی کی دولت سے فائدہ اٹھا رہے ہیں، باپ ہی کے گھر میں رہ رہے ہیں باپ ہی کی موٹر میں سوار ہو رہے ہیں، باپ ہی کے پیسے کو کھا رہے ہیں، باپ ہی کی دولت پر منڈلا رہے ہیں اور باپ ہی کو گالیاں دینے اور باپ ہی کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہو رہے ہیں، وہ سمجھ لیں کہ اپنے آپ کو ہلاک کر رہے ہیں۔ آج باپ کے دل کو دکھائیں گے کل رب العالمین جَلَّ جَلَالُہٗ و عَمَّ نَوَالُہٗ کی بارگاہ میں جب جائیں گے اُس وقت باپ کا ہاتھ ہوگا اور ان کا گریبان۔ یہ نہ سمجھنا کہ اس روز باپ کی محبت جوش میں آجائے گی، اس روز ماں کی محبت جوش میں آجائے گی۔ حاشا حاشا!!! فرماتے ہیں محمد رسول اللہ ﷺ اللہ کا کلام۔۔۔

تم نے سنا ہوگا کہ میرے آقا میرے مولیٰ محمد رسول اللہ کی والدہ ماجدہ تو اسی وقت انتقال فرما گئیں تھیں جب کہ آپ چھوٹے ہی سے تھے۔ یہ کون تھیں؟ یہ حلیمہ سعدیہ ہیں کہ جنھوں نے دودھ پلایا۔ جب دودھ پلانے والی ماں کے ساتھ محمد رسول اللہ کا یہ معاملہ ہے تو اصلی ماں کے ساتھ اُن کا کیا معاملہ ہوگا۔ ذرا یہاں سے اندازہ کرلو۔ فرمایا جاتا ہے: انسان پر انسانوں کے حقوق کو جتایا جاتا ہے کہ ہوش میں رہنا، خبردار! خبردار! کسی کے دل کو نہ دکھانا، کسی کو نہ ستانا، اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ "مسلمان

Marfat.com

کون ہے؟ جس کے ہاتھ سے اور زبان سے مسلمان محفوظ رہیں۔" اگر تم نے آج اپنی زبان سے کسی کو گالی دی، کسی کو برا کہا اُس کا دل دکھایا۔ آج اگر تم نے کسی کو اپنے ہاتھ سے مارا، مارنے میں کہ اس وقت وہ تم سے بدلہ نہ لے سکے لیکن رب العالمین جل جلالہ فرماتا ہے کہ میں اپنے حقوق کو معاف کردوں مگر اپنے بندوں کے حقوق کو معاف نہیں کروں گا۔ ذرا سوچو! نمونہ دکھاتا ہوں محمد رسول اللہ کا۔ لوگوں کے دل دُکھانے والے، لوگوں کی غیبت کرنے والے، لوگوں کو گالیاں دینے والے، لوگوں کا مال کھانے والے، لوگوں کو تکلیفیں پہنچانے والے ذرا کان کھول کر سنیں کہ میرے آقا میرے مولیٰ محمد رسول اللہ ﷺ اس عالم سے پردہ فرما رہے ہیں، اس عالم سے رخصت ہو رہے ہیں؛ عزرائیل علیہ السلام روح کو قبض کرنے کے لیے آنے والے ہیں۔۔۔ اور اتنا تیز بخار، چادر پر ہاتھ نہیں رکھا جا سکتا تھا۔ اُس بخار کی حالت میں سیّد عالم ﷺ کے صحابہ آپ کو گھیرے ہوئے ہیں، مجمع ہے؛ سیّد عالم چہرہ اُٹھا کر نقاب اٹھاتے ہیں، اپنے دوستوں اور اپنے صحابہ کو مخاطب فرماتے ہیں کہ اے عزیزو! اب رفیقِ اعلیٰ سے ملاقات کا وقت قریب آگیا ہے؛ اب ہم اللہ کے پاس جانے والے ہیں۔ اگر تم میں سے کسی شخص کا ہمارے ذمّے پر کوئی حق ہو، تم ہم سے اس کا مطالبہ کرلو اور آج لے لو؛ ہم نہیں چاہتے کہ اللہ کی بارگاہ میں ایسی حالت میں جائیں کہ کسی انسان کا کوئی حق ہمارے اوپر ہو۔ اگر کسی کا مال محمد رسول اللہ کے ذمّے ہے تو آج لے لے، کسی کی جان کو ہماری جان سے تکلیف پہنچی ہو تو آج یا بدلہ لے لو یا معاف کردو۔ صحابہ سنتے ہیں اور عرض کرتے ہیں کہ یا رسول اللہ! ہم آپ کے حقوق کو ادا نہ کرسکے؛ آپ پر ہمارا کیا حق ہوسکتا ہے۔ آپ تو یتیموں کی خبر لینے والے، آپ بے کسوں کے والی، آپ بے کسوں کے مولیٰ۔ آپ نے نہ کسی کو ستایا، نہ کسی کا دل دکھایا۔ ایک صحابی آتے ہیں آگے اور عرض کرتے ہیں کہ یا رسول اللہ! ایک مرتبہ آپ نے لکڑی میری کمر پر ماری تھی؛ حضور انور ﷺ چہرہ مبارک کو اٹھاتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اگر میں نے تمہاری کمر پر لکڑی ماری تو یا تم مجھے معاف کردو ورنہ محمد رسول اللہ کی کمر موجود ہے، بدلہ لے لو لکڑی کا۔ میں اللہ کی بارگاہ میں ایسی حالت میں نہیں جانا چاہتا کہ میرے ذمّے کسی

Marfat.com

انسان کا کوئی حق ہو۔ صحابہ کرام ان کی اس بات کو سن کر حیران رہ گئے کہ ایک صحابی، ایک ادنیٰ صحابی رسول ﷺ کے، اور یوں فرما رہے ہیں کہ یا رسول اللہ آپ نے میری کمر پر لکڑی ماری تھی، میں اُس کا بدلہ لینا چاہتا ہوں۔ حضورِ انور ﷺ فرماتے ہیں کہ وہ لکڑی ہے اٹھالو اور یہ کمر موجود ہے محمد رسول اللہ کی؛ لکڑی لے کر بدلہ لے لو۔ صحابہ عرض کرتے ہیں اُن صحابی سے کہ اے بھائی! کیا غضب کر رہے ہو ایک لکڑی کے بجائے ہزار لکڑیاں ہماری کمر میں مارلو لیکن محمد رسول اللہ سے بدلہ لینے کے کیا معانی؟ وہ خاموش، جواب نہیں دیتے۔ حضورِ انور ﷺ اُٹھ کر بیٹھ جاتے ہیں اور فرماتے ہیں: جلدی کرو! جلدی کرو! اس لیے کہ رفیقِ اعلیٰ سے ملاقات کا وقت قریب آگیا خدا کی بارگاہ میں جانے کا وقت قریب آگیا ہے۔ جلدی کرو! جلدی کرو! وہ صحابی عرض کرتے ہیں کہ یا رسول اللہ! جس وقت آپ نے میرے لکڑی ماری تھی اُس وقت میری کمر پر کپڑا نہ تھا، میری کمر ننگی تھی، آپ کی کمر کے اوپر تو چادر پڑی ہوئی ہے جَزٰٓؤُا سَیِّئَۃٍ سَیِّئَۃٌ مِّثْلُھَا "برائی کا بدلہ برائی ہے اس کے برابر اُسی کے جیسی۔" میری کمر پر کپڑا نہ تھا جب آپ کی لکڑی لگی تھی؛ آپ کی کمر پر چادر پڑی ہوئی ہے؛ میں بدلہ کس طرح لوں؟ محبوبِ دو جہاں ﷺ فوراً اپنی مبارک پشت سے، مبارک کمر سے چادر کو ہٹا دیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ جلدی آؤ، بدلہ لے لو؛ لکڑی ہاتھ میں لیے ہوئے ہیں وہ صحابی پیٹھ کے پیچھے آتے ہیں؛ محمد رسول اللہ ﷺ کے صحابہ لرز رہے ہیں کہ عرشِ الٰہی بھی اگر لرز جائے تو بجا ہے کہ آج محمد رسول اللہ کا ایک صحابی بدلہ لینے کے لیے لکڑی کو ہاتھ میں لیے ہوئے پشت کے پیچھے کھڑا ہوا ہے۔ زمین نہ دہل جائے، صحابہ گھبرا رہے ہیں؛ لیکن ذرا شان دیکھو نمونے کی محمد رسول اللہ ﷺ کے کہ کمر مبارک کو کھولے ہوئے فرماتے ہیں کہ جلدی کرو! جلدی کرو! بدلہ لے لو اس لکڑی کا جو محمد رسول اللہ کے ہاتھ سے تمہاری کمر میں لگی تھی۔ پیچھے آتے ہیں، لکڑی ہاتھ میں ہے، کمرِ مبارک کھلی ہوئی ہے، لکڑی کو ہاتھ سے رکھتے ہیں اور دونوں شانوں کے بیچ میں جو مہرِ نبوت کا نشان تھا اُس کا بوسہ لیتے ہیں، آنکھوں سے لگاتے ہیں اور عرض کرتے ہیں کہ رُوْحِیْ فِدَاکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! اے اللہ کے رسول! میری جان آپ پر قربان ہو جائے۔ کیسا

Marfat.com

لکڑی کا بدلہ؟ میں تو آخری دیدار مہرِ نبوت کا کرنا چاہتا تھا کہ پھر کہاں آنکھیں دیکھیں گی اس مہرِ نبوت کو۔ دنیا کے سامنے اس کریکٹر کو پیش کر دیا ہے۔ آج بھائیوں کے دلوں کو دکھانے والے، آج ماں باپ کے اوپر ظلم کرنے والے، آج دوست اور احباب کے مال کو کھانے والے اور ان کو ستانے والے، ایک دوسرے کے ساتھ لڑائی لڑنے والے اور اُس کو گالیاں دینے والے اور اُس کی غیبت کرنے والے کان کھولیں؛ میلادِ محمد رسول اللہ ﷺ کے معنیٰ کیا ہیں کہ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ط "یقیناً تمھارے لیے جنابِ محمد رسول اللہ کی ذاتِ اقدس واطہر کے اندر بہترین نمونہ (ہے)۔" انھوں نے اللہ کی محبت میں اللہ کی یاد میں اللہ کی عبادت میں جس طرح وقت گزارا اس کا نمونہ تمھارے سامنے موجود، انھوں نے تجارت کر کے تمھیں دکھادیا، انھوں نے معاملات کر کے تمھیں دکھادیا، اُنھوں نے سلطنت کر کے تمھیں دکھادیا، انھوں نے مزدوری کر کے تمھیں دکھادیا، اُنھوں نے پیٹ پر پتھر باندھ کر تم کو دکھا دیا کہ دنیا کے ساتھ کس طرح پیش آنا، خدا کے ساتھ کس طرح پیش آنا، اپنے نفس کے ساتھ کس طرح پیش آنا۔ آج تمھارے لیے محمد رسول اللہ کی ذاتِ اقدس واطہر کے اندر نمونہ۔

جس وقت میرے آقا اور میرے مولیٰ اس پردۂ عالم پر تشریف لا رہے ہیں:

حالت یہ ہے کہ دنیا گمراہی کے اندر پڑی ہوئی ہے لوگوں کو خبر ہی نہیں ہے کہ کس کے ہم پر کیا حقوق۔ نہ ماں کو جانیں، نہ باپ کو پہچانیں، نہ بھائی کے حقوق کو جانیں، نہ بہن کے حقوق کو جانیں، نہ دوست احباب کے حقوق کو جانیں۔ ایک دوسرے پر ظلم وستم کرنا اُن کی عادت تھی؛ ایک دوسرے سے لڑنا جھگڑنا اُن کے خمیر میں تھا۔ اس طرح دنیا میں کہرام مچا ہوا ہے؛ جب اس طریقے سے عالم میں کہرام مچا ہوا ہے کہ کوئی خطہ بھی زمین کا ایسا باقی نہیں جہاں خدائے وحدہ لاشریک کا نام لینے والے اور خدا کی پوجا کرنے والے پائے جاتے ہوں اُس وقت غیرتِ الٰہی حرکت میں آتی ہے اور آقائے دو عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم جو ارشاد فرماتے ہیں کہ مجھ کو میرے مالک نے سب سے پہلے پیدا فرمایا، ارشاد فرماتے ہیں کہ اَنَا مِنْ نُّوْرِ اللّٰهِ وَالْخَلْقُ

Marfat.com

كُلُّهُمْ مِنْ نُّوْرِیْ "میں اللہ کے نور سے بنا ہوں اور ساری کائنات میرے نور سے بنی۔"
وہ نورِ محمد رسول اللہ ﷺ جو سب سے پہلے پیدا ہوا، جس کے لیے حضور ارشاد فرماتے ہیں کہ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ "سب سے پہلے اللہ نے جس چیز کو پیدا فرمایا وہ میرا نور تھا۔" وہ نور جس کے لیے حضور ارشاد فرماتے ہیں کہ اَهْبَطَنِیَ اللّٰہُ اِلَی الْاَرْضِ فِیْ صُلْبِ اٰدَمَ "اللہ تعالیٰ نے مجھ کو زمین پر اتارا آدم علیٰ علیہ السلام کی پشت میں۔" وَحَمَلَنِیْ فِی السَّفِیْنَةِ مَعَ نُوْحٍ "اور سوار کیا مجھ کو کشتی میں حضرتِ نوح علیٰ علیہ السلام کی پشت میں۔" یعنی جس وقت نوح علیہ السلام ہدایتِ خلق کے لیے آتے ہیں لوگ ان کا کہنا نہیں مانتے؛ حضرت نوح بددعا فرماتے ہیں۔ دنیا ہلاک ہو رہی ہے اس وقت نورِ مقدسِ محمد رسول اللہ حضرت نوح علیہ السلام کی پشتِ مبارک میں موجود (تھا)۔ وہ نورِ مقدس حضرتِ نوح سے درجہ بہ درجہ منتقل ہوتا ہوا صلب ابراہیم میں آتا ہے۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام آگ میں ڈالے جا رہے ہیں تو نورِ محمد رسول اللہ ﷺ پشت میں حضرتِ ابراہیم علیہ السلام کی موجود ہے؛ اور اگر یوں کہا جائے کہ صدقہ تھا نورِ محمد رسول اللہ کا کہ توبہ آدم کی قبول ہوتی ہے، صدقہ تھا نورِ محمد رسول اللہ کا کہ نوح کی کشتی پار ہوتی ہے، صدقہ تھا نورِ محمدی کا کہ ابراہیم علیہ السلام پر آگ گلزار بنتی ہے۔ وہ نورِ مقدس جو اگلوں میں اس طرح سے اپنے جلوے دکھاتا رہا؛ جس کسی نے بھی اُس پیارے نور کا ادب کیا، اُن کی تعظیم کی، ان کے لیے برکتوں کے دروازوں کو کھول دیا گیا۔ مالکِ عالم جَلَّ جَلَالُہٗ وعم نوالہ نے ان کی پیدائش اور اُن کی تشریف آوری کا ذکر آسمانوں کے اوپر کیا۔

آج آپ نے محفلِ میلادِ محمدی، عیدِ میلادِ مصطفوی منانے کے لیے اس مقام کے اوپر اجتماع کیا ہے، ہر ہر مسجد کے اندر محفلِ میلاد منعقد ہو رہی ہے، ہر ہر مسجد کے اندر ذکرِ محمدی ﷺ بیان کیا جا رہا ہے۔ دنیا کی مختلف زبانوں کے اندر انگریزی میں انگریزی سمجھنے والوں کے لیے، جرمنی میں جرمنی سمجھنے والوں کے لیے، فرانسیسی میں فرانسیسی سمجھنے والوں کے لیے، عربی میں عربی سمجھنے والوں کے لیے ہر طرف سے آواز آ رہی ہے، کس چیز کی؟ محمد رسول اللہ ﷺ کے ذکر کی۔ مالک ارشاد فرماتا ہے کہ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ

Marfat.com

"یارسول اللہ! ہم نے آپ کے ذکر کو بلند فرمایا۔" کس طرح بلند فرمایا گیا ہے کہ آج میں ہی عیدِ میلاد نہیں منا رہا، آج ہم ہی یہ محفلیں دنیا میں نہیں کر رہے؛ بلکہ انسانوں کے بننے سے پہلے مالکِ عالم نے عالمِ روحانی کے اندر محفلِ میلادِ محمد رسول اللہ منعقد کی ہے۔ انبیا و مرسلین کو بلایا جاتا ہے، اُن کی روحوں کو دعوت دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ آؤ، آؤ! اور پیارے محبوب کی ذکرِ میلاد کی مجلس میں شریک ہو جاؤ۔ قرآنِ کریم میں ارشاد ہوتا ہے کہ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ "یاد کرو جب اللہ تعالیٰ جلّ شانہ نے نبیوں سے وعدہ لیا تھا کہ" لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ "کہ ہم تمھیں کتاب بھی دیں گے اور حکمت بھی دیں گے" ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ "پھر تمھارے پاس ایک بڑی عظمت والے اور بڑی شان والے رسول تشریف لائیں گے" لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ط "تمھارے لیے لازم ہے کہ تم اُن پر ایمان لانا، تم پر لازم ہے کہ تم اُن کی مدد کرنا۔" ہمیں قرآن نے بتایا ہے کہ محفلِ میلاد شریف میں کیا بیان کرنا چاہیے؛ وہ بیان کرنا چاہیے جو اللہ تعالیٰ نے نبیوں کی محفل میں بیان فرمایا کہ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ط اللہ پاک نبیوں سے کہتا ہے کہ "تم میرے پیارے محبوب محمد رسول اللہ پر، ایمان لانا، ان کی مدد کرنا۔" ہم ذکرِ پاکِ محمد رسول اللہ کو یہاں بیان کر کے تم سے کہہ رہے ہیں کہ اے اللہ کے پیارے بندوں! ایمان لاؤ محمد رسول اللہ پر، مدد کرو محمد رسول اللہ کی، پکڑو مضبوطی کے ساتھ دامنِ محمدی ﷺ کو۔ جو عزت کرتے ہیں محمد رسول اللہ کی، اللہ کی رحمت اُن کے اوپر نازل ہوتی ہے۔ جو سرکار کی توہین کرتے ہیں، ان کے لیے بربادی آتی ہے۔ عیسیٰ علیہ السلام بھی تشریف آوری محمد رسول اللہ کا مژدہ سناتے ہوئے آئے؛ دنیا کو بتاتے ہوئے آئے کہ وہ رسولِ عظیم الشان دنیا میں اب تشریف لانے والے ہیں۔ حضورِ انور ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ اِنِّیْ عِنْدَ اللّٰهِ مَكْتُوْبٌ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَاِنَّ اٰدَمَ لَمُنْجَدِلٌ فِیْ طِيْنَتِهٖ "میں تو اللہ کے نزدیک نبیوں کا ختم کرنے والا لکھا ہوا ہوں اسی وقت سے جب کہ آدم علیہ السلام اپنے پانی اور مٹی ہی کے اندر پڑے ہوئے تھے۔" ہم اسی وقت نبی بن چکے تھے۔ فرماتے ہیں کہ اَنَا دُعَآءُ اِبْرَاهِيْمَ "میں دعا ہوں ابراہیم علیہ السلام کی"، وَبِشَارَةُ

Marfat.com

عیسٰی "اور بشارت ہوں عیسیٰ علیہ السلام کی"، وَرُؤْیَا اُمِّیَ الَّتِیْ رَاَتْ حِیْنَ وَضَعَتْنِیْ "اور میں تعبیر ہوں اُن خوابوں کی جو میری والدہ ماجدہ نے میری پیدائش سے پہلے دیکھے۔" اور نبیوں کی مائیں اِسی صورت سے دیکھا کرتی ہیں۔ کیا خواب تھے؛ کہ ہر مہینے میں کوئی نہ کوئی آنے والا آتا ہے اور خواب کے اندر حضرت آمنہ خاتون، آپ کی والدہ ماجدہ، کو بشارت دیتا ہے کہ اے آمنہ! مبارک ہو تم کو کہ تمھارے پیٹ سے پیدا ہونے والے ہیں دونوں جہان کے تاج دار۔ جب وہ پیدا ہوں تو اُن کا نامِ نامی رکھنا محمد رسول اللہ۔ کہنے والے عاشق اِسی واقعے کو بیان فرماتے ہیں کہ:

ملائک آمنہ خاتون کو مژدہ سناتے ہیں ابوالقاسم محمد مصطفیٰ تشریف لاتے ہیں
فرشتے منتظر ہیں آمنہ خاتون کے گھر میں کہ اب حضرت جمالِ حق نما اپنا دکھاتے ہیں
حرم سے کعبہ ملکِ شام روشن ہے زمیں یکسر کہ دارالملک جن کا شام ہے وہ شاہ آتے ہیں
اگر کعبے کی دیواریں کریں سجدہ عجب کیا ہے کہ مصداقِ دعائے حضرت ابراہیم آتے ہیں
یہ محفل محفلِ میلاد ہے آداب سے آکر سنو اخلاص سے ذکرِ رسول اللہ سناتے ہیں

آٹھویں، نویں، دسویں یا بارھویں تاریخ ہے ربیع الاول شریف کی کہ حضرت آمنہ خاتون کے بطنِ مبارک سے صورتِ جسمانی کو اختیار فرما کر دونوں جہان کے تاج دار حضرت محمد رسول اللہ ﷺ تشریف لاتے ہیں۔

وُلِدَ الْحَبِیْبُ وَمِثْلُهٗ لَایُوْلَدُ وُلِدَ الْحَبِیْبُ وَخَدُّهٗ یَتَوَرَّدُ
وُلِدَ الْحَبِیْبُ مُکَحَّلًا وَمُطَیَّبًا وَالنُّوْرُ مِنْ وَجَنَاتِهٖ یَتَوَقَّدُ
جِبْرِیْلُ نَادٰی فِیْ مَنَصَّةِ حُسْنِهٖ هٰذَا مَلِیْحُ الْکَوْنِ هٰذَا اَحْمَدُ
یَاعَاشِقِیْنَ تَوَلَّهُوْا فِیْ حُبِّهٖ هٰذَا خِتَامُ الْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدُ
صَلُّوْا عَلَیْهِ بُکُوْرَةً وَّعَشِیَّةً اَلْفَ الصَّلٰوةِ مَعَ السَّلَامِ وَزِیْدُهَا

ملائکہ مقربین، حورانِ بہشتی دربارِ محمدی ﷺ میں ادب کے ساتھ سلام کو پیش

Marfat.com

کرتے ہیں۔ مالکِ عالم ہمیں تمھیں بھی حکم دے رہا ہے اور یوں کہتا ہے: اللہ تعالیٰ رحمت بھیجتا ہے، فرشتے رحمت لے کر آتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی اُنی پر درود بھیجو، اُن پر سلام بھیجو۔ اب تک بیٹھے بیٹھے درود و سلام پڑھتے رہے؛ اب ادب کے ساتھ دربارِ محمدی کے اندر توجہ کرتے ہوئے کھڑے ہو جاؤ؛ یہ سمجھتے ہوئے کہ ہم سلام عرض کرتے ہیں اور حضور سُن رہے ہیں اور ادب کے ساتھ سلام عرض کرو دربارِ محمدی ﷺ میں۔

یَانَبِیْ سَلَامٌ عَلَیْکَ یَارَسُوْلُ سَلَامٌ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبُ سَلَامٌ عَلَیْکَ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْکَ

اَشْرَقَ الْبَدْرُ عَلَیْنَا فَاخْتَفَتْ مِنْهُ الْبُدُوْرُ مِثْلَ حُسْنِكَ مَارَاَیْنَا قَطُّ یَاوَجْهَ السُّرُوْرِ

یَانَبِیْ سَلَامٌ عَلَیْکَ یَارَسُوْلُ سَلَامٌ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبُ سَلَامٌ عَلَیْکَ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْکَ

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَیْنَا مِنْ ثَنِیَّاتِ الْوَدَاعِ وَجَبَتْ شُکْرُ عَلَیْنَا مَادَعَا لِلّٰہِ دَاعِیْ

یَانَبِیْ سَلَامٌ عَلَیْکَ یَارَسُوْلُ سَلَامٌ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبُ سَلَامٌ عَلَیْکَ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْکَ

عَبْدُكَ الْمِسْکِیْنُ یَرْجُوْا فَضْلَكَ الْجَمَّ الْغَفِیْرَ فِیْكَ قَدْ اَحْسَنْتُ ظَنِّیْ یَابَشِیْرُ یَانَذِیْرُ

یَانَبِیْ سَلَامٌ عَلَیْکَ یَارَسُوْلُ سَلَامٌ عَلَیْکَ
یَاحَبِیْبُ سَلَامٌ عَلَیْکَ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْکَ

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام
شہریارِ ارم تاجدارِ حرم نو بہارِ شفاعت پہ لاکھوں سلام
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام
ایک میرا ہی رحمت میں حصہ نہیں میرے مولیٰ کی اُمت پہ لاکھوں سلام
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی اَشْرَفِ الْاَنْبِیَاءِ وَسَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَحْمَدَ الْمُجْتَبٰی مَوْلَانَا مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ اَجْمَعِیْنَ ○ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اِنَّا قَدْ حَضَرْنَا فِیْ ذِکْرِ نَبِیِّكَ

Marfat.com

الْكَرِيْمِ تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ٥
اَللّٰهُمَّ يَا نُوْرَ قُلُوْبِ الْعَارِفِيْنَ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ يَا اَللّٰهُ وَطَهِّرْ قُلُوْبَنَا عَمَّا سِوَاكَ
يَا اَللّٰهُ وَحَرِّقْ قُلُوْبَنَا بِنَارِ عِشْقِكَ يَا اَللّٰهُ وَارْزُقْنَا اِزْدِيَادَ مَحَبَّتِكَ يَا اَللّٰهُ ٥ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا
مِنَ الْمُحِبِّيْنَ الْمَحْبُوْبِيْنَ الْمُقَرَّبِيْنَ الْعَاشِقِيْنَ لِعِشْقِكَ الْكَرِيْمِ يَا اَللّٰهُ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ٥
اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَبِطَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ
جَنَّتَكَ ٥ اَللّٰهُمَّ بِبَرَكَةِ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ الْمُبَارَكَةِ يَا اَللّٰهُ اِقْضِ حَاجَاتِنَا يَا مَوْلَانَا يَا قَاضِيَ
الْحَاجَاتِ وَاكْفِ مُهِمَّاتِنَا يَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ وَاشْفِ مَرْضَانَا وَمَرْضَى الْمُسْلِمِيْنَ يَا شَافِيَ
الْاَمْرَاضِ ٥ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اِرْحَمْ عَلَيْنَا يَا اَللّٰهُ وَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا يَا اَللّٰهُ وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا
يَا اَللّٰهُ ٥ اَللّٰهُمَّ اقْضِ حَاجَاتِنَا وَحَاجَاتِ كُلِّ مَنْ اَوْصَانَا بِالدُّعَاءِ يَا اَللّٰهُ يَا رَبَّ
الْعٰلَمِيْنَ ٥ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا وَعَافِنَا وَاعْفُ عَنَّا بِسِرِّ اَسْرَارِ الْفَاتِحَةِ

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ٥ درود شریف

هَلْ بَلَّغْتُ هَلْ بَلَّغْتُ هَلْ بَلَّغْتُ "کیا میں نے پہنچا دیا؟ کیا میں نے پہنچا دیا؟ کیا میں نے پہنچا دیا؟"

میں بھی آج تم سے پوچھتا ہوں کہ بولو میں نے اللہ کے احکام کو پہنچا دیا؟ میں نے اللہ کے احکام کو پہنچا دیا؟ میں نے اللہ کے حلال اور حرام کو بتا دیا؟ میں نے اللہ کے فضل سے جو کچھ اللہ کے دین کی خدمت میں کرسکتا تھا وہ میں نے کی، میں نے اپنے حق کو جو تمہارا حق میرے ذمے تھا میں نے الحمدللہ اُس کو ادا کردیا، اب تم جانو کہ تمہارے ذمے کیا حق ہے۔ میں اب اس سے زائد نہیں ٹھہر سکتا ہوں؛ کام میرے پاس بہت زائد ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جمعرات کے دن ۴ دسمبر کو صبح ۶ بجے ایروڈروم aerodrome (ہوائی اڈا یا airport) پر میں پہنچ جاؤں گا، انشاء اللہ تعالیٰ ۷ بجے پلین Plane (ہوائی جہاز) ہے اُس سے کمبلی جاتا ہوں اور کمبلی سے انشاء اللہ تعالیٰ ڈربن پہنچتا ہوں۔ ڈربن سے انشاء اللہ تعالیٰ وہاں کے کام پورا کرکے پھر مجھے موریشس، آسٹریلیا اور دوسرے علاقوں کے کام کو

Marfat.com

دیکھنے کے لیے جانا ہے۔ وقت میرے پاس بہت تھوڑا ہے اس لیے میں آپ حضرات سے رخصت ہوتا ہوں اور سنتِ محمدی ﷺ کے اصول کے مطابق جیسا ابھی آپ کو سنا چکا ہوں پھر عرض کرتا ہوں کہ میں نے اللہ کے احکام کو پہنچا دیا۔ اگر تم میں سے کسی کا کوئی حق میرے ذمے ہو، میری زبان سے یا میرے ہاتھ سے کسی کو اگر کوئی تکلیف پہنچی ہو اور تمھارا کوئی حق میرے ذمے رہ گیا ہو تو خدا کے لیے اُس کو معاف کر دو یا مجھ سے بدلہ لے لو میں تیار ہوں؛ لیکن اللہ کی بارگاہ میں ایسی صورت سے جانے کے لیے تیار نہیں کہ جس میں خدا کے کسی بندے کا میرے ذمے کوئی حق ہو۔ اگر میں نے تمھارا کوئی حق لیا ہو، میں نے کسی کی غیبت کی ہو، میں نے کسی کو برا کہا ہو، کسی کا دل میری وجہ سے دکھا ہو، تو مجھ کو معاف کرنا۔ الحمد للہ کہ میں نے اپنی جان کے لیے کسی کو ستایا نہیں؛ ہاں البتہ اَحکامِ الٰہی سنانے میں خدا کے حکم کے بتانے میں اگر میں نے شدّت کو اختیار کیا ہے تو وہ اللہ اور اللہ کے رسول کے حکم کے مطابق اختیار کیا ہے اس میں اگر کسی کا دل دُکھا ہو تو مجھے کوئی پرواہ نہیں۔ میں اللہ کی رضا چاہتا ہوں؛ اللہ کے بندوں کی رضا سے مجھے کوئی بحث نہیں۔ مَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ۔

## حواشی و حوالہ جات:

۱۔ پارہ ۱۱، سورۂ توبہ، آیات: ۱۲۸ تا ۱۲۹............۲۔ فتاوٰی رضویہ مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاہور، جلد ۳۰، صفحہ ۶۶۷ کے حاشیے میں اس حدیث قدسی کے یہ دو حوالے درج ہیں۔ (الف) المواہب اللدنیۃ المقصد الاوّل، المکتب الاسلامی بیروت ۱/۷۰، (ب) مطالع المسرات، الحزب الثانی، مکتبہ نوریہ رضویہ، فیصل آباد ص ۲۶۴............۳۔ حضرت علامہ غلام رسول سعیدی صاحب نے "مقالاتِ سعیدی" مطبوعہ فرید بک اسٹال، لاہور، ستمبر ۱۹۹۵ء کے صفحہ ۱۳۸ اور ۱۳۹ پر اس حدیثِ قدسی کے درج ذیل حوالے دیئے ہیں۔ (الف) مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی، دفتر سوم، حصہ نہم، صفحہ ۱۵۵، مکتوب ۱۲۲۔ (ب) ایضاً، صفحہ ۱۷۶، مکتوب ۱۲۴۔ (ج) روح المعانی، جلد ۱، صفحہ ۵۱۔ (د) ذوالفقار علی دیوبندی، مولوی، "عطر الوردہ شرح قصیدہ بردہ"، ۱۷، ۲۵............۴۔ پارہ: ۶، سورۂ مائدہ، آیت: ۳............

Marfat.com

۵۔ پارہ ۲۸، سورۂ جمعہ، آیت: ۲.......... ۶۔ امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ "حدائق بخشش" .......... ۷۔ پارہ ۲۱، سورۂ احزاب، آیت: ۲۱.......... ۸۔ پارہ ۲۸، سورۂ حشر، آیت: ۷.......... ۹۔ پارہ ۳۰، سورۂ انفطار، آیات: ۶ تا ۷...... ۱۰۔ (الف) حضرت شیخ ولی الدین محمد (متوفی ۷۴۲ھ) بن عبداللہ الخطیب تبریزی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیثِ مبارکہ مشکوٰۃ شریف، ص ۱۰۸ تا ۱۰۹، کتاب الصلوٰۃ، باب التحریض علی قیام اللیل، فصلِ اوّل میں بخاری و مسلم کے حوالے سے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ (ب) امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، "صحیح مسلم" جلد ۲، ص ۳۷۷ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع، کراچی ۱۳۷۵ھ۔ (ج) امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری، جلد ۱، ص ۱۵۲، کتاب التہجد، باب قِیَامُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اللَّیْلَ حَتّٰی تَرِمَ قَدَمَاہُ، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع، کراچی، ۱۳۷۵ھ۔.......... ۱۱۔ پارہ ۱۳، سورۂ ابراہیم، آیت: ۷.......... ۱۲۔ یہاں ایک دو لفظ تھے، جو سمجھ نہیں آسکے۔ مفہوم یہ ہے کہ سب چیزوں کو ایک طرف کر کے یہ سوچ کہ ایک دن مرنا ہے۔.......... ۱۳۔ مشکوٰۃ شریف، صفحہ: ۴۴۷، باب فضل الفقر:، فصل ثانی میں حضرت انس اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ (ترمذی، بیہقی فی شعب الایمان، ابن ماجہ).......... ۱۴۔ پارہ ۲۱، سورۂ احزاب، آیت: ۲۱.......... ۱۵۔ پارہ ۲۱، سورۂ لقمن، آیت: ۱۳.......... ۱۶۔ پارہ ۱۵، سورۂ بنی اسرائیل، آیت: ۲۳.......... ۱۷۔ یہاں تقریر کا کچھ حصہ کٹا ہوا ہے، سی ڈی میں ریکارڈ ہونے سے رہ گیا ہے۔.......... ۱۸۔ یہ حدیث پاک مشکوٰۃ شریف، ص ۱۲، کتاب الایمان، فصلِ اوّل میں بخاری و مسلم کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے.......... ۱۹۔ یہاں بھی خطاب کا کچھ حصہ کٹا ہوا ہے، جو سی ڈی میں ریکارڈ نہیں ہے.......... ۲۰۔ پارہ ۲۵، سورۂ شوریٰ، آیت: ۴۰.......... ۲۱۔ پارۂ ۲۱، سورۂ احزاب، آیت :۲۱۔.......... ۲۲۔ مصنف عبدالرزاق جزء المفقود مترجم، حدیث ۱۸، ص ۹۷، مکتبہ قادریہ، لاہور.......... ۲۳۔ اس حدیث مبارکہ کو شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مدارج النبوت جلد اول کے مقدمے میں اور امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی نے یک روزہ میں ذکر کیا ہے۔ شیخ محقق ہی کے حوالے سے اس حدیث کو مولوی رشید احمد گنگوہی (دیوبندیوں کے مقتدا) نے فتاویٰ رشیدیہ میں نقل کیا۔ علاوہ ازیں یہ حدیث پاک بہت سے اکابر علماء محدثین کی تصانیف میں مذکور ہے۔.......... ۲۴۔ تفسیر در منثور، سورۂ توبہ، زیرِ آیت نمبر ۱۲۸...... ۲۵۔ پارہ

Marfat.com

۳۰، سورہ انشراح (اَلَمْ نَشْرَحْ) آیت: ۴............۲۶۔ پارہ ۳، سورہ الِ عمران، آیت: ۸۱............۲۷۔ پارہ ۳، سورۂ آل عمران، آیت: ۸۱......۲۸۔ پارہ ۳، سورہ الِ عمران، آیت: ۸۱۔............۲۹۔ یہ حدیث مبارکہ "رَاَتْ حِیْنَ وَضَعَتْنِیْ" تک مشکوٰۃ شریف، صفحہ: ۵۱۳، باب فضائل سید المرسلین صَلَوٰتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلَیْہِ، فصلِ ثانی میں "شَرْحُ السُّنَّۃِ" کے حوالے سے حضرت عرباض بن ساریہ سے روایت کی گئی ہے۔ البتہ مشکوٰۃ شریف میں یہاں لفظ "دُعا" کی جگہ "دعوۃ" بمعنی دُعا ہے۔ ممکن ہے کہ حدیث کی کسی دوسری کتاب یا روایت میں "دعا" کا لفظ موجود ہو۔ جگہ "دعوۃ" بمعنی دُعا ہے۔ ممکن ہے کہ حدیث کی کسی دوسری کتاب یا روایت میں "دُعا" کا لفظ موجود ہو............۳۰۔ یہ کلام مبلغ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف "ذکرِ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم" حصہ اول، صفحہ ۱۱۳ پر بھی موجود ہے۔ اس کے مقطع میں "حکیم" تخلص ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کلام مبلغ اعظم کے والد ماجد حضرت علامہ شاہ عبدالحکیم جوش و حکیم صدیقی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ "ذکرِ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم" میں یہ کلام اس طرح ہے:

ملائکہ آمنہ خاتون کو مژدہ سناتے ہیں — ابوالقاسم محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لاتے ہیں

حبیب اللہ کی ام القریٰ میں آمد آمد ہے — شواہد قدرت حق کے خلائق کو دکھاتے ہیں

اگر کعبہ کی دیواریں کریں سجدہ عجب کیا ہے — کہ مصداق دُعائے حضرت ابراہیم آتے ہیں

فرشتے منتظر ہیں آمنہ خاتون کے گھر میں — کہ اب حضرت جمالِ حق نما اپنا دکھاتے ہیں

حرم سے کعبہ ملک شام روشن ہے زمیں یکسر — کہ دارالملک جن کا شام ہے وہ شاہ آتے ہیں

یہ محفل محفلِ میلاد ہے آداب سے آکر — سنو اخلاص سے ذکر رسول اللہ سناتے ہیں

حکیم اب وقت پیری ہے در احمد پہ جا بیٹھو — حیات جاودانی جس جگہ عشاق پاتے ہیں

۳۱۔ خطاب کے بعد یہ دونوں سلام خود مبلغ اعظم حضرت علامہ شاہ محمد عبدالعلیم صدیقی رحمۃ اللہ علیہ نے پڑھے اور سلام کے بعد عربی دُعا بھی کی پھر ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھ کر آیت: "ان اللہ وملئکتہ" اور درود شریف پڑھی۔ اس کے بعد کچھ الوداعی کلمات ارشاد فرمائے جن کا ابتدائی حصہ ریکارڈنگ میں کٹا ہوا ہے بقیہ حصہ "هَلْ بَلَّغْتُ" سے آخر تک یہاں درج کیا گیا ہے۔

Marfat.com

# فضیلتِ شبِ ولادت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مولانا محمد ناصر خان چشتی

نسبت ایک عظیم حقیت، ایک محکم اساس اور مضبوط ستون ہے، اسلام، اسلامی معاشرہ اور اسلامی تہذیب وتمدن کی عمارت کی مضبوطی میں نسبت کا بڑا عمل دخل ہے۔ اسلامی معاشرہ کا قیام، استحکام اور بقاء بھی نسبتوں کی فضیلت اور پاسداری پر موقوف ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مناسک حج میں مختلف انبیاء کرام علیہم السلام کی سنتوں پر عمل کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ قربانی میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت پر عمل کیا جاتا ہے۔ نمازوں میں انبیاء کرام کی سنتوں پر عمل کیا جاتا ہے۔

نسبت کی اہمیت اور فضیلت کیا ہے۔ تمام کپڑے روئی اور دھاگوں سے تیار ہوتے ہیں اور کپڑوں کو کوئی فی نفسہٖ کوئی مقام حاصل نہیں لیکن اگر کسی کپڑے سے قرآن پاک اور کعبۃ اللہ کا غلاف بنایا جائے تو اس کا مقام ومرتبہ بڑھ جاتا ہے۔۔۔ کاغذ کی کوئی اہمیت نہیں ہے اور انہی کاغذوں پر اخبار، ناول، کہانیاں شائع کی جاتی ہیں جس کا کوئی مقام نہیں لیکن جس کاغذ پر آیاتِ قرآن، تفسیر قرآن، احادیث مبارکہ اور اسمائے مقدسہ لکھ دیئے جائیں تو اس کا مقام ومرتبہ بہت بڑھ جاتا ہے۔ لکڑیاں عام درختوں سے حاصل کی جاتی ہیں اور ان سے میز کرسیاں فرنیچر تیار ہوتا ہے جس کا کوئی مقام نہیں ہوتا لیکن اگر اسی لکڑی سے قرآن کا رحل اور منبر بنایا جائے تو اس کا مقام ومرتبہ بڑھ جاتا ہے۔۔ دنیا بھر میں پانی موجود ہے۔ دریا اور سمندر پانی سے بھرے پڑے ہیں لیکن جس پانی کو حضرت اسماعیل علیہ السلام سے نسبت ہوگئی تو وہ آبِ زم زم مقدس ومتبرک بن گیا اور کروڑوں اہل ایمان آبِ زم زم کو تبرک کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

اسی طرح تمام ایام اور راتیں برابر ہیں لیکن جس دن اور رات کو اللہ تعالیٰ کے محبوب اور محسن کائنات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد وبعثت کی نسبت حاصل ہے، اس کا مقام

Marfat.com

و مرتبہ اور اس کی عظمت و فضیلت باقی ایام سے کہیں بڑھ کر ہے۔

## نسبتوں کی عظمت و اہمیت

نسبتوں کو اہمیت دینا اور نسبتوں کی پاسداری کرنے کا سبق ہمیں قرآن کریم اور احادیث مبارکہ میں کئی مقامات پر ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے نبیوں، رسولوں، ولیوں اور بزرگوں کے ادب واحترام کی تعلیم دی ہے اور ان سے نسبت رکھنے والے مکان و زماں اور اشیاء کا مقام و مرتبہ بلند فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضور سید عالم ﷺ کی ولادت اور اقامت والے شہر مکہ مکرمہ کی قسم فرمائی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ○ وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ○

میں اس شہر (مکہ) کی قسم کھاتا ہوں (اے حبیب مکرم ﷺ) اس لیے کہ آپ اس شہر (مکہ مکرمہ) میں تشریف فرما ہیں۔ (سورۃ البلد: آیت ۲-۱)

اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ سے نسبت رکھنے والے شہر (مکہ مکرمہ) کی قسم اس لیے نہیں فرمائی کہ اس میں بیت اللہ شریف ہے، اس میں حجر اسود اور آبِ زمزم ہے اور یہاں مناسک حج ادا کیے جاتے ہیں بلکہ اس لیے قسم فرمائی کہ اس شہر میں اللہ تعالیٰ کے محبوب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بستے ہیں۔

حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص کی نسبت اور برکت کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا۔

(یوسف علیہ السلام نے فرمایا) میری یہ قمیص لے جاؤ اور اسے میرے باپ کے چہرے پر ڈال دو اُن کی آنکھیں روشن ہو جائیں گی۔ (سورۂ یوسف، آیت ۹۳)

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے مجاہدین اسلام، جہاد فی سبیل اللہ اور غازیوں سے نسبت رکھنے والے گھوڑوں کی بھی قسم فرمائی ہے۔ ارشاد خداوند قدوس ہے:

Marfat.com

والعدیٰت ضبحا ○ فالموریٰت قدحا ○ فالمغیرات صبحا ○

(سورۃ العادیات، آیت ۱ تا ۳)

(میدانِ جہاد میں) تیز دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم جو ہانپتے ہیں، پھر جو پتھروں پر سُم مار کر چنگاریاں نکالتے ہیں، پھر جو صبح ہوتے ہی (دشمن پر) اچانک حملہ کر ڈالتے ہیں۔

ان آیاتِ مقدسہ سے واضح ہوا کہ جس مکان و زمان کو، جس دن اور رات کو، جس ذات کو، جس کتاب کو، جس گھر کو، جس کام کو اور جس چیز کو بھی حضور سید عالم ﷺ سے نسبت حاصل ہے، ہمیں ان سب کی تعظیم و تکریم کرنی ہے کیونکہ یہی اللہ تعالیٰ کا حکم ہے اور یہی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عمل ہے۔

## ربیع الاول اور پیر کے دن کی عظمت

حضور سید عالم ﷺ کے ساتھ جس چیز کو بھی نسبت کا شرف حاصل ہو جائے تو اس کی قدر و منزلت اور عظمت کے بارے میں کس کو شک و شبہ ہو سکتا ہے۔ یوں تو تمام مہینوں کو اللہ تعالیٰ نے تخلیق کیا اور ہر ایک مہینہ کی عظمت و فضیلت اور مقام اپنی جگہ مسلم ہے، لیکن ماہ ربیع الاول کو یہ عظیم الشان شرف حاصل ہے کہ یہ مہینہ حضور نبی کریم ﷺ کی طرف منسوب ہے کیونکہ اسی ماہ مقدس کی بارہ تاریخ کو سید الانبیاء والمرسلین، باعث تخلیق کائنات حضرت محمد رسول اللہ ﷺ اس بزمِ عالم میں رونق افروز ہوئے۔

## ولادت النبی ﷺ کی تاریخ کی تحقیق

حضور نبی کریم ﷺ کے ولادت باسعادت کے مہینے اور دن پر تو تمام امت مسلمہ کا اجماع ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ ماہ ربیع الاول میں پیر کے دن اس دنیا میں رونق افروز ہوئے، جبکہ تاریخ میں بعض لوگوں نے اختلاف کیا ہے لیکن مستند علماء کرام، محققین اور نامور مؤرخین کے نزدیک ربیع الاول کی ۱۲ تاریخ ہی مستند و معتبر ہے۔

عالم اسلام کے ممتاز اسکالر، فقیہ ملت پروفیسر مفتی منیب الرحمن اپنی کتاب "تفہیم

Marfat.com

المسائل" میں حضور نبی کریم ﷺ کی تاریخ ولادت کے حوالے سے پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری اور جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری کی تحقیقات سے اتفاق کرتے ہوئے رقم طراز ہیں: "اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ فخر کائنات سرورِ دو عالم ﷺ کا یومِ میلاد دوشنبہ (پیر) کا دن تھا، اس پر بھی تمام علمائے امت کا اتفاق ہے کہ ربیع الاول کا بابرکت مہینہ تھا اور متقدمین و متاخرین کا اجماع اسی پر ہے کہ تاریخِ ولادت ۱۲ ربیع الاول، عام الفیل ہے۔

(تفہیم المسائل: ج ۴ ص ۲۸۱، مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور)

مشہور مؤرخ امام ابن جریر طبری (متوفی ۳۱۰ھ) لکھتے ہیں:

ولد رسول ﷺ یوم الاثنین عام الفیل لاثنتی عشرة لیلة مضت من شهر ربیع الاول

رسول کریم ﷺ کی ولادت با سعادت پیر کے دن ربیع الاول کی بارہ تاریخ کو عام الفیل میں ہوئی۔

(تاریخ طبری: جلد ۲ صفحہ ۱۲۵)

معروف سیرت نگار علامہ ابن ہشام (متوفی ۲۱۳ھ) اولین سیرت نگار امام محمد بن اسحاق کے حوالے سے رقم طراز ہیں:

ولد رسول ﷺ یوم الاثنین عام الفیل لاثنتی عشرة لیلة خلت من شهر ربیع الاوّل

رسول کریم ﷺ کی ولادت با سعادت پیر کے دن ربیع الاول کی بارہ تاریخ کو عام الفیل میں ہوئی۔

(سیرة النبویہ، جلد ۱ صفحہ ۱۵۸، مطبوعہ بیروت لبنان)

مشہور مؤرخ علامہ ابنِ خلدون (متوفی ۸۰۸ھ) جو فلسفہ اور علم تاریخ کے امام اور موجد تسلیم کیے جاتے ہیں، وہ نبی کریم ﷺ کی تاریخ ولادت کے بارے میں لکھتے ہیں:

ولد رسول اللہ ﷺ عام الفیل لا

رسول کریم ﷺ کی ولادت باسعادت

Marfat.com

لثنتی عشرۃ لیلۃ خلت من ربیع الاول لا ربعین سنۃ من ملک کسری نو شیروان۔

عام الفیل میں ربیع الاول کی بارہ تاریخ کو ہوئی جبکہ نوشیروان کی حکمرانی کا چالیسواں سال تھا۔

(تاریخ ابن خلدون: جلد ۲ صفحہ ۷۱۰، مطبوعہ بیروت)

عصر حاضر کے سیرت نگار محمد صادق ابراہیم عرجون، جو جامعہ ازہر مصر کے کلیہ "اصول الدین" کے مدیر رہے ہیں، اپنی تصنیف "محمد رسول اللہ" میں لکھتے ہیں:

وقد صح من طرق کثیرۃ انّ محمدا علیہ السلام ولد یوم الاثنین لاثنتی عشرۃ مضت من شھر ربیع الاول عام الفیل فی زمن کسریٰ نوشروان ویقول اصحاب التوفیقات التاریخیۃ انّ ذالک یوافق الیوم المکمل للعشرین من شھر اغسطس ۵۷۰م بعد میلاد المسیح علیہ السلام۔

"بکثرت طرقِ روایت سے یہ بات صحیح ثابت ہو چکی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ عام الفیل اور کسریٰ نوشیرواں کے زمانے میں بروز دوشنبہ (پیر) بارہ ربیع الاول کو پیدا ہوئے اور ایسے علماء جو شمسی اور قمری تاریخوں میں مطابقت کرتے ہیں، نے کہا ہے کہ اس دن شمسی تاریخ ۲۰ اگست ۵۷۰ء بنتی ہے"۔

(محمد رسول اللہ، جلد ۱، ص: ۱۰۲، مطبوعہ: دارالقلم، دمشق)

مفتی محمد شفیع دیوبندی (متوفی ۱۳۹۶ھ) "سیرتِ خاتم الانبیاء" میں رقمطراز ہیں.................... "الغرض جس سال اصحابِ فیل کا حملہ ہوا، اس کے ماہِ ربیع الاوّل کی بارھویں تاریخ کے روزِ دوشنبہ دنیا کی عمر میں ایک نرالا دن ہے کہ آج پیدائش عالم کا مقصد، لیل و نہار کے انقلاب کی اصلی غرض، آدم اور اولادِ آدم کا فخر، کشتی نوح کی حفاظت کا راز، ابراہیم کی دعا، موسیٰ و عیسیٰ کی پیش گوئیوں کا مصداق یعنی ہمارے آقائے نامدار محمد رسول اللہ ﷺ رونق افزائے عالم ہوتے ہیں"۔

(سیرت خاتم الانبیاء: ص ۲۰، مطبوعہ دارالاشاعت کراچی)

Marfat.com

اس موضوع پر تحقیقی اور مدلل بحث رقم کرتے ہوئے اپنے وقت کے ممتاز عالم دین پیر محمد کرم شاہ الازہری اپنی مایہ ناز تصنیف ''ضیاء النبی ﷺ'' میں لکھتے ہیں:

ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں یہی تاریخ روایت کی ہے، چنانچہ وہ بیان کرتے ہیں:

رواہ ابن ابی شیبۃ فی مصنفہ عن عفّان عن سعید بن میناء عن جابرٍ وابن عباس انّھما قالا ولد رسول اللہ ﷺ عام الفیل یوم الاثنین الثانی عشر من شھر ربیع الاول وفیہ بُعِثَ وفیہ عُرِجَ بہٖ الی السمآء وفیہ ھاجر وفیہ مات وھذا ھو المشھور عند الجمھور۔

''حضرت جابر اور ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ''رسول اللہ ﷺ عام الفیل روز دوشنبہ (پیر) بارہ ربیع الاول کو پیدا ہوئے، اسی روز آپ ﷺ کی بعثت ہوئی، اسی روز آپ کو معراج عطا ہوئی ، اسی روز آپ ﷺ نے مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ کی جانب ہجرت کی اور آپ ﷺ کے وصال مبارک کا دن بھی یہی ہے، جمہورِ امت کے نزدیک یہی تاریخ (بارہ ربیع الاول) مشہور ہے''۔

اس روایت کے پہلے راوی ابوبکر بن ابی شیبہ ہیں، اُن کے بارے میں ابوزرعہ رازی (متوفی ۲۶۴ھ) کہتے ہیں کہ میں نے ابوبکر بن ابی شیبہ سے بڑھ کر حافظِ حدیث نہیں دیکھا۔ محدث ابن حبان فرماتے ہیں کہ ابوبکر عظیم حافظِ حدیث تھے۔ دوسرے راوی عفان ہیں، اُن کے بارے میں محدثین کی رائے ہے کہ عفان ایک بلند پایہ امام، ثقہ اور صاحبِ ضبط واتقان ہیں۔ تیسرے راوی سعید بن میناء ہیں، اُن کا شمار بھی ثقہ راویوں میں ہوتا ہے۔ یہ صحیح الاسناد روایت دو جلیل القدر صحابہ حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے مروی ہے۔

(تفہیم المسائل، بحوالہ ضیاء النبی: ج۲، ص۳۳ تا ۳۹، مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور)

Marfat.com

علوم قرآن وسنت اور سیرت وتاریخ کے ان مستند ومعتبر علماء کرام، محققین اور مؤرخین کے ان حوالوں کے علاوہ سیرت اور تاریخ کی سینکڑوں کتابوں میں نبی کریم ﷺ کی تاریخ ولادت ۱۲ ربیع الاول لکھی گئی ہے۔ مضمون کی طوالت کی وجہ سے صرف انہی حوالہ جات پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

## فضیلتِ صبح عیدِ بہاراں (ولادت النبی ﷺ)

حضور سید عالم ﷺ اس بزم جہاں میں "پیر" کے دن تشریف لائے، اس لیے آپ ﷺ اپنا یوم میلاد منانے اور اپنی ولادت پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے ہر "پیر" کے دن روزہ رکھتے تھے۔ چنانچہ حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ یارسول اللہ ﷺ آپ ہر پیر کے دن روزہ کیوں رکھتے ہیں؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

ذالك يوم ولدت فيه — یہ وہ دن ہے جس دن میری ولادت ہوئی ہے۔ (صحیح مسلم، کتاب الصیام)

اس حدیث مبارکہ سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ ہر پیر کے دن روزہ رکھتے تھے۔ نیز یہ کہ آپ ﷺ نے خود اپنے یوم میلاد کی عظمت و اہمیت کو اجاگر کیا اور اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کو ظاہر کرتے ہوئے تحدیث نعمت کے طور پر اللہ تعالیٰ کا (روزے کی صورت میں) شکر بھی ادا کیا۔

فضیلت شب ولادت النبی ﷺ (بارہ ربیع الاوّل) کے حوالے سے علامہ احمد قسطلانی (متوفی ۹۱۱ھ) اپنی مایہ ناز تصنیف "المواہب اللدنیہ" میں ایک بڑا ایمان افروز اور روح پرور نکتہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ کی شب ولادت (بارہ ربیع الاول) شب قدر سے افضل و اعلیٰ ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ اس کی تین وجوہ ہیں۔

۱۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ شب ولادت آپ ﷺ کی ذات گرامی کے ظہور کی رات

Marfat.com

ہے اور شب قدر آپ ﷺ کو عطا کی گئی ہے اور اس مسئلہ میں کوئی اختلاف نہیں ہے، اس لحاظ سے شب ولادت، شب قدر سے افضل و اعلیٰ ہے۔

۲۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ شب قدر، نزولِ ملائکہ کی وجہ سے مشرف ہے اور شب ولادت بہ نفس نفیس آپ ﷺ کے ظہور کی وجہ سے شرف یاب ہے اور وہ ذات جس کی وجہ سے شب ولادت کو عظمت و فضیلت دی گئی ہے، یقیناً ان صفات سے افضل ہے جن کی وجہ سے شب قدر کو فضیلت دی گئی ہے، لہٰذا شب ولادت، شب قدر سے افضل واقع ہوئی۔

۳۔ تیسری وجہ یہ ہے کہ لیلۃ القدر میں صرف امت مصطفوی ﷺ پر فضل و انعام واقع ہوتا ہے اور شب ولادت النبی ﷺ میں تمام مخلوقات پر اللہ تعالیٰ کا فضل عظیم ہوا ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ

اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ ﷺ کو تمام جہانوں (کی مخلوقات) کے لیے سراپا رحمت (رحم کرنے والا) بنا کر بھیجا ہے۔

جس کی بدولت تمام مخلوقات عالم پر اللہ تعالیٰ کی نعمتیں اور رحمتیں عام ہوئی ہیں، چنانچہ اس لحاظ سے بھی شب ولادت النبی ﷺ کا نفع بہت زیادہ ہے اور یہی افضل و اعلیٰ ہے۔ (المواہب اللدنیہ: جلد ۱ صفحہ ۷۷، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان)

علامہ ابن الحاج (متوفی ۷۳۷ھ) ماہ ربیع الاول اور پیر کے دن کی عظمت و اہمیت کے سلسلے میں ایک نہایت ایمان افروز اور روح پرور نکتہ بیان فرماتے ہیں کہ......

اگر یہ سوال کیا جائے کہ رسول اللہ ﷺ کی ولادت ماہ ربیع الاول میں پیر کے دن ہوئی، ماہ رمضان میں نہیں ہوئی کہ جس میں قرآن نازل ہوا، نہ لیلۃ القدر میں ہوئی، نہ شعبان کی پندرہویں شب (شب برأت) میں ہوئی، نہ جمعہ کے دن اور نہ اس کی شب میں ہوئی، اس میں کیا حکمت ہے؟۔

Marfat.com

علامہ ابن الحاج فرماتے ہیں کہ اس کا جواب چار طریقوں سے ہے:

الاول ...... پہلا طریقہ یوں ہے کہ درخت اور پھل وغیرہ پیر کے دن پیدا کئے گئے اور اس میں یہ خاص نکتہ اور اشارہ ہے کہ جس طرح انسان کی مادی حیات کے اسباب پیر کے دن بنائے گئے، اسی طرح اس کی روحانی حیات کا سبب کامل (یعنی حضور نبی کریم ﷺ کی ذات مبارکہ کو) بھی پیر کے دن پیدا کیا گیا۔

الثانی ...... دوسرا طریقہ یوں ہے کہ "ربیع" کے معنی ہیں "بہار" اور اس میں یہ اشارہ ہے کہ انسانیت کا گلشن یوں تو صدیوں سے آباد تھا لیکن اس میں بہار اس وقت آئی جب حضور سید عالم ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی۔

الثالث ...... تیسرا طریقہ یہ ہے کہ جس طرح "فصل ربیع" تمام فصلوں سے افضل واعلیٰ ہوتی ہے، اسی طرح حضور نبی کریم ﷺ کی شریعت بھی تمام شریعتوں سے افضل واعلیٰ ہے۔

الرابع ...... چوتھا طریقہ یہ ہے کہ آپ ﷺ اگر رمضان المبارک، لیلۃ القدر، جمعہ کی شب کو پیدا ہوتے تو ان اوقات سے آپ ﷺ کو فضیلت ملتی اور جب آپ ﷺ ماہ ربیع الاول میں پیر کے دن پیدا ہوئے تو اس ماہ اور اس دن کو آپ ﷺ کی بدولت عظمت و فضیلت ملی ہے۔ اور امر واقعہ بھی یہ ہے کہ آپ ﷺ کسی سے فضیلت نہیں پاتے بلکہ کائنات میں جو بھی فضیلت پاتا ہے وہ آپ ﷺ کی (نسبت کی وجہ) سے ہی فضیلت پاتا ہے۔ (المدخل: جلد ا صفحہ ۲۶۔۲۹، دار الکتب العلمیہ بیروت)

محقق علی الاطلاق حضرت سیدنا شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ: "بے شک حضور سرور عالم ﷺ کی شب ولادت، شب قدر سے بھی افضل ہے، کیونکہ شب ولادت حضور نبی کریم ﷺ کے اس دنیا میں جلوہ گر ہونے کی رات ہے، جب کہ لیلۃ القدر حضور نبی کریم ﷺ کو عطا کردہ شب ہے اور جو رات ظہور ذات سرور کائنات ﷺ کی وجہ سے مشرف ہو، وہ اُس رات سے زیادہ شرف و عزت والی ہے جو ملائکہ کے نزول کی

Marfat.com

بنیاد پر مشرف ہے"۔ (ماثبت بالسنۃ، صفحہ ۲۸۹، مطبوعہ کراچی)

## ولادتِ نبوی ﷺ کے انعامات

ولادتِ مصطفوی ﷺ تمام کائنات کے لیے بالعموم اور انسانیت کے لیے بالخصوص ابدی مسرتوں، حقیقی کامیابیوں اور اخروی فلاح ونجات کی پیغامبر بن کر آئی تھی جس سے کائنات کی ہر شے خوشیاں منا رہی تھی اور مسرتوں کا اظہار کر رہی تھی۔ فرشتے بھی اس نعمت خداوندی پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجا لا رہے تھے۔ انبیاء سابقین نے آپ ﷺ کی آمد مبارکہ کی خوشخبریاں دیں۔ عرش اور فرش میں جشن اور بہار کا سماں تھا لیکن ایک ذات ایسی بھی تھی جو کہ فریاد کناں اور چیخ و چلا رہی تھی، جسے ولادت نبوی ﷺ کی خوشی نہیں تھی اور وہ ملعون ابلیس کی ذات تھی اور سب سے پہلے حضور اکرم ﷺ کی ولادت مبارک پر شیطانیت غمگین ہوئی تھی۔

چنانچہ علامہ ابوالقاسم عبدالرحمن السہیلی (متوفی ۵۸۱ھ) اپنی کتاب "الروض الانف" میں تحریر فرماتے ہیں کہ: "ابلیس ملعون زندگی میں چار مرتبہ چیخیں مار کر رویا ہے۔ پہلی مرتبہ جب اس کو ملعون (مردود) قرار دیا گیا۔ دوسری مرتبہ جب اسے بلندی سے پستی کی طرف دھکیلا گیا۔ تیسری مرتبہ جب حضور نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی اور چوتھی مرتبہ جب اللہ تعالیٰ نے سورۃ الفاتحہ کو نازل فرمایا"۔

(الروض الانف: جلد ۱ صفحہ ۱۸۱، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان)

حاصل یہ ہے کہ حضور رحمت دو عالم ﷺ کے میلاد شریف کی برکت سے نہ صرف حضرت ثویبہ کو غلامی سے آزادی ملی بلکہ لاتعداد غلاموں کو نعمتِ آزادی ملی..... ابولہب ایسے کافر کو عذاب دوزخ میں تخفیف ملی ..... اہلِ کفر کو ایمان کی دولت ملی..... اہل ضلالت کو رشد و ہدایت کی سعادت ملی..... تمام مخلوقات کو رحمتِ مصطفوی ﷺ میسر آئی..... اہلِ قرن (زمانہ) کو افضل ترین زمانہ ملا..... بے زبانوں اور بے جانوں کو بھی سلام و کلام اور کلمہ پڑھنے کا شرف ملا..... اہل لسان کو فصاحت و بلاغت کا عظیم شاہکار ملا..... اہل ایمان

Marfat.com

صحبت یافتہ کو "صحابیت" ایسی انمول ترین نعمت و سعادت حاصل ہوئی ......اور ان شاء اللہ! میلادُ النبی ﷺ کی برکت سے تمام صاحبان ایمان کو دنیوی اور اُخروی نعمتیں، سعادتیں، جنت الفردوس کی اعلیٰ ترین دولت، رفاقت مصطفوی ﷺ اور دیدار خداوندی ایسی لازوال اور عظیم الشان نعمتیں ملیں گی، جن کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

حاصل کلام یہ ہے کہ تمام عالم اسلام میں ماہ ربیع الاوّل میں محافل میلاد کا انعقاد اور خوشی و مسرت کا اظہار کرنا، انواع و اقسام کے صدقہ و خیرات کرنا اور دعوت طعام کا اہتمام کرنا وغیرہ ہمیشہ سے مسلمانوں کا محبوب طرزِ عمل رہا ہے اور میلاد شریف کے خواص میں سے یہ ہے کہ میلاد شریف کی برکت سے اس سال اللہ تعالیٰ کا خاص فضل و کرم ہوتا ہے۔

وہ لوگ خدا شاہد قسمت کے سکندر ہیں جو سرورِ عالم کا میلاد مناتے ہیں
آقا کی ثناء خوانی دراصل عبادت ہے ہم نعت کی صورت میں قرآن سناتے ہیں

عالم اسلام کے تمام مسلمان بارہ ربیع الاوّل کو یہ عظیم الشان اور ایمان افروز تہوار جشن عید میلادُ النبی ﷺ ہمیشہ سے مناتے چلے آرہے ہیں اور جب تک یہ دنیا قائم و دائم ہے اور ایک بھی مسلمان روئے زمین پر باقی ہے، یہ جشن عید میلادُ النبی ﷺ اسی طرح عقیدت و محبت، خوشی و مسرت اور پوری آب و تاب کے ساتھ منایا جاتا رہے گا اور اہل ایمان میلاد شریف کی برکتوں، رحمتوں اور دنیوی و اُخروی سعادتوں سے فیض یاب ہوتے رہیں گے۔

Marfat.com

# عیدوں کی عید...... میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مولانا محمد ناصر خان چشتی

## جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند

موسمِ بہار کی ایک دلآویز اور نورانی صبح تھی۔ ماہِ ربیع الاوّل کی بارہویں تاریخ دو شنبہ (پیر) کی مبارک صبح تھی، جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند! یعنی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے مبارک گھر میں حضرت بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا کے بطن اطہر سے تاجدارِ عرب وعجم، محسن کائنات، روحِ کائنات، سید الانبیاء والمرسلین، تاجدارِ ختم نبوت پیغمبر انقلاب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس بزمِ عالم میں جلوہ گر ہوئے۔ آمدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہر طرف نور پھیل گیا ......ہر جانب روشنی چھا گئی...... ہر سمت اُجالا ہو گیا...... چہار سو توحید و رسالت کا چاند جگمگانے لگا......آپ آئے تو سارے جہاں کو نورِ نبوت اور شمعِ رسالت سے روشن ومنور کر دیا......جس سے کائنات ارض وسماء کا کونا کونا بقعۂ نور بن گیا۔

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند  اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

## عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معنیٰ و مفہوم

عید کا معنی اور مفہوم بیان کرتے ہوئے امام راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ) رقمطراز ہیں کہ: "عید" لغت کے اعتبار سے" اس دن کو کہتے ہیں کہ جو بار بار لوٹ کر آئے" اور اصطلاحِ شریعت میں عید الفطر اور عید الاضحیٰ کو کہتے ہیں اور یہ دن شریعت میں خوشی منانے کیلئے مقرر کیا گیا ہے۔ (المفردات)

## عرفاً یوم عید

علامہ غلام رسول سعیدی صاحب کے الفاظ میں یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ شرعی اور اصطلاحی عیدیں تو صرف عید الفطر اور عید الاضحیٰ ہیں اور یوم عرفہ اور یوم جمعہ عرفاً عید

Marfat.com

ہیں اور جس دن کوئی نعمت اور خوشی حاصل ہو، وہ بھی عرفاً عید کا دن ہے اور تمام نعمتوں کی اصل سیدنا محمد ﷺ کی ذات گرامی ہے۔ سو جس دن یہ عظیم نعمت حاصل ہوئی۔ وہ تمام عیدوں سے بڑھ کر عید ہے اور یہ بھی عرفاً عید ہے، شرعاً عید نہیں ہے۔ اس لئے مسلمان ہمیشہ سے اپنے نبی ﷺ کی ولادت کے دن یعنی بارہ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مناتے ہیں۔ (تفسیر تبیان القرآن، جلد ۳ صفحہ ۶۸، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور)

## مقدس مذہبی تہوار:

میلادُ النبی ﷺ ..... "حضور نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت کا دن"۔ عید اور خوشی کا یہ دن مسلمانوں کا عظیم مذہبی تہوار ہے، جو سال کے بارہ مہینوں میں بالعموم اور ماہ ربیع الاوّل میں بالخصوص اور بارہ ربیع الاوّل کو خصوصاً بالخصوص انتہائی عقیدت ومحبت، جوش وخروش اور ذوق وشوق کے ساتھ منایا جاتا ہے اور اس دن خصوصی اجتماعات اور دینی محافل کا اہتمام کیا جاتا ہے، جن میں حضور سید عالم ﷺ کی ولادت مبارکہ، آپ ﷺ کی سیرت طیبہ، آپ ﷺ کے خصائص وشمائل، آپ ﷺ کے معجزات اور آپ ﷺ کی عظمت وفضائل کو بیان کیا جاتا ہے اور آپ ﷺ کی بارگاہ میں بہ کثرت درود شریف، نعتیں اور صلوٰۃ وسلام کا نذرانہ پیش کیا جاتا ہے اور فقیروں اور مسکینوں میں کھانا وغیرہ تقسیم کیا جاتا ہے، ان محافل کو عرف عام میں "میلاد" کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

## یوم عید، میلادُ النبی ﷺ

ہر خوشی اور مسرت حاصل ہونے کے دن کیلئے لفظ "عید" استعمال ہوتا ہے اور جس دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی نعمت ورحمت نازل ہو تو وہ بدرجہ اولیٰ عید کا دن ہوتا ہے اور بارہ ربیع الاوّل کو تمام اہل ایمان عید کہتے ہیں اور اس دن کو عید اس لئے کہتے ہیں کہ اس دن اللہ تعالیٰ کی سب سے عظیم ترین نعمت (حضور رحمت دو عالم ﷺ) کا نزول ہوا، جس دن اللہ تعالیٰ کے محبوب، روح کائنات اور تمام نعمتوں کی جان یعنی حضور سید عالم ﷺ اس گلشن ہستی میں رونق افروز ہوئے، وہ دن اگر عید کا نہیں تو پھر کون سا دن عید کا ہو

Marfat.com

گا...... بلاشبہ! یوم میلادُ النبی ﷺ اہل ایمان کیلئے یقیناً تمام عیدوں (یعنی عید الفطر، عید الاضحیٰ، یوم الجمعہ، یوم عرفہ وغیرہ) سے بڑھ کر عید کا دن ہے، کیونکہ باقی تمام عیدیں اور اللہ تعالیٰ کی تمام تر نعمتیں (یعنی اسلام، قرآن، آل اولاد، مال و متاع، ہاتھ پاؤں، آنکھیں وغیرہ) سب اسی نعمت کے صدقے سے ہمیں نصیب ہوئی ہیں۔

نثار تیری چہل پہل پہ ہزار عیدیں ربیع الاوّل
سوائے ابلیس کے جہاں میں سبھی تو خوشیاں منا رہے ہیں

## یوم عید، نزول دسترخوانِ عیسیٰ علیہ السلام:

نعمت حاصل ہونے کے دن کو عید کہنا یہ قرآن و حدیث سے ثابت ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے عرض کی کہ اے اللہ! ہم پر اپنی نعمتوں کا دسترخوان اُتار، تاکہ وہ ہمارے اگلوں اور پچھلوں کیلئے عید کا دن ہو جائے۔ چنانچہ قرآن مجید میں ارشاد خداوند کریم ہے۔

قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ أَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ۝

(سورۃ المائدہ: آیت ۱۱۴)

عیسیٰ ابن مریم نے دعا کی، اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! ہم پر آسمان سے خوانِ (نعمت و طعام) نازل فرما دے تاکہ (اس کے اترنے کا دن) ہمارے لئے عید ہو جائے، ہمارے اگلوں کیلئے بھی اور ہمارے پچھلوں کے لئے بھی اور خوانِ نعمت تیری طرف سے (تیری قدرت کی اور میری نبوت کی) نشانی ہو اور ہمیں رزق عطا کر اور تو سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

اس آیت مبارکہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس دن کو اپنی تمام امت کے لئے عید

Marfat.com

قرار دے رہے ہیں جس دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نعمت (خوانِ طعام) نازل ہوگی۔ پھر آپ اندازہ کیجئے کہ جس دن اللہ تعالیٰ کے محبوب، روح کائنات اور تمام نعمتوں کی جان یعنی حضور سید عالم ﷺ اس گلشن ہستی میں جلوہ گر ہوئے، وہ دن اگر عید کا نہیں تو پھر کون سا دن عید کا ہوگا؟۔ بلا شبہ یوم میلاد النبی ﷺ! اہل ایمان کے لئے یقیناً تمام عیدوں (یعنی عید الفطر، عید الاضحیٰ، یوم الجمعہ، یوم عرفہ وغیرہ) سے بڑھ کر عید ہے، کیونکہ باقی تمام عیدیں بھی تو اسی دن کے صدقے سے ہمیں نصیب ہوئی ہیں۔

صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی علیہ الرحمتہ (متوفی ۱۳۶۷ھ) اس آیت کریمہ کے تحت لکھتے ہیں: "یعنی ہم اس (خوانِ طعام) کے نزول کے دن کو عید منائیں، اس کی تعظیم کریں، خوشیاں منائیں، تیری عبادت کریں، شکر بجا لائیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ جس روز اللہ تعالیٰ کی کوئی خاص رحمت نازل ہو، اس دن کو عید بنانا اور خوشیاں منانا، شکر الٰہی بجا لانا طریقہ صالحین ہے اور کچھ شک نہیں کہ حضور سید عالم ﷺ کی تشریف آوری اللہ تعالیٰ کی عظیم ترین نعمت اور بزرگ ترین رحمت ہے، اس لئے حضور اکرم ﷺ کی ولادت مبارکہ کے دن عید منانا اور میلاد شریف پڑھ کر شکر الٰہی بجا لانا اور اظہار فرح اور سرور کرنا مستحسن و محمود اور اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں کا طریقہ ہے"۔

(تفسیر خزائن العرفان)

## مومنوں پر اللہ کا احسانِ عظیم

اللہ تبارک تعالیٰ نے اپنا پیارا محبوب امام الانبیاء، تاجدار ختم نبوت حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو مبعوث فرما کر تمام صاحبان ایمان پر احسان جتایا۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

| | |
|---|---|
| لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ | بلاشبہ اللہ نے مومنوں پر بڑا احسان فرمایا جب اس نے ان میں ایک عظمت والا رسول بھیجا انہیں میں سے جو اُن پر اس کی آیات پڑھتا ہے اور ان (کے باطن) کو |

Marfat.com

ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ○ (آل عمران: آیت ۱۶۴)

پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے اور اس سے پہلے وہ کھلی گمراہی میں تھے۔

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کی تشریف آوری کو احسان کے طور پر ذکر فرمایا ہے۔ بلاشبہ حضور رحمت دوعالم ﷺ کی ولادت باسعادت عالم انسانیت پر احسان عظیم ہے۔ واضح رہے کہ احسان نعمت کے نزول وحصول پر ہوتا ہے، لہٰذا حضور سید عالم ﷺ کی ذات گرامی نعمت قرار پائی۔ اللہ تعالیٰ کی جتنی نعمتیں ہیں، ان کا ذکر کرنا باعث فلاح ونجات اور ان نعمتوں کا شکر بجالانا اور تحدیث نعمت کرنا ضروری ہے اور حضور اکرم ﷺ چونکہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں عظیم ترین نعمت ہیں۔ اس لئے آپ ﷺ کا ذکر خیر کرنا دنیا وآخرت میں کامیابی کا ذریعہ ہے اور محافل میلاد کا انعقاد، حضور اکرم ﷺ کے ذکر پاک کی ایک عظیم اور بہترین صورت ہے۔

## نعمت واحسان کا چرچا

احسان اس لئے جتایا جاتا ہے تاکہ اس احسان ونعمت کو یاد رکھا جائے، اس کا تذکرہ کیا جائے، اس کو کبھی فراموش نہ کیا جائے بلکہ اس نعمت ورحمت اور اس فضل واحسان کا خوب چرچا کیا جائے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ (سورۃ الضحیٰ: آیت ۱۱)

اور تم اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔

## اللہ تعالیٰ کی نعمت وفضل پر خوشیاں منانا

پھر اللہ تعالیٰ نے اس فضل ورحمت اور نعمت واحسان کے چرچے کے ساتھ اس پر خوشیاں منانے کا بھی حکم فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا

(اے رسول محترم ﷺ) آپ فرما دیجئے

Marfat.com

هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ

(سورۂ یونس: آیت ۵۸)

کہ (یہ سب کچھ) محض اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے ہے۔ پس تم (سب مومنوں) کو چاہیئے کہ اس پر خوشیاں منائیں، یہ اس (سارے مال و دولت) سے کہیں بہتر ہے جسے وہ جمع کرتے ہیں۔

## محافلِ میلاد کا انعقاد

اس آیت مبارکہ سے یہ واضح ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کے ہر فضل و کرم اور اس کی نعمت و رحمت کے حصول پر فرحت و خوشی کا اظہار کرنا چاہیئے اور خوشی و مسرت پر اظہار کرنے کے کئی طریقے ہوتے ہیں، مثلاً اس نعمت اور رحمت کا خوب ذکر کرنا، اللہ تعالیٰ کی راہ میں صدقہ و خیرات کرنا، محفلیں منعقد کرنا (مثلاً بچے کی ولادت پر عقیقہ، نکاح کی خوشی میں دعوتِ ولیمہ و تقریب طعام کا اہتمام کرنا) وغیرہ۔ چونکہ حضور سید عالم ﷺ کی ذات گرامی، تمام مخلوق پر اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت و رحمت ہے، اس لئے آپ ﷺ کی آمد کا دن مسلمانوں کے لئے تمام عیدوں سے بڑھ کر عید کا دن ہے۔ لہٰذا آپ ﷺ کی آمد مبارکہ پر مومنوں کو بے پناہ خوشی و مسرت منانی چاہیئے اور محفل میلاد النبی ﷺ منعقد کرنا اجتماعی طور پر خوشی کے اظہار کی ایک بہترین اور عظیم صورت ہے۔

## پیر کے دن روزۂ نبوی ﷺ

حضور سید عالم ﷺ اس بزم جہاں میں "پیر" کے دن تشریف لائے، اس لئے آپ ﷺ اظہارِ تشکر کے لئے ہر "پیر" کے دن روزہ رکھتے تھے۔ چنانچہ حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ یارسول اللہ ﷺ! آپ ہر پیر کے دن روزہ کیوں رکھتے ہیں؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

یہ وہ دن ہے جس دن میری ولادت ہوئی اور اسی دن مجھ پر وحی الٰہی نازل

Marfat.com

(ہونے کی ابتداء) ہوئی۔ (صحیح مسلم، مشکوۃ المصابیح)

اس حدیث مبارکہ سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ ہر پیر کے دن روزہ رکھتے تھے۔ نیز یہ کہ آپ ﷺ نے خود اپنے یوم میلاد کی عظمت و اہمیت کو اجاگر بھی کیا اور اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کو ظاہر کرتے ہوئے تحدیث نعمت کے طور پر اللہ تعالیٰ کا (روزے کی صورت میں) شکر بھی ادا کیا۔

## میلاد النبی ﷺ منانے کی برکتیں اور سعادتیں

احادیث مبارکہ کی کتب میں یہ روایت منقول ہے کہ ابولہب جو ایک مشہور کافر اور حضور سید عالم ﷺ کے نسبی رشتہ میں چچا تھا۔ جب حضور نبی کریم ﷺ کی ولادت مبارک ہوئی تو ابولہب کی لونڈی (کنیز) ثویبہ نے آپ ﷺ کی ولادت کی خوشخبری اپنے مالک ابولہب کو سنائی تو ابولہب نے اسی وقت حضور ﷺ کی ولادت کی خوشی میں اپنی لونڈی ثویبہ کو اپنی غلامی سے آزاد کر دیا۔

جب ابولہب مر گیا تو اس کے گھر والوں میں سے کسی (حضرت عباس رضی اللہ عنہ) نے اسے خواب میں دیکھا اور اس کا حال دریافت کیا، تو اس نے کہا کہ کفر کی وجہ سے دوزخ کے عذاب میں مبتلا ہوں مگر ہاں اتنی بات ضرور ہے کہ ہر پیر کے دن میرے عذاب میں کچھ تخفیف (کمی) ہو جاتی ہے اور جس انگلی سے میں نے اشارہ کرکے اپنی لونڈی ثویبہ کو غلامی سے آزاد کیا تھا، اس انگلی سے مجھے (پانی وغیرہ) پلایا جاتا ہے۔

(بہ حوالہ: صحیح بخاری، فتح الباری)

☆ علامہ ابن الجزری (متوفی ۸۳۳ھ) فرماتے ہیں کہ جب ابولہب ایسے کافر، جس کی مذمت میں قرآن مجید کی ایک سورت (سورۃ اللہب) نازل ہوئی اس کو (حضور اکرم ﷺ کے میلاد کی خوشی منانے پر) یہ انعام ملا تو اس مسلمان کو کیا صلہ ملے گا جو اپنے رسول کریم ﷺ کی ولادت کی خوشی مناتا ہے، مجھے میری عمر کی قسم! اس کی جزا یقیناً یہی ہوگی کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے جنت نعیم میں داخل فرمائے گا"۔

(المواہب اللدنیہ: جلد ا صفحہ ۷۸)

Marfat.com

☆ محقق علی الاطلاق حضرت علامہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۰۵۲ھ) ثویبہ کو آزاد کرنے اور ابولہب کے عذاب میں تخفیف کا ذکر کرنے کے بعد اپنی مایہ ناز کتاب "مدارج النبوت" میں فرماتے ہیں کہ:

"اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کی شب "محفل میلاد" منعقد کرنے والوں اور اس پر خوشیاں منانے والوں کے لئے دلیل ہے کہ وہ اس پر مال ومتاع خرچ کرتے ہیں کیونکہ ابولہب جو کہ کافر تھا اور اس کی مذمت میں قرآن نازل ہوا، جب اسے بھی میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشی منانے اور اپنی لونڈی (ثویبہ) کے دودھ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے خرچ کرنے کی وجہ سے جزا دی گئی تو اس مسلمان وموحد کی جزا کا عالم کیا ہوگا جو محبت اور خوشی سے لبریز ہو کر اپنا مال ومتاع خرچ کرتا ہے"۔

(مدارج النبوت: جلد ۲ صفحہ ۱۹)

## میلادِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے انعامات

حاصلِ کلام یہ ہے کہ حضور رحمت دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے میلاد شریف کی برکت سے نہ صرف حضرت ثویبہ کو غلامی سے آزادی ملی بلکہ لاتعداد غلاموں کو نعمتِ آزادی ملی ....ابولہب ایسے کافر کو عذابِ دوزخ میں تخفیف ملی .....اہلِ کفر کو ایمان کی دولت ملی .. ..اہل ضلالت کو رشد وہدایت کی سعادت ملی .....تمام مخلوقات کو رحمتِ مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم میسر آئی.....اہلِ قرن (زمانہ) کو افضل ترین زمانہ ملا.....بے زبانوں اور بے جانوں کو بھی سلام وکلام اور کلمہ پڑھنے کا شرف ملا.....اہل لسان کو فصاحت و بلاغت کا عظیم شاہکار ملا....اہل ایمان صحبت یافتہ کو "صحابیت" ایسی انمول ترین نعمت وسعادت حاصل ہوئی......اور ان شاء اللہ! میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے تمام صاحبان ایمان کو دنیوی اور اُخروی نعمتیں، سعادتیں، جنت الفردوس کی اعلیٰ ترین دولت، رفاقت مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم اور دیدارِ خداوندی ایسی لازوال اور عظیم الشان نعمتیں ملیں گی، جن کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

Marfat.com

# شاہ عبدالرحیم دہلوی اور محفل میلاد

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم حضرت شاہ عبدالرحیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "میں میلاد شریف کے دنوں میں ہر سال حضور نبی کریم ﷺ کے میلاد شریف کی خوشی میں کھانا پکوایا کرتا تھا لیکن ایک سال مجھے سوائے بھنے ہوئے چنوں کے اور کچھ مجھے میسر نہیں ہوا۔ چنانچہ میں نے وہی بھنے ہوئے چنے لوگوں میں تقسیم کر دیئے۔ اسی رات کو خواب میں مجھے حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی تو میں نے دیکھا کہ وہی بھنے ہوئے چنے حضور سید عالم ﷺ کے سامنے رکھے ہوئے ہیں اور حضور ﷺ ان سے بہت خوش نظر آ رہے ہیں"۔ (الدر الثمین: صفحہ ۸)

★ شیخ المشائخ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی علیہ الرحمۃ (متوفی ۱۳۱۷ھ) فرماتے ہیں کہ "اور مشرب (طریقہ) فقیر کا یہ ہے کہ محفل مولد (میلاد) میں شریک ہوتا ہوں بلکہ ذریعہ برکات سمجھ کر ہر سال منعقد کرتا ہوں اور قیام میں لطف و لذت پاتا ہوں"۔

(فیصلہ ہفت مسئلہ: ص ۵)

★ حضرت علامہ عبدالحئی لکھنوی لکھتے ہیں:...... "جس وقت بھی محفل میلاد کی جائے، باعث ثواب ہے اور حرمین شریفین، بصرہ، شام، یمن اور دوسرے ممالک کے لوگ بھی ربیع الاوّل کا چاند دیکھ کر میلاد کا اہتمام کرتے ہیں، چراغاں کرتے ہیں، خوشی کا اظہار کرتے ہیں، کارِ خیر کرتے ہیں، قرآن پڑھتے ہیں نعت اور سماعت میلاد کا اہتمام کرتے ہیں اور روح پرور محافل کا انعقاد کرتے ہیں، یہ ان کے معمولات میں شامل ہیں"۔

(مجموعۃ الفتاویٰ: جلد ۲ صفحہ ۲۱۲)

حاصل کلام یہ ہے کہ تمام عالم اسلام میں ماہ ربیع الاوّل میں محافل میلاد کا انعقاد اور خوشی و مسرت کا اظہار کرنا، انواع و اقسام کے صدقہ و خیرات کرنا اور دعوت طعام کا اہتمام کرنا وغیرہ ہمیشہ سے مسلمانوں کا محبوب طرز عمل رہا ہے۔ اور میلاد شریف کے خواص میں سے یہ ہے کہ میلاد شریف کی برکت سے اس سال اللہ تعالیٰ کا خاص فضل و کرم ہوتا

Marfat.com

ہے۔

وہ لوگ خدا شاہد قسمت کے سکندر ہیں جو سرورِ عالم کا میلاد مناتے ہیں

عالم اسلام کے تمام مسلمان بارہ ربیع الاوّل کو یہ عظیم الشان اور ایمان افروز تہوار جشن عید میلاد النبی ﷺ ہمیشہ سے مناتے چلے آرہے ہیں اور جب تک یہ دنیا قائم ودائم ہے اور ایک بھی مسلمان روئے زمین پر باقی ہے، یہ جشن عید میلاد النبی ﷺ اسی طرح عقیدت ومحبت، خوشی ومسرت اور پوری آب وتاب کے ساتھ منایا جاتا رہے گا اور اہل ایمان میلاد شریف کی برکتوں، رحمتوں اور دینوی واُخروی سعادتوں سے فیض یاب ہوتے رہیں گے۔

صدائیں درودوں کی آتی رہیں گی جنہیں سن کے دل شاد ہوتا رہے گا
خدا اہلسنت کو آباد رکھے، محمد کا میلاد ہوتا رہے گا

## حضور سید عالم ﷺ کی عظیم سیرت نگاری

حضور رحمت دوعالم ﷺ کی حیات مبارکہ کے بارے میں اتنا کچھ لکھا جاچکا ہے کہ یقین ویمین کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ اتنا کسی اور شخصیت کے بارے میں نہیں لکھا گیا۔آپ ﷺ کی انقلاب وحیات آفرین سیرت کا ایک ایک گوشہ...... ایک ایک انگ......ایک ایک جہت......ایک ایک پہلو......ایک ایک پیشین گوئی اور ایک ایک معجزہ کو مؤرخین، اہل سیر علماء اور محدثین کرام نے اقوامِ عالم کے سامنے اجاگر کیا اور دینوی واُخروی سعادتیں پائیں اور حقیقت یہ ہے کہ حضور سید عالم ﷺ کی سیرت نگاری ختم ہونے والی نہیں ہے، لیکن اس عظیم صف میں جگہ پانا باعثِ سعادت اور ذریعۂ نجات ہے۔

اوراسی طرح آپ ﷺ کے سوانح نگاروں کا ایک طویل سلسلہ ہے جس کا ختم ہونا بھی ناممکن ہے لیکن اس میں جگہ پالینا قابل عزت وعظمت اور باعث فخر و سعادت ہے۔ چنانچہ میں نے بھی حضور رحمت دوعالم ﷺ کی سیرت طیبہ پر لکھنے کی سعادت حاصل کرنے کیلئے یہ چند سطور رقم کی ہیں۔اللہ تعالیٰ اسے قبول ومنظور فرمائے اور میرے

Marfat.com

لئے باعث شفاعتِ مصطفیٰ ﷺ اور ذریعۂ نجات بنائے اور اللہ جل شانہ کے پیارے حبیب آقائے دوعالم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں التجا ہے کہ:

چمک تجھ سے پاتے ہیں، سب پانے والے ۔۔۔ میرا دل بھی چمکا دے، چمکانے والے

## علامہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی دعا

''اے اللہ! میرا کوئی عمل ایسا نہیں ہے جسے تیرے دربار میں پیش کرنے کے لائق سمجھوں۔ میرے تمام اعمال فسادِ نیت کا شکار ہیں، البتہ مجھ فقیر کا ایک عمل صرف تیری ذاتِ پاک کی عنایت کی وجہ سے بہت شاندار ہے اور وہ یہ ہے کہ مجلسِ میلاد کے موقع پر میں کھڑے ہو کر سلام پڑھتا ہوں اور بہت ہی عاجزی و انکساری اور خلوص و محبت کے ساتھ تیرے حبیب پاک ﷺ پر درود و سلام بھیجتا ہوں...... اے اللہ! وہ کون سا مقام ہے جہاں میلاد مبارک سے زیادہ تیری خیر و برکت کا نزول ہوتا ہے۔

اس لئے اے ارحم الراحمین! مجھے پختہ یقین ہے کہ میرا یہ عمل کبھی بے کار نہیں جائے گا بلکہ یقیناً تیری بارگاہ میں قبول ہوگا اور جو کوئی درود و سلام پڑھے اور اس کے ذریعے دعا کرے وہ کبھی مسترد نہیں ہو سکتی''۔ (اخبار الاخیار: صفحہ نمبر ۶۲۴)

## اہلِ ایمان سے التماس والتجا:

آخر میں تمام اہل ایمان واہل محبت سے مؤدبانہ التماس ہے کہ وہ محافل میلاد ضرور منعقد کریں، اس میں شرکت بھی کریں لیکن محافل میلاد کے آداب و احترام کو ملحوظ رکھیں اور محافل میلاد کی تمام تقریبات میں باوضو شرکت کریں اور سراپا ادب بن کر اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول ﷺ کا ذکر پاک کریں اور سنیں اور بالخصوص حضور سید عالم ﷺ کی کامل اطاعت و محبت میں اپنی زندگی گزارنے کا عزم مصمم کریں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں حضور رحمت دوعالم ﷺ کی اصلی سچی محبت نصیب فرمائے کہ ہم خود بہ خود سنتِ مصطفوی ﷺ کے سانچے میں ڈھلتے چلے جائیں اور ہمارا وجود دوسروں کیلئے مینارۂ نور اور مشعل راہ بن جائے۔ (آمین یا رب العالمین بجاہ سید المرسلین ﷺ)

Marfat.com

# حضور سید عالم ﷺ کی ولادت اقدس

مولانا مولوی الشاہ محمد قاسم حسین ہاشمی مصطفائی فضل رحمانی بریلوی

اللہ رب العزت جل جلالہ اپنی خدائی کا اظہار فرمانا چاہتا ہے تو سب سے پہلے اپنے حبیب اقدس و اکرم ﷺ کا نور مقدس اپنے نور اقدس شریف سے پیدا فرماتا ہے، پھر اس نور مقدس سے عرش و کرسی و لوح و قلم چاند سورج بہشت اور جمیع موجودات کو عالم ظہور میں لاتا ہے۔ مجلس میثاق میں رب العزت جل جلالہ، اپنے حبیب اعظم ﷺ کا خود میلاد اقدس شریف پڑھتا ہے اور تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ و السلام سنتے ہیں اور حضور کی اطاعت کا قول دیتے ہیں بلکہ ان کی نبوت ہی حضور (ﷺ) کے مطیع و امتی بننے پر مشروط ہوتی ہے تو سب سے پہلے حضور کا ذکر تشریف آوری کرنے والا اللہ جل جلالہ ہے اور ذکر پاک کی سب میں پہلی مجلس انبیاء علیہم الصلوٰۃ و السلام ہے جس میں پڑھنے والا اللہ جل جلالہ اور سننے والے انبیاء علیہم الصلوٰۃ و السلام ہیں۔

پھر سیدنا آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ایک پتلا مبارک بنایا جاتا ہے اور روح کو اس میں داخل ہونے کا فرمان اقدس شریف فرمایا جاتا ہے۔ روح اس قالب خاکی میں بوجہ تاریکی داخل ہوتے ہوئے گھبراتی ہے تو پیشانی میں نور محمدی ﷺ امانت رکھا جاتا ہے روح خوشی کے نعرے لگاتی ہوئی داخل ہوتی پھر ملائکہ علیہم السلام کو سجدہ تعظیمی کا فرمان اقدس شریف پہنچتا ہے سب تعمیل کرتے ہیں مقبول ہوتے ہیں۔ شیطان انکار کرتا ہے، مردود ہوتا ہے۔ سیدنا آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مسجود ملائک ہونا اسی پر مبنی ہے کہ ان کی پیشانی میں یہ مقدس نور ودیعت ہوتا ہے جو بعد میں تشریف لاکر تمام عالم کو روشن و منور فرمانے والا ہے۔

پھر سیدنا آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بہشت میں داخل فرمایا جاتا ہے اور سیدنا حوا علیہا السلام کو پیدا فرمایا جاتا ہے جب براہ نسیان دانہ گندم کھاتے ہیں تو بحکمت الٰہی آپ اور آپ کی زوجہ جنت سے اتار دیے جاتے ہیں جب دنیا میں آتے ہیں توبہ کرتے ہیں۔ تقریباً تین سو برس [illegible] مدتوں میں حیران پھرا کرتے ہیں مگر رحمت الٰہی بظاہر ان کی طرف متوجہ

Marfat.com

نہیں ہوتی ہے۔ آخر کار آپ اس مقدس ذات کو وسیلہ بناتے ہیں جو دربار الٰہی جل جلالہٗ میں سب سے زیادہ مقرب ہے اور دعا فرماتے ہیں کہ اے اللہ جل جلالہ تو محمد ﷺ کے واسطے ان کے باپ آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خطا معاف فرما۔

چنانچہ دعا مقبول ہوتی ہے اور ارشاد فرمایا جاتا ہے کہ اے آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام اس نام کے وسیلہ جلیلہ سے اگر تو تمام عالم کی مغفرت چاہتا تو میں قبول فرمالیتا۔ اس سے حضور کا سردار انبیاء ہونا اور سب پر ان کی فضیلت ثابت ہوتی ہے (علیہم الصلوٰۃ والسلام)۔ پھر یہ نور اقدس شریف پاک پشتوں اور پاک شکموں میں درجہ بہ درجہ منتقل ہوتا رہتا ہے اور ہر زمانے میں ذکر ولادت وتشریف آوری ہوتا چلا آتا ہے اور نئی نئی شان کے معجزات بکثرت ہر جگہ اس سے صادر ہوتے رہتے ہیں۔ ہر قرن میں انبیاء و مرسلین آدم سے لے کر ابراہیم و موسیٰ و داؤد و سلیمان و زکریا علیہم الصلوٰۃ والسلام تک تمام نبی و رسل اپنے اپنے زمانہ میں مجلس حضور ترتیب دیتے رہے ہیں یہاں تک کہ یہ سب میں پچھلا ذکر شریف سنانے والا کنواری ستھری پاک بتول کا بیٹا جسے اللہ جل جلالہٗ نے بے باپ کے پیدا کیا۔ نشانی سارے جہاں کے لئے یعنی سیدنا عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام یہ ذکر ولادت اقدس شریف پڑھتا ہوا تشریف لاتا ہے کہ میں بشارت دیتا ہوں ایک رسول کی جو عنقریب میرے بعد تشریف اقدس تشریف لانے والے ہیں جن کا نام پاک احمد (ﷺ) ہے۔

یہ ہے مجلس میلاد جب زمانہ ولادت اقدس شریف کا قریب آتا ہے تمام ملک وملکوت میں محفل میلاد منعقد ہوتی ہے۔ عرش پر محفل میلاد فرش پر محفل میلاد ملائکہ میں مجلس میلاد ہو رہی ہے، خوشیاں مناتے حاضر آتے ہیں، سر جھکائے کھڑے ہیں۔ جبریل و میکائیل علیہما السلام حاضر ہیں اس دولہا کا انتظار ہو رہا ہے جس کے صدقہ میں ساری برات بنائی گئی ہے۔ سبع سموات میں عرش وفرش پر دھوم ہے، ذرا انصاف کرو تھوڑی سی مجازی قدرت والا اپنی مراد کے حاصل ہونے پر جس کا مدت سے انتظار ہے اب وقت آیا ہے کیا کچھ خوشی کے سامان نہ کرے گا۔

یہ عظیم مقتدر جل جلالہٗ جو چھ ہزار برس بیشتر بلکہ لاکھوں برس سے ولادت محبوب کے پیش خیمہ تیار فرما رہا ہے، اب وقت آیا ہے کہ یہ مراد المرادین ظہور فرمانے والے ہیں قادر

Marfat.com

علیٰ کل شئی کیا کچھ خوشی کے سامان مہیا نہ فرمائے گا۔ شیاطین کو اس وقت جلن ہو رہی تھی اور اب بھی جو شیاطین اور ان کی زیارت ہیں جلتے ہیں اور ہمیشہ جلیں گے۔ پہاڑوں میں ابلیس اور تمام گروہ سرکش قید کردیئے جاتے ہیں۔ ملائکہ سبع سموات دھوم مچا رہے ہیں، عرش عظیم ذوق و شوق میں جھوم رہا ہے، ملائکہ اور افلاک کے ساتھ ان کو سجدے کر رہا ہے ایک علم مشرق اور دوسرا مغرب اور تیسرا بام کعبہ پر نصب کیا جاتا ہے اور بتایا جاتا ہے کہ ان کا دارالسلطنت کعبہ ہے اور ان کی سلطنت مشرق سے مغرب تک تمام جہان انھیں کی سلطنت انھیں کی قلمرو میں داخل ہے چاہنے والے نے دونوں جہان کو سجا دیا ہے، زینت سے منور فرما دیا ہے، ابر رحمت گھرا ہوا ہے، عرشی و فرشی شوق دیدار میں منتظر لقائے اقدس شریف کھڑے ہیں ہر طرف شور مرحبا و مبارک باد مچا ہے، کونین میں شادی رچی ہے، اس مراد کے ظاہر ہونے کی گھڑی آ پہنچی کہ اول روز سے اس کی محفل میلاد اس کے خیر مقدم کی مبارک باد ہو رہی ہے۔

قادر علیٰ کل شئی نے اس کی خوشی میں کیسے کچھ انتظام فرمائے ہیں۔ جبرئیل امین ایک پیالہ شربِ جنت سے سیدتنا آمنہ علیہا السلام کے لئے لے کر حاضر ہوتے ہیں اس کے نوش فرمانے سے وہ دہشت جو ایک آواز سننے سے پیدا ہو چکی ہے زائل ہو جاتی ہے پھر ایک مرغ سپید کی شکل بن کر اپنا پوطن مبارک سے ملتے ہیں اور ان مقدس آوازوں سے بزم کونین گونج رہی ہے۔

تشریف اقدس شریف لایئے۔ اے سیدنا آدم کی توبہ قبول ہونے کا ذریعہ مقدس علیک الصلوٰۃ و السلام تشریف اقدس لایئے۔ اے اول و آخر ظاہر و باطن علیک الصلوٰۃ و السلام تشریف اقدس لایئے اے خزانہ الٰہی کے مختار کل نعمائے الٰہی کے قاسم نائب خدا عالم ماکان و مایکون عرش خدا کی زینت آئینہ جمال الٰہی محبوب کبریا عکس ذات الٰہی دونوں جہان کے مالک و مولیٰ حبیب خدا شمس الضحیٰ، بدر الدجیٰ خدا کے پیارے دلارے احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیک وآلک واصحابک وسلم اب ظلمت و کفر پر پانی پھرا چاہتا ہے۔ توحید الٰہی چمکا چاہتی ہے، شیاطین پہاڑوں میں منہ چھپاتے ہیں۔ قیصر و کسریٰ تھر تھرا رہا ہے۔ رحمت مجسم کی ضیاء کونین کو نوری بنا رہی ہے۔ قلوب اہل محبت با ادب و تعظیم ان کو سجدے کر رہے ہیں۔ خدا جل جلالہ، اپنے جمال مقدس کا آئینہ اقدس شریف مخلوق کو دکھا رہا ہے۔ با ادب با نصیب بے ادب بے نصیب۔

Marfat.com

# تاریخ وصال النبی ﷺ کی تحقیق

مولانا محمد ناصر خان چشتی

اللہ تعالیٰ نے انسانیت، دین اسلام، اپنی معرفت اور سلسلہ نبوت کی ابتداء حضرت آدم علیہ السلام سے کی کیونکہ حضرت آدم ہی انسانِ اوّل اور سب سے پہلے نبی ہیں۔ اسی طرح اسلام کی تکمیل (بذریعہ وحی الٰہی) حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر ہوئی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے سلسلہ نبوت و رسالت اور سلسلہ وحی حضور اکرم ﷺ پر ختم کر دیا۔ حضور اکرم ﷺ پر آخری وحی یعنی قرآن کی آیت مبارکہ حجۃ الوداع ۱۰ ہجری کے موقع پر میدانِ عرفات میں نازل فرمائی جس میں فرمایا گیا کہ "آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لئے اسلام کو دین پسند کیا"۔ (سورۃ المائدہ: ۳) اس حجۃ الوداع (جسے حج اکبر بھی کہا جاتا ہے) کے بعد حضور نبی کریم ﷺ کا یکم ربیع الاوّل ۱۱ ہجری بروز پیر وصال مبارک ہو گیا۔

اکثر مورخین، محققین، محدثین کرام اور ارباب سیر نے حضور نبی کریم ﷺ کی تاریخ ولادت ۱۲ ربیع الاوّل بروز پیر لکھی ہے۔ جبکہ محققین علماء کرام، محدثین، مورخین اور سیرت نگاروں نے حضور سید عالم ﷺ کے وصال مبارک کی تاریخ کے حوالے سے "یکم ربیع الاوّل" اور بعض نے "دو ربیع الاوّل" کی روایت کو ترجیح دی ہے، کیونکہ کثیر روایات کے مطابق حجۃ الوداع (۹ ذوالحجہ ۱۰ ہجری بروز جمعۃ المبارک) کے بعد حضور نبی کریم ﷺ ۱۹ صفر المظفر ۱۱ ہجری کو بیمار ہوئے اور آپ ﷺ کل تیرہ (۱۳) دن بیمار رہے اور پھر ماہ ربیع الاوّل میں پیر کے دن وصال فرما گئے۔ اگر وہ صفر کا مہینہ تیس دن کا تھا تو پھر یکم ربیع الاوّل کی روایت محقق اور درست ہے اور اگر وہ مہینہ ۲۹ دن کا تھا تو پھر آپ ﷺ کا وصال ۲ ربیع الاوّل ۱۱ ہجری کو ہوا ہے، کیونکہ پیر کا دن ۱۲ ربیع الاوّل کو قطعاً نہیں پڑتا۔

Marfat.com

## تاریخ ولادت ووصال نبوی ﷺ میں اختلاف

حضور سیدِ عالم ﷺ کی ولادت با سعادت اور وصال مبارک کی تاریخ کے بارے میں محدثین، ارباب سیر اور مؤرخین میں اختلاف پایا جاتا ہے، جس کی خاص وجہ یہ ہے کہ زمانہ قدیم میں اور بالخصوص عربوں میں لکھنے، پڑھنے کا رواج بہت کم بلکہ نہ ہونے کے برابر تھا اور محققین کی تحقیق کے مطابق حضور نبی کریم کی بعثت سے قبل قریش میں صرف ۱۷ (سترہ) افراد ایسے تھے جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے، اس لئے زمانہ قدیم کے لوگ تاریخی امور کو کاغذوں اور صحیفوں میں لکھ کر رکھنے کی بجائے زیادہ تر انھیں اپنے سینوں میں محفوظ اور زبانی یاد رکھنے کے عادی تھے۔

## ماضی میں تاریخ ساز واقعات کی تواریخ کے تعین کی بنیاد

چنانچہ جب حضور سیدِ عالم ﷺ اس بزم عالم میں جلوہ گر ہوئے تو اس وقت بھی زمانہ قدیم کے لوگ اسی طریقے پر چل رہے تھے، پھر جب عرصہ دراز کے بعد مسلمانوں نے تدوینِ تاریخ کی بنیاد ڈالی تو چونکہ اس دور کے وہ لوگ اس جہاں سے کوچ کر چکے تھے، جن کے سامنے یہ واقعات وقوع پذیر ہوئے تھے۔ اس لئے ماضی کے ان تاریخ ساز واقعات کی تواریخ کے تعین کی بنیاد عموماً اندازے اور تخمینے پر رکھی گئی، جن میں اختلاف کا واقع ہو جانا ایک بدیہی و فطری نتیجہ تھا، کیونکہ ہر ایک اندازہ اور قیاس صحیح نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا حضور اکرم ﷺ کی ولادت اور وفات کی تاریخ کے بارے میں بھی کتب سیر و تواریخ میں مختلف اقوال کے پائے جانے کی وجہ یہی امر ہے، جو کوئی تعجب اور اچنبھے کی بات نہیں ہے۔

## تاریخ وصال النبی ﷺ کی روایات

چنانچہ حضور اکرم ﷺ کے وصال کی تاریخ کے بارے میں تین قسم کی روایات منقول ہیں، یعنی یکم ربیع الاوّل، دو ربیع الاوّل اور بارہ ربیع الاوّل کی روایات ملتی ہیں۔ ان

Marfat.com

تینوں روایتوں میں باہم ترجیح دینے کیلئے ہم اصولِ روایت اور اصولِ درایت دونوں سے بحث کریں گے، تاکہ حق وصواب واضح ہو جائے۔

## تاریخ وصال النبی ﷺ یکم یا دو ربیع الاوّل

حضور اکرم ﷺ کے وصال کی تاریخ کے بارے میں اعلیٰ درجے کی تحقیق یہ ہے کہ آپ ﷺ کی تاریخ وفات یکم یا دو ربیع الاوّل ہے، بارہ ربیع الاوّل قطعاً نہیں ہے، کیونکہ اس بات پر سب علماء کرام، محدثین، مؤرخین اور ارباب سیر حضرات کا اتفاق ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے حج فرض ہونے کے بعد ایک ہی حج (۱۰ ہجری میں) ادا فرمایا تھا اور آپ ﷺ کے اس حج کو "حجِ اکبر" اور "حجۃ الوداع" کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے اور اس پر تمام علماء ومحدثین کا اتفاق ہے کہ یہ حج "جمعتہ المبارک" کے دن پڑھا گیا تھا۔ چونکہ حج ۹ ذوالحجہ کو (یومِ عرفہ کے دن) پڑھا جاتا ہے، اس لئے اس صورت میں ذوالحجہ کی پہلی تاریخ "جمعرات" کے دن قرار پائی...... نیز اس بات پر بھی تمام محدثین کرام اور مؤرخین کا اجماع ہے کہ حضور اکرم ﷺ کا وصال مبارک اسی ماہِ ذوالحجہ، محرم اور صفر کے بعد آنے والے ماہِ ربیع الاوّل میں "پیر" کے دن ہوا ہے۔

## ۱۲ ربیع الاوّل، یومِ وصال النبی ﷺ نہیں ہے

پس یکم ذوالحجہ کو جمعرات کا دن قرار دے کر حساب کیا جائے، خواہ تینوں مہینوں (یعنی ذوالحجہ، محرم الحرام اور صفر المظفر) کو تیس (۳۰) دن کا مانا جائے یا سب مہینوں کو 29 دن کا قرار دیا جائے یا ان میں سے بعض کو ۳۰ اور بعض کو ۲۹ دن کا فرض کیا جائے تو کسی بھی صورت میں بارہ (۱۲) ربیع الاوّل پیر کا دن نہیں بنتا، جو اس امر کی ناقابلِ تردید اور واضح ترین دلیل ہے کہ ۱۲ ربیع الاوّل کو حضور نبی کریم ﷺ کا وصال مبارک نہیں ہوا۔

## امام عبدالرحمٰن السہیلی کی نکتہ آفرینی

اس نکتہ کو سب سے پہلے امام ابوالقاسم عبدالرحمٰن سُہیلی (متوفی ۵۸۱ھ) نے

Marfat.com

دریافت کیا اور اس کو یوں واضح اور اجاگر کیا، وہ لکھتے ہیں:

"حضور نبی کریم ﷺ کی وفات ماہِ ربیع الاوّل میں پیر کے دن ہوئی اور ۱۲ ربیع الاوّل ۱۱ ہجری پیر کے دن کسی بھی طرح متصور نہیں ہے، کیونکہ حضور اکرم ﷺ نے ۹ ذوالحجہ ۱۰ ہجری کو جمعہ کے دن حج (حجۃ الوداع) ادا فرمایا۔ پس اس لحاظ سے ذوالحجہ کی پہلی تاریخ "جمعرات" کو واقع ہوئی......اور اسی تقدیر پر محرم الحرام کی پہلی تاریخ جمعہ کو ہوئی یا ہفتہ کو ہوئی۔ اگر جمعہ کو ہوئی تو صفر المظفر کی یکم تاریخ ہفتہ کو ہوئی یا اتوار کو ہوئی، اگر ہفتہ کو ہوئی تو ربیع الاوّل کی یکم تاریخ اتوار کو ہوئی یا پیر کو ہوئی، پس اس لحاظ سے پیر کے دن ۱۲ ربیع الاوّل کسی صورت میں بھی ممکن نہیں ہے اور آگے جا کر لکھتے ہیں کہ یکم ربیع الاوّل روایت زیادہ صحیح اور قیاس کے بھی زیادہ قریب ہے"۔

(الروض الانف: ۴/۴۴۰، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان)

اوّلاً آپ وہ احادیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں کہ جن کو ہم نے بنیاد و مرجع بنا کر یہ سطور رقم کی ہیں اور حضور اکرم ﷺ کے وصال کی تاریخ کا نقشہ و کیلنڈر تیار کیا ہے اور روزِ روشن کی طرح ثابت کیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کی تاریخ وفات 12/ربیع الاوّل قطعاً نہیں بلکہ یکم یا دو ربیع الاوّل ہے۔

## ﴿۱﴾ آیتِ عید اور یوم عرفہ

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک یہودی حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا کہ اے امیر المؤمنین آپ اپنی کتاب (قرآن مجید) میں ایک ایسی آیت کی تلاوت کرتے ہیں اگر ایسی کوئی آیت ہم پر نازل ہوتی تو ہم اس دن عید مناتے۔ آپ نے فرمایا کہ وہ کون سی آیت ہے تو اس نے کہا، وہ آیت یہ ہے:

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا (سورۃ المائدہ: آیت 3)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بے شک میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ یہ آیت مبارک کس مقام پر اور کس دن نازل

Marfat.com

ہوئی۔ یہ آیت (دورانِ حج ۹ ذوالحجہ کو) مقامِ عرفات میں جمعۃ المبارک کے دن نازل ہوئی ہے"۔

(صحیح بخاری، صحیح مسلم)

## ﴿۲﴾ روزِ دوشنبہ، یوم وصال النبی ﷺ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور اکرم ﷺ کے مرض وصال کے دوران نماز پڑھایا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ پیر کا دن آ گیا لوگ صفوں میں کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے کہ اسی اثناء میں حضور نبی کریم ﷺ اپنے حجرۂ مبارک کا پردہ اٹھا کر ہماری طرف دیکھا، اس وقت آپ کا چہرۂ انور قرآن کا ورق معلوم ہوتا تھا۔ پھر حضور نبی کریم ﷺ بہت پیار سے مسکرائے، پس ہم لوگوں نے خوشی اور انتہائے محبت کی وجہ سے دورانِ نماز چاہا کہ ہم حضور اکرم ﷺ کو ہی دیکھتے رہیں اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ یہ سمجھتے ہوئے کہ آپ ﷺ نماز کیلئے آئیں گے، مصلیٰ امامت سے الٹے پاؤں پیچھے ہٹنے لگے تاکہ آپ خود صف میں شامل ہو جائیں اور حضور نبی کریم ﷺ مصلیٰ امامت پر آ کر جماعت کروائیں۔ حضور اکرم ﷺ نے انھیں اشارے سے فرمایا کہ اپنی نماز مکمل کرو اور پھر آپ ﷺ نے دوبارہ پردہ لٹکا دیا اور اسی پیر کے دن آپ ﷺ کا وصال مبارک ہو گیا"۔

(صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن نسائی)

○ امام محمد بن سعد (متوفی ۲۳۰ھ) اپنی مشہور کتاب "الطبقات الکبریٰ" میں محمد بن قیس سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ بدھ کے دن ۱۹ر صفر ۱۱ر ہجری کو بیمار ہوئے اور آپ ﷺ کل تیرہ (۱۳) دن بیمار رہے اور آپ ﷺ پیر کے دن ۲ر ربیع الاوّل ۱۱ ہجری کو فوت ہوئے، جبکہ امام ابن سعد ایک روایت ۱۲ر ربیع الاوّل کی بھی ذکر کرتے ہیں۔ (الطبقات الکبریٰ: جلد ۲ صفحہ ۲۰۸، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت لبنان)

Marfat.com

O امام ابوبکر احمد بن الحسین البیہقی (متوفی ۴۵۸ھ) محمد بن قیس سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ بدھ کے دن بیمار ہوئے اور آپ ﷺ کل تیرہ دن بیمار رہے اور آپ کا وصال پیر کے دن ۲/ربیع الاوّل ۱۱ہجری کو ہوا...... جبکہ امام بیہقی ایک روایت یکم ربیع الاوّل اور ایک روایت بارہ ربیع الاوّل کی بھی ذکر کرتے ہیں۔

(دلائل النبوۃ: جلد ۷ صفحہ ۲۳۴، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان)

O امام محمد ابن منظور (متوفی ۷۱۱ھ) محمد بن قیس سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ۲ ربیع الاوّل ۱۱ ہجری کو فوت ہوئے اور لیث بن سعد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ یکم ربیع الاوّل کو فوت ہوئے۔

(مختصر تاریخ دمشق لابن عساکر: جلد ۲ صفحہ ۳۸۷، مطبوعہ دار الفکر دمشق)

## تاریخ وفات النبی ﷺ کا نقشہ و کیلنڈر

ذیل کا نقشہ ملاحظہ فرمائیں اور چاہیں تو اس سے تفصیلی کیلنڈر بھی بنالیں تو معلوم ہوگا کہ ۹ ذوالحجہ ۱۰ ہجری کو جمعہ ہو تو اوائل ربیع الاوّل میں اس حساب سے پیر کا دن کس کس تاریخ کو واقع ہوتا ہے۔ اس نقشہ میں ۱۲ ربیع الاوّل پیر کے کسی دن بھی واقع نہیں ہوتا، جبکہ روایتوں اور نقشہ دونوں کے مطابق یکم اور دو ربیع الاوّل پیر کے دن واقع ہوتے ہیں جو اس امر کی واضح ترین دلیل ہے کہ آپ ﷺ کا وصال مبارک ۱۲ ربیع الاوّل کو نہیں بلکہ یکم یا دو ربیع الاوّل کو ہوا ہے۔

### نقشہ ملاحظہ فرمائیں!

| نمبر | جمعۃ الوداع کے بعد آخری تین مہینوں کی صورت | پیر | پیر | پیر | پیر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ذی الحجہ، محرم اور صفر سب ۲۹ دن کے ہوں | ۲ | ۹ | ۱۶ | ۲۳ |
| 2 | ذی الحجہ، محرم اور صفر سب ۳۰ دن کے ہوں | ۶ | ۱۳ | ۲۰ | ۲۷ |

Marfat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3 | ذی الحجہ ۲۹، محرم ۲۹ اور صفر ۳۰ دن کا ہو | ۱ | ۸ | ۱۵ | ۲۲ |
| 4 | ذی الحجہ ۳۰، محرم ۲۹ اور صفر ۲۹ دن کا ہو | ۱ | ۸ | ۱۵ | ۲۲ |
| 5 | ذی الحجہ ۲۹، محرم ۳۰ اور صفر ۲۹ دن کا ہو | ۱ | ۸ | ۱۵ | ۲۲ |
| 6 | ذی الحجہ ۳۰، محرم ۳۰ اور صفر ۲۹ دن کا ہو | ۷ | ۱۴ | ۲۱ | ۲۸ |
| 7 | ذی الحجہ ۲۹، محرم ۳۰ اور صفر ۳۰ دن کا ہو | ۷ | ۱۴ | ۲۱ | ۲۸ |
| 8 | ذی الحجہ ۳۰، محرم ۲۹ اور صفر ۳۰ دن کا ہو | ۷ | ۱۴ | ۲۱ | ۲۸ |

## آخری چار مہینوں کا ایک تفصیلی کیلنڈر:

حضور سید عالم ﷺ کے حجۃ الوداع (۹ ذوالحجہ ۱۰ ہجری، بروز جمعہ) کے بعد آخری چار مہینوں کا تفصیلی کیلنڈر (نقشہ) ملاحظہ فرمائیں، جس میں ذوالحجہ ۲۹ دن، محرم الحرام ۲۹ دن اور صفر المظفر ۳۰ دن کا ہے، کیونکہ اکثر روایات کے مطابق حضور نبی کریم ﷺ ۱۹ صفر ۱۱ ہجری بدھ کے دن بیمار ہوئے اور آپ ﷺ کل تیرہ (۱۳) دن بیمار رہے اور پھر یکم ربیع الاوّل کو پیر کے دن وصال فرما گئے۔

### ذوالحجہ ۱۰ ہجری

| جمعرات | جمعہ | ہفتہ | اتوار | پیر | منگل | بدھ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | n | n | n | n | n | n |

Marfat.com

## محرم الحرام ۱۱ ہجری

| جمعرات | جمعہ | ہفتہ | اتوار | پیر | منگل | بدھ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| n | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 |
| 28 | 29 | n | n | n | n | n |

## صفر المظفر ۱۱ ہجری

| جمعرات | جمعہ | ہفتہ | اتوار | پیر | منگل | بدھ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| n | n | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |
| 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 |
| 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 |
| 27 | 28 | 29 | 30 | n | n | n |

## ربیع الاوّل 11 ہجری

| جمعرات | جمعہ | ہفتہ | اتوار | پیر | منگل | بدھ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| n | n | n | n |  | 2 | 3 |
| 4 | 5 | 6 | 7 |  | 9 | 10 |

Marfat.com

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 17 | 16 | | 14 | 13 | 12 | 11 |
| 24 | 23 | | 21 | 20 | 19 | 18 |
| n | 30 | | 28 | 27 | 26 | 25 |

## تاریخ وفات النبی ﷺ کی بابت شیخ شبلی نعمانی کی تحقیق:

شیخ شبلی نعمانی نے اپنی مشہور و معروف تصنیف "سیرت النبی ﷺ" میں تاریخ وفات النبی ﷺ کے بارے میں طویل بحث و تحقیق کی ہے اور یکم ربیع الاول کی روایت کو مستند و معتبر اور راجح ترین قرار دیا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں کہ:

" تاریخ وفات کی تعیین کے بارے میں راویوں کا اختلاف ہے۔ کتب احادیث کا تمام تر دفتر چھان ڈالنے کے بعد بھی تاریخ وفات کی مجھ کو کوئی روایت احادیث میں نہیں مل سکی۔ ارباب سیر کے ہاں تین روایتیں ہیں، یکم ربیع الاوّل، دوم ربیع الاوّل اور ۱۲ ربیع الاوّل !ان تینوں روایتوں میں باہم ترجیح دینے کے لئے اصول روایت و درایت دونوں سے کام لینا ہے اور دوم ربیع الاوّل کی روایت ہشام بن محمد بن سائب کلبی اور ابومخنف کے واسطے سے مروی ہے (طبری: ص ۱۸-۱۵) اس روایت کو گو اکثر قدیم مؤرخوں (مثلاً یعقوبی و مسعودی وغیرہ) نے قبول کیا ہے لیکن محدثین کے نزدیک یہ دونوں دروغ گو اور غیر معتبر ہیں۔ یہ روایت واقدی سے بھی ابن سعد و طبری نے نقل کی ہے لیکن واقدی کی مشہور ترین روایت جس کو اس نے متعدد اشخاص سے نقل کیا ہے وہ ۱۲ ربیع الاوّل کی ہے، البتہ بیہقی نے دلائل میں سند صحیح سلیمان التیمی سے دوم ربیع الاوّل کی روایت نقل کی ہے لیکن یکم ربیع الاوّل کی روایت ثقہ ترین ارباب سیر موسیٰ بن عقبہ سے اور مشہور محدث امام لیث مصری سے مروی ہے، (فتح الباری) امام سہیلی نے "روض الانف" میں اسی روایت کو "اقرب الی الحق" لکھا ہے اور سب سے پہلے امام مذکور ہی نے درلیۂ اس نکتہ کو دریافت کیا کہ ۱۲ ربیع الاوّل کی روایت قطعاً ناقابل تسلیم ہے۔

(سیرت النبی: جلد ۲ صفحہ ۱۰۶، مطبوعہ دارالاشاعت کراچی)

Marfat.com

## شیخ شبلی نعمانی کے نزدیک یکم ربیع الاوّل تاریخ وصال النبی ﷺ

علامہ شیخ شبلی نعمانی لکھتے ہیں کہ ان مفروضہ تاریخوں میں سے "۶، ۷، ۸، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۲۰، ۲۱" خارج از بحث ہیں کہ علاوہ اور وجوہ کے ان کی تائید میں کوئی روایت نہیں۔ رہ گئیں یکم اور دو تاریخیں، دوم تاریخ صرف ایک صورت میں پڑ سکتی ہے جو خلاف اصول ہے، یکم تاریخ تین صورتوں میں واقع ہو سکتی ہے اور تینوں کثیر الوقوع ہیں اور روایات ثقات اُن کی تائید میں ہیں۔ اس لئے وفات نبوی ﷺ کی صحیح تاریخ ہمارے نزدیک یکم ربیع الاوّل ۱۱ھ ہے"۔ (سیرت النبی: جلد ۲ صفحہ ۱۰۷، مطبوعہ دار الاشاعت کراچی)

## تاریخ وفات النبی ﷺ کی تاریخوں کا خلاصہ

خلاصہ کلام یہ ہے کہ یکم ربیع الاوّل کی تاریخیں کثیر الوقوع ہے یعنی اگر ہم دو مہینوں کو ۲۹ دن کا اور ایک مہینہ ۳۰ دن کا قرار دیں تو پھر "پیر" کا دن ۱، ۸، ۱۵ اور ۲۲ ربیع الاوّل کو واقع ہوتا ہے اور اگر تینوں مہینوں کو ۳۰ دن کا مانیں تو پھر پیر کا دن ۶، ۱۳، ۲۰ اور ۲۷ ربیع الاول کو واقع ہوتا ہے اور اگر ۲ مہینے ۳۰ دن کے اور ایک مہینہ 29 دن کا قرار دیں تو پھر پیر کا دن ۷، ۱۴، ۲۱ اور ۲۸ ربیع الاوّل کو واقع ہوتا ہے، لہٰذا نقشہ اور روایات کے مطابق پیر کے دن یکم ربیع الاوّل اور دو ربیع الاوّل واقع ہوتے ہیں.... لہٰذا شبلی نعمانی صاحب کا یہ کہنا کہ "دوم تاریخ صرف ایک صورت میں پڑ سکتی ہے جو خلاف اصول ہے" درست نہیں ہے، کیونکہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق کے مطابق زیادہ سے زیادہ مسلسل چار قمری مہینے ۳۰ دن کے ہو سکتے ہیں اور زیادہ سے زیادہ تین قمری مہینے ۲۹ دن کے بھی ہو سکتے ہیں۔ (تفہیم المسائل بحوالہ فتاویٰ رضویہ، ج ۱۰ صفحہ ۲۲۸۔۲۳۰)

## تاریخ وفات النبی ﷺ کی بابت امام ابن حجر عسقلانی کی تحقیق

امام احمد بن علی بن حجر عسقلانی (متوفی ۸۴۲ھ) نے "فتح الباری شرح صحیح بخاری" میں تاریخ وفات نبوی ﷺ کے بارے میں ایک طویل بحث کی ہے اور کئی

Marfat.com

روایتیں ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ امام سلیمان التیمی نے اس قول پر جزم و یقین کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے مرض کی ابتداء 22 صفر کو ہفتہ کے دن ہوئی اور آپ ﷺ نے دو ربیع الاوّل کو وصال فرمایا...... پس اس لحاظ سے صفر کا مہینہ ناقص (یعنی ۲۹ دن کا تھا) اور صفر کی یکم تاریخ ہفتہ کو ممکن نہیں، مگر اس صورت میں کہ ذوالحجہ اور محرم بھی دونوں ناقص ہوں تو یہ تینوں مہینے مسلسل ناقص (۲۹ دن کے) ہوں گے اور رہا یکم ربیع الاوّل کا قول تو پس دو مہینے ناقص اور ایک مہینہ کامل (۳۰ دن کا) ہوگا اور اسی صورت کو امام سہیلی نے (الروض الانف میں) ترجیح دی ہے"۔

(فتح الباری: ۸/۱۳۰، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور)

## شیخ اشرف علی تھانوی کے نزدیک یکم ربیع الاوّل

شیخ اشرف علی تھانوی (متوفی ۱۳۶۲ھ) نے "نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب" میں لکھا ہے: "اور وفات آپ ﷺ کی شروع ربیع الاوّل سنہ دس ہجرت...... (البتہ یہ درست نہیں کیونکہ صحیح سنہ وفات ۱۱ ہجری ہے)...... روز دوشنبہ کو قبل زوال آفتاب یا بعد زوال آفتاب ہوئی"۔ نیز اسی عبارت کے حاشیہ پر لکھا ہے کہ: "اور تاریخ کی تحقیق نہیں ہوئی اور بارہویں جو مشہور ہے، وہ حساب درست نہیں ہوتا، کیونکہ اس سال ذی الحجہ کی نویں جمعہ کی تھی اور یومِ وفات دوشنبہ ثابت ہے پس جمعہ کو نویں ذی الحجہ ہو کر بارہ (۱۲) ربیع الاوّل دوشنبہ کو کسی طرح نہیں ہو سکتی۔

(نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب: صفحہ ۲۰۳، مطبوعہ دار الاشاعت کراچی)

## مفتی محمد شفیع دیوبندی کے نزدیک دو ربیع الاوّل

مفتی محمد شفیع دیوبندی (متوفی ۱۳۹۶ھ) نے بھی "سیرت خاتم الانبیاء" میں حضور نبی کریم ﷺ کے وصال کی تاریخ کے بارے میں بارہ ربیع الاوّل کے قول کو خلاف تحقیق قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ تاریخ آپ ﷺ کا یوم وصال قطعاً نہیں ہے۔ چنانچہ ملاحظہ کیجیے: "تاریخ وفات میں مشہور ہے کہ ۱۲ ربیع الاوّل کو واقع ہوئی اور یہی جمہور

Marfat.com

مؤرخین لکھتے چلے آرہے ہیں، لیکن حساب سے کسی طرح بھی یہ تاریخ وفات نہیں ہو سکتی، کیونکہ یہ بھی متفق علیہ اور یقینی امر ہے کہ وفات دوشنبہ (پیر) کو ہوئی اور یہ بھی یقینی ہے کہ آپ ﷺ کا حج ۹ ذی الحجہ روز جمعہ کو ہوا، ان دونوں باتوں کے ملانے سے ۱۲ ربیع الاوّل روز دوشنبہ نہیں پڑتی۔ اس لئے حافظ ابن حجر نے شرح صحیح بخاری میں طویل بحث کے بعد اس کو صحیح قرار دیا ہے کہ تاریخ وفات دوسری ربیع الاوّل ہے۔ کتابت کی غلطی سے (۲ کا ۱۲) اور عربی عبارت میں "ثانی شہر ربیع الاوّل" کا "ثانی عشر ربیع الاوّل" بن گیا، حافظ مغلطائی نے بھی دوسری تاریخ کو ترجیح دی ہے"۔

(سیرت خاتم الانبیاء: صفحہ ۱۴۴، مطبوعہ دارالاشاعت، کراچی)

## علامہ نور بخش توکلی علیہ الرحمۃ کے نزدیک دو ربیع الاوّل:

پروفیسر علامہ نور بخش توکلی اپنی مشہور کتاب "سیرت رسول عربی" میں تاریخ وفات نبوی ﷺ کی بابت تحقیق کرتے ہوئے رقم طراز ہیں: "ماہ صفر ۱۱ھ کے اخیر عشرہ میں آنحضرت ﷺ بیمار ہو گئے اور ماہ ربیع الاوّل میں وصال فرما گئے۔ وصال شریف کی تاریخ میں اختلاف ہے، اس پر سب کا اتفاق ہے کہ وفات شریف ماہ ربیع الاوّل میں دوشنبہ کے دن ہوئی۔ جمہور کے نزدیک ربیع الاوّل کی بارھویں تاریخ تھی۔ ماہ صفر کی ایک یا دو راتیں باقی تھیں کہ مرض کا آغاز ہوا، بعضے تاریخ وصال یکم ربیع الاوّل بتاتے ہیں، بناء بر قول حضرت سلیمان تیمی ابتدائے مرض یوم شنبہ ۲۲ صفر کو ہوئی اور وفات شریف یوم دوشنبہ ۲ ربیع الاوّل کو ہوئی۔ حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ ابو مخنف کا قول ہی معتمد ہے کہ وفات شریف ۲ ربیع الاوّل کو ہوئی ہے۔ (سیرت رسول عربی: صفحہ ۲۷۳، مطبوعہ ضیاء القرآن لاہور)

## یکم ربیع الاوّل کے مؤیدین

(۱) امام ابو القاسم عبد الرحمٰن السہیلی

(۲) علامہ شبلی نعمانی

(۳) مولوی اشرف علی تھانوی

Marfat.com

(۴) موسیٰ بن عقبہ

(۵) مشہور محدث امام لیث مصری

## دو ربیع الاول کے مؤیدین

(۱) مفتی محمد شفیع دیوبندی

(۲) علامہ نور بخش توکلی

(۳) علامہ ابن حجر عسقلانی

(۴) حافظ مغلطائی

(۵) امام سلیمان التیمی

## تاریخ وصال النبی ﷺ کی تحقیق اور بحث کا خلاصۂ کلام

خلاصۃ الکلام یہ ہے کہ حضور سید عالم ﷺ کے وصال مبارک کی تاریخ کے بارے میں تین قسم کی روایتیں یعنی یکم ربیع الاوّل، دوم ربیع الاوّل اور بارہ ربیع الاوّل کی روایات وارد ہیں، لیکن محققین علماء کرام، محدثین، مؤرخین اور اربابِ سیر نے "یکم ربیع الاوّل" اور بعض نے "دو ربیع الاوّل" کی روایت کو ترجیح دی ہے، کیونکہ کثیر روایات کے مطابق حضور نبی کریم ﷺ ۱۹ صفر المظفر ۱۱ ہجری کو بیمار ہوئے اور آپ ﷺ کل تیرہ (۱۳) دن بیمار رہے اور پھر ماہ ربیع الاوّل میں پیر کے دن وصال فرما گئے، اگر وہ صفر کا مہینہ تیس دن کا تھا تو پھر یکم ربیع الاوّل کی روایت محقق ہے اور اگر وہ مہینہ ۲۹ دن کا تھا تو پھر آپ ﷺ کا وصال ۲ ربیع الاوّل ۱۱ ہجری کو ہوا ہے۔

الحمدللہ ان دلائل و براہین اور مستند حوالہ جات کی روشنی میں یہ حقیقت روز روشن کی طرح بہ خوبی ثابت اور واضح ہوگئی ہے کہ حضور سید عالم ﷺ کی وفات بارہ ربیع الاوّل کو قطعاً نہیں ہوئی بلکہ آپ ﷺ کا وصال مبارک یکم ربیع الاوّل یا دو ربیع الاوّل کو ہوا ہے۔

(واللہ اعلم بالصواب)

Marfat.com

# ہم میلاد کیوں مناتے ہیں؟

مولانا ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی

وارثان منبر ومحراب ارباب فکر و دانش، اصحاب محبت و مودت!

رب ذوالجلال کے فضل اور توفیق سے آج ہم سب کو اس عظیم الشان محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ میں شرکت کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔ میری دعا ہے کہ خالق کائنات جل جلالہ منتظمین کے انتظام کو اور شرکاء کی شرکت کو اپنے دربار میں قبول فرمائے۔

آج اس اجتماع میں ہماری گفتگو کا موضوع ہے۔

ہم میلاد کیوں مناتے ہیں؟

میری دعا ہے کہ رب ذوالجلال ہم سب کو قرآن وسنت کا فہم عطا فرمائے اور اس کے ابلاغ وتبلیغ اور اس پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

رب ذوالجلال کے فضل اور توفیق سے آغاز ہی میں اس بات کو واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ میں جو کچھ بیان کروں گا انشاء اللہ ہر لفظ کا آخری سانس تک تحفظ کروں گا اور جسے گفتگو کے دوران کوئی چیز سمجھ نہ آئے' کوئی اعتراض ذہن میں آئے' کوئی شک وشبہ پیدا ہو جائے تو وہ اسی وقت پوچھ سکتا ہے۔ تا کہ کل کوئی منتظمین کو یہ نہ کہے کہ وہ آئے تھے بیان کر کے چلے گئے یہ بات ایسی تھی کہ ہم نے پوچھنا تھی۔

میں اپنی طرف سے دعوت دے رہا ہوں جس نے جو پوچھنا ہو وہ پوچھ لے اور اس کے بعد جو کچھ ہم فکر پیش کریں گے قرآن وسنت سے اس کو ہر موڑ پہ ثابت کرنا یہ ہماری ذمہ داری ہے اور انشاء اللہ اس کو ثابت کریں گے۔

ہم محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کیوں مناتے ہیں؟ اسکی وجہ یہ ہے کہ اس محفل میلاد کا انعقاد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کیا، اس محفل کو پسند رب ذوالجلال نے کیا اور اس محفل پر انعام کی تقسیم حضرت محمد ﷺ نے کی لہٰذا یہ سبب ہے کہ ہم اس محفل کا انعقاد کرتے ہیں۔

یہ کوئی رسم نہیں، یہ کوئی رواج نہیں، یہ کوئی کسی بادشاہ کا گھڑا ہوا طریقہ نہیں، یہ

Marfat.com

بعد کی صدیوں بعد کا بنایا ہوا کوئی فنکشن نہیں، محفل میلاد وہ تقریب ہے جس کا انعقاد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے مدینہ شریف میں کیا۔ سید عالم ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عمل کی تصدیق کی اور رب ذوالجلال نے عرش سے اپنی رحمت کا سندیسہ بھیج دیا۔

## مسجد نبوی شریف ﷺ میں محفل میلاد

سید عالم نور مجسم ﷺ مسجد نبوی شریف میں تشریف لے گئے تو کیا دیکھتے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ایک اجتماع جاری ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے جب صحابہ کو اکٹھے بیٹھے ہوئے دیکھا حالانکہ ان کی مصروفیات بہت زیادہ تھیں ہر وقت کسی نہ کسی غزوہ میں، کسی معرکہ میں، کسی نئے افق پر دین کی شمع روشن کرنے میں مصروف تھے اس کے باوجود ایک جلسہ انہوں نے منعقد کر رکھا تھا۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ وَنَحْمَدُهُ عَلٰی مَا هَدَانَا لِلْإِسْلَامِ وَمَنَّ عَلَيْنَا بِكَ قَالَ آللّٰهِ مَا أَجْلَسَكُمْ إِلَّا ذَاكَ قَالُوا وَاللّٰهِ مَا أَجْلَسَنَا إِلَّا ذَاكَ قَالَ أَمَا إِنِّي لَمْ أَسْتَحْلِفْكُمْ تُهْمَةً لَكُمْ وَلٰكِنَّهُ أَتَانِي جِبْرِيلُ فَأَخْبَرَنِي أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبَاهِي بِكُمُ الْمَلَائِكَةَ

شعب الایمان للبیہقی جلد نمبر ۱ صفحہ نمبر ۴۰۰ دار الکتب العلمیہ بیروت، مسلم شریف کتاب الذکر باب فضل الاجتماع علی تلاوۃ القرآن جلد ۲ صفحہ ۳۴۶ قدیمی کتب خانہ، معجم الکبیر للطبرانی جلد نمبر ۱۹ صفحہ نمبر ۳۶۱ دار الاحیاء التراث بیروت

طبرانی نے معجم کبیر میں اس حدیث کو روایت کیا اور بیہقی نے شعب ایمان میں اس حدیث کو لکھا ہے، امام مسلم نے صحیح مسلم شریف کی دوسری جلد میں اس حدیث کو روایت کیا ہے اور صرف ایک حرف کے اختلاف کے ساتھ یعنی طبرانی اور شعب ایمان میں (من علینا بک) ہے اور مسلم شریف میں (من بہ علینا) ہے مطلب ایک ہی ہے فرق نہیں ہے کیونکہ بہ میں ضمیر کا مرجع اسلام ہے اور یقیناً اسلام کی وجہ سے احسان حضرت محمد ﷺ کے وسیلہ ہی سے ہوا ہے اور سند صحیح کے ساتھ یہ مضمون روایت کیا گیا ہے کہ جس وقت ہمارے نبی علیہ السلام وہاں تشریف لے گئے تو سرکار علیہ السلام نے صحابہ کرام سے پوچھ لیا۔

مَا أَجْلَسَكُمْ

Marfat.com

میرے صحابہ یہ جلسہ کیسا ہے' کس محبت نے تمہیں بٹھا رکھا ہے، کیا بیان ہو رہا ہے جو فرش زمین پر بیٹھ کر عرش بریں کی خبریں دیں وہ اپنی مسجد کے جلسہ سے ناواقف نہیں تھے پوچھنے میں حکمت یہ تھی کہ آج میرے کہنے پر میرے صحابہ جو جواب دیں گے اور پھر جب میں اسکی تصدیق کر دوں گا تو وہ کل قیامت تک کے آنے والے میرے غلاموں کا جواب بن جائے گا

## علم غیب مصطفیٰ ﷺ کا انداز

بخاری شریف میں ہے میرے نبی علیہ السلام کے پاس حضرت ام حارثہ رضی اللہ عنہا آئیں اور کہنے لگیں یا رسول اللہ ﷺ حارثہ میرا لاڈلہ بیٹا شہید ہو گیا ہے اگر وہ جنت میں پہنچ گیا ہے پھر تو میں صبر کر لیتی ہوں اور اگر جنت میں نہیں پہنچا تو پھر مجھے رونے کی تو اجازت دے دو میں اپنے حارثہ کو رو لوں۔

تو رسول اللہ ﷺ نے جواب میں یہ نہیں فرمایا جو آج کچھ لوگ نبوت کا تعارف کرواتے ہیں کہ وہ ہم جیسے اور ہم ان جیسے' ہم میں اور ان میں کوئی فرق نہیں۔

رسول اکرم ﷺ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ حارثہ کی امی مجھ سے مسئلہ نماز کا پوچھو، روزے کی بات پوچھو یہ حارثہ کہاں گیا یہ تو غیب کی بات ہے اور میں غیب جانتا نہیں ہوں اور جب ہم نے اسے مٹی میں دفن کیا تو پھر وہ حارثہ اور کہاں گیا ہوگا یہ تبصرہ نہیں کیا بلکہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

يَا أُمَّ حَارِثَةَ إِنَّهَا جِنَانٌ فِي الْجَنَّةِ وَإِنَّ ابْنَكِ أَصَابَ الْفِرْدَوْسَ الْأَعْلَى

صحیح البخاری کتاب الجہاد والسیر باب من اتاہ سہم غرب جلد نمبر ا صفحہ نمبر ۳۹۴ قدیمی کتب خانہ کراچی

حارثہ کی امی تم ایک جنت کی بات کرتی ہو میرے رب کی تو بہت سی جنتیں ہیں اور میں جانتا ہوں کہ تیرا حارثہ کس جنت میں ہے آپ نے ارشاد فرمایا کہ اے ام حارثہ تیرا بیٹا تو سب سے اونچی جنت میں پہنچ چکا ہے۔

سات آسمانوں کے پار جنت ہے تو جو مدینہ شریف میں بیٹھ کر سات آسمانوں کے اوپر جنت میں کسی کے پہنچنے کی اطلاع دیکھ کر دے سکتے ہیں وہ اپنی مسجد کے جلسے سے

Marfat.com

ناواقف ہوں یہ ہو نہیں سکتا تھا۔ بلکہ آپ نے امر عظیم کیلئے پوچھا تا کہ صحابہ کرام علیہم جو جواب دیں گے میں اس کی رجسٹریشن کر دوں گا اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس پر انعام اتر جائے گا تو قیامت تک جو میری بزم سجائیں گے ان کو جو بھی طعنہ دیں گے وہ انہیں اپنا نہیں ہمارا جواب پڑھ کر سنا دیں گے۔

اب صحابہ کرام علیہم کا جواب سنو! صحابہ کیا جواب دیتے ہیں میں اس واسطے عربی عبارت پڑھ رہا ہوں ایک تو کسی کو شک نہ رہے اور دوسرا یہ ہے کہ ہم چونکہ اس محفل کی تقلید کر رہے ہیں، اسی محفل کا عکس ہم پیش کر رہے ہیں تو جن باتوں کی خوشبو وہاں تھی ان کی خوشبو یہاں بھی ہو جائے۔

چونکہ نبی علیہ السلام اور صحابہ کے الفاظ ہمارے لئے بہترین تبرک ہیں اور محفل کیلئے بہترین مہک ہیں جب نبی علیہ السلام نے پوچھا میرے صحابہ تمہارے اس جلسے کا عنوان کیا ہے، آج تمہارے اس جلسے کا موضوع کیا ہے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس کا موضوع بیان کیا عرض کرنے لگے یا رسول اللہ ﷺ

جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ وَنَحْمَدُهُ عَلٰى مَا هَدَانَا لِلْإِسْلَامِ وَمَنَّ عَلَيْنَا بِكَ

خلاصہ یہ ہے یا رسول اللہ ﷺ آج کے ہمارے اس جلسے کا موضوع بس یہ ہے کہ ہم سارے بیٹھ کے یہ کہہ رہے ہیں کہ

## فضل رب العلی اور کیا چاہیے؟

مل گئے مصطفیٰ ﷺ اور کیا چاہیے

(جَلَسْنَا) اسکا معنی یہ ہے کہ ہم بیٹھے ہیں جیسے آج تم بھی بیٹھے ہو صحابہ نے عرض کیا کہ ہم بیٹھے ہیں۔...... (نَذْكُرُ اللّٰهَ) خدا کو یاد کر رہے ہیں اور اس کو پکار رہے ہیں (جس طرح تم نعرہ تکبیر لگاتے ہو)...... (وَنَحْمَدُهُ) اور اس کی تعریف کر رہے ہیں سبب کیا بنا؟...... (عَلٰى مَا هَدَانَا لِلْإِسْلَامِ) اس رب نے ہمیں اس دین اور اسلام کی ہدایت دی ہے۔...... (وَمَنَّ عَلَيْنَا بِكَ) اور اس رب نے تجھے بھیج کر ہم پر کرم فرمایا ہے...... (وَمَنَّ عَلَيْنَا) اس نے ہم پہ احسان کیا (بِكَ) تمہارے صدقے، تمہاری وجہ سے، تمہاری آمد

Marfat.com

سے، تمہاری جلوہ گری سے، تمہاری ولادت سے جو ہم پہ احسان ہوا ہے ہم اس کا حوالہ دے رہے ہیں، رب کا شکر ادا کر رہے ہیں۔

اہل حق مبارک ہو تمہیں صدیاں گزر گئی ہیں آج بھی تم اس موضوع کا جلسہ بھی منعقد کرتے ہو جس میں روح یہ ہوتی ہے کہ امت کے افراد باوضو، باادب بیٹھ کر رب کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اے اللہ تو نے انہیں بھیجا، ہم پر کرم فرمایا ہے، صحابہ کرام علیہم الرضوان کہنے لگے۔ وَمَنَّ عَلَيْنَا بِكَ (صحیح المسلم کتاب الذکر والدعاء باب فضل الاجتماع علی تلاوۃ القرآن) (سنن الترمذی کتاب الدعوات عن رسول اللہ ﷺ ما جاء فی القوم یجلسون فیذکرون اللہ عز و جل) ہم یہ بیان کر رہے ہیں کہ اس جلسہ کا موضوع نماز کے مسائل نہیں ہیں، اس جلسہ کا موضوع روزے کے احکام نہیں ہیں، اس جلسہ کا موضوع حج کا طریقہ نہیں۔

## پیکر حبیب کبریا ﷺ کی برکتیں

یا رسول اللہ ﷺ ہم سارے بیٹھ کے اس بات کو بیان کر رہے ہیں کہ ایک وقت تھا ہمیں کوئی جانتا نہیں تھا، ہمیں کوئی پوچھتا نہیں تھا، ہماری کوئی حیثیت نہیں تھی، ہم عرب کے وحشی ماحول میں رہنے والے تھے، تہذیب و تمدن اور سیوی لائزیشن سے ہمارا کوئی تعلق نہیں تھا، اندھیروں میں ہمارے بسیرے تھے اور صراط مستقیم سے کوسوں دور ہمارے ڈیرے تھے، آج وقت وہ آیا ہے تمہاری ولادت اور جلوہ گری سے اتنی عظمت ملی ہے کہ اب بلال اگر زمین پر چلے تو قدموں کی آہٹ جنت میں سنائی دیتی ہے۔

اب فرشتے جھک جھک کے ہمیں سلام کرتے ہیں' اب ہمیں ہدایت کا ستارہ کہا جاتا ہے، اب صراط مستقیم کا تعارف ہمارے ناموں سے ہوتا ہے' اب ہم فرش پہ ہوتے ہیں ہمارے چرچے عرش پہ ہوتے ہیں۔

جب تک بکے نہ تھے تو کوئی پوچھتا نہ تھا　　تم نے خرید کے ہمیں انمول کر دیا

یا رسول اللہ ﷺ تمہاری آمد سے جو کانٹے گلاب بن گئے اور ذرے آفتاب بن گئے ہم اسکا ذکر کر رہے ہیں، رب کا شکر ادا کر رہے ہیں، یہ جواب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جلسہ منعقد کرنے پہ دیا

جب نبی علیہ السلام نے انکا یہ جواب سنا تو اس پر کئی تبصرے ہو سکتے تھے جن لوگوں

Marfat.com

کی آج یہ رائے ہے کہ یہ ٹائم ضائع کرنے کیلئے بیٹھے ہوئے ہیں تو نبی علیہ السلام کے صحابہ کا ٹائم ہم سے کئی ہزار مرتبہ قیمتی تھا۔

## صحابہ کرام کے ایک ایک لمحے کی قدر و قیمت

ابن ماجہ شریف میں یہ حدیث شریف ہے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما صحابہ کے ٹائم کی ویلیو بتاتے ہوئے فرماتے ہیں۔ لَمَقَامُ أَحَدِهِمْ سَاعَةً خَيْرٌ مِنْ عَمَلِ أَحَدِكُمْ عُمْرَهُ (مرقات شرح مشکوۃ جلد نمبر ۱۱، صفحہ ۲۷۳ مکتبہ امدادیہ ملتان) اے بعد والو! تم زندگی بھر کی نمازیں، روزے، حج، زکوۃ، جہاد اور تہجد اور سارے اچھے کام ایک پلڑے میں رکھو اور صحابی کی ایک لمحہ کی نیند دوسرے پلڑے میں ہو تو ان کی نیند والا پلڑا بھاری ہو جائے گا، کتنا زرخیز وقت ہے صحابہ کرام کا' انہوں نے ٹائم نکالا ہے اور پھر نبی علیہ السلام نے سن کے یہ نہیں فرمایا کہ میرے صحابہ کتنا جہاد کرنا ابھی باقی ہے، کتنی تبلیغ ابھی باقی ہے۔ تم بیٹھے جلسے منعقد کر رہے ہو، ابھی تو لوگوں کو کلمہ پڑھانا ہے میں نے آنا تھا آ گیا ہوں، احسان ہونا تھا ہو گیا۔ اب اس احسان پر جلسوں کی ضرورت کیا ہے؟ یہ بھی سرکار صلی اللہ علیہ وسلم فرما سکتے تھے۔

کیونکہ نبی علیہ السلام سے بڑھ کر امت کے ٹائم کی قیمت کو کون جان سکتا ہے اور کون حفاظت کر سکتا ہے میرے محبوب علیہ السلام نے نہ غصے کا اظہار کیا، نہ ناراضگی کا اظہار کیا اور نہ ہی کوئی ایسا تبصرہ کیا بلکہ رسول اللہ نے وہ قسم لی اس عمل کیلئے جس کی کوئی مثال نہیں تھی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آللّٰهِ مَا أَجْلَسَكُمْ إِلَّا ذَالِكَ؟ میرے صحابہ اب تم مجھے حلف دو کہ واقعی تم بیٹھے یہ باتیں کر رہے تھے۔ ہزاروں حدیثوں کا ذخیرہ جو میری نظر کے سامنے ہے اس ذخیرہ سے یہ بات کہہ رہا ہوں کہ نبی علیہ السلام کے سامنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کس کام کیلئے کہا ہے کہ ہم یہ کام کر رہے ہیں نبی علیہ السلام نے قسم نہیں مانگی یہاں باقاعدہ حلف چاہا کہ واقعی تم میری آمد کا ذکر کر کے رب کا شکر ادا کر رہے ہو۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے باقاعدہ حلف دیا لفظ یہ تھے۔ وَاللّٰهِ مَا أَجْلَسَنَا إِلَّا ذَالِكَ خدا کی قسم ہے ہمارا اور کوئی مقصد نہیں بس یہ ہی کہہ رہے تھے۔

فضل رب العلی اور کیا چاہیے مل گئے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور کیا چاہیے

جب یہ حلف ہو گیا نبی علیہ السلام کی نگاہ چونکہ سارے حالات دیکھ رہی تھی آج

Marfat.com

جب ہم نے اس حدیث کو بیان کرنا تھا تو تھرڈ پرسن لوگوں نے یہ سن کر کہا کہ میلاد کا ثبوت دیتے دیتے مزید پھنس گئے کیسے کہ ادھر تو عقیدہ یہ ہے کہ پیغمبر دلوں کی باتیں بھی جانتے ہیں اور ادھر حلف کیوں لے رہے ہیں قسم تو وہ لیتا ہے جس کو پتہ نہیں کہ دل میں کیا ہے تا کہ تاکید ہو جائے حلف وہ لیتا ہے جو دل سے بے خبر ہے تو اگر دل کی بات جانتے تھے تو قسمیں لینے کی ضرورت کیا تھی ویسے جب جانتے تھے تو پھر حلف کیوں لیا آج کسی نے اعتراض کرنا تھا میرے نبی علیہ السلام نے اسی جلسے میں جواب دے دیا۔

تیری نظر خار زار شب میں گلاب تحریر کر چکی تھی — اجاڑ نیندوں کے خواب میں انقلاب تحریر کر چکی تھی
میرے ذہن کے فلک پر جو سوال چمکے تو میں نے دیکھا — تیرے زمانے کی خاک ان کے جواب تحریر کر چکی تھی

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: إِنِّي لَمْ أَسْتَحْلِفْكُمْ تُهْمَةً لَكُمْ...... صحابہ سنو! میں نے شک کی وجہ سے حلف نہیں لیا مجھے تمہارے کام کے بارے میں شک نہیں تھا۔ میں نے حلف کیوں لیا؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا تمہارے عمل کی عظمت کو ظاہر کرنا تھا اور جو تم نے محفل منعقد کی اس کا اعزاز بتانا تھا۔ إِنَّهُ أَتَانِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَأَخْبَرَنِي أَنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبَاهِي بِكُمُ الْمَلَائِكَةَ میرے صحابہ تم تھے بزم میلاد میں، اور میں تھا کاشانہ نبوت میں، میرے رب نے مجھے بھی دیکھا تمہیں بھی دیکھا تو رب ذوالجلال نے جبریل علیہ السلام کو میرے پاس بھیجا ابھی وہ مجھے پیغام دے کے گئے ہیں کہ پیغمبر اپنے صحابہ کو بتا دو کہ رب یہ فرما رہا ہے کہ اے فرش زمیں پر محفل میلاد منانے والو! عرش بریں پر رب تمہیں یاد فرما رہا ہے أَتَانِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَأَخْبَرَنِي میرے پاس جبریل امیں آئے انہوں نے مجھے خبر دی۔ أَنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبَاهِي بِكُمُ الْمَلَائِكَةَ (صحیح المسلم کتاب الذکر و الدعاء باب فضل الاجتماع علی تلاوۃ القرآن)، (سنن الترمذی کتاب الدعوات عن رسول اللہ ﷺ ما جاء فی القوم یجلسون فیذکرون اللہ عز و جل) بے شک اللہ تعالیٰ تمہاری وجہ سے فرشتوں کے سامنے فخر کر رہا ہے۔

رب ذوالجلال فرشتوں کو تمہاری طرف متوجہ کر کے تمہارا جلسہ دکھا کے رب فرشتوں کو کہتا ہے یہ ہوتے ہیں امتی، یہ ہیں میرے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے غلام یہ احسان فراموش نہیں نکلے کہ پیغمبر سے قرآن تو وصول کر لیں اور ایمان وصول کر لیں لیکن اپنے نبی علیہ السلام کو بھول جائیں۔

Marfat.com

اے میرے فرشتو! آج بھی ان کو دیکھو وہ بیٹھ کر میرا شکر ادا کر رہے ہیں۔ تو رب ذوالجلال اس بزم کو دیکھ کر آسمان پر فخر فرما رہا تھا فخر ذکر کے بغیر نہیں ہوتا ہر ایک کا نام لیا ہر ایک کا چرچا ہوا تو محفل میلاد رسم نہیں، رواج نہیں یہ معمولی کار ثواب نہیں اتنا بڑا کار ثواب ہے کہ اس کا اجتماع تو فرش زمیں پر ہوتا ہے بھائیو حاضری عرش بریں پر لگائی جاتی ہے۔

آج کسی کا نام کوئی تھانے، کچہری میں لے لے' کسی دفتر میں لے لے تو وہ خوشی سے پھولے نہیں سماتا میرا نام تھانوں میں چلتا ہے ایوانوں میں گھومتا ہے کہاں کے یہ ایوان اور کہاں وہ احکم الحکمین کی بارگاہ۔

## محفل میلاد میں بیٹھنے کی فضیلت

محفل میلاد میں آنے والو! یہاں بڑے مقدر والا کوئی آتا ہے ایک سادہ بندہ جسے محلے میں بھی کوئی جانتا نہ ہو۔ اس بزم کا کمال ہے کہ جب وہ اس محفل میلاد میں آ بیٹھتا ہے تو اس وقت وہ بیٹھا تو فرش زمیں پر ہے لیکن اس کا چرچا عرش پہ ہو گیا ہے بات سوچنے کی ہے جن کا نام سننے سے اتنا کام بنتا ہو ان کی ذات کے فیض کا عالم کیا ہوگا کہاں تک انسان کو پہنچایا گیا اس کی عظمت کتنی بڑی ہے۔ رب ذوالجلال نے نام لیا فرشتو فلاں بھی بیٹھا ہے فلاں بھی بیٹھا ہے فلاں بھی آ گیا ہے رب ذوالجلال تذکرہ بھی کر رہا ہے اور ساتھ اپنے بندوں کی وجہ سے فرشتوں کے سامنے فخر فرما رہا ہے۔

## صحابہ کرام کا عمل اور جشن میلاد مصطفیٰ ﷺ

جس وقت عرش سے یہ پیغام آیا ایگزیکٹ اس ٹائم صحابہ کا عمل کیا تھا؟ کیا میدان بدر میں تھے؟ یا احد میں تھے؟ وہ خندق میں تھے یا حنین میں تھے؟ وہ کعبہ شریف کا طواف کر رہے تھے یا عرفات میں وقوف کر رہے تھے؟ وہ حالت رکوع میں تھے یا حالت سجود میں تھے۔ کیا عمل تھا ان کا؟ رب کعبہ کی قسم ہے یہ کام سب انہوں نے کیے بارہا کیے مگر جس وقت کی میں بات کر رہا ہوں اس وقت صحابہ کرام علیہم الرضوان نہ بدر میں تھے، نہ احد میں تھے، نہ خندق میں تھے، نہ حنین میں تھے، نہ یرموک میں تھے، نہ تبوک میں تھے، نہ حالت طواف میں تھے، نہ حالت سجود میں تھے، نہ حالت وقوف میں تھے، نہ حالت رکوع میں تھے، نہ حالت سجود میں تھے، نہ حالت جہاد میں تھے بلکہ وہ تو محفل میلاد میں تھے۔ انہوں نے ثابت کیا بعد والو! سوچنا ہم سے بڑا متقی کون ہو سکتا ہے اور ہم سے بڑا ٹائم کی اہمیت کو جاننے والا اور کون ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

ہم بدر میں بھی جاتے ہیں، احد میں بھی جاتے ہیں، خندق میں بھی جاتے ہیں، حنین میں بھی جاتے ہیں، نماز بھی پڑھتے ہیں، روزہ بھی رکھتے ہیں، حج بھی بڑا ضروری ہے، جہاد بھی ضروری ہے مگر بیٹھ کے کچھ وقت محبوب کی یاد بھی ضروری ہے۔

صحابہ کرام علیہم الرضوان کا جو یہ مقدس عمل تھا اس کو رب ذوالجلال نے پسند بھی کیا اور فرشتوں کے سامنے ان پر فخر بھی کیا۔ آج بھی ہمیں امید ہے کہ کوئی شخص ریا کے بغیر آداب کے ساتھ ایسی محفل میں آجاتا ہے اس پر بھی ابر کرم برسنے کی قوی امید ہے اللہ کے فضل سے اس واسطے کہ ایسے اعزاز امت کیلئے عام ہوتے ہیں۔

## میدان عرفات میں حاجیوں کو رب کا سلام

حدیث صحیح میں ہے کہ میرے نبی علیہ السلام میدان عرفات میں ہیں حج کا موقع ہے شام کا وقت ہو گیا حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہا کہ بلال لوگوں سے کہو کہ چپ ہو جائیں میں ان سے بات کرنا چاہتا ہوں لبیک اللھم لبیک کی صدائیں جب کچھ دھیمی ہوتی ہیں تو میرے نبی علیہ السلام کی آواز گونجتی ہے عرفات والو! خوش ہو جاؤ عرش سے رب نے تمہیں سلام بھیجا ہے۔ صحابہ کی حیرت اور خوشی کی کوئی حد نہ رہی۔

کہاں میں اور کہاں یہ نکہت گل نسیم صبح تیری مہربانی

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری غلامی ہمیں میسر نہ آتی تو ہمیں کون عرش سے سلام بھیجتا۔ ہمیں محلے میں کوئی جاننے والا نہیں تھا۔ عرش سے سلام آیا ہے سب بڑے خوش ہیں۔ صائب فکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ آگے بڑھے اور ہماری نمائندگی بھی کر دی پوچھنے لگے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو ہمیں سلام آیا ہے یہ ہمارے ساتھ ہی خاص ہے یا بعد والوں کو بھی آیا کرے گا۔

## رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے صحابہ کا عقیدہ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس سوال سے بھی پتہ چل رہا ہے کہ ان کا نبوت کے بارے میں یقین کیا ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ نہیں سمجھتے کہ پیغمبر کو تو (معاذ اللہ) کل کی بھی خبر نہیں اگر یہ عقیدہ ہوتا تو قیامت تک کی خبر نہ پوچھتے لیکن انہوں نے پوچھا ہے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا بعد والوں کو بھی یہ سلام آیا کرے گا تو میرے نبی علیہ السلام نے بھی فوراً جواب دیا عمر سن لو آج تمہیں بھی یہ سلام آیا ہے اور قیامت تک جو بھی میرا امتی اس وقت یہاں ہوگا اس کو بھی رب کا سلام آئے گا تو پتہ چلا قیامت تک جب سلام آئے گا تو پھر جو

Marfat.com

بزم وہاں بجی تھی اس پہ جو انعام آیا ہے وہ بھی قیامت تک آئے گا جو اس پیٹرن پر اس موضوع پر آداب پر آداب کے ساتھ جشن منائے گا بزم سجائے گا رب ذوالجلال کی طرف سے اس پر فضل ہو گا اور پھر اس لحاظ سے اس وقت تو ولادت کو ابھی اتنے سال نہیں ہوئے تھے یہ جو صدیوں بعد بھی بھولنے والے نہیں ہیں تو رب ذوالجلال ان پر بھی ضرور ابر کرم برسائے گا۔

یہ ہے اصل محفل کی جو میلاد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے منعقد کی اب اس پر کچھ یہ بھی تبصرہ ہے لوگ کہتے ہیں یہ تم جھنڈیاں لگاتے ہو، صحابہ جھنڈیاں نہیں لگاتے تھے، تم دیگیں پکاتے ہو وہ دیگیں نہیں پکاتے تھے، تم بینر لگاتے ہو وہ بینر نہیں لگاتے تھے یہ چیزیں ثابت کرو تو پھر ہم سمجھیں گے کہ جائز ہے۔

اصل محفل میلاد کی جو روح ہے وہ میں نے تمہارے سامنے حدیث پیش کی ایک نہیں ہمارے پاس اس کے علاوہ بھی متعدد دلائل ہیں چونکہ رب ذوالجلال جب قرآن میں کہہ رہا ہے قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ (پارہ ۱۱ سورۃ یونس آیت ۵۸) تم فرماؤ اللہ ہی کے فضل اور اسی کی رحمت اور اسی پر چاہیے کہ خوشی کریں وہ ان کے سب دھن دولت سے بہتر ہے

اللہ کے فضل اور رحمت کے حصول پر اظہار خوشی کیا جائے تو صحابہ اس پر عمل کر رہے تھے تو اگر فضل صرف ان پر ہوتا ہے تو خوشی صرف وہ کرتے اور اگر ایمان ہمارے کلیجوں میں بھی ہے تو فضل ہم پر بھی ہوا ہے جیسے ان کا خوشی کا انداز تھا ہم پر بھی خوشی کا منانا لازم ہو گیا ہے یہ جو فرق ہے اگر جھنڈیاں دکھاؤ تو پھر ہم میلاد منائیں گے۔

میں اس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں اور ان لوگوں کو ٹھنڈے دل سے دعوت فکر دینا چاہتا ہوں کہ ہمارے حالات اور ہیں اور ہماری مصروفیات اور ہیں ہمارے احوال اور ہیں بعد والوں کو ہر بات میں صحابہ کیساتھ ملایا نہیں جا سکتا اور اگر کوئی شخص ایسا کر سکتا ہے تو پھر اس کو اس محفل میلاد کے علاوہ بھی کچھ سوچنا چاہیے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کسی کا گھر ظاہر میں آج کے بنگلوں جیسا نہیں تھا ایک صحابی نے جب گھر اونچا بنایا دوسرے دن نبی علیہ السلام وہاں سے گزرے صحابی جب ملنے آئے تو سرکار نے چہرہ مبارک پھیر لیا سلام نہیں لیا۔ اب صحابی کو جب ایسی صورت حال نظر آئی کہ سب کچھ جنہوں نے سرکار کیلئے چھوڑا ہوا تھا ان سے یہ کیسے برداشت ہو سکتا تھا کہ محبوب علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام مجھ سے ناراض رہیں۔ لہٰذا وہ صحابی دوستوں سے پوچھنے لگے۔ کیا ہوا

Marfat.com

میرے نبی علیہ السلام ناراض کیوں ہو گئے ہیں تو دوستوں نے کہا کہ کل تیرے مکان کے پاس سے گزرے تھے تو تیرا اونچا گھر دیکھا تو رسول اکرم ﷺ نے پوچھا تھا کہ یہ گھر کس کا ہے تو ہم نے بتایا تھا۔ اس وقت سے وہ ناراض ہیں صحابی اٹھے اپنا گھر گرایا اور کہنے لگے محبوب جس گھر کو دیکھ کر تم ناراض ہو جاؤ ہمیں چین کیسے آئے گا۔

اب ذرا غور کریں کہ اس وقت صحابی تین منزلہ بھی نہ بنائے اور آج کا امتی دس منزلہ بنالے اس وقت یاد نہ آئے کہ صحابی کا عمل کیا تھا اور محفل میلاد میں کہے کہ جیسے ان کا عمل تھا ایسے ہی ہونا چاہیے۔ وہ صحابہ جو صفہ پر بیٹھنے والے ہیں ایک کپڑا ہے جو زیب تن کیا ہوا ہے اوپر لینے کیلئے کسی کو چادر نہیں ملتی، کسی کو قمیص نہیں ملتی۔ اس وقت ان کا یہ زندگی گزارنے کا طریقہ تھا۔

آج اگر کوئی دھوتی پہ گزارا کرتا ہے تو وہ ہم سے مطالبہ کرلے اور اگر بیس بیس سوٹ پہنتا ہے تو پھر وہاں بھی صحابہ کا طرز عمل یاد آنا چاہیے صحابہ آدھی کھجور پر ہفتہ گزارا کریں اور یہ ایک وقت کھانے میں دس ڈشیں استعمال کرے اور اس کو دین سمجھے اور کہے کہ یہ جائز ہے اس واسطے رب ذوالجلال کے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں جس کے پاس نعمتیں ہوں اس کو نعمت کا اظہار بھی کرنا چاہیے۔ تو میں کہتا ہوں اگر کپڑے پہنتے وقت نعمت کا اظہار شریعت ہے تو میلاد مناتے وقت بھی جشن کا اظہار شریعت ہے صورت حال کو ٹھنڈے دل سے سوچنے کی ضرورت ہے۔

## صحابہ کرام اصل ہیں اور بعد والے فرع ہیں

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم دین کی اصل ہیں اور بعد والے فرع ہیں۔ اصل جڑ کو کہتے ہیں اور فرع ٹہنی کو کہتے ہیں صحابہ جڑ ہیں بعد والے ٹہنی ہیں صحابہ جڑیں اور کتنی گہری جڑیں۔ صدیاں گزر گئیں آج تک اس درخت کو کوئی ہلا نہیں سکا۔ صحابہ جڑ ہیں ہم ٹہنی ہیں اس میں کسی کو اختلاف نہیں ہم اصل نہیں بلکہ ہم جڑ ہیں۔ جڑ تو صدیق اکبر ہیں، جڑ عمر فاروق ہیں، جڑ حضرت عثمان ہیں، جڑ حضرت علی رضی اللہ عنہم ہیں۔ وہ جڑ ہیں بعد میں کوئی غوث ہو، قطب ہو جو کچھ بھی ہو جتنا بڑا رتبہ ہو وہ ٹہنی ہے، وہ جڑ نہیں ہے۔

## جڑ اور ٹہنی کا مسلک

جڑ کا اور ٹہنی کا مسلک ایک ہوتا ہے مشن ایک ہوتا ہے مگر خوشبو ٹہنی کے پھول

Marfat.com

سے آتی ہے سوز جڑ میں ہوتا ہے مگر پھل ٹہنی سے ملتا ہے سایہ زمانے کو ٹہنی سے ملتا ہے جڑ اصل پاور ہے ٹہنی اس کا ایک رکن ہے۔ جڑ کی ڈیوٹی ٹہنی دے رہی ہے۔ مشن ایک، مسلک ایک، ضابطہ، حیثیات بھی ایک لیکن فرق بھی ہے۔ اگرچہ جڑ اور ٹہنی کا مشن ایک ہے مگر فرق بھی واضح ہے کہ

جڑ پر کوئی پتہ نہیں ہوتا ٹہنی پتوں سے خالی نہیں ہوتی۔...... جڑ پر پھول نہیں ہوتے ٹہنی پر پھول ہوتے ہیں...... جڑ نیچے جاتی ہے اور ٹہنی اوپر آتی ہے۔...... جڑ دبی ہوئی ہوتی ہے ٹہنی تنی ہوتی ہے۔...... جڑ جمی ہوتی ہے ٹہنی وجد بھی کرتی ہے۔

اب اگر کوئی دنیا کا دانشور کسی ٹہنی کو پکڑ کر بیٹھ جائے اور اسے طعنے دے روزانہ کہے ٹہنی تو بدعتی ہوگئی اس ٹہنی نے کہا کہ تجھے کیا ہوا آگے وہ کہتا ہے کہ تم نے تو جڑ والا مسلک ہی بدل لیا تیری جڑ کا مسلک اور تھا اور تیرا اور ہوگیا تو ٹہنی نے کہا کہ ثبوت پیش کرو تو وہ کہتا ہے کہ یہ پتے ہیں تجھ پر جبکہ تیری جڑ پر تو کوئی پتا نہیں تھا اگر تو جڑ والی ہے جڑ کے مسلک والی ہے تو تجھ پر بھی پتے نہیں ہونے چاہیے تھے تو ٹہنی نے سر ہلا کر کہا زمانے کے بے وقوف میرے پتوں کو تو نے بدعت بنایا ہے جسکی جڑ ہوتی ہے۔ اسکے پتے ضرور ہوتے ہیں جڑ نہ ہو تو پتے نہیں ہوتے جڑ ہو تو پتے ہوتے ہیں اب جڑ اور ٹہنی کا مسلک ایک ہے مگر فرق ہے جڑ کے جڑ ہونے کا لحاظ ہے اور ٹہنی کے ٹہنی ہونے کا لحاظ ہے۔ اب مشن ایک مقصد ایک مگر پھر بھی فرق ہے ٹہنی کو جڑ نہیں بنایا جا سکتا جڑ کو ٹہنی نہیں بنایا جا سکتا۔

## صحابہ کرام کا اور ہمارا مسلک ایک ہے

لہٰذا ہمارا اصول ایک ہے صحابہ کے ساتھ، ہمارا مسلک ایک، ہمارا دین ایک مگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنے احوال کے مطابق اپنی بزم سجائی ہے اور بعد والوں نے اپنے شوق سے محفل منائی ہے اب دیکھو ناں! بات کرنی آسان ہے جب حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ بخاری لکھنے لگے تھے تو یہی اعتراض ان پر بھی تھا کہ بخاری جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دو جلدوں میں کتاب نہیں لکھی تو تم کیوں لکھتے ہو، اے امام مسلم تم مسلم شریف کیوں لکھتے ہیں جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے نہیں لکھی۔ تو کیا امام بخاری نے ان لوگوں کی فکر کو قبول کیا؟ نہیں بلکہ انہوں نے کتابیں لکھیں اور بتایا وہ جڑ ہیں ہم ٹہنی ہیں۔ جڑ نے جڑ والے کام کیے اور ٹہنی نے ٹہنی والے کام کیے۔ کیوں کہ ہمیں ہزار کتاب

Marfat.com

پڑھنے سے بھی وہ علم نہیں آتا جو صحابہ ایک نگاہ دیکھتے تھے تو پڑھ جاتے تھے اب بعد والے کتابیں بھی نہ لکھیں اور وہ نگاہ بھی نہ ملے تو جائیں گے کہاں۔

میرے بھائیو ہم دس گھنٹے کی محفل میلاد منائیں اور سارے خیالات ذہن سے نکال دیں اور گنبد خضریٰ کی طرف متوجہ رہیں، حلیہ مبارک سنتے رہیں، درود وسلام پڑھتے رہیں، سیرت طیبہ کے فضائل کا بیان ہوتا رہے تو دس گھنٹے میں بھی ہمیں وہ لذت نہیں آسکتی جو صحابہ کو ایک سیکنڈ میں آجاتی تھی۔ تو جب ان کا مرتبہ یہ ہے تو ہمیں کیسے ان کے ساتھ ملایا جا سکتا ہے۔ اب امام بخاری نے بخاری لکھ کر کہا مجھ پہ کوئی اعتراض نہ کرے وہ جڑ کا اپنا گزارا تھا، ہم ٹہنیوں کا اپنا گزارا ہے ہم ضرور لکھیں گے کیوں کہ اصل موجود ہے کہ سرکار سے دو صفحے لکھوانا جب حدیث سے ثابت ہے تو پھر دو جلدیں ثابت ہو جائیں گی۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جب بیٹھ کر بزم سجائی ہے تو اس بزم کی پیٹھ پر آج کا یہ پورا گلشن آباد ہو چکا ہے۔ صحابہ جڑ ہیں بخاری و مسلم ٹہنی ہیں یہ سارے مدارس ٹہنیاں ہیں، یہ آج کے دور کی مساجد ٹہنیاں ہیں۔ اس وقت تو پکی مسجد نہیں ہوتی تھی اس وقت دیر تک فتویٰ رہا کہ مسجدیں جو ہیں انکو پختہ نہ بنایا جائے۔ چونا گچ نہ کیا جائے یہی امت میں رائج رہا اور پھر دیکھیے تصوف ہو فقہ ہو اصول حدیث ہو صرف ونحو ہو یہ سب کچھ یہ ٹہنیاں ہیں ان میں سے کوئی چیز بھی صحابہ کے زمانے میں موجود نہیں تھی سبب یہ تھا کہ ان کو کچھ کرنے کیلئے سارے فنون کی ضرورت نہیں تھی ان کیلئے نگاہ مصطفیٰ علیہ السلام کافی تھی اب دیکھنا جڑ کیلئے جو انداز ہے یقیناً ٹہنی کیلئے نہیں ہاں مسلک ایک ہے مشن ایک ہے اصول، ضابطہ ایک ہے قرآن وسنت میں سے مخالفت کسی چیز کی نہیں ہوگی ہاں فرق جو ہے وہ بنتا جائے گا۔

## صحابہ کرام کے جھنڈیاں نہ لگانے کی وجہ

**پہلی وجہ:۔** اب دیکھو جس زمانے میں قرآن لکھنے کیلئے کاغذ نہ ملتا ہو اور قرآن لکھا جائے ہڈیوں پر، قرآن لکھا جائے چھتوں پر، قرآن لکھا جائے پتھروں پر تو اس زمانے میں بارہ ربیع الاول شریف کی جھنڈیوں کو ڈھونڈنا یہ حماقت نہیں تو اور کیا ہے۔

**دوسری وجہ:۔** حضرت سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ احد میں شہید ہو گئے کفن کیلئے کپڑا نہیں تھا وہی دھوتی جو انہوں نے باندھی ہوئی تھی شہادت کے بعد وہی اوپر دی گئی ہے اور پھر کیا ہوا کہ سر پر ڈالتے تھے تو قدم ننگے ہو جاتے تھے قدموں پر ڈالتے تھے تو سر ننگا ہو جاتا تھا

Marfat.com

کتنی چھوٹی دھوتی تھی حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ سید الشہداء ہیں ہمارے نبی علیہ السلام کے چچا ہیں مگر کفن کیلئے کپڑا نہیں مل رہا۔ میرے محبوب علیہ السلام فرمانے لگے میرے صحابہ میرے چچا کے سر پر کپڑا ڈال دو قدموں پر اس کے گھاس ڈال دو اب جب حضرت سید الشہداء رضی اللہ عنہ کی تدفین کے وقت کفن کا کپڑا نہ ملتا ہو تو اس زمانے کی بارہ ربیع الاول میں بینر کا کپڑا کہاں سے آئے۔

سوچو! بات سوچنے والی ہے تبوک کی طرف قافلہ جا رہا تھا صحیح مسلم (کتاب الایمان) میں موجود ہے میرے نبی علیہ السلام کا کاروان جب جا رہا تھا رستے میں چونکہ سب سے لمبا سفر تبوک والا ہی تھا رستے میں راشن ختم ہو گیا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے تجاویز پیش کیں۔ کہنے لگے یارسول اللہ ﷺ اونٹ ذبح کر لیں زندگی تو بچائیں تو میرے نبی علیہ السلام کے پاس حضرت عمر رضی اللہ عنہ آ گئے کہنے لگے میرے محبوب میری تجویز بھی سن لو۔ میں اونٹ کو ذبح کرنے کے حق میں بھی ہوں پھر ہم ذبح کیسے کریں گے۔ میں یہ کہتا ہوں جس کے پاس جو بچا ہوا ہے وہ تمہارے سامنے لے آئے۔ آپ اس پر ختم پڑھ دیں، دعا مانگ دیں سب کی بوریاں بھر جائیں گی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تجویز مان لی گئی اعلان ہو گیا جو کچھ کسی کے پاس ہے وہ لے آئے ڈھیر کر دے اب سارا لشکر ہزاروں پر جو مشتمل ہے ان کے توشہ دان کی تلاشی لی گئی سب نے جو کچھ تھا جھاڑا، اکٹھا کیا کھانے والی چیزیں روٹی کا ٹکڑا کھجور آدھی اور کھجوروں کی گٹھلیاں سب کچھ جمع کر کے لے آئے۔ تو وہ کتنا ڈھیر بنا۔ جتنا بیٹھی ہوئی بکری کا جسم ہوتا ہے۔ اور اس میں واضح تعداد گٹھلیوں کی تھی میرے نبی علیہ السلام نے دعا مانگ دی آج کی پلیٹ پہ دعا مانگے تو شرک کے فتوؤں کی زد میں آ جاتا ہے۔

میرے نبی ﷺ نے پورے ڈھیر پر دعا مانگ کے قیامت تک کی فتوؤں کے بیج بو دیئے وہی ہوا جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے تھے سب کی بوریاں بھر گئیں ساری کمی دور ہو گئی۔ محدثین نے یہاں پر بحث کی ہے کہ اعلان تو یہ ہوا تھا کہ کھانے والی چیزیں لائی جائیں تو گٹھلیاں کیوں لے آئے؟ ڈھیر میں ایک تعداد تو گٹھلیوں کی تھی۔ حالانکہ کھجور تو کھائی جاتی ہے گٹھلی پھینک دی جاتی ہے گٹھلیاں کیوں سٹور کرتے تھے؟ محدثین کہتے ہیں لوگو اعتراض نہ کرو تمہیں پتہ نہیں کہ وہ زمانہ کیسا تھا جب صحابہ جہاد کر رہے تھے کھجور کھا کے گٹھلی نہیں پھینکتے تھے بلکہ سنبھال کے رکھتے تھے اس لئے جب کچھ بھی نہیں ملے گا منہ میں دو گٹھلیاں رکھیں گے

Marfat.com

ساتھ پانی پئیں گے تو کچھ نہ کچھ پانی میٹھا ہو جائے گا کچھ نہ کچھ غذائیت مل جائے گی۔

## صحابہ کرام کے لنگر نہ پکانے کی وجہ

اب سوچو جس زمانے میں گٹھلیوں سے یوں غذائیت حاصل کی جاتی ہو اس زمانے کے بارہ ربیع الاول شریف میں میلاد کے لنگر کی دیگیں ڈھونڈنا یہ بھی کوئی عقل کی بات ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اپنا انداز تھا اس کے مطابق بھرپور طریقے سے انہوں نے بزم کو سجایا اور آج کے احوال کے مطابق بعد میں آنے والی امت نے اپنے انداز میں میلاد منایا ہے۔

## صحابہ کرام کا ہر لمحہ ہی محفل میلاد میں

پھر اس سے بھی اگلا مسئلہ ہے اس کو بھی سوچنا چاہیے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنی زندگی میں کسی گستاخ کو سر نہیں اٹھانے دیا۔ ان کی چمکتی تلواریں میلاد منا رہی ہیں بدر میں، احد میں، خندق میں، یہ ان کی غیرت ہے اور ہر منٹ ان کا میلاد کا ہے لہٰذا صحابہ کرام کے لئے یہ کہنا کہ سال کے بعد میلاد مناتے تھے یہ تو بڑی دور کی بات ہے وہ تو جس وقت محبوب علیہ السلام کو دیکھتے تھے، درود و سلام پڑھتے تھے اور ہر وقت یہ پیش نظر تھا کہ اگر یہ محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام نہ ہوتے تو ہم کہاں ہوتے۔ یہ محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام آئے ہیں تو ہمارے سر پر امامت کے تاج سج گئے، ہر لمحہ ان کا تو میلاد کی محفل میں گزرتا تھا۔

جبکہ ہماری صورت حال ان سے مختلف ہے وہ اس طرح کہ ہماری فضاؤں میں گستاخی کا دھواں ہے اور ہم سے وہ ختم نہیں ہوا ڈنمارک میں خاکے بنے گستاخی ہوئی اور آج اس ملک پاکستان میں نجمہ ہاؤس کے اندر ڈنمارک سے ایک بہت بڑی گستاخی کی گئی اور یہ بھی انہی لوگوں نے کی جنہوں نے ڈنمارک والی گستاخی کروائی تھی اور وہ کون لوگ ہیں اس عبارت کو پڑھ لیجئے تو پتا چل جائے گا۔

أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

نجمہ ہاؤس کراچی سے جو رسالہ چھپا ہے اس میں کلمہ اسلام کی تصویریں بنا کر تشریح کی گئی مثلاً اشھد کیلئے ہتھوڑی سندان پر مار کر یہ اشھد کا ترجمہ ہے۔

## رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نورانیت

اب دیکھنا میرے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی افضلیت کہ بتاؤ ہمارے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کیسے تھے تو

Marfat.com

یہ سند میں پڑھ رہا ہوں۔ زُهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ ...... زہری سالم سے اور سالم ابن عمر سے روایت کرتے ہیں۔...... جتنی بھی اصول حدیث کی کتابیں ہیں ان سب میں اس سند کو صحیح ترین سندوں میں شمار کیا گیا ہے حضرت عبد اللہ بن عمر عظیم صحابی ہیں وہ کہتے ہیں۔...... رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ بِعَيْنَيَّ هَاتَيْنِ ...... اپنی دونوں آنکھوں کی طرف اشارہ کر کے کہتے ہیں میں نے نبی علیہ السلام کو ان دو آنکھوں سے دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیسے ہیں کہتے ہیں۔...... كَانَ نُورًا ...... آپ نور ہیں۔...... آپ کے ہونٹ مبارک نور ہیں یا رخسار مبارک نور ہیں کہتے ہیں۔...... كَانَ نُورًا كُلُّهُ ...... سر کی چوٹی سے لے کر قدم کے ناخن تک نور ہیں۔ بلکہ آگے کہتے ہیں۔...... بَلْ نُورًا مِنْ نُورِ اللهِ ...... وہ عام سا نور نہیں بلکہ اللہ کے نور سے نور ہیں۔...... یہ درود تاج میں جو ہم (نور من نور اللہ) پڑھتے ہیں یہ ہم نے گھڑا نہیں ہے یہ تو صحابہ کے الفاظ ہیں۔...... كَانَ نُورًا كُلُّهُ بَلْ نُورًا مِنْ نُورِ اللهِ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں لوگو! ہمارے نبی علیہ السلام کل نور ہیں اور اللہ کے نور میں سے نور ہیں۔

## نور کا کھلونا

یہ ہے ہمارے محبوب علیہ السلام کی افضلیت ہم جو نور کا لفظ بھی بولتے ہیں تو اس سے مراد کوئی نارمل سا نور نہیں ہوتا وہ نارمل نور تو ہمارے نبی علیہ السلام کے کھلونوں کا بھی ہے۔

جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا (پارہ ۱۱ سورۃ یونس آیت ۵) رب نے سورج کو ضیاء بنایا قمر کو نور بنایا۔...... اور پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ رَأَيْتُكَ فِي الْمَهْدِ تُنَاغِي الْقَمَرَ وَتُشِيْرُ إِلَيْهِ بِإِصْبَعِكَ (دلائل النبوۃ للبیہقی باب ما جاء فی حفظ اللہ تعالی رسولہ صلی اللہ علیہ وسلم) میں نے تجھے پنگوڑے میں دیکھا تھا جب تم چاند سے باتیں کرتے تھے۔...... حَيْثُ أَشَرْتَ إِلَيْهِ مَالَ ...... جدھر تمہارا اشارہ ہوتا تھا ادھر چاند جھک جاتا تھا۔

چاند جھک جاتا جدھر انگلی اٹھاتے مہد میں کیا اشاروں پہ وہ چلتا تھا کھلونا نور کا

وہ ذات جن کا کھلونا نور کا ہو ان کی اپنی نورانیت کیسی ہو گی۔

## رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کامل کی جھلک

قرآن مجید میں لفظ نور دس معانی پر بولا گیا ہے اور مخلوق انوار میں سے جو پہلے نمبر کا نور ہے وہ ہمارے نبی علیہ السلام کے نور کی کوالٹی ہے وہ کیسی ہے جبریل علیہ السلام کو سب نور

Marfat.com

مانتے ہیں مگر معراج کی رات جس وقت سدرہ پر پہنچے تھے کہنے لگے۔ لَوْدَنَوْتُ اَنْمُلَةً لَاحْتَرَقْتُ (تفسیر کبیر سورۃ النجم زیر آیت ۱۳) (مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح باب بدء الخلق)

محبوب اگر ایک پورے برابر بھی میں آگے گیا تو میں جل جاؤں گا کیوں کہ اللہ کا نور مجھ سے برداشت نہیں ہو سکتا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا اتنا پاور فل نور ہے اگرچہ میں بھی نور ہوں مگر مجھ سے برداشت نہیں ہو سکے گا۔

انہوں نے معذرت پیش کر دی کہ یا رسول اللہ ﷺ میرا جی نہیں چاہتا کہ آپ کو مکہ شریف سے یہاں لا کر اکیلا چھوڑ دوں۔ حق تو یہ بنتا ہے کہ ساتھ جاؤں مگر میری مجبوری یہ ہے کہ میں ساتھ جا نہیں سکتا میں آگے بڑھا تو پھر بھی آپ کو تنہا ہی جانا پڑے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ کے نور سے جل جاؤں گا اور آپ پھر تنہا ہو جاؤ گے تو اسی میں اچھائی ہے کہ آپ چلے جائیں اور میں پیچھے رہ جاؤں اس لئے کہ اگر میں پورے برابر بھی آگے گیا تو میں جل کے راکھ ہو جاؤں گا یہ جبریل علیہ السلام کا نور ہے۔

جس وقت رسول اللہ ﷺ نے یہ سنا تو کیا میرے نبی علیہ السلام نے کیا یہ فیصلہ کیا تھا کہ جبریل جب تم نہیں بچ سکتے تو میں کیسے بچ سکتا ہوں میں بھی واپس جاتا ہوں۔ کیا آقا علیہ الصلوۃ والسلام واپس آ گئے تھے؟ نہیں آگے بڑھے اور کہاں تک گئے...... ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى پھر وہ جلوہ نزدیک ہوا...... فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى (پارہ ۲۷ سورۃ النجم آیت ۸) پھر خوب اُتر آیا تو اس جلوے اور اس محبوب میں دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم۔

## سر کی آنکھوں سے رب کا دیدار

کمان کے دو (۲) سروں سے قریب ہو کر جب رب کی ذات کو دیکھا تو کیا بدن جل کے راکھ ہو گیا؟ نہیں اللہ نے اپنے نور کا وہ جلوہ محبوب علیہ الصلوۃ والسلام کو دیا تھا کہ جب میری ذات کا جلوہ تمہارے نور میں پڑے گا تو جبریل تو جل سکتے ہیں محبوب علیہ الصلوۃ والسلام تم نہیں جل سکو گے۔ جبریل کو خطرہ ہے کہ میں جل جاؤں گا سرکار نے یہ نہیں کہا کہ جبریل تم جلو گے تو میں کیسے بچ سکوں گا۔ واپس چلتا ہوں نہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ دُوْنَ سَبْعِيْنَ اَلْفَ حِجَابٍ مِنْ نُوْرٍ (المعجم الکبیر للطبرانی)

میں آگے بڑھا ستر ہزار پردے میرے بدن سے لگ کر پھٹ گئے میں نے کمان کے دو سروں سے قریب ہو کر اپنے رب کی ذات کو دیکھا۔

لذت کی بات یہ ہے جہاں جبریل علیہ السلام کو اپنے جلنے کا خطرہ تھا۔ وہاں میرے

Marfat.com

نبی علیہ السلام کے سر پر عمامہ شریف بھی سلامت تھا۔ بدن پر کپڑا بھی سلامت رہا۔ وہ کیسا نور ہے کہ جس کے نور نے کپڑے کو بھی طاقت دے دی ہے۔ رب کی ذات کے جلوے پڑتے رہے مگر پھر بھی وہ محبوب علیہ الصلوۃ والسلام جنکا نور کامل ہے گھبرائے نہیں بے ہوش نہیں ہوئے قرآن کہتا ہے۔ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (پارہ ۲۷ سورۃ النجم آیت ۱۷) آنکھ نہ کسی طرف پھری نہ حد سے بڑھی۔...... ٹکٹکی لگا کے نظریں جما کے رب کو دیکھتے رہے۔

......بات بڑی قابل غور ہے میں کوئی مجنوں لیلیٰ کی داستان تمہارے سامنے بیان نہیں کررہا۔ میں تو رب کا قرآن بیان کررہا ہوں۔

## کلیم اللہ علیہ السلام کو رب کے دیدار کی چاہت

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب دیدار چاہا تو اسکا انکار ہوگیا اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

قَالَ لَنْ تَرٰىنِیْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِیْ۔ فرمایا تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکے گا ہاں اس پہاڑ کی طرف دیکھ یہ اگر اپنی جگہ پر ٹھہرا رہا تو عنقریب تو مجھے دیکھ لے گا۔ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا (پارہ ۹ سورۃ الاعراف آیت ۱۴۳) پھر جب اس کے رب نے پہاڑ پر اپنا نور چمکایا اسے پاش پاش کردیا اور موسیٰ گرا بے ہوش۔......... اللہ نے طور (پہاڑ) پر اپنی صفت کا جلوہ پھینکا، تو کیا ہوا طور ریزہ ریزہ ہو گیا اور انڈریکٹ جو کلیم نے جلوہ دیکھا تو ہوش نہ رہ سکے بے ہوش ہو گئے اب جس رب کی صفت کی ایک جھلک طور پر آگرے تو طور طور نہ رہ سکے۔ کیا یہ ممکن ہے کہ ہڈیوں اور گوشت کا بندہ عرش پہ چلا جائے اور رب کے پاس سے ہو کر بھی سلامت لوٹ آئے۔

اب قرآن نے کہا کہ جلوہ طور پر گرا تو طور ریزہ ریزہ ہوا اور جس رب کے جلوے کا جلال طور کو پگھلا دے اس رب کے پاس عرش پہ جا کے کوئی بندہ ہڈیوں اور گوشت والا ہم جیسا بچ کے آسکتا تھا نہیں۔ تو ماننا پڑے گا ہم جیسے وہ نہیں انکو رب نے وہ نور دیا ہے کہ جب وہاں سے ہو کے صحیح سلامت واپس آگئے تھے تو دنیا کو بتایا جارہا تھا کہ طور کا معاملہ اور ہے حضور ﷺ کا معاملہ اور ہے جو بدن رب کی تجلیوں کی گرمی کے سامنے پگھل نہ سکا برقرار رہا آخر وہ افضلیت ہماری عقل کے ترازو پر تولی نہیں جاسکتی لیکن ان احمقوں نے جو رسالہ چھاپہ کراچی سے اس میں کیا لکھا ہے عبد کی تفسیر کرتے ہوئے (معاذ اللہ) ہڈیوں کا ایک ڈھانچہ بنایا گیا یورپ کے وہ خاکے اور یہ ہڈیوں کا ڈھانچہ جیسے یہ بجلی کے پولوں پہ خطرے کی علامت ہوتی ہے ایک ڈراونی سے شکل معاذ اللہ ایسی

Marfat.com

کھوپڑی اور پورا ڈھانچہ اور ساتھ ٹوٹا ہوا ایک قدم رکھا ہے۔ جس پہ پٹی لپٹی ہوئی ہے اور نیچے لکھا ہوا ہے قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یہ مسلمان ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود۔ اتنی بڑی گستاخی وہ بھی نہ کر سکے یہ بننے والے مثل کی عادتیں ہم نے کئی سال پہلے کہا تھا۔ کہ وہ ہمارا بھی عقیدہ ہے ان آیات کو پڑھنے کا ہم بشر مانتے ہیں مگر پس منظر دیکھ کے بیان کرو کہ وہ بشریت ہم جیسی نہیں وہ بشریت بھی سب سے اعلیٰ ہے۔ مگر اب وہ گند باہر نکل آیا جس نے غیروں کو یہ جرأت اور جسارت دی کہ وہ خاکے بنا رہے ہیں کہ خود آیات لکھ کے محبوب علیہ السلام کی کتنی توہین کی جا رہی ہے تو

## دورِ حاضر میں محفلِ میلاد کی ضرورت

میرے بھائیو! جس ماحول میں اتنا زہر اگلا جا رہا ہو تو ہم اس ماحول میں اگر محبت کا چھڑکاؤ نہیں کریں گے تو ایمان بچے گا کیسے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اندازہ اور تھا انہوں نے گستاخی کے سارے دھوئیں ختم کر دیئے تھے ہم سے اگر وہ نہ ہو سکے۔ تو کم از کم یہ تو ہم ضرور کریں گے اور یہ جائز ہی نہیں بلکہ محفل میلاد واجب ہو گئی ہے کہ دنیا کو بتایا جائے ہمارے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام وہ نہیں کہ جن کے یہ ڈھانچے بنائے جا رہے ہیں ہمارے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام تو وہ ہیں جو اللہ کے خاص جلوؤں کی ایک تجلی ہیں۔

## فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اور مسئلہ اصول

اس بات کو سمجھنے کیلئے اصول ذہن میں رکھنا چاہیے فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مسئلہ اصول کا یوں سمجھایا کہ ایک شخص کے گھر میں آگ لگ گئی ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ وقت وقت سے حکم بدل جاتا ہے اصل ایک قرآن مجید کی آیت کی مخالفت نہیں ہو گی۔ حدیث کی مخالفت نہیں ہو گی۔ مگر مسئلہ صورت حال کو دیکھ کر بتایا جائے گا۔

مثلاً ایک شخص کے گھر میں آگ لگ گئی اندر کمرے میں دو چیزیں پڑی تھیں ایک پیسوں سے بھری بوری پڑی تھی اور دوسری کرسی بطور مثال، جب آگ لگی تو ٹائم اتنا تھا کہ صرف ایک چیز کو اٹھایا جا سکتا تھا ایک چیز دوسری کے اٹھاتے جل جائے گی۔ وہ عقل مند تھا اس نے فیصلہ کیا کہ یہ بوری پیسوں کی زیادہ قیمتی ہے جس سے ہزاروں کرسیاں آ جائیں گی کرسی اٹھاؤں گا بوری جل جائے گی تو پھر نقصان زیادہ ہو گا لہٰذا اس نے بوری اٹھائی واپس آنے تک کرسی جل گئی باہر تماشائیوں کا رش تھا سارے دیکھ رہے تھے کہ دو چیزیں تھیں اس نے کیا اٹھائی یہ دیکھنے کے بعد سارے اپنے گھروں کو چلے گئے۔

Marfat.com

چند دنوں کے بعد ان تماشیوں میں سے ایک بندے کے گھر ہفتہ بعد آگ لگ گئی اب اس کے گھر جب آگ لگی تو اس کے کمرے میں بھی دو چیزیں تھیں ایک اس کا دو سالہ بیٹا تھا اور دوسرا پیسوں سے بھرا تھیلا تھا۔ اب وقت اتنا ہے کہ صرف ایک ہی اٹھا سکتا ہے۔ اب یہ ہے مکھی پر مکھی مارنا اور یہ ہے تدبر کے بغیر دین کی بات کرنا، یہ بغیر فقاہت کے دین کو گھڑ لینا اب جس وقت اس نے سوچا تو کہنے لگا وہ بندہ جس کو سارے عقل مند کہتے تھے اس کے گھر آگ لگی تھی تو اس نے بھی پیسوں والا تھیلا اٹھایا تھا تو مجھے بھی یہ کام کرنا چاہیے لہٰذا گیا پیسوں والا تھیلا اٹھایا واپس لوٹا تو بیٹا جل چکا تھا لوگوں نے کہا کتنا بے وقوف ہے تو۔ تو نے بیٹا کیوں نہیں اٹھایا یہ ہزار تھیلا بھی تو دے دے بیٹا تجھے نہیں ملے گا تو نے بیٹا اٹھانا تھا۔ تو سب کو کہ ہے کہ مجھے تم بے وقوف کہتے ہو کل جس نے تھیلا اٹھایا تھا اسے تم عقل مند کہتے ہو اگر وہ عقلمند ہے تو میں بھی عقلمند ہوں لوگوں نے کہا نہیں اس کو عقلمند اس لیے کہا تھا کہ جب اس نے تھیلا اٹھایا تھا تو اس کا بیٹا اندر نہیں تھا۔ تیرا بیٹا تو ہزار مرتبہ تھیلے سے قیمتی تھا تجھے اپنی صورت حال کے مطابق فیصلہ کرنا چاہیے تھا تجھے مکھی پہ مکھی نہیں مارنی چاہیے تھی۔

لہٰذا ہم ان دونوں کو دعوت فکر دیتے ہیں جو آج ٹہنی کو جڑ کے دعوے کر کے ٹہنی کو جڑ کا پابند کرنا چاہتے ہم بتاتے ہیں کہ جب گستاخیوں کا دھواں ابل رہا ہو اس وقت محفل میلاد کا یہ پروگرام نفلی نہیں واجب ہو جاتا ہے۔

## خارجیوں کا سیرت بیان کرنے کا انداز

